خدابخش لائبریری

جرنل پٹنہ

۱۰۵ - ۱۰۶

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

رجسٹریشن نمبر : ۳۳۴۲۴/۷۷
شمارہ : ایکسو پانچ ۱۰۵

سالانہ : ۳۰۰ روپے
(۴۰ ڈالر ایشیا، ۱۲۰ ڈالر غیر ممالک
اس شمارے کی قیمت : پچھتر روپے

ایڈیٹر
حبیب الرحمن چغانی

۶۱۹۹۶

مصطفیٰ کمال ہاشمی نے پاکیزہ آفسیٹ، شاہ گنج، پٹنہ ۶ میں چھپواکر خدابخش لائبریری پٹنہ سے ش

حرفِ آغاز

یہاں آئے ہوئے مجھے ابھی چند ہی مہینے گزرے ہیں کہ اس مختصر مدت میں کئی خط ملے، انھوں نے ہماری توجہ خدا بخش لائبریری جرنل اور دیگر مطبوعات کی کتابت، طباعت اور معیار کی طرف منعطف کرائی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ ہمارے قارئین کسی خاص ملے کے انتظار میں تھے۔ بہرحال ہمیں خود بھی اس کا احساس ہے اس لیے ہم کوئی توجیہ پیش کرنا مناسب نہیں سمجھتے۔ یہ شمارہ جو اس وقت آپ کے سامنے ہے گرچہ ہماری ہی ادارت میں شایع ہوا ہے، ہم اس کی طباعت سے مطمئن نہیں۔ اسکے مندرجات میں بھی ہمارا دخل برائے نام ہی کیونکہ سارا مواد پہلے ہی سے جمع تھا اسلیے اسمیں اخلاقاً تبدیلی مناسب نہیں سمجھی۔ ہماری کوشش ہے کہ اس لائبریری کی مطبوعات کا معیار ہر اعتبار سے بہتر ہو۔ یہ وقت ہی بتلائے گا کہ ہم اپنے اس ارادے میں اور آپ کی توقعات کو پورا کرنے میں کہاں تک کامیاب ہیں۔ اس شمارے کے بارے میں ہمیں آپ کی رائے کا انتظار رہے گا۔

مراسلہ نگاروں سے ہماری ایک گزارش ہے کہ جب مراسلہ طویل ہوتا نظر آئے تو اسے مضمون کی شکل دے دی جائے تاکہ وہ دیگر مضامین کے ساتھ جگہ پا سکے۔ اس طرح ہم کئی مراسلے شامل اشاعت کر سکیں گے۔ اہل قلم سے درخواست ہے کہ ہمارے جرنل میں اشاعت کے لیے اپنی تخلیقات ارسال فرمائیں۔ یہ بتانا چنداں ضروری نہیں تاہم اس کا اعادہ بہتر ہے کہ اسلامیات، شرقی علوم؛ عربی، فارسی اور اردو ادبیات؛ تاریخ و ثقافت ہمارے خاص موضوعات ہیں۔ مسلمانوں کے مسایل پر اگر تحقیقی

انداز میں کچھ لکھا جائے تو وہ بھی اس جرنل میں شائع ہو سکتا ہے۔ ایک گزارش ان حضرات سے بھی ہے جن کی تحویل میں معروف ہستیوں کے خطوط یا مخطوطات ہیں اور وہ انھیں فروخت کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے رجوع کریں۔

اس وقت ہمارے سامنے ایک اہم مسئلہ ہے اور وہ ہے مخطوطات میں سربستہ معلومات کا ابلاغ۔ اس کے لیے ان کی توضیحی فہرستوں کا مرتب ہونا ضروری ہے۔ ہمیں ایسے افراد کی تلاش ہے جو عربی و فارسی کی اچھی استعداد کے ساتھ مخطوطات کی توضیحی فہرست سازی کا تجربہ بھی رکھتے ہوں۔ جو لوگ اس قومی اور ملی ورثہ کو منظر عام پر لانے میں ہماری معاونت کرنا چاہتے ہیں اور مطلوبہ صلاحیتوں سے متصف ہیں ہم سے رابطہ قائم کریں۔

یہ اطلاع آپ کے لیے باعث مسرت ہوگی کہ اس لائبریری کے ذخائر کو کمپیوٹرائز کرنے کا خاکہ مرتب کیا جا رہا ہے۔ مخطوطات کو خاص کر Compact Discs (CDs) پر منتقل کرنے کا پروگرام بھی زیر غور ہے۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ لائبریری کی ترویج و اشاعت میں حکومت ہر ممکن تعاون دینے کے لیے آمادہ ہے۔ توقع ہے کہ مستقبل قریب میں جدید کاری کے اس عمل کو نافذ کیا جا سکے گا۔

حبیب الرحمن چغتائی

فہرست

تدوین و تحقیق

- کلام رنجور عظیم آبادی — مرتبہ پروفیسر معین الدین عقیل — ۱

فلسفہ

- وجود اور ہستی — محمد عبدالسلام خان — ۷۹

فارسی ادب

- دیوان حافظ (نسخۂ شاہان مغلیہ) — پروفیسر سید امیر حسن عابدی — ۹۱
- ایران میں فارسی غزل اسلامی انقلاب کے بعد — پروفیسر ظہیر احمد صدیقی — ۱۱۱

علاقائی ادب

- گجرات کی اردو بولی : ایک جائزہ — غلام رازق شیخ — ۱۳۵

آزاد ہند فوج

- آزاد ہند فوج کی کہانی کرنل محبوب احمد کی زبانی — مرتبہ اروِن سنگھ — ۱۴۹

جہانِ آزاد

- مولانا آزاد کے تیس صفحات — تقی رحیم — ۱۵۹
- دیوان ابوالکلام آزاد مرتبہ عبدالغفار شکیل پر ایک استدراک — ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہاں پوری — ۱۸۰

تذکرے

- صادق علی شاہ : ایک گمنام لیکن اہم صوفی شاعر — ڈاکٹر حسین الحق — ۱۸۸

سفرنامے

- حیدرآباد، دکن کے ممتاز علی صاحب مرحوم کا روزنامچۂ سفر پٹنہ (۱۹۲۰) عطیہ عبدالصمد خاں — ۲۰۱

رسالے

- دلگداز : اردو کا مشہور ادبی و تاریخی رسالہ مرتبہ عبدالحلیم شرر — ۲۲۵

خدابخش لائبریری میں آڈیو کیسٹ

- خدابخش لائبریری میں محفوظ دکنی زبان کے آڈیو کیسٹ — ۲۲۹

نقد و تبصرہ

- "ذاکر صاحب کے خط" مطبوعہ خدابخش لائبریری: ایک تبصرہ — نقی احمد ارشاد — ۲۳۱
- "بابر کا وصیت نامہ" اور "پٹنہ کے قدیم مسلم کتبات" مطبوعہ خدابخش لائبریری جرنل ۱۰۱ پر ایک نظر — ضیاء الدین ڈیسائی — ۲۳۶
- "دیوان مصحفی ہشتم" مطبوعہ خدابخش لائبریری پر ایک استدراک — پروفیسر نورالحسن نقوی — ۲۴۰
- دیوان مصحفی ہشتم : ایک استدراک از پروفیسر نورالحسن نقوی : ایک جائزہ — حبیب الرحمن چغانی — ۲۴۹
- مراسلات — نظیر صدیقی — ۲۵۲
  — الطاف حسین خاں شروانی — ۲۵۳
- اعتذار — ادارہ — ۲۵۴

انگریزی حصہ

- ۱۹۲۲ء میں بی اماں کا بہار کا دورہ: ایک روداد — پیشکش: سری کانت — I

✿✿

کلام رنجور عظیم آبادی

مرتبہ

معین الدین عقیل
مہمان پروفیسر
"جامعہ ٹوکیو برائے مطالعات خارجہ جاپان

تعارف

محمد یوسف جعفری رنجورؔ عظیم آبادی اپنی علمی و ادبی حیثیت میں ہماری تاریخ کے ان اکابرین گزرے ہیں، جنھیں ان کی اہمیت کے لحاظ سے وہ شہرت اور ناموری حاصل نہ ہوئی، جس کے وہ مستحق تھے۔ حکومتِ برطانیہ نے انھیں ان کی خدمات کے صلہ میں شمس العلماء اور خان بہادر کے خطابات دیے، ہمعصر ادبی دنیا میں ان کی کچھ شہرت ایک ایسے شاعر کی رہی، جس کا کلام اور چند مضامین بیسویں صدی کے اوائل میں ادبی رسالوں میں چھپتے رہے اور چند معاصر تذکرہ نویسوں نے اپنے تذکروں میں انھیں جگہ دی[2] ان کی رباعیات کا ایک مجموعہ بھی شائع ہوا لیکن مشہور نہ ہوا۔ کلکتہ یونیورسٹی میں وہ چیف مولوی اور بورڈ آف اگزامنرز کے رکن کی حیثیت میں فائز رہے، درسی نوعیت کی چند مفید کتابیں بھی تالیف کیں اور ایک دو سال فارسی کے لیکچرر بھی رہے۔ لیکن ان سب کے باوجود ان کی گوشہ نشینی اور سنجیدہ طبیعت انھیں شہرتِ عام نہ دے سکی۔ اب حالیہ کچھ برسوں میں ان کے نام مولانا ابوالکلام آزاد کے مکاتیب کی اشاعت نے انھیں کسی حد تک گمنامی کے گوشہ سے باہر نکالا ہے اور یہ بات عام ہوئی ہے کہ مولانا آزاد کے لیے وہ کیا کیا تھے۔ نہ صرف ایک بزرگ، ایک استاد، ایک دوست اور ایک بھائی بلکہ ابتدائی عمر میں ان کے ذہن و فکر کی تعمیر میں سید احمد خاں اور شبلی نعمانی کے علاوہ ایک اور جس شخص کی کارفرمائی رہی ——— وہ رنجورؔ تھے۔ رنجورؔ کے نواسے پروفیسر قدرت اللہ فاطمی کی عنایت سے یہ مضامین رنجورؔ کے نام سے خدا بخش لائبریری جرنل نمبر[3] میں شائع ہوئے ہیں اور اس زمانے کے ہیں جب رنجورؔ اور آزادؔ دونوں کلکتہ میں ہی مقیم تھے۔

ان کا سلسلۂ نسب سید احمد شہید کی تحریک سے تعلق رکھنے والے مجاہدین صادقپور سے ملتا ہے۔ صادقپور (پٹنہ) میں مقیم ایک خاندان کے افراد مولانا یحییٰ علی (متوفی ۱۸۶۸ء)، مولانا احمد اللہ (متوفی ۱۸۔۔ء) اور مولانا عبدالرحیم (متوفی ۱۹۲۳ء) حکومت برطانیہ کی نظر میں، تحریک مجاہدین میں سرگرم رہنے کے باعث معتوب ہوئے مولانا یحییٰ علی کو پھانسی کی سزا سنائی گئی جسے حبسِ دوام بعبور دریائے شور میں تبدیل کر کے ۱۸۶۶ء میں کالا پانی (جزیرۂ انڈیمان) بھیج دیا گیا، جہاں وہ ۱۸۶۸ء میں فوت ہوگئے[1]۔ یہ رنجورؔ کے والد تھے۔ مولانا احمد اللہ، مولانا یحییٰ علی کے بھائی اور رنجورؔ کے

---

[1] تحریک مجاہدین میں ان کی سرگرمیوں کے لیے، متعدد مآخذ سے قطع نظر: غلام رسول مہرؔ "سرگزشتِ مجاہدین" (لاہور، ۱۹۵۶ء)، صفحہ ۳۶۲-۳۶۵، ۳۸۱-۳۸۲، ۳۸۵، ۳۹۲، ۴۰۰ وغیرہ۔

چچا تھے۔ نام احمد بخش تھا، لیکن سید احمد شہید سے وابستگی[2] کے بعد رد بدعت کے تحت تبدیل کرکے احمد اللہ رکھ لیا۔ مولانا یحییٰ علی کی گرفتاری کے بعد تحریک کی تنظیمی ذمہ داریاں ادا کرنے کے باعث حکومت نے انھیں بھی پھانسی کی سزا دی اور حبس دوام بعبور دریائے شور میں تبدیل کرکے کالا پانی بھیج دیا۔ مولانا عبدالرحیم رنجور کے ماموں تھے۔ تحریک میں حصہ لینے کی پاداش میں تقریباً ۱۸ سال جزیرۂ انڈیمان میں گزارے۔ اپنے خاندان کے احوال میں ۱۹۰۱ء میں "الدر المنثور فی تراجم اہل صادقپور المعروف بہ تذکرۂ صادقہ" تصنیف کیا۔

ان سزاؤں کے ساتھ ساتھ حکومت نے سارے خاندان کی جائیداد ضبط کرلی اور پورا محلہ صادق پور مسمار کردیا۔[1] لیکن لارڈ رپن (LORD RIPON) کے عہد (۱۸۸۰ء-۱۸۸۴ء) میں مصلحتوں اور حکمت عملیوں میں تبدیلیوں کے باعث اپنے اس طرز عمل کو قدرے ترک کیا اور دل جوئی کے لیے کچھ تلافی کرنی چاہی۔ چنانچہ اس خاندان کے اکابر علماء کی قدردانی بھی ہوئی۔ کچھ کو شمس العلماء کا خطاب دیا۔ پھر اس خاندان نے بھی جدید تعلیم میں دلچسپی لی۔ اسی کے ایک فرد شمس العلماء مولوی محمد حسن ذبیح نے ۱۸۸۲ء میں علی گڑھ تحریک سے متاثر ہوکر علاقہ کا پہلا جدید طرز کا محمڈن اینگلو عربک اسکول، قائم کیا "پٹنہ انسٹی ٹیوٹ گزٹ" کے نام سے "علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ" کی پیروی میں ایک اصلاحی رسالہ جاری کیا۔ اپنے عزیزوں کو اعلیٰ تعلیم کے لیے لندن بھیجا۔ مولانا یحییٰ علی کے ایک علاتی بھائی محمد عیسیٰ عرف امجد علی نے انگریزی اور لاطینی سیکھیں اور ایم اے کیا۔ علیگڑھ کالج میں اور پھر گورنمنٹ میور سنٹرل کالج الہ آباد میں پروفیسر رہے اور شمس العلماء کا خطاب پایا۔[2]

رنجور ۲۶ ذیقعدہ ۱۲۷۹ھ/۱۸۶۳ء کو پیدا ہوئے۔[3] یہ وہ وقت تھا کہ وہ اپنے والد کی گرفتاری اور عبور دریائے شور کے باعث ان کے سایہ سے محروم تھے۔ چنانچہ ان کی تعلیم و تربیت شمس العلماء مولوی محمد حسن کی زیر نگرانی شروع ہوئی، جو ان کے چھوٹے خالو تھے۔ ابتدائی روایتی تعلیم کے بعد ان کے لیے جدید تعلیم کی تحصیل کا اہتمام کیا گیا۔ ابتداءً پٹنہ کالج میں پڑھا پھر علیگڑھ کالج بھیج دیے گئے۔ جہاں اپنے علاتی بھائی پروفیسر امجد علی کی زیر نگرانی رہے اور انٹرنس کامیاب کیا۔[4] جب مولوی محمد حسن نے پٹنہ میں محمڈن اینگلو عربک اسکول قائم ہوا تو رنجور کو اس میں عربی کا مدرس اول مقرر کیا۔ اور

---

1. مولانا احمد اللہ کے فرزند حکیم عبدالحمید علم و فضل میں کمال رکھتے تھے اور شاعر تھے۔ "سرگزشت مجاہدین" ص ۲۷۳ ؛ انھوں نے ایک شہر آشوب لکھا تھا، جس میں اس واقعہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس کے اقتباسات ایضاً، ص ۲۰۶ تا ۲۰۷ و نیز شیخ محمد اکرام "موج کوثر" (لاہور، سن ندارد) ص ۵۵ میں ہیں۔
2. "تذکرۂ صادقہ" (الہ آباد، ۱۹۲۷ء)، ص ۱ تا ۴۳ 3. ایضاً میں ان کے حالات قدرے تفصیل سے ملتے ہیں، ص ۱۰۵ تا ۱۰۷ 4. سید احمد اللہ ندوی "تذکرہ مسلم شعرائے بہار" کے مطابق انھوں نے انٹرنس کلکتہ یونیورسٹی سے کامیاب کیا، حصہ دوم (کراچی، سن ندارد) ص ۳۵

جب (غالباً) ۱۸۸۴ء میں "پٹنہ انسٹی ٹیوٹ گزٹ"[1] جاری کیا تو اس کی ادارت بھی ان کے سپرد کردی[1]۔ رنجور ۶ برس تک اس کے مدیر رہے، پھر کلکتہ منتقل ہوگئے اور کلکتہ یونیورسٹی کے بورڈ آف اگزامنرز کے چیف مولوی مقرر ہوئے۔ یہاں ۳۰ سال تک اس خدمت کو انجام دے کر ۱۹۲۰ء میں سبکدوش ہوگئے۔ اسی اثنا میں ۱۹۱۹ء کے نصف سے ۱۹۲۱ء تک دو سال کلکتہ یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی میں لیکچرر رہے[2]، اور پھر غالباً[3] اپریل ۱۹۲۱ء میں وطن مالوف پٹنہ واپس چلے گئے[4]۔ عمر کا آخری دور پٹنہ ہی میں گزرا، جہاں سے وہ ۲۲ شوال ۱۳۴۱ھ/ ۷ جون ۱۹۲۳ء کو بوقت ظہر اس دار فانی سے رخصت ہوگئے[5]۔

۱۹۰۴ء کے آخر میں انھیں گلوکوما کا مرض لاحق ہوگیا تھا اور پھر مختلف صدمات کے باعث اس میں شدت پیدا ہوگئی جو ۱۹۰۹ء میں بصارت کی یکسر محرومی پر منتج ہوئی۔ لیکن ان کی خدمات کی وجہ سے کلکتہ یونیورسٹی نے انھیں علیحدہ نہ کیا اور ان کے بھتیجے عبدالقدیم جعفری کو ان کا معاون مقرر کردیا تاکہ ان کے فرائض منصبی ادا ہوتے رہیں۔ ان کی ایسی ہی خدمات کے باعث حکومت نے انھیں جنوری ۱۹۰۵ء میں "شمس العلماء" اور جون ۱۹۱۰ء میں "خان بہادر" کے خطابات سے نوازا[6]۔

رنجور کو علم و ادب سے بے حد شغف رہا۔ نثر اور نظم دونوں میں ان کی نگارشات اس کا مظہر ہیں۔ نثر میں ان کے تحریر کردہ کئی مضامین مختلف رسائل میں راقم کی نظر سے گزرے ہیں۔ اپنے فرائض منصبی کے ذیل میں نصابی کتابیں بھی انھوں نے تالیف کیں۔ مثلاً "کلام اردو" مجموعۂ مضامین نظم و نثر، جو الہ آباد سے ۱۹۰۸ء میں شائع ہوا۔ اس پر بطور مہتمم لیفٹننٹ کرنل ڈی سی فلوٹ (D.C. Phillott) سکریٹری بورڈ آف اگزامنرز کا نام درج ہے۔ اس مجموعہ میں خود رنجور کا ایک طویل مضمون "اسلام اور رسوم" شامل ہے[7]، جس پر درج حوالہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مضمون اس سے قبل "لسان الصدق" (کلکتہ، زیر ادارت مولانا آزاد) میں چھپ چکا تھا۔ نظموں کے گوشہ میں رنجور کی نظم "انگریزی لباس" شامل ہے[8]۔ یہ نظم قبل ازیں "مخزن" کے شمارہ جولائی ۱۹۰۴ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس کتاب کا انگریزی نسخہ بھی

۱۔ اس گزٹ اور اس سے ان کی وابستگی کا ذکر اردو صحافت سے متعلق ماخذ میں موجود نہیں، لیکن یہ خاندانی شہادت ہے، جس کی تصدیق معاصر رسالہ "مخزن" جولائی ۱۹۰۴ء کے اس شذرہ سے ہوتی ہے جو ان کی نظم "انگریزی لباس" کے ساتھ درج ہے۔ اس میں انھیں ایڈیٹر "پٹنہ انسٹی ٹیوٹ گزٹ" بتایا گیا ہے۔

۲۔ "تذکرۂ صادقہ" ص ۱۰۱ ۳۔ ۱۱ مئی ۱۹۲۰ء کو وہ اپنی ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ مکتوب رنجور بنام عبدالعلی شوق سندیلوی، مورخہ ۱۲ مئی/ ۲ رمضان ۱۳۳۸ھ، شمولہ "اصلاح سخن" مرتبہ شوق سندیلوی (علیگڑھ، ۱۹۲۶ء) ص ۱۸۳-۱۸۴ ۴۔ "تذکرۂ صادقہ" ص ۱۰۶ ۵۔ ایضاً، ص ۱۰۵-۱۰۶ ۶۔ صفحات: ۱-۲۲ ۷۔ صفحات: ۲۳۵-۲۵۱؛ اس نظم سے ظاہر ہوتا ہے کہ رنجور لباس کے معاملہ میں یکسر قدامت پرست نہ تھے۔ یہی نقطۂ نظر ان کے حقیقی بھائی امجد علی کا بھی تھا، جو غالباً خاندان میں سب سے پہلے مغربی لباس پہننے لگے تھے۔ "تذکرۂ صادقہ" ص ۱۰۳۔

مرتب ہوا تھا اور ساری تحریریں انگریزی میں ترجمہ کرکے ترمیم کے ساتھ اس میں شامل کی گئی تھیں[1]

ایک کتاب "نظم منتخب" رنجور نے مولوی سید علی سجاد کے ساتھ مل کر مرتب کی تھی، جو کسی زمانہ میں ان کے قائم مقام چیف مولوی کے طور پر کام کرتے تھے۔ یہ کتاب کلکتہ سے ۱۹۰۹ء میں چھپی تھی اور اس پر قائم مقام سکریٹری بورڈ آف اگزامنرز کیپٹن سی ایل پرٹ (C. L. Peart) کا نام بطور مہتمم درج ہے۔ یہ انتخاب نظم آنرز اردو کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔ اس میں آتش، مومن، ذوق، غالب، انیس، امیر، داغ، حالی اور اکبر کی غزلیں اور نظمیں شامل کی گئی ہیں اور ہر شاعر پر ایک خاصہ جامع تعارف بھی تحریر کیا گیا ہے، جو خود رنجور کے تنقیدی خیالات کو اخذ کرنے میں معاون ہو سکتا ہے۔

ایک کتاب رنجور نے فلوٹ کے ساتھ مل کر بھی مرتب کی تھی اور اغلب ہے کہ سارا کام رنجور ہی نے کیا، لیکن بطور مرتب انکا نام سرورق پر درج نہیں۔ ہاں فلوٹ نے اپنے پیش لفظ میں ان کے تعاون کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا ہے۔ یہ کتاب "ANNOTATED ENGLISH TRANSLATION OF URDU ROZMARRA" کلکتہ سے ۱۹۱۱ء میں شائع ہوئی اور یہ وسطی درجہ کے طلبہ کے لیے ترتیب دی گئی تھی۔ اسی کتاب کا ایک اگلا مرحلہ رنجور ہی نے سر کیا، اس سلسلہ کی خود ان کی مرتبہ کتاب: "ANNOTATED GLOSSARY TO THE URDU ROZMARRA" کلکتہ سے ۱۹۲۱ء میں شائع ہوئی۔ اس کتاب کے سرورق پر انھیں سابق چیف مولوی بتایا گیا ہے۔

رنجور کے مولانا ابوالکلام آزاد سے ربط و تعلق کی نوعیت کا علم مولانا آزاد کے ان خطوط سے ہوتا ہے، جو حالیہ چند برسوں میں شائع ہوئے ہیں[2]۔ مولانا آزاد کے لیے وہ ایک "سچے دوست"، "شفیق"، "مکرم"، "عنایت فرما"، "برادرم"، "برادر شفیق" وغیرہ رہے ہیں۔ انھوں نے مولانا آزاد کی شخصیت کی تعمیر میں، اس زمانہ میں جب ذہنی سطح پر مولانا آزاد نے اپنے والد اور اپنے بڑے بھائی سے الگ راہ اختیار کرنا چاہی تھی تو رنجور ہی نے "ان کے باپ اور بڑے بھائی کا خلا پر کیا"[3]۔ مولانا آزاد سے ان کے روزمرہ کے روابط رہے اور ابتدا سے وہ "احسن الاخبار" انجمن اور دارالاخبار کی تجویز اور انتظام کے ایک شریک اور معاون رہے تھے[4]۔ مولانا آزاد نے انگریزی انہی

---

۱ راقم کے پیش نظر اس کا نسخہ مطبوعہ کلکتہ، ۱۹۱۸ء رہا ہے، جس کو رنجور نے منشی شہاب الدین احمد صدیقی کے ساتھ مل کر انگریزی میں لفظی و معنوی تشریحات کے ساتھ ترجمہ کیا تھا۔ اس پر ناشر کے طور پر رنجور کا پتہ: ۴۱ گارڈنر لین، کلکتہ تحریر ہے۔ ۲ مرتبہ سید قدرت اللہ فاطمی، "خدا بخش لائبریری جرنل" (پٹنہ)، ۴۷، ۱۹۸۸ء؛ و نیز "خطوط ابوالکلام" جلد اول، مرتبہ: مالک رام (دہلی، ۱۹۹۱ء) صفحہ ۲۴-۷۷

۳ سید قدرت اللہ فاطمی، صفحہ ۔ ۴ عبدالرزاق ملیح آبادی "آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی" (دہلی، ۱۹۶۵ء) صفحہ ۲۸

سے سیکھی تھی[1] اور وہ مولانا آزاد کو مشورہ اور اصلاحِ سخن بھی دیا کرتے تھے[2]۔

رنجور کا کلام اگرچہ پختہ اور شاعری کے محاسن و رموز سے آراستہ ہے، لیکن وہ شاید اس سے مطمئن نہ تھے۔ انھوں نے لکھا ہے: "ایک تو پورب کا رہنے والا اور اس پر شاعری کچھ میرا مشغلہ نہیں۔ سرکاری کاموں سے کبھی فرصت مل گئی تو اپنے دلی جذبات کو سادہ الفاظ میں موزوں کر لیا اور بس۔ لوگوں نے مجھے خواہ مخواہ شاعروں کے زمرے میں شامل کر دیا ہے[3]"۔ ان کے اس بیان کو انکی انکساری پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ ایک گھریلو روایت کے مطابق وہ اپنی شاعری پر نادم ہو گئے تھے اور اپنا ضخیم دیوان نذرِ آتش کر دیا تھا[4]۔ اگرچہ اس اقدام کا واقعی سبب معلوم نہیں، لیکن جس خاندانی پس منظر سے ان کا تعلق تھا اور مغربی تعلیم حاصل کرنے اور حکومت برطانیہ کی ملازمت اختیار کرنے کے باوجود جب اپنی آمدنی کا ایک حصہ وہ ان مجاہدین تک بالالتزام پہنچاتے رہے، جو شمالی سرحدی علاقوں میں انگریزوں سے کسی طرح برسرِ پیکار تھے ——— اور جب کبھی اپنے وطن پٹنہ جاتے تو خاندانی مسجد میں نماز کی امامت کیا کرتے[5] تو ان کا یہ اقدام قابلِ فہم نظر آتا ہے۔ پھر ان کی شاعری میں معاملہ بندی اور ریختی جیسے کلام کی موجودگی انکے اس اقدام کے ممکنات کو قرینِ مصلحت قرار دیتے ہیں۔

شاعری میں رنجور غزل کی طرف زیادہ مائل تھے، لیکن نظم، رباعی اور قطعات بھی کہتے تھے۔ "تذکرۂ مسلم شعرائے بہار" مصنفہ سید احمد اللہ ندوی کے مطابق ان کی سو رباعیوں کا ایک مجموعہ "گل صد برگ" ستارۂ ہند پریس، کلکتہ سے چھپا تھا[6]۔ غزلیں اور نظم اس وقت کے مختلف رسائل میں شائع ہوتے رہے۔ "مخزن" کے علاوہ

---

[1] ہمایوں کبیر، مقدمہ "INDIA WINS FREEDOM" مصنفہ: ابوالکلام آزاد (بمبئی، ۱۹۵۹ء) ص۳۔ [2] قدرت اللہ فاطمی، ص ستره

[3] مکتوب بنام شوق سندیلوی، مشمولہ "اصلاحِ سخن" ص۱۴۳؛ اس مکتوب سے پتہ چلتا ہے کہ رنجور کے شاعرانہ مرتبہ و معیار سے متاثر ہو کر شوق سندیلوی نے ان سے اصلاحِ سخن کی درخواست کی تھی، جسے رنجور نے قدرے رد و کد کے بعد قبول کر لیا۔ چنانچہ لکھتے ہیں: "آنکھوں سے معذور ہوں، آپ کی غزلیں پڑھوا کر سنیں، ماشاء اللہ کیا کہنا ہے، زبان تو آپ لوگوں کے خاص حصہ کی ہے۔ اس پر نازک خیالی سونے پر سہاگہ کا کام دیتی ہے ... آپ کا اپنے کلام کی اصلاح کے لیے مجھے منتخب کرنا محض آپ کا حسنِ ظن ہے، قدر دانی ہے، بہرکیف آپ کی دونوں غزلیں بعد نظرِ ثانی ملفوف کی جاتی ہیں۔ ... میں تو اپنے کو اس قابل نہیں سمجھتا کہ آپ کی غزلوں پر اصلاح دوں، لیکن اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں آپ کے کلام پر دوستانہ نظرِ ثانی کر دیا کروں تو میں شکریہ اور فخر کے ساتھ اس خدمت کو بجا لانے کے لیے تیار ہوں"۔ ایضاً۔

[4] قدرت اللہ فاطمی، ص دس؛ لیکن کب کیا، اس کی جانب کوئی اشارہ نہیں۔ دیوان کو نذرِ آتش کرنے کے بعد انھیں شاعری ترک کر دینی چاہیے تھی، لیکن اس طرح کا کوئی اظہار ان کے مذکورہ خط میں جو ۱۹۲۰ء کا تحریر ہے، نظر نہیں آتا۔ راقم نے ۱۹۲۶ء کے آس پاس تک رسائل میں ان کی غزلیں مطبوعہ دیکھی ہیں۔ ممکن ہے ۱۹۲۰ء کے بعد ہی انھوں نے یہ اقدام اٹھایا ہو۔ "تذکرۂ صادقہ" اشاعت سوم (پٹنہ، ۱۹۶۴ء) ص۱۳۳ پر مندرج اضافات سے بھی اس اقدام کی تصدیق نہیں ہوتی۔

[5] ایضاً ص چار، پانچ

[6] حصہ دوم، ص۵۶ و نیز تذکرۂ صادقہ، اشاعت سوم ص۱۳۳؛ رنجور کے نواسے قدرت اللہ فاطمی کا بیان ہے کہ رنجور کی ایک بیاض میں ۱۶۹ رباعیاں اور ۱۴۹ قطعاتِ تاریخ شامل ہیں۔ ص دس۔

شمس" (کلکتہ) اور "العلم" (حیدرآباد دکن) میں بھی ان کا کلام راقم کی نظر سے گزرا ہے۔ جن تذکروں میں ان کا ذکر ملتا ہے انھیں سے "خمخانۂ جاوید"[1] اور "مسلم شعرائے بہار"[2] میں ان کے منتخب اشعار نسبتاً زیادہ شامل کیے گئے ہیں۔ اس آخرالذکر تذکرہ سے ان کے ایک ضخیم دیوان کی موجودگی کی شہادت ملتی ہے[3]۔ ان کے ضخیم مجموعۂ کلام کے نذرِ آتش ہو جانے کے باوجود، ایک روایت کے مطابق ان کے ورثا کے پاس کراچی میں ان کی چند بیاضیں محفوظ ہیں[4]۔

چند برس قبل راقم نے کراچی کے ایک کمیاب کتاب فروش سے دو ایسی بیاضیں خریدی ہیں، جن میں سے ایک (بیاض = ا) تمام تر رنجور کے کلام پر مشتمل ہے اور دوسری (بیاض = ب) میں دیگر شعرا کے متنوع کلام کے ساتھ ایک گوشہ رنجور کے کلام کیلیے مخصوص ہے۔ اس کتاب فروش نے مجھے بتایا تھا کہ ان دو بیاضوں کے ساتھ ایک بیاض اور بھی لیکن وہ انھی کے ساتھ کی تھی یا کوئی اور، وہ وضاحت نہ کر سکا۔ وہ یہ بھی نہ بتا سکا کہ اس تیسری بیاض کو اس نے کسے فروخت کیا۔ کچھ عرصہ کے بعد ڈاکٹر محمد ایوب قادری مرحوم نے دوران گفتگو ذکر کیا کہ اس کتاب فروش سے انھوں نے بھی ایک بیاض خریدی تھی لیکن اس وقت تک انھوں نے اس کا جائزہ نہیں لیا تھا، چنانچہ وہ یہ نہ بتا سکے کہ اس میں کس شاعر یا کن شعرا کا کلام شامل ہے۔ پھر چند ہی دنوں بعد (نومبر ۱۹۸۳ء) وہ ایک حادثہ میں ہلاک ہو گئے۔ اب کچھ اندازہ نہیں کہ وہ بیاض ان کے ذخیرۂ کتب میں موجود ہے بھی یا نہیں۔ ایک ملاقات میں مرحوم کے فرزند سعید حسن قادری اس بیاض کی بابت دریافت کرنے پر اس کے بارے میں کچھ نہ بتا سکے۔

مذکورہ دونوں بیاضیں بہت معمولی حالت میں، درسی کاپیوں پر مشتمل اور غیر مجلد ہیں۔ کلام کو بھی کسی خاص اہتمام اور نفاست سے نقل نہیں کیا گیا ہے۔ صرف بیاض = ا کی ابتدائی کچھ غزلیں قدرے پختگی سے تحریر کی گئی ہیں، باقی سارا کلام، دونوں بیاضوں میں بہت معمولی خط اور روارَوی میں نقل ہوا ہے۔ چند مقامات پر املائی غلطیاں بھی ملتی ہیں۔ ایک دو غزلیں دوبارہ بھی مکمل یا ادھوری نقل ہو گئی ہیں۔ بعض اشعار خط کشیدہ بھی ہیں، جیسے انھیں حذف کرنا مقصود ہو۔ ان دونوں بیاضوں میں سے بیاض = ب کے بارے میں تو یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ یہ نامکمل ہے، لیکن بیاض = ا وسط میں مجروح ہو گئی ہے۔ اس میں شامل غزلوں پر نمبر شمار درج ہے۔ ان کے مطابق غزل نمبر ۴۵ کے بعد، جو ردیف 'الف' میں ہے، اچانک غزل ۷۷، اور ردیف 'ر' کی غزلیں شروع ہو جاتی ہیں۔ غزل ۷۷ کی پیشانی پر دوسرے قلم سے "جلد دوم" تحریر کیا گیا ہے۔ آخری غزل پر نمبر شمار ۹۷ درج ہے، اس طرح ۳۱ غزلیں درمیان سے یقیناً

---

۱ ازلالہ سری رام، جلد اوّل (لکھنؤ، ۱۹۰۹ء)، ص ۵۰۹-۵۱۲
۲ حصہ دوم، ص ۸۳-۸۴
۳ ایضاً ص ۸۳
۴ قدرت اللہ فاطمی، ص دس۔

ضائع ہوگئی ہیں۔ اور آخر سے ضائع ہونے والے کلام کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

جو بیاض = ا تمام تر رنجور کے کلام پر مشتمل ہے، اس میں ۶۶ غزلیں شامل ہیں، لیکن آخری غزل کے صرف دو شعر نقل کرکے غزل نامکمل چھوڑ دی گئی ہے۔ اس سے گمان گزرتا ہے کہ شاید یہیں اس بیاض کا اختتام کردیا گیا ہو۔ اور آخر سے یہ بیاض مکمل ہو۔ بیاض = ب کے گوشہ "غزلیات رنجور" میں ۱۴ غزلیں اور ایک نظم "ریختی" شامل ہے۔ لیکن انکے علاوہ دو غزلیں ایسی بھی ہیں، جنمیں مقطع یا تخلص موجود نہیں۔ انہیں سے ایک غزل طنزیہ اور دوسری بطرز ریختی ہے۔ انھیں کے ساتھ مزید تین غزلیں جو طنزیہ ومزاحیہ اسلوب میں ہیں، اور ایک ریختی میجر تخلص کے تحت ہے۔ پھر غزلیات رنجور کے اس گوشہ سے باہر دیگر شعرا کے کلام کے درمیان میں ایک گیت "چودھویں صدی کا بردگ" نقل ہوا ہے، جس پر شاعر کے طور پر رنجور عظیم آبادی تحریر ہے۔

بیاض = ب میں مذکورہ ۱۴ غزلوں کے علاوہ تقریباً سارا کلام، جو "غزلیات رنجور" میں شامل ہے، طنز و مزاح کا رنگ لیے ہوئے ہے۔ اور اس کا اسلوب رنجور کے اسلوب سے مشابہ ہے۔ خیال کیا جاسکتا ہے کہ رنجور نے طنز و مزاح پر مبنی اس طرح کے کلام میں، جو مغربی تہذیب و سیاست پر طنز و تشنیع سے تعلق رکھتا ہے، مصلحتاً رنجور نہیں، میجر تخلص استعمال کیا ہے۔ ان دونوں بیاضوں میں چند غزلیں ایسی ہیں، جو دونوں بیاضوں میں شامل ہیں، لیکن اشعار کی کمی بیشی کے ساتھ۔

ذیل میں بیاضوں کو نقل کرتے ہوئے ایسی غزلوں اور ان کے ایسے اشعار کی نشاندہی کردی گئی ہے۔ پھر ہر بیاض کا کلام علیحدہ علیحدہ نقل کیا گیا ہے۔ اور آخر میں ایک ضمیمہ ترتیب دیا گیا ہے، جس میں وہ کلام شامل کیا گیا ہے، جو مقطع و تخلص کے بغیر یا میجر تخلص کے تحت ہے۔

پس نوشت

"یہ سطور قلم بند کی جاچکی تھیں کہ رنجور کی ایک اور تصنیف کا علم ہوا۔ لیفٹیننٹ کرنل ڈی۔ سی۔ فلوٹ کی مرتبہ ایک درسی کتاب "اردو روزمرہ" مطبوعہ کلکتہ ۱۹۱۱ء، جامعہ ٹوکیو برائے مطالعات خارجی (جاپان) کے کتب خانہ میں موجود ہے، جو فوجی افسران کے لیے ہندستانی زبان کی ذیلی سطح کے منظور شدہ نصاب کے تحت ترتیب دی گئی تھی۔ یہ کتاب تین حصوں میں تقسیم ہے، جس کا دوسرا حصہ "وزیر لنکران کی سرگزشت" ایک ڈرامے پر مشتمل ہے، جسے فارسی سے اردو میں رنجور اور فلوٹ نے مل کر منتقل کیا اور ضروری حواشی لکھے۔ دراصل یہ ڈراما آذربائیجانی ترکی میں مرزا فتح علی اخوند زادہ نے ۱۸۵۰ء میں تخلیق کیا تھا اور اسے فارسی میں مرزا جعفر ساکن قرچہ داغ نے ترجمہ کیا تھا۔ اس کا ایک مصحح نسخہ HAGGARD اور LE STRANGE نے ۱۸۸۲ء میں شائع کیا تھا، جسے اردو ترجمہ کے لیے پیش نظر رکھا گیا۔
حواشی انگریزی میں تحریر کیے گئے ہیں۔ گمان غالب ہے کہ اصلاً ترجمہ کی ذمہ داری رنجور نے اور حواشی کی فلوٹ نے انجام دی ہوگی۔
ڈرامے کا متن ۸۴ صفحات پر مشتمل ہے۔"

عقیل

بیاض-۱

رقم ہے وسعت اس میں ابروئے خمدار جاناں کا
ہلال عید کا مطلع ہے میرے دیواں کا

نظر آیا ہے جلوہ جب سے اس کو روئے جاناں کا
خجالت سے ہے چہرہ زرد خورشید درخشاں کا

نہ کیوں نظارگی ہوں مصحف رخسار جاناں کا
کہ قرآں کی تلاوت شیوہ ہے ہر اک مسلماں کا

کیا ہے قصد آج اس چور نے گنج شہیداں کا
وہاں کھنچتا نظر آتا ہے نقشہ باغ رضواں کا

رہا کچھ اختلاف اے بت! نہ تیری دور میں باقی
ہوا بس ایک مذہب ہندو و گبر و مسلماں کا

ملاحت تیری اے ظالم نمک پاشی کو کیا کم تھی
کہ زخموں کے لیے تجھ کو خیال آیا نمکداں کا

چلے آئے ہیں دوڑے طالب دیدار ٹڈی دل
نمونہ کوچۂ دل دار ہے محشر کے میداں کا

بلا سے سر برا ہو اے خدا، گنج سیہ بختی
مگر سودا نہ ہو اس میں کبھی زلف پریشاں کا

جو کرنی ہو تو کر دستِ جنوں! جامہ دری پوری
لگا رہنے نہ دے اک تار بھی میری گریباں کا

مرے دل میں محبت گلرخوں کی ہے لڑکپن سے
کہ از بر جب سے اب تک باب پنجم ہے گلستاں کا

تمہیں کیونکر جگہ دوں آج اپنے خانۂ دل میں
مجھے ہے انتظار اے یاس و حرماں ایک مہماں کا

زمین و آسمان و کوہ سب کے سب رہے قاصر
امانت کا اٹھایا بار یہ گردہ تھا انساں کا

عنایت سے تری اے جاں کمی کس چیز کی مجھ کو
مرا سینہ نہیں گنجینہ ہے اندوہ و حرماں کا

بتوں میں کیوں کسی کی چشم رعنا کا تماشائی
میرے دل میں نہیں اب شوق سیر نرگستاں کا

جگہ دی جب سے ان آنکھوں میں نے شمع رویوں کو
میرے پیشِ نظر ہر وقت عالم ہے چراغاں کا

جنوں نے مجھ کو بخشی ہے عجب پوشاک عریانی
بکھیڑا ہے گریباں کا نہ جھگڑا جیب و داماں کا

ملا دربار استغنا سے ہے وہ بوریا مجھ کو — کہ آگے اس کے رتبہ ہیچ ہے تخت سلیماں کا
ڈراتا مجھ کو کیا ہے فتنۂ محشر سے اے واعظ — قیامت اک کرشمہ ہے کسی کی چشم فتاں کا
کتاب عشق سے اے گل رخو! کیا کام اب مجھکو — ہوئی مدت کہ بھولا باب پنجم میں گلستاں کا
شب وصل اے دل شوریدہ! ہوتی ہے بہت چھوٹی — کہیں رہنے بھی دے تو اب بیاں شب ہائے ہجراں کا
سنی تھی وصل کی شب کل مؤذن کی اذاں میں نے — اثر ہو! کیا پوچھنا اللہ اکبر! اس کے الحاں کا
اگر تو دیکھنے کے بعد بھی اس بت سے منھ موڑے — تو میں ہو جاؤں گا اے شیخ! قائل تیرا ایماں کا
مچا دی زاہدان خشک کے دل میں بھی اک ہلچل — مری جاں! واہ کیا کہنا تمہاری چشم فتاں کا
تپش سے سوز غم کی جل گیا نخل مراد اپنا — یہ ثمرہ میں نے پایا ہمدمو! عشق حسیناں کا
تعجب ہے کہ تو آزاد ہے اے یوسف ثانی — مگر میں ہو گیا قیدی ترے چاہ زنخداں کا
کسی صورت سے اس کا زخم بھرنے پر نہیں آتا — لگا ہے آہ! دل پر تیر کس کافر کے مژگاں کا

چلا ہے شوق میں تو اس بت کافر کے درشن کو
خدا ہی حافظ اے رنجور تیرے دین و ایماں کا

وہ وصل میں پوچھنا کسی کا — مطلب بر آیا اب تو جی کا
جاؤ دل خوش کرو کسی کا — دم ہم سے بھرو نہ دوستی کا
حال دل زار سن کے بولے — کچھ ذکر کرو ہنسی خوشی کا
دل سے امید ہی غلط ہے — کب دوست ہوا ہے یہ کسی کا
گل ہو مرے گل کے گر مقابل — پڑ جائے رنگ پھیکا اسی کا
اب قیس کو کون پوچھتا ہے — چرچا ہے ہماری عاشقی کا
بوسہ دینے میں بخل کیوں ہے — عالم میں نام ہے سخی کا
سائل کو ایک بوسہ دے دو — اللہ بھلا کرے سخی کا
اڑ جاتے ہیں حروف اپنے — لکھتا ہوں جو نام اس پری کا
رونے میں نہ مجھ کو چھیڑیے آپ — یہ وقت نہیں ہے دل لگی کا

آئینہ کو دیکھ کر وہ بولے
دعویٰ ہم سے برابری کا
قابو نہیں اپنے دل پہ بھی اب
عالم ہے یہ اپنی بے بسی کا
دل نے بھی نہ ہجر میں دیا ساتھ
دکھ میں کوئی نہیں کسی کا

غیر اس بت سے مزے لوٹا کیا
دل ہمارا ہجر میں تڑپا کیا
کی دل آزاری مری اچھا کیا
کب مری جاں آپ نے بے جا کیا
چونک اٹھا یار خواب ناز سے
اے مرے نالو! یہ تم نے کیا کیا
دل مرا لے کر وہ ان کا پوچھنا
تم نے اپنا دل بتاؤ کیا کیا
مصحفِ عارض پہ اپنے رکھ کے ہاتھ
اس نے مجھ سے وصل کا وعدا کیا
دین کا رکھا نہ دنیا کا ہمیں
آپ نے ہم سے سلوک اچھا کیا
نقدِ دل دے کر لیا سودائے عشق
آج ہم نے اک نیا سودا کیا
گھر چھڑایا اس سے اس کی جان لی
حضرت عشق آپ نے کیا کیا کیا
یار کا دل میں ملا آخر سراغ
کو بہ کو ناحق اسے ڈھونڈا کیا
کیا کروں تعریف حسنِ یار کی
آپ اسے اللہ نے پیدا کیا
آہ! مجھ سے دشمنی اس کو رہی
عمر بھر جس کو کہ میں چاہا کیا
ربط جو اغیار سے تم نے رکھا
اپنا کچھ کھویا کسی کا کیا کیا
عشق کا دم جھوٹ اگر بھرتا ہوں میں
میرے آگے آئے گا میرا کیا
شیخ جی نے چکھ کے تری مے کا مزہ
دم میں خالی پیپے کا پیپا کیا
وصل سے انکار تم کو کیوں ہے آج
کیا نہ تھا کل وعدۂ فردا کیا

دل نہیں بت یہ جو خدا نہ ہوا
بت نہیں دل کا جو خدا نہ ہوا

بت تو کیا دل بھی آشنا نہ ہوا　　کوئی بھی میرا لے خدا نہ ہوا
میرا پورا جو مدعا نہ ہوا　　آپ کو کیا ہوا ہوا نہ ہوا
نہ اڑا لائی زلف یار کی بو　　کام تجھ سے مرا صبا نہ ہوا
نہ بچا دل نگاہ سے تیری　　آخر اس تیر کا نشانہ ہوا
ہوں وہ گم کردۂ طریقِ عشق　　خضر بھی جس کا رہنما نہ ہوا
دل دیا بت کو دیں ہوا برباد　　ہائے اس عشق میں بھی کیا نہ ہوا
قید گیسو ہے وہ بلا کی قید　　جس کا قیدی کبھی رہا نہ ہوا
جب مری عاشقی کی دھوم مچی　　بے مزہ قیس کا فسانہ ہوا
دل لیا بوسہ تک نہ مجھ کو دیا　　کام تیرا ہوا مرا نہ ہوا
دیکھ کر یار تیرا گلشنِ حسن　　کون سا دل ہے جو ہرا نہ ہوا
تجھ سے بہتر ہے یار تیرا خیال　　ایک دم مجھ سے وہ جدا نہ ہوا
آبرو لی جو میری او ظالم　　اس سے کچھ تیرا فائدہ نہ ہوا
یار تک گے تھا لاکھوں دل پیچھے　　اس طرح قافلہ روا نہ ہوا
یار ہے مہرباں تو کیا پروا　　دشمن اپنا اگر زمانہ ہوا
صدقے اس اپنی سخت جانی کے　　ہجر بھی دائیٔ قضا نہ ہوا
کب سے سائل کھڑا ہے در پہ ترے　　ایک بوسہ اسے عطا نہ ہوا
مے ہے ساقی ہے اور بہار بھی ہے　　حیف اس وقت دل مرا نہ ہوا

رات دن رہتا ان کے قدموں لگا
حیف رنجور میں حنا نہ ہوا

نخل دل کو تپش عشق سے جلتے دیکھا　　ہم نے اس کو نہ کبھی پھولتے پھلتے دیکھا
خرمنِ دل شررِ عشق سے جلتے دیکھا　　آہ کے ساتھ دھواں ہم نے نکلتے دیکھا
کون کہتا ہے کہ دلدار جدا ہے مجھ سے　　اپنی آنکھوں میں اسے روز ٹہلتے دیکھا

آج کیوں بھا گئی دل کو مرے صحرا کی ہوا
کل اسی کو چمنستاں میں بہلتے دیکھا

دامِ گیسو میں جب اک بار پھنسا طائرِ دل
اس کو پھندے سے نہ پھر میں نے نکلتے دیکھا

چھاتیاں ہیں یہ ترے سینے پہ یا پتھر ہیں
دلِ عاشق کو انھیں میں نے کچلتے دیکھا

درد پہلو میں یہ بے وجہ نہیں ہے میرے
دل کو میں نے انھیں چٹکی سے مسلتے دیکھا

اشک بھی نام کو اب تن میں نہیں باقی ہے
خوں کبھی تھا انھیں چشموں سے ابلتے دیکھا

نشۂ عشق کے متوالوں کے جب پھسلے قدم
ایسے گرتوں کو نہ پھر میں نے سنبھلتے دیکھا

کس بلا کی ہے طرح دار یہ زالِ دنیا
نت نئی وضع سے اسے روز بدلتے دیکھا

بھولی صورت میں خدا جانے دل اٹکا کیونکر
چکنے گالوں پہ نگاہوں کو پھسلتے دیکھا

آکے بیٹھا مرے پہلو میں جو وہ شعلہ عذار
شمع کی طرح سے اغیار کو جلتے دیکھا

لاکھ کی ناصیہ فرسائی درِ جاناں پہ
پر مقدر کا لکھا ہم نے نہ ٹلتے دیکھا

یہی دل ہے جو ہر اک حال میں اب راضی ہے
یہی دل تھا جسے ہر وقت مچلتے دیکھا

جب گلستاں سے چلا میرا نہالِ خوبی
جو شجر تھا کفِ افسوس اسے ملتے دیکھا

نیچے دامن کے چھپائے ہوئے مے کی بوتل
رات میخانے سے واعظ کو نکلتے دیکھا

اس بہانے سے ہیں وہ وصل کے طالب مجھ سے
تیرا ارماں نہ کبھی میں نے نکلتے دیکھا

کیا یہی دل ہے مرا عرشِ جنابِ باری
بتِ کافر کو جسے تلووں سے ملتے دیکھا

آبدیدہ وہ ہوئے سن کے مری حالتِ زار
آج پتھر کو بھی رنجور پگھلتے دیکھا

وہ دن بھی تھا کہ دل میں حسینوں کا گھر نہ تھا
اس خانۂ خدا میں بتوں کا گزر نہ تھا

کیوں دل میں میرے رنج و الم نے کیا ہجوم
کچھ خانۂ حبیب تماشے کا گھر نہ تھا

مے تھی چمن تھا اور شبِ چار دہ مگر
پہلو میں جلوہ گر بتِ رشکِ قمر نہ تھا

کی سیر میں نے خوب نہالانِ حسن کی
نام خدا کہ تم سا کوئی باثمر نہ تھا

کیوں غم نے دل کو میرے ہی مسکن بنا لیا
ملتا اسے جہاں میں کوئی اور گھر نہ تھا

دلبر جو میرے پاس سے اٹھ کر چلا گیا
پہلو جو دیکھا چیر کے دل اور جگر نہ تھا

منصور فاش کرتا نہ کیوں راز عشق کو
جب اس کو اپنی جان کے جانیکا ڈر نہ تھا

کیا کچھ نہ لے کر آیا وہ دل میرا لوٹنے
تیغ ادا نہیں تھی کہ تیر نظر نہ تھا

کھاتا نہ دشت عشق میں کیوں قیس ٹھوکریں
جب اس کے ساتھ مجھ سا کوئی راہبر نہ تھا

کیوں اپنے دل میں میں نے حسینوں کو دی جگہ
دل خانۂ خدا تھا بتوں کا یہ گھر نہ تھا

کب تم نے ایسا وار کیا تیغ ناز سے
جس کے لیے ہمارا دل اے جاں سپر نہ تھا

میں خوش ہوا تھا نخل تمنا کو دیکھ کر
ڈھونڈا تو اس شجر میں کوئی بھی ثمر نہ تھا

دشمن نے کیا پڑھایا تجھے کیوں نظر پڑی
مجھ پر تو یہ عتاب تیرا پیشتر نہ تھا

بت خانے کو بھی دیکھا حرم کی بھی سیر کی
تیرے سوا کہیں بھی کوئی جلوہ گر نہ تھا

آنکھیں چراتے آج ہو کل وہ زمانہ تھا
میرے سوا کوئی تمھیں مد نظر نہ تھا

بلبل تری طرح کبھی آزاد ہم بھی تھے
کچھ دام زلف کا ہمیں خوف و خطر نہ تھا

سیکھے ضرور اس ستم ایجاد کے چلن
اس درجہ ورنہ چرخ تو بیدادگر نہ تھا

لیجے وہ آرہے ہیں ملاقات کو مری
کس نے کہا کہ میری دعا میں اثر نہ تھا

جاتا تھا آج لاشۂ رنجور بے نصیب
پر اس کے ساتھ آہ کوئی نوحہ گر نہ تھا

ہو چکا لطف ہاتھا پائی کا
آ گیا وقت اب جدائی کا

میرے ہی دل ربا نہیں ہو تم
دل لیا تم نے اک خدائی کا

شکوہ اس بت سے کچھ نہیں اے بخت
ہے گلہ تیری نارسائی کا

خود مرا دل ہے جب مرا بدخواہ
آسرا ان سے کیا بھلائی کا

نکلی دامن سے شیخ کے بوتل
کھل گیا جامہ پارسائی کا

سوکھا گئے ہی میرا نخل وجود
تھا یہی ثمرہ آشنائی کا

جو وفادار کو عدو سمجھے
اس سے کیا شکوہ بے وفائی کا

کس ادا سے وہ تن کے بیٹھے ہیں
ہے جو شوق انکو خود نمائی کا

تھا مقدر کا جو لکھا نہ مٹا
نہ ہوا نفع جبہ سائی کا

ہائے! کہنا کسی کا وصل کی شب
ہو برا تیری بے حیائی کا

دیکھو تم میرے دل میں اپنی شکل
کہاں آئینہ اس صفائی کا

جی سے آخر گزر گیا رنجور
دیکھا حال آپ نے فدائی کا

تم آؤ گے خود میرے گھر دیکھ لینا
ہے جذب دل کا اثر دیکھ لینا

جدا ایک دم ہوگا یہ دل نہ تم سے
چلے گا چلوگے جدھر دیکھ لینا

سمجھنا نہ ہر غنچۂ گل کو دل تم
محبت کی بو سونگھ کر دیکھ لینا

اجی او میاں راہ کترانے والے
ادھر بھی ذرا اک نظر دیکھ لینا

اڑے ہوش تا بو سے جاتا رہا دل
قیامت تھا انکا ادھر دیکھ لینا

رہے گی نہ یوں ہی یہ چڑھتی جوانی
ڈھلے گا کبھی دو پہر دیکھ لینا

جدا اگر مرا دل ہوا تیرے دل سے
ملے گا نہ پھر عمر بھر دیکھ لینا

دلا! راہ الفت میں رہزن بہت ہیں
ذرا تو ادھر اور ادھر دیکھ لینا

کرے گا یہ عشق ایک دن تجھ کو رسوا
ارے او دل بے خبر دیکھ لینا

در یار تک تو نہ پہنچے گا اے دل
پھرے گا یونہی در بدر دیکھ لینا

شب ہجر اے دل رہے گی نہ دائم
کبھی ہو گی اس کی سحر دیکھ لینا

جو لینا کسی شخص سے نقد دل تم
تو کھوٹا کھرا جانچ کر دیکھ لینا

حیا آئی ہے ساتھ ان کے جو اے دل
رہے گی نہ یہ رات بھر دیکھ لینا

الگ میرے پہلو سے جس دم ہوا تو
جدا میری گردن سے سر دیکھ لینا

کیا تو نے گر وار تیغ جفا کا
تو سینے کو میرے سپر دیکھ لینا

ہے رنجور خوش نخل دل دیکھ کر تو
لگے گا نہ اس میں ثمر دیکھ لینا

آشنا تو اس بت نا آشنا کا ہو گیا / بیٹھے بیٹھے اے دل ناداں تجھے کیا ہو گیا

جس پہ ہم مرتے تھے وہ اک بت پہ شیدا ہو گیا / مژدہ باد اے مرگ خود بیمار عیسیٰ ہو گیا

مجھ سے دلدادہ کو اے ناصح ملامت ہے فضول / اس پری رخسار پر زاہد بھی شیدا ہو گیا

وصل کی شب ہائے انکا ناز سے یہ پوچھنا / اب تو حضرت آپکا ٹھنڈا کلیجا ہو گیا

بے کسی پر اپنی میں کیوں کر نہ روؤں اے بتو / ایک دل اپنا تھا اب وہ بھی تمہارا ہو گیا

عشق گیسوئے سیہ کا کیوں خریدا درد سر / اے دل بیمار یہ کیا تجھ کو سودا ہو گیا

رات دن فکر و غم و رنج آتے جاتے رہتے ہیں / خانۂ دل اپنا رہگیروں کا رستا ہو گیا

غنچۂ دل کو کبھی دیکھا جو مرجھایا ہوا / اے دل مایوس مجھکو تیرا دھوکا ہو گیا

یا بھرے تھے اسمیں ارماں یا ہے اب جینے سے تنگ / تھا یہی دل پہلے کیا اور ہائے اب کیا ہو گیا

جاں بری کی اپنی اے دل کون سی تدبیر ہے / دشمن جاں جب کہ خود اپنا مسیحا ہو گیا

دل گیا کچھ غم نہیں دلبر تو ہاتھ آیا مجھے / کچھ اگر گم ہو گیا کچھ اور پیدا ہو گیا

دیکھتے ہی مجھ کو کیوں بکنے لگا تو اول فول / تھا بھلا چنگا ابھی واعظ تجھے کیا ہو گیا

تاب مجھ کو کب ہو دیدار جمال یار کی / دیکھتے ہی اسکو جب بیہوش موسیٰ ہو گیا

دل جو تھا عرش خدا اس میں صنم کو دی جگہ / ہائے میں ہو کر مسلماں بت کا بندا ہو گیا

صرف دو بوسوں پہ بے جا اسقدر تکرار ہے / میں تو خود قائل ہوں مجھ سے کار بیجا ہو گیا

درد فرقت سے شفا آخر ہوئی رنجور کو
پی کے داروئے اجل بیمار اچھا ہو گیا

سامنا جب کہ قیامت میں خدا کا ہوگا / دامن او بت ترا اور ہاتھ ہمارا ہوگا

نگہ یاس سے جس نے تجھے دیکھا ہوگا / اس کی آنکھوں میں جہاں سارا اندھیرا ہوگا

کون سا دل ہے وہ جو تیرا نہ شیدا ہوگا / کون سا سر ہے نہ جسمیں ترا سودا ہوگا

بام پر اپنے وہ چڑھتے ہیں نظارے کیلیے / کوچۂ یار میں اس وقت تماشا ہوگا

دم گیا ہجر میں میرا ترا ارماں نکلا
سنگدل کوئی بھی اے بت نہ ترا سا ہوگا

میرے لاشے پہ جب اس شوخ کو لائے احباب
بھولے پن سے وہ یہ بولا کہ یہ سویا ہوگا

مہندی ہاتھوں میں لگانے کو وہ منگواتے ہیں
آج پھر ہائے مرا خون تمنا ہوگا

چھیڑ تو اس وقت نہ مجھ کو کہ بھرا بیٹھا ہوں
جاری آنکھوں سے ابھی اشک کا دریا ہوگا

دل تو دلدار کو دینے کو دیا ہنس ہنس کر
کیا خبر تھی کہ اسی کا مجھے رونا ہوگا

جائے گا کون سدا خلد میں جلنے کے لیے
اگر اے یار نہ واں ساتھ تمہارا ہوگا

جاں بلب دیکھ کے رنجور کو بولا وہ شخص
جور سہنے کو تجھے اور ابھی جینا ہوگا

دل ہی جب ہاتھ سے جاتا رہا ارماں کیسا
اور جب ارماں نہ رہا دل میں تو حرماں کیسا

ہاتھ ملتا ہے کہ اب ظلم کروں گا کس پر
قتل سے میرے ہوا یار پشیماں کیسا

مذہب عشق کا پیرو ہوں مجھے کیا مطلب
گبر و ترسا کسے کہتے ہیں مسلماں کیسا

نہ رفو کی ہے جگہ اور نہ بخیہ ممکن
چاک ہے دست جنوں سے مرا داماں کیسا

تھک گیا بازوئے جلاد رگ جاں نہ کٹی
رہ گیا ہو کے مرے قتل کا ساماں کیسا

جاگزیں حوصلے اب اس میں نہ امیدیں ہیں
ہائے یہ خانۂ دل ہو گیا ویراں کیسا

اب تو دن رات مجھے دشت نوردی ہے کام
مجھے کیا علم کہ گل کیسا گلستاں کیسا

کعبۂ دل میں جگہ تو نے بتوں کو دیدی
واہ رنجور تو ہے مرد مسلماں کیسا

دل بتوں سے لگا کے دیکھ لیا
خوب انھیں آزما کے دیکھ لیا

غالب آخر رہا حیا پر شوق
مجھے آنچل ہٹا کے دیکھ لیا

چھوڑتا ہی نہیں خیال ترا
دل کو سمجھا بجھا کے دیکھ لیا

دل گم گشتہ میں نے آخر یار
پاس دزد حنا کے دیکھ لیا

نہ رہا ضبط شوق دید انھیں / مجھ کو پردہ ہٹا کے دیکھ لیا
جذب دل اب ہے امتحاں ترا / ان کو ہم نے بلا کے دیکھ لیا
ہنستے ہی وہ نہیں کسی ڈھب سے / گدگدا کے ہنسا کے دیکھ لیا
ڈوبے ایسے کہ پھر نہیں ابھرے / عشق کا بوجھ اٹھا کے دیکھ لیا
کیوں اب آنکھوں سے اشک جاری ہے / خون میرا بہا کے دیکھ لیا
سچ بتانا کھرا ہے یا کھوٹا / نقد دل آزما کے دیکھ لیا
آج کیوں ہو عدو سے آزردہ / تم نے مجھ کو ستا کے دیکھ لیا
بیٹھے کیوں بھر رہے ہو سرد آہیں / دل کو میرے جلا کے دیکھ لیا
لے اڑی وہ نگاہ دزدیدہ / دل کو ان سے چھپا کے دیکھ لیا

یاد حق اب کیا کریں رنجورؔ
دل بتوں سے لگا کے دیکھ لیا

جب زمانہ گیا جوانی کا / نہ رہا لطف زندگانی کا
کیا کروں ذکر نوجوانی کا / بھولنا بہتر اس کہانی کا
اب کہاں ولولہ جوانی کا / زور ہے اب تو ناتوانی کا
نکلو ارمانو! خانۂ دل سے / ان سے وعدہ ہے میہمانی کا
تاب دیدار یار دیکھ سنبھل / اس کو دعویٰ ہے لن ترانی کا
مر گیا میں تو بولے حور ملی / کچھ ٹھکانا ہے بدگمانی کا
جلد اس بت پہ شیخ تو مر مٹ / کیا بھروسہ ہے عمر فانی کا
مجھ پہ ہر وقت قہر ڈھاتا ہے / دھیان جور و ستم کے بانی کا
غیر کے ساتھ یار عیش کرے / حکم ہو مجھ کو پاسبانی کا
آج ہے کچھ تو دال میں کالا / کیا سبب ان کی مہربانی کا
گالیاں آپ مجھ کو دیتے ہیں / کیا صلہ ہے یہ مدح خوانی کا

دست نازک سے کٹ سکا نہ گلا
ہو برا میری سخت جانی کا

پھل نہ لایا ہمارا نخل مراد
یہ ملا ثمرہ زندگانی کا

مجھ کو تحقیق سے ہوا ثابت
لفظ مہمل ہے شادمانی کا

کھینچ سکتا نہیں شبیہ یار
رنگ فق ہو رہا ہے مانی کا

دیکھ دل ہوشیار وہ آیا
شہرہ ہے جس کی دلستانی کا

جھیل لیں جب بلائیں فرقت کی
خوف کیا مرگ ناگہانی کا

اس کو زیبا نہیں غرور کبھی
جو ہو اک قطرہ گندے پانی کا

کس کے ارمان کا ہوا ہے خون
غل ہے کیوں آج نوحہ خوانی کا

زندہ در گور ہو گئے یہ نجر
فائدہ ایسی زندگانی کا

ہے حور کا طالب دل خود کام تمہارا
کس کام کا اے زاہد و اسلام تمہارا

اک میں ہوں کہ ہوں معرض دشنام تمہارا
اک غیر کہ ہے مورد انعام تمہارا

خوش ہو کے سنے گا وہی دشنام تمہارے
جس پہ سحر و شام ہے انعام تمہارا

دل کہنے کا ہے جس میں نہیں یاد تمہاری
لب نام کے ہیں جن پہ نہیں نام تمہارا

تم لاتے ہو گردش میں زمانے کا مقدر
کر سکتی ہے کیا گردش ایام تمہارا

ق

یہ سچ ہے کہ کرتا ہوں میں اس بت کی پرستش
بالکل ہے بجا واعظو الزام تمہارا

ایمان کی کہنا مگر اے حور پرستو
بہتر ہے مرا کفر کہ اسلام تمہارا

ترشی کی طلب ہے عبث ان چارہ گروں کو
کیا ہوش میں لائے گا آشام تمہارا

کیا جانیں سحر کب ہوئی یا شام کب آئی
ہے دھیان ہمیں تو سحر و شام تمہارا

اے رنج و الم نکلو مرے خانۂ دل سے
دولت کدۂ یار میں کیا کام تمہارا

ہیں چاروں طرف سے غم و اندوہ کے گلے
اب بھاگے کدھر عاشق ناکام تمہارا

ہے ایک طرف لعنت احباب کی بوچھار — اور ایک طرف عاشق ناکام تمھارا
میں نے جو کہا وعدے سے کیوں پھری تو بولے — اللہ رے اس منہ سے یہ الزام تمھارا
اٹھلا کے نہ لِلّٰہ چلو تم کہ مرا دل — پامال کیے دیتا ہے ہر گام تمھارا
آسیب غم و فکر سے رہتی ہے حفاظت — کیونکر نہ رکھوں وردِ زباں نام تمھارا
کیوں حضرت دل تم نے کیا عشق کا آغاز — اچھا نظر آتا نہیں انجام تمھارا

رنجور ہی کے دم سے یہ شہرت ہے تمھاری
بعد اس کے نہ جانے گا کوئی نام تمھارا

ہم عرش معلیٰ سے نہیں بام تمھارا — مشہور فرشتوں میں بھی ہے نام تمھارا
لو جاتا ہے اب عاشق ناکام تمھارا — اب بھول کے لے گا نہ کبھی نام تمھارا
بس بس یہ عنایت تو کسی اور پہ ہو خرچ — میں اور عدو سے کہوں پیغام تمھارا
میت پہ میری آ کے وہ کہنے لگا رو کر — افسوس یہ ہونے کو تھا انجام تمھارا
دشمن کو تو دیدار ہو دن رات میسّر — میں راستہ دیکھوں سحر و شام تمھارا
گر آ کے ہوا باعث زحمت تو چلا میں — میں اپنی غرض دیکھوں کہ آرام تمھارا
اللہ رے تجاہل کہ گیا ان سے جو ملنے — فرمانے لگے مجھ سے کہ کیا نام تمھارا
جو کچھ مرے شکوے میں اک اک کر کے غلط ہیں — سب ٹھیک ہے جو کچھ بھی ہو الزام تمھارا
کٹ جاؤں نہ کیوں شرم سے وہ بزم میں بولے — عشاق کے دفتر سے کٹا نام تمھارا
او شرم و حیا وصل میں کیوں ہوتی ہو حارج — خلوت کدۂ یار میں کیا کام تمھارا
پانی دہن شیخ میں بھر آتا ہے فوراً — آتا ہے زباں پر مری جب نام تمھارا
ہے حاجیو تم کو بھی کسی بت کا تجسس — ہے جوگیوں کا بھیس یہ احرام تمھارا
کی مدح جو میں نے تو کہا کوسنے دے کر — لو اب تو تمھیں مل گیا انعام تمھارا
یہ طائر دل اڑ کے پہنچ جائے گا تم تک — کچھ عرش معلیٰ تو نہیں بام تمھارا
یہ کوچہ مرا آج جسے بھولے ہوئے ہو — تھا آہ کبھی راہ گزر عام تمھارا

رنجور رہو کس چین سے تم قبر میں سوئے
ہے موجب صد رشک یہ آرام تمہارا

بھولی صورت دیکھتے ہی دل میں پیار آ ہی گیا
لاکھ روکا اس پہ دل بے اختیار آ ہی گیا

نامۂ یار اے دل امیدوار آ ہی گیا
جس کا تجھ کو دیر سے تھا انتظار آ ہی گیا

اے گناہوں کیا کریں روز شمار آ ہی گیا
ڈرتے تھے جس دن کو وہ انجام کار آ ہی گیا

مغتنم اے یاس تیرا دم ہے ہجر یار میں
تیرے ہونے سے مرے دل کو قرار آ ہی گیا

رکھ سکا روئے مصفا کی طرح دل کو نہ صاف
یار کے آئینہ میں آخر غبار آ ہی گیا

میرا جانا تھا کہ پہنچا یار کے گھر غیر بھی
گل اکیلا تھا مگر پہلو میں خار آ ہی گیا

مرغ دل کو ہوشیاری کا تو تھا دعوی مگر
دام میں صیاد کے آخر شکار آ ہی گیا

گرچہ میں کہتا رہا ہوں اسکے وعدے سب غلط
میرے بھولے دل کو ان پر اعتبار آ ہی گیا

مجھ سے سیدھے سادے شیدائی کو دم دیتا تھا تو
مدعی کے دم میں آخر خود بھی یار آ ہی گیا

سوز پنہاں دردوں میں ضبط گریہ تابکے
آنکھوں سے باہر مرے دل کا بخار آ ہی گیا

اے دل سرشار جام وصل اٹھ آئی سحر
تابکے دور سرور آخر خمار آ ہی گیا

جب کہ مجھ سے دوست سے تم نے وفاداری نہ کی
اعتبار اے جان جاں اس سے تمہارا ہی گیا

آج آخر شیخ جی رندوں کے ہتھے چڑھ گئے
اور ان کے سر سے عمامہ اتارا ہی گیا

شیخ ابھی میخانہ میں تھا ہی کہ پہنچا محتسب
موقعہ سرقہ پہ بارے تھانہ دار آ ہی گیا

تھا خفا رنجور سے جب تک نظر سے دور تھا
رو برو آتے ہی اس کے دل میں پیار آ ہی گیا

لاکھ روکا غیر نے وہ گلعذار آ ہی گیا
اے خزاں رخصت کہ ہنگام بہار آ ہی گیا

جس فرشتے کا مجھے تھا انتظار آ ہی گیا
لینے کو میری حیات مستعار آ ہی گیا

جب مجھے اس شمع رو نے آ کے دیکھا وقت نزع
اشک اس کی آنکھوں میں بے اختیار آ ہی گیا

جب ڈراتا ہوں میں اس ظالم کو روزِ حشر سے
ہنس کے کہتا ہے کہ ہاں روزِ شمار آ ہی گیا

دیکھ لی اے جذبِ دل تیری کرامت دیکھ لی
تو نے چاہا اور میرے گھر میں یار آ ہی گیا

ہنستے ہنستے وصل کی شب یار نے اک آہ کی
یاد اس دم بھی رقیبِ نابکار آ ہی گیا

وعدے سے جس کے اے دل عیش کے دن بھی تھے تلخ
لے جدائی کا وہ وقتِ ناگوار آ ہی گیا

ہم تو سمجھے تھے کہ یہ فردا بھی ہے فردائے حشر
بارے کیا آج آگیا دل میں کہ یار آ ہی گیا

خود انھیں نے مجھ کو بلوایا مگر جب میں گیا
انکو میرے روبرو آتے بخار آ ہی گیا

ہے ہوس تو سیرِ کوئے یار کی تجھ کو مگر
تو گیا اس کوچہ میں اے دل تو مارا ہی گیا

اے امیدو تم سے تھی وابستہ میری زندگی
تم گئیں کیا میرے جینے کا سہارا ہی گیا

کیا ہوا زندو اگر ہے شیخ کا باطن ذلیل
اس کے چہرے پہ عمامے سے وقار آ ہی گیا

شیخ جی پیرِ مغاں سے تم تو ناحق بھڑ پڑے
اس کا کیا بگڑا وقار اس سے تمھارا ہی گیا

بارے میرے رشتۂ الفت نے ظاہر کی کشش
یار کا میری طلب میں آج تار آ ہی گیا

کر رہے تھے آپ ابھی رنجور کے وعدے کا ذکر
لیجیے قرباں ہونے کو وہ عباس نثار آ ہی گیا

کبھی ارماں شہادت کا نہ میرے دل سے نکلے گا
جو نکلے گا تو بس یہ خنجرِ قاتل سے نکلے گا

نہ میرا کام خضر و مرشدِ کامل سے نکلے گا
جو نکلے گا تو خود میرے جنابِ دل سے نکلے گا

خلش سے نوکِ مژگاں کی تڑپ ہی بعد مردن بھی
یہ کانٹا یا الٰہی کب دلِ بسمل سے نکلے گا

جو آنا ہو تو رکھ دے حال کے سینے میں آتا ہوں
نہ میرا کام ہرگز فعلِ مستقبل سے نکلے گا

چلے ہیں باز رکھنے بت پرستی سے برہمن کو
یہ کام اے حضرتِ شیخ آپ سے جاہل سے نکلے گا

ہوا ہے تیرِ الفت یوں دونوں جانب کارگر ایسا
نہ تیرے دل سے نکلے گا نہ میرے دل سے نکلے گا

بیانِ حور سے واعظ بتوں کی یاد آئیگی
مرا مطلب تری تقریرِ لاطائل سے نکلے گا

نکلنا حضرتِ آدم کا جنت سے تو آساں تھا
مگر ارماں ترا دل سے مرے مشکل سے نکلے گا

سرور و شوق و ارماں گو مرے دل سے نکل بھاگے
نہ تیرا دھیان اس اجڑی ہوئی منزل سے نکلے گا

طلب لیلیٰ کی ہو مجنوں تو اپنے دل میں ڈھونڈ اسکو — ترا مطلب نہ ہرگز ناقہ و محمل سے نکلے گا
چلا آتا ہے دوڑا رحم ہاتھ اس کا پکڑنے کو — الٰہی کام میرا کیوں کر اب قاتل سے نکلے گا
نکالے لاکھ کوئی میں قیامت تک نہ نکلوں گا — جو نکلے گا مرا لاشہ تری محفل سے نکلے گا
طلب کیسی ہی تیری دل میں ہو لیکن ترے آگے — نہ حرف آرزو ہرگز لبِ سائل سے نکلے گا
کروں کیوں پیر کے بدلے نہ دل کے ہاتھ پر بیعت — کہ میرا کام صرف اس مرشدِ کامل سے نکلے گا
کبھی وہم و گماں تک میں فرشتوں کے نہ آتا تھا — کہ تجھ سا حور وش معشوق آب و گل سے نکلے گا
ہمارا دل تو دیکھو گوہر دل تم کو دے ڈالا — تم اک بوسہ ہی دو کب یہ تمہارے دل سے نکلے گا
کسی کا ناوک مژگاں چبھا ہے وہ مرے دل میں — کہ تم سے چارہ ساز و یہ بہت مشکل سے نکلے گا
پڑی جب مرغ دل کو چاٹ اس کی میٹھی باتوں کی — پھنسا یوں دام میں اسکے کہ اب مشکل سے نکلے گا
ادھر ہے سخت جانی اور ادھر ہے نازک اندامی — مرا دم آہ کیونکر خنجر قاتل سے نکلے گا
بڑھے گا شیخ تیرے روکنے سے ذوقِ مے نوشی — نتیجہ یہ ضرور اس سعیِ لاحاصل سے نکلے گا
چلیں گی حسرتیں سر پیٹتی ہمراہ مدفن تک — ہمارا لاشہ جس دم کوچۂ قاتل سے نکلے گا

یہ مانا ایک عالم کو ہے دعویٰ تیری الفت کا
مگر رنجور سا عاشق بڑی مشکل سے نکلے گا

آپ[1] کی شکل کا انسان نہ دیکھا نہ سنا — جس پہ حوریں بھی ہوں قربان نہ دیکھا نہ سنا
مانتا ہوں میں کہ ناصح ہے بڑا دور اندیش — اس سمجھ بوجھ کا انسان نہ دیکھا نہ سنا
غم کو ضد ہے کہ رہے دل میں مرے خواہ مخواہ — میں نے ایسا کبھی مہمان نہ دیکھا نہ سنا
اہتمام اس قدر اور ایک گلوری کے لیے — اس تکلف کا کبھی پان نہ دیکھا نہ سنا
سبزۂ خط کی ہے کیا مصحف عارض پہ بہار — ایسا خوش خط کبھی قرآن نہ دیکھا نہ سنا
بھرنے دیتا نہیں زخموں کو ترا حسن ملیح — آدمی اور نمک دان نہ دیکھا نہ سنا
ہے بنا گوش میں اس کے میرا دل آویزہ — ایسا دلچسپ کوئی کان نہ دیکھا نہ سنا

---

[1] یہ غزل دوسری بیاض میں بھی شامل ہے لیکن اس میں شعر ۲، ۱۰، ۱۳ ـ ۲۰ موجود نہیں۔

کہتے ہیں دیکھ کے ملک دل ویراں میرا
ایسا سنسان بیابان نہ دیکھا نہ سنا

وصل کی شب وہ موذن کی اذاں کیا کہنا
یہ گلا اور یہ الحان نہ دیکھا نہ سنا

بولے جب مجھ سے سنا آرزوئے وصل کا نام
آج تک تیرا سا ارمان نہ دیکھا نہ سنا

اہتمام اس قدر اغیار کی مہمانی میں
کبھی دعوت میں یہ سامان نہ دیکھا نہ سنا

دل میں کیا آئے کہ لیتے ہی نہیں جانے کا نام
جان کا ساتھی ہو مہمان نہ دیکھا نہ سنا

در جاناں میں ہوا تک نہیں گھسنے پائی
میں نے ایسا کہیں دربان نہ دیکھا نہ سنا

دل میں بیٹھے ہیں کہ غیر اس میں نہ آنے پائے
میں نے تو ایسا نگہبان نہ دیکھا نہ سنا

بولے وہ دیکھ کے سیلاب مرے اشکوں کا
ہم نے اس زور کا طوفان نہ دیکھا نہ سنا

ایک ارماں بھی نہیں خانۂ دل میں باقی
ایسا گھر کوئی بھی ویران نہ دیکھا نہ سنا

دوستی کس لیے اس دشمن جاں سے کی
تجھ سا اے دل کوئی نادان نہ دیکھا نہ سنا

گو حسینوں کی کمی صفحۂ دنیا پہ نہیں
اس خط و خال کا انسان نہ دیکھا نہ سنا

دوست کا لفظ لغت میں تو لکھا دیکھا ہے
وجود اس کا الی الآن نہ دیکھا نہ سنا

دیکھ کر حال مرا بولے اطبائے جہاں
ہم نے اس درد کا درمان نہ دیکھا نہ سنا

میں نے مانا کہ حسیں اس کے سوا اور بھی ہیں
جس میں ہو حسن کی یہ شان نہ دیکھا نہ سنا

عاشق اس بت کے ہوا اس دعویٔ دینداری پہ
تم سا رنجور مسلمان نہ دیکھا نہ سنا

سامنے دشمن کے گر وہ بے حجاب آیا تو کیا
روبرو خفاش کے گر آفتاب آیا تو کیا

میرے مرنے پر اگر خط کا جواب آیا تو کیا
خط کے سرنامے پہ عاشق کا خطاب آیا تو کیا

میری تربت پر وہ باچشم پر آب آیا تو کیا
میرے کاشانے میں وہ خانہ خراب آیا تو کیا

دل میں تو وہ دشمن جاں سمجھتے ہیں مجھے
خط میں لکھ کر پیارے عاشق کا خطاب آیا تو کیا

ختم ہی اب کر کے چھوڑوں گا کتاب عشق کو
پڑھتے پڑھتے ہجر کا گر سخت باب آیا تو کیا

عہد طفلی کو بھلایا پھیر لی مجھ سے نظر
اے بت کافر ترا عہد شباب آیا تو کیا

ذبح کرنے پر مرا لاشہ تڑپتا دیکھ کر
دل میں قاتل کے اگر کچھ اضطراب آیا تو کیا

غیر سے میرا گلہ کرتے نہ آئی ان کو شرم
مجھ سے ملنے میں اگر انکو حجاب آیا تو کیا

جب شراب وصل پینے کی نہیں امید کچھ
منہ پہ پر یہ دل خانہ خراب آیا تو کیا

یہ بت بدخو نہیں سننے کا لے دل ایک حرف
تو سنانے کو شکایت کی کتاب آیا تو کیا

میں تو اب وہ نیند سویا چونکنا جس سے محال
میرے لاشے پہ اگر وہ مست خواب آیا تو کیا

جس کے سننے کو ترستا ہوں وہ ہی آواز اور
لے کے گر مطرب دف و چنگ و رباب آیا تو کیا

میں عدو کو دیکھتے ہی ہو گیا جل کر کباب
ان کی جانب سے وہ دینے کو کباب آیا تو کیا

انتظار اس شوخ کا میں کرتے کرتے مر گیا
میرے مرنے کی خبر پا کر شتاب آیا تو کیا

گل تو ہاتھ آیا مگر اک خار بھی دل میں چبھا
یار اگر لے کر عدو کو ہمرکاب آیا تو کیا

کیوں ہوئی یارب مری ہستی نہ غرق سیل اشک
نوح کے طوفان کا مجھ پہ عذاب آیا تو کیا

ہو گیا لبریز جب رنجور جام زندگی
پاس سے اس شوخ کے جام شراب آیا تو کیا

مجھ سے اس کا دل نازک تو دکھایا نہ گیا
اپنا افسانۂ غم اس کو سنایا نہ گیا

گر نزاکت کے سبب یار سے آیا نہ گیا
اپنے گھر بھی تو مجھے اس سے بلایا نہ گیا

شرر عشق نے وہ آگ لگائی دل میں
گھر جلا سامنے اور مجھ سے بجھایا نہ گیا

دور سے دیکھتے ہی گھر مرا لوٹا کیونکر
کہ وہ رہزن تو مرے سامنے آیا نہ گیا

خوں چکاں ہو کے رہیں ہجر میں تیری آخر
راز الفت مری آنکھوں سے چھپایا نہ گیا

کہتے ہیں دیکھ کے ملک دل ویراں میرا
آجتک کیوں کوئی شہر ایمں بسایا نہ گیا

جبہ سائی تو بہت کچھ در جاناں پہ کی
خط تقدیر مگر مجھ سے مٹایا نہ گیا

جب کہ دلدار گیا اٹھ کے مرے پہلو سے
دل بھی ڈھونڈا تو مرے سینہ میں پایا نہ گیا

آج کیوں مجھ سے خوشامد کی یہ باتیں اے جاں
کیا رقیبوں سے ترا ناز اٹھایا نہ گیا

زندگی میں تو رقابت کا سبھی بھرتے تھے دم
قبر میں ساتھ کوئی اپنا پرایا نہ گیا

منتظر کب سے ہیں طالب دیدار کھڑے
رخ انور سے نقاب اب تک اٹھایا نہ گیا

کیا پہلی ہی ملاقات میں اظہار مدام
مجھ سے حال دل مشتاق چھپایا نہ گیا

رعب حسن اس پہ وہ چھایا کہ ہوا مہر بلب
ان کو قاصد سے مرا حال سنایا نہ گیا

شیخ صاحب سے بہ ایں خرقہ و دستار بزرگ
کوچۂ میکدہ میں رات سمایا نہ گیا

کس کے کام آئے گی پھر تیری مسیحائی بتا
کشتہ اپنا ہی اگر تجھ سے جلایا نہ گیا

وائے قسمت کہ شہادت سے رہا میں محروم
دست نازک سے ترے خنجر اٹھایا نہ گیا

میں نے مانا تمھیں معلوم ہے تسخیر قلوب
نقش حب کیوں دل دشمن پہ جمایا نہ گیا

شب وصل اٹھ کے وہ بھاگے مجھے سوتا پا کر
مگر اے بخت مجھے تجھ سے جگایا نہ گیا

جاں بہ لب کب سے ہے رنجور مگر اب تک اسے
لب جاں بخش کا اعجاز دکھایا نہ گیا

عاشق سے مر کے کوچۂ جاناں نہ چھٹ گیا
اب شمع سے تعلق پروانہ چھٹ گیا

دی آ کے مخلصی ملک الموت نے اسے
زلفوں کی قید سے ترا دیوانہ چھٹ گیا

سینے میں میرے اب کہیں دل کا پتہ نہیں
افسوس تجھ سے غم ترا کاشانہ چھٹ گیا

آئی ہے فصل گل تو مجھے اس کی کیا خوشی
مدت ہوئی کہ مجھ سے تو میخانہ چھٹ گیا

دیکھا جو میکدے میں مجھے آتے کانپ اٹھا
حتیٰ کہ دست شیخ سے پیمانہ چھٹ گیا

جلدی تھی ایسی کیا اسے عقبیٰ کی سیر کی
مجنوں کا اس جہاں میں جو افسانہ چھٹ گیا

بیخود کچھ اس طرح سے تلاش صنم میں ہم
جا پہنچے کعبہ راہ میں بت خانہ چھٹ گیا

رنجور جب سے قیس سا ہمدرد چل بسا
مجھ بادیہ نورد سے ویرانہ چھٹ گیا

آج مقتل میں بوقت امتحاں کوئی نہ تھا
سر بکف میرے سوا اے جان جاں کوئی نہ تھا

اک خدائی اس بت ظالم کے دمساز و ندیم تھی
حشر کے دن آہ میرا ہم زباں کوئی نہ تھا

اک مجھی کو تھا بنانا تختۂ مشقِ ستم
آہ کیا میرے سوائے آسماں کوئی نہ تھا

حامل بار امانت ہم ہوئے سب چل دیئے
گرچہ دنیا بھر میں ہم سا ناتواں کوئی نہ تھا

عشق نے لوٹے اک اک کر کے دلوں کے قافلے
بچ گیا ہو اس سے ایسا کارواں کوئی نہ تھا

وہ بت پردہ نشیں کیوں دل میں آنے سے رکا
تخلیہ پورا تھا نامحرم یہاں کوئی نہ تھا

صفحۂ ہستی پہ میں نے دیکھے لاکھوں ہی حسیں
لیکن ان میں آپ سا خوشرو جواں کوئی نہ تھا

جو گیا اس عالم ہستی سے وہ غمگیں گیا
رہ نوردانِ عدم میں شادماں کوئی نہ تھا

لامکاں تک کی خبر لی جستجوئے یار میں
اس جگہ رنجورؔ ہم پہنچے جہاں کوئی نہ تھا

زلفیں کھولے ہوئے وہ زلف پری زاد آیا
مرغ کو دام دکھاتا ہوا صیاد آیا

لے گیا سوئے بیاباں جو مجھے جوش جنوں
قیس خوش ہو کے پکارا مرا استاد آیا

ہو گی معراج مجھے آج پکارا منصور
دار پہ اس کو چڑھانے کو جو جلاد آیا

تیرے دیوانے کو کیا کافی نہ تھے حلقۂ زلف
بیڑیاں اس کیلیے لے کے جو حداد آیا

یاد دلبر نے مرے دل میں جہاں چٹکی لی
نالہ لب تک مرے کرتا ہوا فریاد آیا

تھا ملاقات میں مضمر کوئی پہلوئے جفا
ورنہ کیوں آج یہاں وہ ستم ایجاد آیا

اٹھ کے اغیار کی محفل سے میری میت میں
یار آیا تو مگر با دلِ ناشاد آیا

شاد ہوتا ہے وہ دل میں تجھے غمگیں پا کر
کس ستمگار پہ تو لے دلِ ناشاد آیا

کوئی ویرانہ اگر میری نظر سے گزرا
اپنا بھولا ہوا دل آہ مجھے یاد آیا

کوہ غم ٹوٹ پڑا مجھ پہ جو فرقت کی شب
کاٹنے کو اسے تیشہ لیے فرہاد آیا

عمر کی ریل پہ جب طے ہوا ہستی کا سفر
ملک الموت پکارا عدم آباد آیا

ہچکیاں نزع میں آئی ہیں جو رنجورؔ تجھے
شاید اس وقت کسی شخص کو تو یاد آیا

اگر اس محفل رنداں میں شیخ باصفا ہوتا
مزا ہوتا مزا ہوتا مزا ہوتا مزا ہوتا

الٰہی نشۂ تقوئے زاہد کرکرا ہوتا
کسی دن اس بت کافر کا اسکا سامنا ہوتا

پہنچتے تیری بزم ناز میں ہم سر کے بل واعظ
بجائے حور اگر اس میں بتوں کا تذکرا ہوتا

ہماری رہبری کیا خاک اے دل خضر سے ہوگی
طریق عشق میں تو ہی ہمارا رہنما ہوتا

عدو کو بزم میں جب دیکھتے تے ٹکٹکی باندھے
کن انکھوں سے مجھے بھی دیکھ لیتے تم تو کیا ہوتا

بتان سنگدل کا عشق اگر قسمت میں لکھا تھا
مرے پہلو میں بھی پتھر کا یارب دل دیا ہوتا

اگر اس گل کے پہلو کو ہے خار مدعی لازم
تو یارب میرے پہلو میں دل بے مدعا ہوتا

یقیناً جنت الفردوس میں کافر پہنچ جاتے
اگر اشتر ہماری طرح غم میں مبتلا ہوتا

مرا پیغام اس گل کو اگر پہنچا دیا کرتی
بڑا احسان تیرا مجھ پہ اے باد صبا ہوتا

فضیلت میں اسے اے شیخ دیتا تخت شاہی کو
اگر بوئے ریا سے پاک تیرا بوریا ہوتا

مرے آنے پہ غل ہے دور ہوجا دفع ہوجا کا
رقیب آتا تمہارے گھر تو شور مرحبا ہوتا

گر اے رنجور اپنی شامت اعمال پہ روتا
تو ہر اک قطرۂ اشک آج اک در بے بہا ہوتا

سنا کر میں جو انکو اپنے گھر کی داستاں آیا
وہ بولے آج تک اس کو نہ انداز بیاں آیا

بھٹک کر راہ کعبے سے سوئے کوئے بتاں آیا
کہاں جانے کی نیت سے چلا تھا میں کہاں آیا

مجھے وہ کیوں نہ پیسے یہ تو اسکی خو میں داخل ہے
عدم سے کیوں میں زیر آسیائے آسماں آیا

نہ دیکھا میں نے اسکا جلوہ کب ایام ہجراں میں
وہ میرے سامنے ہر دم عیاں آیا نہاں آیا

خبر دی ہائے کس نے بلبل شیدا کی آمد کی
کہ اس کے قید کرنے کو چمن میں باغباں آیا

ترانے کیا خوشی کے گا رہی ہے بلبل شیدا
کہے وہ مرثیہ خوانی کہ اب دور خزاں آیا

نہ کیجے اس قدر تعریف حوروں کی مرے آگے
مرا دل حضرت واعظ جہاں آیا وہاں آیا

رہا کیا اتحاد باہمی کا لطف اے جاناں
اگر پردہ من و تو کا ہمارے درمیاں آیا

تمہارا کام کیا اے رنج و حرماں خانۂ دل میں
نکل بھاگو یہاں سے تم کہ میرا میہماں آیا

مجھی سے ضد تھی انکو یار کے گھر جب گیا دشمن
نہ سگ بھونکا نہ لپکے روکنے کو پاسباں آیا

ہوے کافور رنج و فکر میرے خانۂ دل سے
تصور تیرا جس دم بن کے آرام جاں آیا

انھوں نے میری دعوت کی ہے لیکن بزم اعدا میں
مدد لے جذبۂ الفت کہ وقت امتحاں آیا

نہ ہے قسمت کہ تم میرے گلے سے یوں لپٹ جاؤ
کہاں کا پیار تم کو مجھ پہ آج اے مہرباں آیا

خبر بھی ہے تمھیں کچھ اے تپ فرقت کے بیمارو
تمھاری چارہ سازی کو مسیحائے زماں آیا

وفور عشق سے میں ہو گیا وارفتہ و بیخود
خبر کیا یہ دل دیوانہ کب آیا کہاں آیا

تعجب کیا جو ساری عمر اپنی رونے میں گزری
کہ ماں کے پیٹ سے کرتا ہوا شور و فغاں آیا

کبھی اٹھا کبھی بیٹھا کبھی تڑپا کبھی لوٹا
ترے ہجراں میں کب مجھ کو قرار اے جانجاں آیا

یہ مانا میہماں نے میزباں کی رد نہ کی دعوت
مگر جب میزباں دنیا سے گزرا میہماں آیا

ملائیں خاک میں رنجور جب میری تمنائیں
تو ان پہ اشک برسانے کو ظالم آسماں آیا

ان بے وفا حسینوں کا قول و قرار کیا
یہ لاکھ قسمیں کھائیں مگر اعتبار کیا

کیوں میری آنکھیں اشک فشانی پہ ہیں تلی
کر دیں گی راز عشق کو یہ آشکار کیا

اللہ رے مجھ سے طنز میں ان کا یہ پوچھنا
ہیں آپ میرے وصل کے امیدوار کیا

مر کر ابھی تو چھوٹے تھے ہم قید زلف سے
اب قبر میں یہ ہونے لگی گیر و دار کیا

کیا جا کے کہتی پھرتی ہے پھولوں سے اے صبا
آئے گی میرے اجڑے چمن میں بہار کیا

رکنے کا نام بھی نہیں لیتا یہ سیل اشک
ہیں واقعی یہ آنکھیں مری آبشار کیا

جتنی جفائیں چاہو کرو مجھ پہ شوق سے
جب ظلم سہنے بیٹھے تو سو کیا ہزار کیا

کہتے ہیں میرے لاشے پہ کیوں چپ پڑی ہے اب
اب پا گیا قرار دل بے قرار کیا

اس بے توجہی کا بھی کوئی جواب ہے
میرے ہر اک سوال پہ کہتا ہے یار کیا

آیا ہے نامہ یار کا خط غبار میں
ہے اسکے دل میں میری طرف سے غبار کیا

کھینچے یہ ابروؤں کی کمانیں ہیں کیوں کھنچی
کیجے گا میرے طائر دل کا شکار کیا

باتیں تمھاری ٹھیک ہیں لیے ناصحو مگر
خود سر یہ دل ہے اس پہ مجھے اعتبار کیا

ہے میرے پاس دل تو ملیں گے بہت حسیں
کچھ آپ ہی پہ حسن کا ہے انحصار کیا

سونگھے جو تیری زلف کی بو مردہ جی اٹھے
اس کے مقابلے میں ہے مشک تتار کیا

دشمن کے دوست دوست کے دشمن بنا کریں
اسکے سوا ہے ماہوشوں کا شعار کیا

تشبیہ دی جو یار کو ماہ تمام سے
کہنے لگا ہے چہرا مرا داغدار کیا

تو بہ کے منہ پہ اڑنے لگیں کیوں ہوائیاں
آیا صبا کے ہاتھ پیام بہار کیا

رنجور ہے سرور مۓ عشق دائمی
کہتے ہیں درد سر کسے اور ہے خمار کیا

آرزو نکلی کسی کی نہ کچھ ارماں نکلا
جو تری بزم سے نکلا وہ پشیماں نکلا

جو رقیبوں کے لیے عیسیٔ دوراں نکلا
وائے قسمت وہ مری جان کا خواہاں نکلا

کیوں نہ ظلمت کدۂ دل ہو ہمارا روشن
زلف شبگوں سے کسی کا رخ تاباں نکلا

چیر کر جب مرے قاتل نے مرا دل دیکھا
آرزوؤں کا وہ اک گنج شہیداں نکلا

تن سے ہر چند مری جان مری جاں نکلی
مرے دل سے نہ ترا ناوک مژگاں نکلا

روتے روتے ہوئیں بے نور ہماری آنکھیں
پھر بھی تیرا نہ بخار لے دل سوزاں نکلا

کوے مسجد سے جب اس بت کی سواری گزری
شوق نظارہ میں زہاد کا ایماں نکلا

فرش رہ دیدہ و دل کرنیکو عاشق دوڑے
سیر کرنیکو جو گھر سے شہ خوباں نکلا

شاد تھے دیکھ کے ہم روئے ملیح دلدار
زخم دل کے لیے لیکن وہ نمکداں نکلا

نہ گئی یاد ترے مصحف عارض کی کبھی
دل آوارہ مرا حافظ قرآں نکلا

تھا جو منظور کہ پامال ہوں عشاق کے دل
سیر کرنیکو وہ بت گھر سے خراماں نکلا

عمر بھر جس کے تجسس میں رہا سرگرداں
وہ نہاں خانۂ دل میں مرے پنہاں نکلا

ہائے شرما کے شب وصل یہ ان کا کہنا
کیا تمھارے دل مشتاق کا ارماں نکلا

دیکھ کر برہمیٔ زلف سیہ کا عالم
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

ہم سمجھتے تھے تجھے ذاکر حق اے زاہد
حور و غلماں کا مگر تو تو ثنا خواں نکلا

تم تو اچھے رہے میرا گھر دل لے کر
کام لیکن نہ مرا تم سے مری جاں نکلا

اے بت زہرہ شمائل ترے عاشق کیلیے
چاہ بابل یہ ترا چاہ زنخداں نکلا

یار آتا ہے چلا خنجر ابرو کھینچے
للّٰہ الحمد مرے قتل کا ساماں نکلا

شیخ جی کہتے تھے آپ آتے ہیں مسجد سے ہم
اب یہ فرمائیے یہ کیا تہ داماں نکلا

بت پرستی بھی ہے اسلام کا دعویٰ بھی ہے
تو تو رنجور اک اعجوبہ مسلماں نکلا

دکھاتا ہے فلک نیرنگیاں شام و سحر کیا کیا
ہوا کرتے ہیں روز اسکے کرشمے جلوہ گر کیا کیا

لکھیں حالات اپنے تجھکو اے رشک قمر کیا کیا
کہ گزرا کرتی ہے فرقت میں ہم پر رات بھر کیا کیا

گئے ہوش و خرد رخصت ہوا دیں اقربا چھوٹے
تمھاری ایک الفت سے ہمیں پہنچے ضرر کیا کیا

زنخداں سیب ہے لب پستہ ہے بادام ہیں آنکھیں
لگے ہیں اس نہال حسن میں اے دل ثمر کیا کیا

کوئی دیکھے تو آ کر میرے دل کا آئینہ خانہ
کہ پیاری پیاری شکلیں اسمیں آتی ہیں نظر کیا کیا

کہاں تک خود ستائی کچھ تجھے اس کی خبر بھی ہے
کہ کہتی ہے تجھے خلق خدا او بے خبر کیا کیا

وہ بالکل بھولے بیٹھے ہیں دلائے کوئی یاد انکو
کہ عاشق پر عنایات آپکے تھے پیشتر کیا کیا

جو اعلیٰ تھے وہ اسفل ہیں جو اسفل تھے وہ اعلیٰ ہیں
کیے عالم کے طبقے چرخ نے زیر و زبر کیا کیا

وہ خوش ہیں صحبت اغیار میں انکی بلا جانے
گزرتے ہیں مصائب عاشق مہجور پر کیا کیا

تڑپ دل کی تغافل یار کا طعنے احبا کے
لکھوں اس اضطراب شوق میں اے نامہ بر کیا کیا

وہ وعدہ کر تو دیتے ہیں مگر جب وقت آتا ہے
کہوں میں کیا کہ کرتے ہیں اگر کیا کیا مگر کیا کیا

گنے اے شیخ تو نے عیب سارے دختر رز کے
مگر یہ بھی تو کہہ آخر کہ ہیں اس میں ہنر کیا کیا

مرے سینہ کی جانب جب بڑھا تیر نظر اس کا
ہدف بننے کو آپس میں لڑے دل اور جگر کیا کیا

کبھی اٹھا کبھی بیٹھا کبھی لیٹا کبھی لوٹا
نہ پوچھو ہجر میں کرتا رہا میں رات بھر کیا کیا

کسی زلف پریشاں کے تصور میں جو نیند آئی
نظر آئے مجھے خواب پریشاں رات بھر کیا کیا

طریق عشق میں اے دل قدم رکھا تو ہے تو نے
مگر کچھ یہ بھی ہے معلوم آئیں ہیں خطر کیا کیا

خیانت سرقہ غصب ایماں فروشی ظلم خونریزی
بنی آدم سے کروا چھوڑتی ہے حرص زر کیا کیا

کوئی دیکھے تماشا میرے گلرو کی نزاکت کی
کہ بل کھاتی ہے بار زلف سے اسکی کمر کیا کیا

ہماری حال پر وہ سنگدل کب تک نہ پگھلے گا
دکھا دیں گے کہ ہیں اس آہ سوزاں میں اثر کیا کیا

تمھاری تلخ باتیں تیکھی چتون پر غضب تیور
ہمارے واسطے ہیں مرہم زخم جگر کیا کیا

زکوٰۃ حسن دینے پر وہ راضی ہوں تعجب ہے
خبر کیا پردۂ خیرات میں پنہاں ہوں شر کیا کیا

غم و رنج والم اندوہ و غصہ یاس و محرومی
مجھے حاصل ہوے اس مزرعۂ دل سے ثمر کیا کیا

امنگیں آرزوئیں ولولے ارماں امیدیں
ہمارے لاشے پر سر پیٹتے ہیں نوحہ گر کیا کیا

بت توبہ شکن غارتگر دیں دشمن ایماں
لکھیں القاب اس کافر کو ہم اے نامہ بر کیا کیا

فرات و نیل و جیحوں روم و شام و کابل و ایراں
تمھاری جستجو میں چھان مارے بحر و بر کیا کیا

چلے دنیا سے دل رنجور لیکن یہ تو بتلاؤ
لیے ہیں ساتھ اپنے تو نے سامان سفر کیا کیا

نہ جانے کس کی جدائی سے دل فگار آیا
کہ اس جہاں میں جو آیا وہ اشکبار آیا

مبارک اے دل ویراں وہ گلعذار آیا
خزاں کا دور گیا موسم بہار آیا

تمھارے دھیان نے مرنے پہ بھی نہ چھوڑا ساتھ
وہ میری قبر میں بھی بن کے یار غار آیا

نگاہ ہوش ربا تھی خرام محشر خیز
عجب ادا سے وہ آشوب روزگار آیا

نہ کیوں ہوں کور سے بینا میں صورت یعقوب
کہ میری آنکھوں کو تھا جس کا انتظار آیا

ہوئے جو مجھ سے مکدر تو میرا کیا بگڑا
تمھارے آئینۂ دل پہ خود غبار آیا

جب ان سے پوچھا کب آؤ گے میرے گھر بولے
ہمارے وعدے پہ کب تم کو اعتبار آیا

لکھا ہے تو نے مجھے کیوں خط غبار میں خط
مری طرف سے ترے دل میں کیا غبار آیا

گئے وہ غیر سے خود ملنے گرم جوشی سے
مگر جو میں نے بلایا انھیں بخار آیا

عدو یہ دیکھ کے اس شمع رو کو پروانہ
میں اس کی بزم سے جب آیا اشکبار آیا

یہ وعدہ کرکے میں اہلِ عدم سے آیا ہوں　　کہ جلد لوٹ کے ہستی سے خاکسار آیا
مجھے جو وادیٔ غربت میں قیس نے دیکھا　　وہ خوش ہوا کہ مرا یارِ غمگسار آیا
ان ابروؤں کی کمانیں بھی کھنچ گئیں فوراً　　نظر کے سامنے جس دم کوئی شکار آیا
کسی کا مجھ کو جگانا یہ کہہ کے صبحِ وصال　　اٹھو کہ ہجر کا اب وقت ناگوار آیا
نہ سمجھوں کیوں مئے الفت کو میں شرابِ طہور　　بجز سرور کب اس سے مجھے خمار آیا
میں انکی بزم میں پہنچا تو بولے اعدا سے　　کہ میرے لطف کا اک اور امیدوار آیا
بچا نہ خنجرِ ابرو کے وار سے کوئی　　جو آیا کوچۂ قاتل سے دل فگار آیا
جو بھول کر رہِ میخانہ پہنچے ہم مسجد　　نمازیوں میں ہوا غل کہ بادہ خوار آیا
تلاش کو تفس تن سے میرا طائرِ روح　　نکلنے کے لیے تیار تھا کہ یار آیا
رہی نہ ایک سی دریائے عشق کی حالت　　ہوا اگر کبھی بھاٹا کبھی جوار آیا
ہے اب فضیلت پیرِ مغاں کا قائل شیخ　　عمامہ میکدے میں جا کے وہ اتار آیا
بجھانے پیاس وہ مجھ تشنۂ شہادت کی　　کمر میں باندھ کے شمشیرِ آبدار آیا
جوان نام خدا ہو گیا بتِ کمسن　　ہمارے نخلِ تمنا میں برگ و بار آیا
میں جب مُوا مرے سینے پہ ہاتھ رکھ کے کہا　　کہ ہائے اب دلِ بیتاب کو قرار آیا

غلط تغافلِ جاناں کا تھا گماں رنجور
تمھاری پرسشِ احوال کا وہ تار آیا

○

بہار آئی گھر اپنا روشن باغِ جناں ہوگا　　ہماری بزم میں اک گل رو میہماں ہوگا
زمین و آسماں کے باہر اے شاطر کہاں ہوگا　　نکالیں گے تجھے ہم ڈھونڈ کر آخر کہاں ہوگا
یہ مانا حور و غلماں سے بھرا باغِ جناں ہوگا　　مگر کوئے بتاں کا لطف اے واعظ کہاں ہوگا
کبھی دورِ زماں میں کیا ہمارے بھی پھریں گے دن　　الٰہی وہ بتِ نامہرباں بھی مہرباں ہوگا
کہا جب میں نے اک امیدوارِ لطف ہوں میں بھی　　تو بولے ہنس کے وہ اچھا تمہارا امتحاں ہوگا
درِ جاناں پہ میری وجہ سے یہ سب بکھیڑے ہیں　　مرے مرنے پہ سگ ہوگا نہ اے دل پاسباں ہوگا

گزند آسیب ہائے دہر سے پہنچے گا کیا مجھکو
تمھارا نام جب ہر دم مرے ورد زباں ہوگا

ضرورت ہمدمو کیا نوحہ گر اجرت پہ لانیکی
مرا ارمان خود لاشہ پہ میرے نوحہ خواں ہوگا

سفر کی اس بہار گلشن خوبی نے ٹھانی ہے
نہال دل ہمارا آہ پامال خزاں ہوگا

جگہ دوں دل میں کیوں کر اسکی تصویر خیالی کو
کہیں سن پائے گا ظالم تو مجھ سے بدگماں ہوگا

ہوا ہے شوق قاتل کو مرے مہندی لگانے کا
اسے پروا ہے کب اسکی کہ خون عاشقاں ہوگا

مبارک ہو کہ دی رنجور نے فرقت میں جاں آخر
مخل اب عیش میں نالہ نہ اس کا میری جاں ہوگا

درون خانہ جانے سے جو مانع پاسباں ہوگا
مرا سر ہوگا اور اس بت کا سنگ آستاں ہوگا

جو پوچھا آپ کا کل شام کو رہنا کہاں ہوگا
تو کہتے ہیں صفائی سے کہ دشمن کے یہاں ہوگا

سفر پہ جب وہ میرا یوسف ثانی رواں ہوگا
جلو میں اس کی میری حسرتوں کا کارواں ہوگا

ہماری مشکلیں ہیں مشکلیں اس کے تغافل تک
سبھی آسان ہو جائیں گی جب وہ مہرباں ہوگا

ذرا اسی جانچ میں کھوٹا کھرا معلوم ہوتا ہے
ہمارے نقد دل کا کب تک آخر امتحاں ہوگا

کہیں اور اب کرو اپنا ٹھکانا اے غم وحرماں
کہ اک بت خانۂ دل میں ہمارے میہماں ہوگا

شکایت تیری دل سے کی تو اس نے بھی برا مانا
غلط امید تھی اس سے کہ میرا ہم زباں ہوگا

مزا اس بت سے اے دل لوٹ لے جبتک ہے شب باقی
قیامت آئیگی جب صبح کو وقت اذاں ہوگا

چلا ہے گشت کو شمشیر ابرو کھینچ کر قاتل
فرشتوں میں بھی برپا آج شور الاماں ہوگا

زباں خشک اپنی کرے شیخ حجرے میں بے چکھے
پیے گا جب تو اس کی مدح میں رطب اللساں ہوگا

فلک مجھ کو ستانے کا مزہ چکھے گا محشر میں
کہ میری آہ آتش بار سے اس پہ دھواں ہوگا

کہاں پاؤگے اے رنجور اماں اسکے مظالم سے
جہاں جاؤگے مثل سایہ سر پر آسماں ہوگا

مرا بخت سیہ اے ہمنشیں روشن کہاں ہوگا
کہ وہ رشک مہ کامل مرے گھر میہماں ہوگا

کہا ظالم سے جب ہم سے نہ اب ضبط فغاں ہوگا
تو اک چوٹ اور دل پر دے کہ وہ بولا کہاں ہوگا

دم آخر کہا بلبل نے داں اب آشیاں ہوگا
جہاں صیاد کا کھٹکا نہ خوفِ باغباں ہوگا

ستم گاری سے اس پیری میں بھی مطلق نہیں تھکتا
نہ جانوں کیا فلک کا حال ہوگا جب جواں ہوگا

بھرا بیٹھا ہوا ہوں میں اگر تم نے کہیں چھیڑا
ابھی آنکھوں سے اشکوں کا ابھی دریا رواں ہوگا

وہ بت ہے اس لڑکپن میں جب اے دل فتنۂ دوراں
قیامت ڈھائے گا نام خدا جب وہ جواں ہوگا

کٹی اپنی تو ساری زندگی ناشادمانی میں
نہ جانیں اس جہاں میں کوئی کیونکر شادماں ہوگا

نگاہ شوق اپنی لامکاں تک جا پہنچتی ہے
کہاں تو اے بت پردہ نشیں ہم سے نہاں ہوگا

ہوا یوں لب کشا وہ بت ہمارے لاشہ پر آکر
پڑے خاموش کیوں ہو قصۂ غم کب بیاں ہوگا

مرا رخت وجود اے دل رہے گا ہو کے خاکستر
کسی دن شعلہ زن آخر مرا سوز نہاں ہوگا

کفن کیوں میرے لاشے کیلیے یارو منگاتے ہو
وہ مجھ سے ناتواں کے واسطے بار گراں ہوگا

کسی نے ان سے جب پوچھا کہ ہو رنجور سے واقف
کہا میں اس کو کیا جانوں کوئی بے خانماں ہوگا

مرے کاشانے میں جب وہ شہ اصنام آیا
شیخ درشن کے لیے باندھ کے احرام آیا

نامۂ یار گر اب تک نہ مرے نام آیا
کیوں نہ اے بخت مری موت کا پیغام آیا

لے کے خط یار کا پیغامبر آتا ہوگا
ہائے کس وقت مری موت کا پیغام آیا

اس تمنا میں کہ اس غیرت خور کو دیکھوں
میرا خورشید حیات آہ لب بام آیا

عرش پر صل علیٰ صل علیٰ کی ہوئی دھوم
جب زباں پر مری اے یار ترا نام آیا

کلمہ گو مرے بت کے ہیں مشائخ بھی اب
کفر کا دور گیا دورۂ اسلام آیا

تیری اے راحت جاں یاد نکالے گی اسے
گر مرے خانۂ دل میں غم ایام آیا

سن رکھ اے دل ہے اگر یار کی خدمت کا خیال
کی خطا غیر نے اور تیرے سر الزام آیا

حشر تک قبروں میں تڑپا کیے لاشے ان کے
تیرے کشتوں کو نہ مرنے پہ بھی آرام آیا

کر دیا قید غم و رنج سے آزاد مجھے
کیوں نہ ممنون جنوں ہوں کہ مرے کام آیا

آج کیا ڈوبتے ہی پھر نکل آیا خورشید　　یا مرا غیرت خورشید سرِ شام آیا

کیسا رنجورؔ سلام اور کہاں کی تسلیم
دور سے وہ مجھے دیتا ہوا دشنام آیا

مدح لکھ بھیجنے پر تحفۂ دشنام آیا　　ان کی سرکار سے کیا خوب یہ دشنام آیا
لے کے اس شوخ کا خط دشمن خودکام آیا　　الغرض میرے لیے موت کا پیغام آیا
کامیابی سے ہوئی یاس نہ ناداں دل کو　　گرچہ سو بار ترے گھر سے وہ ناکام آیا
غیر کو بھیجے گئے بادۂ جاں بخش کے خُم　　سمِ قاتل سے بھرا میرے لیے جام آیا
نامہ بر خط تو مرا لے کے گیا تھا خوش خوش　　خیر ہو کیوں یہ مچاتا ہوا کہرام آیا
تیری گلشن میں خزاں آئی تو لائے بلبل　　مجھ کو کیا غم ہے مرے گھر وہ گل اندام آیا
آ چکا اب دل گم گشتہ ہمارا واپس　　یہ وہ بھولا نہیں جو صبح گیا شام آیا
جب گیا پاس سے وہ غیرت خور رشک پری　　آئی شب ہجر کی یا دیو سیہ فام آیا
بن گیا بلبل شیدا یہ مرا طائر دل　　سامنے جب کوئی دلدار گل اندام آیا
دل مرا عرش خدا سے ہوا بیت الاصنام　　جب سے اس میں قدم عشق بد انجام آیا
کام کیا تیرا اب اے مونس تنہائی غم　　راہ لگ اپنی کہ میرا وہ دلآرام آیا

اس جہاں سے میں تہی دست چلا اے رنجورؔ
ہائے اس وقت زر و مال نہ کچھ کام آیا

میری آہ نارسا دکھلائے گی تاثیر کیا　　اس سے اے ہمدم ہلے گی عرش کی زنجیر کیا
کارگر ہوگی تری بیداد کی تدبیر کیا　　صفحۂ دل سے مٹائے گی تری تصویر کیا
چوٹی گندھا کر جو مجھ سے آپ ملنے آئے ہیں　　ہوگی اب اس تازیانے سے مری تعزیر کیا
نے مری فریاد کی لے ہمدمو آزاد ہے　　جانتی ہی وہ نہیں ہوتا ہے بم کیا زیر کیا
وار کر کے خنجر ابرو کا قاتل چل دیا　　پوچھتا ہی رہ گیا میں ہے مری تقصیر کیا

وہ بنی آدم ہے اے بت اور پری تو رشکِ حور
مانی و بہزاد کھینچیں گے تری تصویر کیا

ہم سے بے پوچھے جو اس پر آپ قابض ہو گئے
تھا یہ ملکِ دل ہمارا آپ کی جاگیر کیا

ہے حقیقت نعرۂ ہو حق کی مجھ پر منکشف
چل سکے گی میرے آگے شیخ کی تزویر کیا

بخشتا ہے یہ شہیدوں کو حیاتِ جاوداں
آبِ حیواں ہے ترا آبِ دمِ شمشیر کیا

جس کو دیکھا فوراً اسکے دل کو قابو میں کیا
جانتا ہے وہ بتِ پرفن فنِ تسخیر کیا

رات دیکھا تھا ہلالِ عید میں نے خواب میں
آئے تم مجھ کو بتانے خواب کی تعبیر کیا

گر ہمارا خانۂ دل عرشِ باری ہے تو ہو
حرمت اس گھر کی کرے گا وہ بتِ بے پیر کیا

جائے اشک آنکھوں سے میری خون آتے دیکھکر
کہتے ہیں پھوٹی دلِ بیمار کی نکسیر کیا

دردِ دل سے ہو گئی رنجور کو کلی شفا
اس کے حق میں شربتِ دیدار تھا اکسیر کیا

.... اخلاص کے اے دوستو تسخیر کیا
خاکساری کے سوا دنیا میں ہے اکسیر کیا

چارہ گر تقدیر کے آگے تری تدبیر کیا
میری قسمت کا لکھا کر دے گی یہ تغییر کیا

محو دل سے وہ کسی صورت بھی مٹتی ہی نہیں
ہے تری تصویر بھی میرا خطِ تقدیر کیا

کاٹ کر میعاد قیدِ زلف پہنچا ہوں یہاں
اے فرشتو قبر میں ہے اب یہ دار و گیر کیا

مجھ کو تیرا دیکھنا تھا اور مر جانا مرا
تھا ترا تیرِ نظر قاتل قضا کا تیر کیا

ہجر کا کھٹکا ہے اسکے واسطے سوہانِ روح
وصل کی خوشیاں منائے عاشقِ دلگیر کیا

ہے مرے بت کے سراپا کے سوا لے واعظو
آیۂ فی احسنِ تقویم کی تفسیر کیا

کیجے مجھ دیوانے کو زلفِ مسلسل میں اسیر
ڈالتے ہیں آپ میرے پاؤں میں زنجیر کیا

تیغ تیرے ہاتھ میں ہے اور میرا سر ہے خم
قاتل اب ہے امتحاں میں باعثِ تاخیر کیا

پاس اس کے نیزہ بازانِ مژہ کی ہے سپاہ
مشکل اس کو میرے ملکِ دل کی ہے تسخیر کیا

جب خدا تک کو بھلا بیٹھا ہے اپنے دل میں وہ
یاد مجھ عاشق کو رکھے گا بتِ بے پیر کیا

مدح خوانی پر مری اس غیرتِ گل نے کہا
پھول جھڑتے ہیں ترے منہ سے دمِ تقریر کیا

کیا سبب اس کا کہ آپ اس کو مٹا سکتے نہیں   ہے ہمارے دل کی حسرت بھی خط تقدیر کیا

پاؤں کیوں اٹھتے نہیں تیرے سوئے ملک عدم
ہے خیال یار اے رنجور دامن گیر کیا

کسی کے حسن کا رعب اپنے دل سے جا نہ سکا   میں حرف آرزو اپنی زباں پہ لا نہ سکا
میں راہ پر دل گم کردہ رہ کو لا نہ سکا   صنم کدے سے سوئے کعبہ منہ پھرا نہ سکا
وہ میری قبر پہ بولے کہ لاکھ من مٹی   اٹھائے تو ہے مگر بار غم اٹھا نہ سکا
نہ چھوڑنا تھا نہ چھوڑا امید نے دامن   خیال یار کسی طرح دل سے جا نہ سکا
ہمیشہ اس نے دیا کام اس کو لوری کا   میں پوری غم کی کہانی کبھی سنا نہ سکا
فلک مرے دل امیدوار کی حسرت   کچھ آبروئے عدو تھی کہ تو مٹا نہ سکا
ہوا تھا شوق ترنم کہ غیر آ پہنچا   غرض ہماری غزل گا کے وہ سنا نہ سکا
دم اپنا اے بت پردہ نشیں نہ گھٹتا کیوں   کہ تیرے ہجر میں اف تک زباں پہ لا نہ سکا
کچھ اس قدر تھا بڑا اس کے سر پہ عمامہ   کہ شیخ کوچۂ خانہ میں سما نہ سکا
نگاہ شوق نے سب حال کہہ دیا من و عن   غرض کہ عشق کا راز اس سے میں چھپا نہ سکا
کچھ ایسی چمٹی مری خاک کوئے جاناں سے   کہ باد تند کا جھونکا اسے اڑا نہ سکا
مرا نہال امید لگتے ہی ہوا پامال   کہاں کا ثمرہ وہ نشو و نما بھی پا نہ سکا
کچھ ایسا روٹھا تری طرح مجھ سے میرا بخت   کہ آج تک اسے اے یار میں منا نہ سکا
نظر تو بازوئے قاتل کو لگ گئی نہ کہیں   وہ میرے قتل کو شمشیر کیوں اٹھا نہ سکا

وہ بولے لاشۂ رنجور سے گلے مل کر
غم فراق کی تو ہائے تاب لا نہ سکا

[1] کیا کہوں اے یار تیرے ہجر میں کیوں کر رہا   ماہی بے آب کی مانند میں شب بھر رہا

---

[1] یہ غزل دوسری بیاض میں بھی شامل ہے لیکن اس میں شعر ۲، ۴، ۶-۹، ۱۱-۱۳ موجود نہیں۔

انتظار نامہ بر میں جان لب پر آ گئی
خانۂ جاناں میں کیا کمبخت جا کر مر رہا

تیرے دیوانے سے کب صحرا نوردی چھٹ سکی
بیڑیوں کے بدلے اس کے پاؤں میں چکر رہا

بار سر سے ہو گئی مجھ کو سبکدوشی تو کیا
بار احساں تیغ قاتل کا تو گردن پر رہا

ہو سکی دشت جنوں میں بھی نہ تنہائی نصیب
ہم رکاب اپنے غم و اندوہ کا لشکر رہا

میری مرتے ہی مری جاں رکھنا چڑھا اسپر غلاف
میرے جیتے جی تو عریاں آپ کا خنجر رہا

یہ کہوں کیوں کر کہ تنہائی کی جھیلیں سختیاں
دھیان تیرا ہجر میں بھی میرا ہمبستر رہا

پھر رہا کوئی نہ مشتاق شہادت میرے بعد
تشنۂ خون شہیداں یار کا خنجر رہا

عشق کے افسوں کے دو بول اپنے دل پر چل گئے
بے اثر بالکل اصول عقل کا دفتر رہا

بولے وہ میرے عزاداروں سے ماتم ہے فضول
خاک سے پیدا ہوا تھا خاک میں مل کر رہا

پاس ناموس بت پردہ نشیں میں جان دی
اور سینے ہی میں پنہاں عشق کا دفتر رہا

زینہ ٹھہرا وصل جاناں کا جب اپنا ہی محال
عاشقوں کو جان کے جانے کا پھر کیا ڈر رہا

کی ہمیشہ اس نے فرقت میں رفاقت یار کی
میرے پاس اس وقت کب میرا دل مضطر رہا

جس کی بھولی شکل دیکھی اس پہ آیا لوٹ کر
کب مرے قابو میں یہ میرا دل خود سر رہا

لاشۂ رنجور پہ کہتے ہیں کس افسوس سے
ہائے درد ہجر اس کی جان ہی لے کر رہا

170659
16.10.97

بھلا کیا پوچھنا ہے تیرے شانے کی رسائی کا
ملا ہے کام اسکو زلف کی عقدہ کشائی کا

ہمارے شیشۂ دل کو نہ دو صدمہ جدائی کا
لیا ہے دل تو سیکھو ڈھنگ بھی تم دلربائی کا

میرا بت سوئے مسجد بے نقاب اسوقت جاتا ہے
لفافہ کھل نہ جائے شیخ جی کی پارسائی کا

ہما کے سائے کی کیوں ہو تلاش اے ہمدمو مجھکو
فزوں ہے رتبۂ شاہی سے بھی اس در کی گدائی کا

ضرورت خضر یا الیاس کی کیا راہ الفت میں
اٹھایا ہے خود اپنے دل نے بیڑا رہنمائی کا

ہوئی کیا کند اسکی تیغ براں قتل سے میرے
نہیں کیوں شوق اب قاتل کو شمشیر آزمائی کا

رہے ہوش و خرد ایمان و دیں سب مجھ سے بیگانے
ملا ثمرہ یہ اس نا آشنا کی آشنائی کا

ہوا گو پیر لیکن تیرے آگے طفل مکتب ہے
سبق لے چرخ کج رفتار تجھ سے کج ادائی کا
مری مدحت سرائی پر وہ بولے گالیاں دیکر
جواب اسکے سوا کیا تھا سلام روستائی کا
ہمیشہ وہ کہا کرتے ہیں مجھ سے لن ترانی کی
خدا کی شان بت کرنے لگا دعویٰ خدائی کا
نہ کی جب تم سے اے رنجور خود دل نے وفاداری
گلہ بے سود ہے اس بے وفا سے بے وفائی کا

گلہ کیا کر رہا ہے بے رخی کا کج ادائی کا
مزہ چکھ لے دل خود سر کسی کی آشنائی کا
گلہ اے شاہ خوباں کیا تری بے اعتنائی کا
مجھے رونا ہے بخت واژگوں کی نارسائی کا
قفس میں بند ہونے پر کہا بلبل نے رو رو کر
بجائے وصل گل یہ ثمرہ پایا خوش نوائی کا
ہوا خوں اس دل شوریدہ کی اک اک تمنا کا
یہ ثمرہ ہاتھ آیا الفت دست حنائی کا
مکدر کیوں مری جانب سے میرا یار رہتا ہے
خیال اس کو نہیں آئینۂ دل کی صفائی کا
کمر باندھی ہے مجھ سے سخت جاں کا سر اڑانیکو
خدا ہی حافظ اے قاتل تری نازک کلائی کا
نکالا ہوں دکھا کیا جس بزم سے سو بار ذلت سے
وہیں پھر لے چلا یہ دل برا ہو بے حیائی کا
مرا ٹوٹا ہوا دل جڑ گیا بس دو ہی باتوں میں
تری شیریں کلامی میں اثر تھا مومیائی کا
ہوا یہ سن کے شادی مرگ میں شوق شہادت میں
کہ قاتل کو ہوا ہے شوق اب تیغ آزمائی کا
اگر ہیں خوبیاں تجھ میں عیاں ہو جائینگی از خود
زباں رکھ بند اے دل کیا نتیجہ خود ستائی کا
نہیں اس سنگدل کے دل پہ اے رنجور اثر کچھ بھی
نشاں گو اس کے قدموں پہ ہے تیری جبہ سائی کا

ترے جلوے ہیں موجودات عالم میں عیاں کیا کیا
ترے انوار ہیں آنکھوں کے پردے میں عیاں کیا کیا
کروں اپنی زبان گنگ سے اے بت بیاں کیا کیا
کہ تجھ میں دست صانع نے بھری ہیں خوبیاں کیا کیا
میں ہوں مست مئے عرفان حق مجھ سے کوئی پوچھے
کہ ان آنکھوں کے پردوں میں تماشے ہیں نہاں کیا کیا
الم اندوہ حرماں یاس غصہ رنج ناکامی
عطیے ہیں تمہارے میرے پاس اے مہرباں کیا کیا

اٹھا پہلو سے دلبر دل سے آرام وسکوں نکلے
ہوئے ہنگامے برپا صبح ہنگام اذاں کیا کیا

کبھی غفلت کبھی جور وستم سے کام لیتے ہیں
ہوا کرتے ہیں میری عاشقی کے امتحاں کیا کیا

ہجوم شوق انبوہِ تمنا مجمع ارماں
لٹے ہیں وادیٔ عشق بتاں میں کارواں کیا کیا

سڑی کہتا ہے کوئی کوئی وحشی کوئی سودائی
ملے ہم کو خطاب اس عشق میں اے جان جاں کیا کیا

درازی ہجر کی شب کی کہ غم کی داستاں اپنی
یہ شب ہے وصل کی چھوٹی کروں ان سے بیاں کیا کیا

کوئی مو اور کوئی تارِ نظر اس کو سمجھتا ہے
تمہاری نازک اور پتلی کمر پر ہیں گماں کیا کیا

جہاں آنکھوں میں گو تاریک ہے مایوس کیوں ہوں میں
خبر کیا غیب کے پردے میں جلوے ہوں نہاں کیا کیا

نہ اب قصر فریدوں ہے نہ اب ایوان کسریٰ ہے
مٹائے ناموروں کے چرخ نے نام ونشاں کیا کیا

مثال دانہ افلاطون و بطلیموس سے دانا
پسے ہیں آہ زیر آسیائے آسماں کیا کیا

یہ سرسید کی تربت ہے یہ شبلی کی یہ حالی کی
ہوئے زیر زمیں رنجورؔ گنجینے نہاں کیا کیا

گلگشت کو چلا ہے تو چل خار دیکھ کر
رنجورؔ ہوشیار خبردار دیکھ کر

بولے وہ مجھ کو مرنے پہ تیار دیکھ کر
خوش ہو گے اب تو حوروں کا دیدار دیکھ کر

واعظ جو مدح حور میں رطب اللسان تھا
بھولا وہ باتیں یار کا دیدار دیکھ کر

اے دل ہمیشہ رہتے ہیں پہلوئے گل میں خار
کرنا کسی حسین کو تو پیار دیکھ کر

رہنے کو میرے دل میں وہ آئے تو تھے مگر
لوٹے وہ اس مکان کو مسمار دیکھ کر

خود پیش یار رکھ دیا سر اپنا کاٹ کر
اس جسم ناتواں پہ اسے بار دیکھ کر

کیا علم تھا کہ ظرف وضو ہے سبوئے مئے
میں معتقد تھا شیخ کو دیندار دیکھ کر

مجھ کو کھلائیں وادیٔ الفت میں ٹھوکریں
رہبر کیا تھا دل کو تو ہشیار دیکھ کر

رخصت ہوئے حواس تو دل ہاتھ سے گیا
اے جان تیری شوخیٔ رفتار دیکھ کر

وحشت کا زور ہے کہ چلو سیر دشت کو
الجھن سی ہوتی ہے در و دیوار دیکھ کر

دیکھو بہار میرے دل لالہ گوں کی تم
کیا لطف اٹھاؤ گے گل و گلزار دیکھ کر

جس دل میں کل تھی سیر گلستاں کی آرزو — وہ آج خوش ہے وادی و کہسار دیکھ کر

ق

میری خطائیں خود ہوئیں میرے لیے شفیع — رحم اس کو آیا مجھ کو گنہگار دیکھ کر
دستِ کرم نے پلۂ نیکی جھکا دیا — میری بدی کا پلّہ گراں بار دیکھ کر
کرتے وہی ہیں راہ ترقی کی جلد طے — چلتے ہیں جو زمانے کی رفتار دیکھ کر
دنیا کے کاموں میں تو یہ کھاتی ہے ٹھوکریں — دیں میں بنانا عقل کو معیار دیکھ کر

رنجور آئے وہ جو عیادت کو وقت نزع
روئے وہ میری موت کے آثار دیکھ کر

○

بلا سے وہ مجھ سے گئے لڑ جھگڑ کر — وہ اپنا بگاڑیں گے مجھ سے بگڑ کر
زمیں پر چلیں آج ہم کیوں اکڑ کر — اسی میں تو رہنا ہے اک روز گڑ کر
نہ جانوں عدو کیا گیا ان کو جڑ کر — کہ پہلو سے میرے اٹھے وہ بگڑ کر
کٹے کیوں کر اب منزل گور دیکھیں — یہاں تک تو پہنچے ہیں ہم بچھڑ کر
بڑی خوب میری بھی ہے آج قسمت — وہ گھر میرے آئے ہیں دشمن سے لڑ کر
مزے وصل کے آہ اغیار لوٹیں — مریں ہجر میں ایڑیاں ہم رگڑ کر
بہار دو روزہ پہ خوش کیا ہے بلبل — رہے گا یہ گلزار اک دن اجڑ کر
ظفر پائیں اعدا پہ کیوں کر مسلماں — کٹے مرتے ہیں یہ تو آپس میں لڑ کر
اگر دلرباؤں پہ جاتا ہے جائے — رکھوں اپنے دل کو کہاں تک جکڑ کر
نہ جائے گا خالی تمھارا نشانہ — رہے گا خدنگ نظر دل میں گڑ کر
اگر جسم میں ہوں تو تو میری جاں ہے — جیوں گا میں کس طرح تجھ سے بچھڑ کر
ترقی کے میداں میں سب دوڑ نکلے — ہمیں رہ گئے قافلے سے بچھڑ کر
رہی گر یوں ہی یورش یاس و حرماں — رہے گی مرے دل کی بستی اجڑ کر
مرا نخل دل پھل تو لاتا کہاں تک — کہ آخر رہا بیخ و بن سے اکھڑ کر

وہ رو بیٹھے ہیں لیکن اگر ہاتھ آئے
منا چھوڑوں گا انکو پاؤں پکڑ کر

ہمیں بار خاطر نہ لے قبر کرنا
ترا گھر بسایا ہے ہم نے اجڑ کر

ہوا غصے سے رنگ ان کا بھبھوکا
بنی اور بھی ان کی صورت بگڑ کر

کہیں قیدیٔ زلف چھٹ کر نہ بھاگیں
انھیں باندھو زنجیر سے تم جکڑ کر

در خلد پر شیخ اگر کوئی روکے
چلا آئیو میرا دامن پکڑ کر

گئے ایسے ارماں کہ پھر کر نہ آئے
بسی پھر نہ یہ دل کی بستی اجڑ کر

تپ غم میں رنجور آخر سدھارا
نہ جانبر ہوا ہائے بیمار پڑ کر

اے بوالہوس ہوتے ہیں عشاق بشر اور
وہ رکھتے ہیں دل اور دماغ اور جگر اور

گر تیرا ارادہ ہے کچھ اے رشک قمر اور
ہم ڈھونڈ نکالیں گے کوئی نور نظر اور

سر میرا مرے تن سے جدا کر کے وہ بولے
گر عشق کا سودا ہے تو جا لا کوئی سر اور

کیوں کر کہوں اللہ کی مخلوق بہت ہے
آتا نہیں کچھ تیرے سوا مجھ کو نظر اور

کیوں ٹھہرے غم و رنج مرے خانۂ دل میں
ملتا نہ تھا کیا انکو جہاں میں کوئی گھر اور

آتے ہیں چلے آپ ابھی رنجیدہ کہاں سے
اب جائیے اے جان جہاں غیر کے گھر اور

کسطرح نہ میں تیری ہی چوکھٹ پہ ڈھے دوں
دیکھا ہی نہیں میں نے جہاں میں کوئی گھر اور

دیکھی جو میری آمد و رفت اپنی گلی میں
کہنے لگے کیا اور نہیں راہ گزر اور

کیا قدر ہو آنکھوں میں تری گوہر دل کی
درکار ہے اس کے لیے اے یار نظر اور

مسمار مرا خانۂ دل ہو کے رہے گا
برسے یونہی گر کوئی گھڑی دیدۂ تر اور

آئیگا کوئی دم میں وہ بت بہر عیادت
اے پیک اجل بہر خدا کچھ تو ٹھہر اور

جی بھر کے مجھے کر ہدف تیر مظالم
پھر تجھ کو ملے گا نہ کوئی سینہ سپر اور

یہ دل تو مرا اک بت رعنا کا مکاں ہے
جا ڈھونڈ لے اپنے لیے اے غم کوئی گھر اور

تیور ہی کہے دیتے ہیں حال دل انساں
ہے قہر کی آنکھ اور محبت کی نظر اور

میں کہنے لگا ان سے جو حال دل مضطر — گھبرا کے وہ بولے کہ سنا کوئی خبر اور
وہ قتل مجھے کر کے عجب درد سے بولے — مرتا رہا تو مجھ پہ مگر اب تو نہ مر اور

پھل لا چکا رنجور ترا نخل تمنا
جو پھولتے پھلتے ہیں وہ ہوتے ہیں شجر اور

دے گیا درد جگر مجھ کو مداوا ہو کر — مار ڈالا مجھے ظالم نے مسیحا ہو کر
جانب اصل ہی ہوتی ہے ہر اک شے راجع — خاک میں مل گئے ہم خاک سے پیدا ہو کر
ابھی طفلی ہی میں حسن اس کا غضب ڈھاتا ہے — کیا کرے گا وہ جوانی میں دوبالا ہو کر
جلوۂ روئے ملیح اس نے دکھایا پھر آج — پھر مرا زخم ہرا ہو گیا اچھا ہو کر
ڈھونڈتے کیا ہو مرے سینہ میں دل اور جگر — بہہ گئے آنکھوں سے وہ خون تمنا ہو کر
سرفرازی اسے دے خواہ کر اس کو تہ تیغ — سر تسلیم ہے خم جو تجھے کرنا ہو کر
وہ مرے ساتھ نہ کر جس کا سزاوار ہوں میں — جو کچھ اے یار تری شان کو زیبا ہو کر
کاش آنکھوں سے یہ چشموں کی روانی نہ رکے — کہ وہ کچھ دیر رکیں محو تماشا ہو کر
ترک دنیا تو نہیں شیوۂ اسلام مگر — تارک دیں نہ بنو طالب دنیا ہو کر
جاں بلب دیکھ کے مجھ کو مری قاتل نے کہا — کیا چلے حوروں سے ملنے مرے شیدا ہو کر
جس میں اعدا کو ہوئی عزت و توقیر نصیب — حیف ہم نکلے اسی بزم سے رسوا ہو کر
یا خدا اس سے مرے جائے نہ یہ جوش جنوں — وہ مجھے دیکھتے ہیں محو تماشا ہو کر
جان جانے کو تھی تن سے کہ مری جاں تم آئے — رہ گیا کوچ کا سامان مہیا ہو کر

جان رنجور نے دے دی تپ فرقت میں مگر
کچھ خبر اس کی نہ لی تم نے مسیحا ہو کر

بت بنے ہیں آئینے میں اپنی صورت دیکھ کر — سخت حیرت میں ہیں وہ خالق کی قدرت دیکھ کر
ہے گل رعنا خجل تیری نزاکت دیکھ کر — زرد خورشید فلک تیری صباحت دیکھ کر

نفع یہ مجھ کو ہوا اس بت کی صورت دیکھ کر
تازہ ایماں ہو گیا خالق کی قدرت دیکھ کر

جبتک انکو مجھ سے پردہ تھا رکاوٹ دلمیں تھی
آ گئی آنکھوں میں مروت میری صورت دیکھ کر

آستان یار تک جب مجھ کو لے جاتا نہیں
شاد ہوں کیا خاک رضواں قصر جنت دیکھ کر

میں کتاب عشق خوش خوش پڑھنے بیٹھا تھا مگر
ہو گئے اوسان رخصت فصل فرقت دیکھ کر

کیا خبر اے منعمو تم کو کہ ہے آرام کیا
قدر آسائش کی ہوتی ہے مصیبت دیکھ کر

آرزوئے وصل جاناں میں ہوا اپنا وصال
حسرتیں سر پیٹتی ہیں میری تربت دیکھ کر

ناصحو عشق حسیناں سے کروں کیوں کر گریز
دل مچل جاتا ہے مری بھولی صورت دیکھ کر

اے اجل اب خودکشی کر کے خود آتا ہوں چلا
تھک گیا میں راہ تیری ایک مدت دیکھ کر

میں نے جب قاتل کے آگے سر جھکایا شوق سے
ہو گئے اعدا نگوں سر میری جرأت دیکھ کر

دل جلے میرا نہ کیوں کر مثل شمع اے شعلہ رو
بزم میں اعدا سے تجھ کو گرم صحبت دیکھ کر

شادمانی سے ہمیں کیا کام رنجور حزیں
چین پاتا ہے دل اپنا غم کی صورت دیکھ کر

○

اعدا کو سرافراز کیا سر پہ چڑھا کر
مٹی میں ملایا مجھے نظروں سے گرا کر

گرماؤ نہ دشمن سے بغل مجھ کو دکھا کر
تاپو تو نہ یوں گھر میں مری آگ لگا کر

یہ خوئے تغافل تری اچھی نہیں ظالم
ہم تجھ سے وفا کرتے ہیں تو ہم سے جفا کر

ترشی سے بھی اترا ہے کہیں نشۂ الفت
اے مشفق من ہوش کی تو اپنے دوا کر

پہلو میں ترے شیخ اٹھے زور کی اک ٹیس
دکھلائے اگر جلوہ وہ چلمن کو اٹھا کر

وہ بھاگتے تھے مجھ سے بہت دور مگر اب
لایا ہوں انھیں راہ پہ باتوں میں لگا کر

ہوگا غضب ابھی جو کہیں کاکل برہم
اٹھکھیلیاں اس سے تو نہ اے باد صبا کر

آپ اپنی زباں سے نہیں گر تجھ کو عداوت
جو وہ کہیں اے دل اسے خاموش سنا کر

کیا پا گئے دشمن سے صلہ لطف و کرم کا
پچھتاتے ہیں کیوں آج مجھے آپ ستا کر

کیا آج عدو سے نہیں وہ گرمئ صحبت
سرد آہیں جو بھرتے ہو مری دل کو جلا کر

قاتل ہی اب دل میں ٹھنی ہے کہ نہ چھوڑوں   رکھ لوں ترے پیکاں کو کلیجے سے لگا کر

افسوس کہ رنجور نے عمر اپنی گنوادی
اس جان کے خواہاں سے تعلق کو بڑھا کر

کیوں رک گیا تو ہاتھ میں خنجر کو اٹھا کر   اے یار مرا خون ہو بے جا کہ بجا کر
اے شیخ جی کہیے قسم اللہ کی کھا کر   کیا رات لیے جاتے تھے خرقے میں چھپا کر
قبل اس سے کہ ظالم مرے پہلو سے الگ ہو   للہ مرا سر بھی مرے تن سے جدا کر
اے دل اسے تو چین سے سونے دی دگرنہ   پچھتائے گا سوتے ہوئے فتنے کو جگا کر
بے مجھ کو اجازت لیے اللہ ری دلیری   دل آپ مرا لے چلے پہلو میں دبا کر
ہو وعظ کا جلسہ کوئی یا محفل رنداں   جس بزم میں بیٹھے وہ اٹھے رنگ جما کر
میں پیش خدا خون کا دعویٰ نہ کروں گا   ناحق ہی پشیمان ہو خوں میرا بہا کر
کیوں کر کوئی ٹھہرائے اسے موردِ الزام   باتیں وہ کیا کرتے ہیں پہلو کو بچا کر
ملتی جو نہیں اس سے نکلنے کی کوئی راہ   پچھتاتے ہیں اب خانۂ دل میں وہ سما کر
صادق تجھے سمجھیں گے نہ ہم اے بتِ کافر   گو وعدہ کرے ہاتھ میں قرآں اٹھا کر
اے یار نہ رہ درپئے آزار خلائق   اپنا جو بھلا چاہے تو اوروں کا بھلا کر

وہ لاشۂ رنجور پہ کہنا یہ کسی کا
آخر یہ رہا عشق میں جان اپنی گنوا کر

اے چارہ گر اب ہاتھ مداوا سے اٹھا کر   کرنا ہے اگر کچھ تو مرے حق میں دعا کر
ساتھ اپنے رکھو زلف کی زنجیر پہنا کر   جاتے ہو کہاں تم مجھے دیوانہ بنا کر
بت میں بھی نظر آئے گی اللہ کی قدرت   اے شیخ ذرا چشم حقیقت بھی تو وا کر
کچھ شک نہیں ظالم کہ تری تیکھی نگاہیں   اک روز رہیں گی مجھے مٹی میں ملا کر
چھوڑے گا کہاں خون کا داغ آپ کا دامن   جائیں تو بھلا آپ مرا خون بہا کر

دکھلاتے ہیں ہم جذبۂ الفت کے تماشے
جاتے ہیں کہاں آپ مجھے آنکھ دکھا کر

اللہ نے جب تجھ کو سرافراز کیا ہے
اے یار ہر اک شخص سے تو جھک کے ملا کر

اے چارہ گر آسان نہیں اسکی شفا کچھ
بیمار محبت کو حوالہ بخدا کر

بے وجہ یہ ہم پر نظر قہر نہیں آج
آئے ہیں کسی سے یہ ضرور آنکھ لڑا کر

کیوں تجھ کو پس و پیش ہے میں سینہ سپر ہوں
تو شوق سے مجھ کو ہدف تیر جفا کر

وہ رشک قمر شام کو یہ کہہ کے سدھارا
بیٹھا رہا تو رات بھر اب تارے گنا کر

مرنے پہ بھی احسان مرے دوش پہ رکھا
اس بت نے جنازہ مرا کاندھے پہ اٹھا کر

پیری میں بھی رنجور وہی یاد بتوں کی
اے مرد خدا اب بھی تو تو ذکر خدا کر

یہ ہوا عالم پریشاں زلف جاناں دیکھ کر
جیسے چونک اٹھے کوئی خواب پریشاں دیکھکر

شاد کیا ہوں زندگی کے ساز و ساماں دیکھکر
ہو گیا افسردہ دل گور غریباں دیکھکر

شوق و ارماں آتے ہیں ہر وقت مجرے کیلیے
خانۂ دل میں مرے اس بت کو مہماں دیکھکر

کیوں مری اشکوں کی طغیانی ترقی پر نہ ہو
ہائے وہ ظالم ہے خنداں مجھ کو گریاں دیکھکر

مصحف رخسار سے اپنے اٹھا دے بے نقاب
کافر ایماں لائیں گے آیات قرآں دیکھکر

باغ عالم میں کبھی ہنستا کبھی روتا ہوں میں
گل کو خنداں دیکھکر شبنم کو گریاں دیکھکر

جب نکیرین آئے میرے پاس حیراں ہو گئے
داغ ہائے دل سے مرقد میں چراغاں دیکھکر

اے صبا ہو جا ہوا تیرا یہاں کیا کام ہے
غنچۂ دل کھل گیا اک گل کو خنداں دیکھکر

مجھ کو ظلم و جور کے سہنے میں ملتا تھا مزا
کیوں پریشاں ہوں نہ ظالم کو پشیماں دیکھکر

آپ گھونگھٹ میں چھپا ہی رہنے دیں روئے ملیح
زخم دل میرا ہرا ہوگا نمک داں دیکھکر

اپنی زلفوں کو خدا کے واسطے سلجھائیے
دم الجھتا ہے مرا انکو پریشاں دیکھکر

کوئی کیسا ہی حسیں ہو یا تونگر ہو تو ہو
دل اگر انساں کسی کو دے تو انساں دیکھکر

سونگھ کر بو زلف مشکیں کی معطر ہے دماغ
خانۂ دل ہے منور روئے تاباں دیکھکر

اے امیدو تم میرے خانۂ دل میں بسو
یار گھبراتا ہے اپنے گھر کو ویراں دیکھکر

خون رلوائے گی مجھ کو عارضِ گلگوں کی یاد
دل نہ اے رنجور بہلے گا گلستاں دیکھکر

رہیں آزارِ فرقت کیوں دیا تو نے دوا ہو کر
ہمارا مدعی کیوں ہو گیا تو مدعا ہو کر

نہ ہو گے تم الگ مجھ سے جو میری جاں خفا ہو کر
رہے گی میرے تن سے جان بھی آخر جدا ہو کر

ترے پتھر سے دل میں کاش استقلال بھی ہوتا
تغافل تو نہ کرتا بانیِ جور و جفا ہو کر

نگاہ لطف سے تیری مجھے یہ کب توقع تھی
کہ وہ اترے گی سینے میں مرے تیرِ قضا ہو کر

اے بہرِ خدا کیوں ڈالتے ہو ورطۂ غم میں
ڈبوتے کیوں ہو میری کشتیِ دل ناخدا ہو کر

نکالا میں گیا جس بزم سے سو بار ذلت سے
وہیں جاتا ہوں پھر اس دل کے ہاتھوں بے حیا ہو کر

ہماری روح بھی بیزار ہے قالب میں رہنے سے
گیا ہے جب سے وہ آرامِ جاں ہم سے خفا ہو کر

نہ کیونکر مانکے جلتے ہی تڑپ کر جان دیتا میں
کہیں ماہی رہی ہے زندہ دریا سے جدا ہو کر

نمک سے کیوں اسے بھرتا ہے اے قاتل ترے حق میں
دعائیں کر رہا ہے ہر دہانِ زخم وا ہو کر

اسی دن کے لیے اے دل تجھے مرشد بنایا تھا
گرایا تو نے چاہِ غم میں مجھ کو رہنما ہو کر

بنائیں گے کہیں صحرا میں جا کر آشیاں اپنا
نہ لیں گے نام گلشن کا قفس سے ہم رہا ہو کر

توقع کیا بتِ ناآشنا سے آشنائی کی
دکھائی دل نے جب ناآشنائی آشنا ہو کر

تعجب ہے کہ تم اس زندگی پر جان دیتے ہو
بقا لے غافلو انسان پاتا ہے فنا ہو کر

مٹا کر نقشِ ہستی کو جمایا میں نے رنگ اپنا
بنا میں سرمۂ اربابِ بینش خاکِ پا ہو کر

کبھی میں خاک بھی ہو کر ترا دامن نہ چھوڑوں گا
لپٹ جاؤں گا اس سے گردِ راہِ مدعا ہو کر

ترے کہنے سے ناصح چھوڑ دوں عشق اس ستمگر کا
بنوں راحت طلب میں خوگرِ جور و جفا ہو کر

بتوں کا دردِ الفت مجھکو ہے اکسیر جوروں کا
برا کہتا ہے کیوں واعظ مجھے درد آشنا ہو کر

وہ میری لاشے پر کہتے ہیں یہ کیا ہو گیا تم کو
اب آنکھیں کیوں نہیں وا کرتے مشتاقِ لقا ہو کر

پھریں کیوں مارے مارے ہم تلاشِ آبِ حیواں میں
حیاتِ جاوداں لے خضر پا لیں گے فنا ہو کر

ملے مٹی میں لیکن حسرت پابوس باقی ہے
کسی کی دیکھتے ہیں راہ چشم نقش پا ہو کر

پری رویوں کو مجھ سے پہلے کوئی پوچھتا بھی تھا
مجھی سے اڑتے ہیں میری بدولت کیا سے کیا ہو کر

عبث رکھتے ہو دل میں سوء ظن زاہد سے ای رندو
وہ بے حرمت کریگا دخت رز کو پارسا ہو کر

بھریں کان اسکے اعدا شوق سے اللہ مالک ہے
ہمارا کیا بگاڑے گا وہ بت ہم سے خفا ہو کر

مری جانب اشارہ کر کے وہ دشمن سے کہتے ہیں
بنے ہیں آپ عاشق بابدولت کے گدا ہو کر

نسلی افسوس تو نے اے مسیحا کچھ خبر اس کی
موا رنجور آخر درد دل میں مبتلا ہو کر

نام لے اللہ کا اس بے وفا کی یاد چھوڑ[1]
اس سے امید وفا تو لے دل ناشاد چھوڑ

آہ مظلوموں کی ہرگز رائیگاں جاتی نہیں
اوبت کافر خدا کا خوف کر بیداد چھوڑ

بند کر لینا قفس میں پھر خزاں کے دور میں
فصل گل میں بلبل شیدا کو ای صیاد چھوڑ

جانے بھی دے اب مجھے دشت جنوں کی سیر کو
رحم کر للہ میرا ہاتھ اے فصاد چھوڑ

اے دل مضطر ترے محبوب کی مرضی ہے ہجر
کام لے شکر و رضا سے نالہ و فریاد چھوڑ

دل میں جو ٹھانی ہے کر چک رحم کر دم میں آ
قتل ہی کر دے مجھے ہرگز نہ اے جلاد چھوڑ

کیا بگڑتا ہے ترا صحرا نوردی سے مری
پاؤں میں کیوں ڈالتا ہے بیڑیاں حداد چھوڑ

اے دل آوارہ اب بھی مان کہنا عقل کا
اور اطاعت عشق کی اے خانماں برباد چھوڑ

خنجر ابرو ترا کافی ہے میرے قتل کو
قاتل بے رحم فکر خنجر فولاد چھوڑ

ظلم کرتے کرتے کیوں غفلت کو تو نے راہ دی
کب کہا میں نے کہ بیداد اے ستم ایجاد چھوڑ

اپنے دیوانے کی بھی داستان عشق سن
من گھڑت افسانہ ہائے وامق و فرہاد چھوڑ

ہے غلامی تیری میرے واسطے شاہنشہی
تو ارادہ اس سے کرنیکا مجھے آزاد چھوڑ

میرے ملک دل کو عیش و کامرانی سے بسا
اے شہ خوباں اسے تو یوں نہ غیر آباد چھوڑ

جانتا ہی وہ نہیں کچھ بھی سوا بیداد کے
اے دل اس بیداد گر سے تو امید داد چھوڑ

---

[1] یہ غزل دوسری بیاض میں بھی موجود ہے۔ لیکن اس میں شعر ۳، ۵، ۷ - ۱۵ موجود نہیں۔

سیکھلے قوم ابھی باتیں اہل یورپ سے مگر　　ہو نہ بے دینی میں ان کے متبع الحاد چھوڑ
یوں رہ اے رنجور کلکتے میں جبتک ہو خوشی
پر نہ من حیث وطن پٹنہ عظیم آباد چھوڑ

پہنچی نہ ہم کو یار کی کوئی خبر ہنوز　　لے کر جواب خط نہ پھرا نامہ بر ہنوز
سجدوں پہ سجدے کرتا ہوں آٹھوں پہر ہنوز　　دیکھا مگر نہ اس کا کوئی بھی اثر ہنوز
آیا نہیں وہ جان جہاں میرے گھر ہنوز　　ظاہر نہ جذب دل کا ہوا کچھ اثر ہنوز
کچھ ایسے جانے والے گئے اس جہان سے　　لوٹا کوئی نہ پہنچی کسی کی خبر ہنوز
بچپن سے دیکھتے ہیں زمانے کا چل چلاؤ　　لیکن ہوا نہ ہم کو خیال سفر ہنوز
جب سے نکالا تو نے مجھے اپنے در سے یار　　پھرتا ہوں مارا مارا یونہی دربدر ہنوز
چھانے تمام شہر و بیابان و دشت و کوہ　　ملنے کی اس کے راہ نہ آئی نظر ہنوز
گو کب کا میں تمہاری محبت میں مر مٹا　　باندھے ہوئے ہو قتل پہ میرے کمر ہنوز
ہر چند اپنے موے سیہ تک ہوے سپید　　لیکن ہوئی نہ ہجر کی شب کی سحر ہنوز
بے اس کے کب سے آنکھوں میں تاریک ہے جہاں　　آیا نہ میرے پاس وہ رشک قمر ہنوز
میری طرف سے آپ نے گو پھیر لی نگاہ　　اس پر بھی آپ ہیں مجھے مد نظر ہنوز
آئی بہار ابھی جو گلستان میں تو کیا　　بلبل قفس میں بند ہے بے بال و پر ہنوز
میں کب سے دشت عشق میں کھاتا ہوں ٹھوکریں　　لیکن ملا مجھے نہ کوئی راہ بر ہنوز
مجھ کو کہاں نصیب مئے وصل ہمدمو　　پیتا ہوں میں تو ہجر میں خون جگر ہنوز
قاتل خدا کے واسطے اک ہاتھ اور بھی　　تن سے جدا ہوا ہی نہیں میرا سر ہنوز
آنکھیں ہیں شوق دید میں وا بعد مرگ بھی　　آیا مگر نہ یار مرے لاشے پر ہنوز
مجروح دل بھی ہو گیا حسن ملیح کا　　بھرنے نہ پائے تھے مرے زخم جگر ہنوز
سینچا تمام عمر اسے آب اشک سے　　نخل امید میں نہ لگا کیوں ثمر ہنوز
حاصل ہوئی جو فتح عدو پر تو اس سے کیا　　پائی نہ اپنے نفس پہ ہم نے ظفر ہنوز

پھولے پھلے ہوں اوروں کے گو نخلِ آرزو — میرا نہال دل نہ ہوا بارور ہنوز
رنجور یہ جان کے بھی لالے پڑ گئے
مٹنے نہ پائے تھے مرے داغِ جگر ہنوز

گو گنا ہوں کے سوا کیا ہے گنہگار کے پاس — پھر کمی کیا ہے عنایات کی غفار کے پاس
کعبے کو جانے کی واعظ نہ مجھے دے تکلیف — مجھ کو رہنے دے پڑا یار کی دیوار کے پاس
بزم میں اپنی اگر مجھ کو نہیں دیتا جگہ (کذا) — جانجاں مجھ کو پڑا رہنے دے دیوار کے پاس
دور جاتے ہیں کہاں لاشے کو لیکر احباب — کیوں نہیں کرتے مجھے دفن درِ یار کے پاس
زندگی میری کٹی فرقتِ جاناں میں تمام — اب تمنا ہے کہ ہوں دفن درِ یار کے پاس
نذر کو لایا ہوں یہ نقدِ دل اے سیم بدن — اور کیا چیز ہے مجھ بے زر و نادار کے پاس
دولتِ حسن میں تیری ہے کمی کس شئی کی — مجھ سے سائل کے لیے کیا نہیں سرکار کے پاس
چھوڑ دے کاٹ کے پر گر نہیں کرتا ہے رہا — لا نہ صیاد قفس مرغ گرفتار کے پاس
اپنے قبضہ میں ہے دے کے بھی تحفۂ دل — اور کیا ڈھونڈتے ہو بے زر و نادار کے پاس
نقد دل لایا ہوں لے تجھ کو پسند آئے اگر — کچھ نہیں اس کے سوا تیرے خریدار کے پاس
چشم کور اس کی ابھی دوستو بینا ہو جائے — لاؤ یوسف کو اگر طالب دیدار کے پاس
عمر جب کٹ گئی مجھ رند کی میخانے میں — قبر بھی میری بنے خانۂ خمار کے پاس
جب کہا میں نے دوا دو تپِ فرقت کی مجھے — ہنس کے کہنے لگے جاؤ کسی عطار کے پاس
ناز پھر اپنی نزاکت پہ نہ ہو اس کو کبھی — گل اگر آئے تمہارے گل رخسار کے پاس
اس کا خود چہرہ اجالا ہے اندھیرے گھر کا — کام کیا شمع کا اس روئے پر انوار کے پاس
بس لگن تیری ہی ہر ایک کے دل میں ہے لگی — کچھ سوا اس کے نہیں کافر و دیندار کے پاس
زرد رو شرم سے ہو مہر درخشان فلک — لائیں گر اس کو تمہارے درِ شہوار کے پاس
کوئی بھی مجھ سا زمانے میں نہ ہوگا بے کس — ایک دل ساتھ تھا اب وہ بھی ہے دلدار کے پاس
تیغ کافی ہے مرے قتل کو کیوں لائے ہو تیر — کام مژگاں کا نہیں ابروئے خمدار کے پاس

آئے ہو بہر عیادت تو نہ بیٹھو چپ چاپ — باتیں تسکیں کی مری جاں کرو بیمار کے پاس

حال دل کہنے سے بھی وہ تو خفا ہوتا ہے — کیا کروں شکوۂ اعدا بتِ عیار کے پاس

عشق ابرو میں کیا میں نے نہ مرنے سے گریز — خود گلا میں نے رکھا یار کی تلوار کے پاس

نرگسی آنکھوں سے رنجور کو کیوں دیکھتے ہو
لوگ لاتے نہیں بیمار کو بیمار کے پاس

رہے گا تو کب تک نہاں جذب دل — ذرا ان پہ ہو جا عیاں جذبِ دل

نہ کر ہم سے دم بازیاں جذبِ دل — بس اب انکو لے آ یہاں جذبِ دل

میں دیکھوں تو کیوں کر نہ وہ آئیں گے — ذرا بڑھ کے لینا تو ہاں جذبِ دل

وہ کترائے جاتے ہیں گھر سے مرے — ذرا بڑھ کے لینا تو ہاں جذبِ دل[1]

کرم آپکا تھا جو تشریف لائے — نہیں تو کہاں میں کہاں جذبِ دل

چھپے اور کھلے ہیں اسی کی مدد — نہاں جذب دل اور عیاں جذبِ دل

مرے پاس دلبر کو لایا نہ تو — نہ تھا تجھ سے ایسا گماں جذبِ دل

گلہ یار کی کج ادائی کا کیا — نہیں مجھ پہ جب مہرباں جذبِ دل

وہ پیغام پر بھی مرے گھر نہ آئے — بس اب ہے ترا امتحاں جذب دل

نہ کام آیا آخر تو رنجور کے
گئی ہجر میں اسکی جاں جذبِ دل

یہ کہہ کے پھیرتا ہے مجھے میرا یار دل — میں لے کے کیا کروں گا ترا داغدار دل

اس سنگدل پہ آیا جو یہ نابکار دل — اس کی سزا یہی ہے کہ ہو سنگسار دل

روئے نہ ہجر یار میں کیوں زار زار دل — حرماں نصیب و سوختہ و خستہ خوار دل

کب تک کریگا یار کا تو انتظار دل — مشتاق دل گرفتہ دل امیدوار دل

---

[1] یہ مصرع اور پچھلے شعر کا مصرعۂ ثانی غالباً سہواً مکرر نقل کر دیا گیا ہے۔

ان مہوشوں کو کیجیو ہرگز نہ پیار دل ہونا پڑے گا ورنہ تجھے داغدار دل
سینہ میں جمع رکھتا کہاں تک بخار دل غم کی گھٹا گھر آئی ہوا اشکبار دل
اس ایک دل کی جان جہاں کوئی امل ہے کرتا نثار تجھ پہ جو ہوتے ہزار دل
اس طور سے روانہ ہوا کاروان دوست یار آگے آگے جاتا تھا پیچھے ہزار دل
دار وے وصل جلد خدا کے لیے پلا درد فراق سے ہے بہت بیقرار دل
مجھ کو جو چھوڑ کر بتِ عیار کا ہوا کیوں ہو نہ میری آنکھوں میں بے اعتبار دل
گر سنگدل بنانا تھا ان دلرباؤں کو پہلو میں میرے دیتا نہ پروردگار دل
پاتا ہے چین دشت و بیاباں کی سیر وحشی دل و رمیدہ دل و بیقرار دل
روکوں میں سیر وادیٔ الفت سو کب تلک جاتا ہے جائے یہ شتر بے مہار دل
راتیں تمام مصحف عارض کی یاد میں آنکھوں میں کاٹتا ہے یہ شب زندہ دار دل
رسوا ہوا ذلیل ہوا تیری چاہ میں ذی رتبہ دل عزیز دل و باوقار دل
لیتے ہو لو پر اس کو رکھو آب و تاب سے میلا نہ ہو کہیں گہر آبدار دل
چکموں میں یہ بھی اس بت پرفن کی آگیا سمجھا تھا میں کہ ہے یہ بہت پختہ کار دل
تو وہ مکاں ہی رہتا ہے جس میں وہ جانجاں کیوں ہو ہزار جاں سو نہ تجھ پر نثار دل
ان بھولی صورتوں میں خدا جانے کیا ہے بات ہوتا ہے ان کو دیکھ کے بے اختیار دل
رنجور ہم نے خوب مزے عشق کے چکھے دیں گے کسی حسیں کو نہ اب زینہار دل

رنجور میں نے لاکھ بچایا نہ بچ سکا
تیر نگہ کا ہو گیا آخر شکار دل

○

عرش خدائے پاک ہے دولت سرائے دل کیوں ہو نہ آسماں پہ دماغ گدائے دل
دے حسن دلربا جو بتوں کو خدائے دل ہے کس کی یہ مجال کہ ان سے بچائے دل
دنیا میں کوئی بھی نہیں میرا سوائے دل دل میرا آشنا ہے میں ہوں آشنائے دل
تقدیر میں لکھے تھے جو صدمے فراق کے پتھر ہمارے سینہ میں ہوتا بجائے دل

یہ حسن دلربا جو بتوں کو عطا ہوا / اللہ کی طرف سے لیے مبتلائے دل
احباب مجھ سے کہتے ہیں دل اسکو کیوں دیا / دیکھا جو اس کو کہنے لگے ہائے ہائے دل
بندوں کو جس عذاب میں چاہے خدا رکھے / ہاں دام زلف میں نہ کسی کا پھنسائے دل
ناز و نعم میں پائی ہے جب دل نے پرورش / صدمے فراق یار کے کیونکر اٹھائے دل
روکوں میں کب تک اس بت کافر پہ جا نہ ہو / سنتا ہی جب نہیں تو جہنم میں جائے دل
کیا بیٹھے سنتے ہیں گل و بلبل کی داستاں / آئیں ادھر وہ مجھ سے سنیں ماجرائے دل
عاشق ہوا جو دست حنائی پہ آپ کے / مل دیجے چٹکیوں سے یہی ہو سزائے دل
ہاتھوں میں مہندی مل کے کرو میرے دل کا خون / مانگوں گا میں نہ تجھ سے کبھی خوں بہائے دل
کیا نذر پیشکش کرے اس شاہ حسن کے / پاس اس گدا کے مال ہی کیا ہے سوائے دل
دکھلا کے سم مجھے مرے عیسیٰ نے یہ کہا / تیرے لیے مفید یہی ہے دوائے دل

رنجور دلبروں کو مرا دور سے سلام
تقدیر جن کی پھوٹے وہ ان سے لگائے دل

ہوئی جو بات مجھ کو دل سے حاصل / نہ ہوتی مرشد کامل سے حاصل
ترے شوق لقا میں اس قدر لطف / ہوا ہے دوری منزل سے حاصل
طریق عشق میں توفیق رحمت / ہوئی دشواری منزل سے حاصل
بلاتے کیوں ہو ہم افسردہ دل کو / ہماری شرکت محفل سے حاصل؟
ترے خود دل میں ہے اے قیس لیلیٰ / تلاش ناقہ و محمل سے حاصل؟
انھیں گھر لیے سو سو منتوں سے / مراد اپنی ہوئی مشکل سے حاصل
کہا جب ان سے میں مرتا ہوں تم پر / وہ بولے دعوی باطل سے حاصل؟
ہے شیخ ریا اے شیخ بے کار / نہ ہوگا حق کبھی باطل سے حاصل
نہ باز آؤں گا اپنی دھن سے ناصح / تری تقریر لاطائل سے حاصل
برا ہو سخت جانی کا مرا کام / نہ ہوگا خنجر قاتل سے حاصل

مری جانب ہے جب یہ سرد مہری
مجھے کیا گرمیٔ محفل سے حاصل

جو میرے دشمن جانی کا ہے دوست
مرے پہلو میں ایسے دل سے حاصل

کسی زہرہ جبیں کو دل نہ دوں گا
اسیریٔ چہ بابل سے حاصل

نہیں کچھ سہل اردو میں مہارت
یہ ہوتی ہے بڑی مشکل سے حاصل

جب آنکھیں اپنی ہوں بے نور
مجھے مہر و مہ کامل سے حاصل

لہ اس شعر کے بعد اگلا شعر صرف اس قدر ادھورا نقل ہوا ہے۔

مجھے ناکامیوں سے آ گیا صبر
ہوا ... ...

ٹھانا ہے جی میں اور سے اب لَو لگائیں ہم
جوں شمع تیرے ہجر میں دل کیوں جلائیں ہم

رنجور بخت خفتہ کو اپنے جگائیں ہم
آج اس پری کو اپنے بغل میں سلائیں ہم

کیوں زلف خم بہ خم میں دل اپنا پھنسائیں ہم
بیٹھے بٹھائے سر پہ بلا مفت لائیں ہم

قاصد کو بھیج کر نہ اب ان کو بلائیں ہم
بہتر ہو جذب دل کا اثر آزمائیں ہم

اس گلعذار کو جو کہیں دیکھ پائیں ہم
پھر پوچھیے نہ ہم سے کہ کیا گل کھلائیں ہم

تڑپائیں اپنے دل کو کہاں تک فراق میں
آ تیغ یار تجھ کو گلے سے لگائیں ہم

سن کر زبان یار سے تعریف زلف یار
کیوں دل میں مثل سانپ کے سو بل نہ کھائیں ہم

کب تک رکیں بلا سے جو آن جانے جائے
روٹھا ہے یار جائیں اب اس کو منائیں ہم

دیتا ہے عدو کو تو اک ہاتھ ادھر لگا
پیاس اپنی آب تیغ سے قاتل بجھائیں ہم

آ کر گلے لگائے جو وہ گلبدن ہمیں
جامے میں پھر تو اپنے نہ پھولے سمائیں ہم

جو جو ادا ہے آپ کی وہ دلفریب ہے
حیراں ہوں کیوں کر آپ سے دل کو بچائیں ہم

دلبر کو دیکھ کر تڑپ ایسی غضب کی ہے
پہلو میں اپنے دل کو کہاں تک دبائیں ہم

قاتل یہ سر بھی دوش پہ بھاری تھا ضعف سے
احسان تیری تیغ کا کیوں کر اٹھائیں ہم

کس منہ سے پھر شکایت دلدار ہم کریں
قابو میں جب خود اپنے ہی دل کو نہ پائیں ہم

روئے کبھی جو غم سے تو امید سے ہنسے
پائے ہیں ہجر میں جو ترے کیا بتائیں ہم

کیوں دل میں یاد زلف چلیپا کو دیں جگہ
کیوں خانۂ خدا کو کلیسا بنائیں ہم

کاٹے سے پھر کٹے گا نہ طول شب فراق
کیا فائدہ جو ربط بتوں سے بڑھائیں ہم

دل آگیا ہے ایک بت گلعذار پر
کس کس چمن کی دیکھیے اب خاک اڑائیں ہم

ٹھکرا کے میری قبر کو کہنے لگا وہ شوخ
فرمائیے کہ آپ کی اب خاک اڑائیں ہم

دل کو تو اس کی چاہ میں رنجور کھو چکے
ایسا نہ ہو کہ جان بھی اک دن گنوائیں ہم

وارفتہ تھے کچھ ایسے تلاش صنم میں ہم
جانے کو بت کدے میں گئے پہنچے حرم میں ہم

گر اور کچھ نہیں نظر لطف ہی سہی
دیں گے نہ تم کو گوہر دل اس سے کم میں ہم

خالی نہیں یہ خندہ بھی تیرا ہے طنز سے
انداز ظلم پاتے ہیں تیرے کرم میں ہم

انکار اگر ہے وصل سے دیجے جواب صاف
کب تک پڑے رہیں تری لا و نعم میں ہم

کیا خاک دل میں لطف و کرم کی ہو آرزو
پاتے ہیں اب تو لطف کسی کے ستم میں ہم

فرقت میں یار خوش ہی تو ہم بھی ہیں اسیں خوش
کیوں زندگی بسر کریں رنج و الم میں ہم

بے اختیار انھیں دم رخصت بھی وہ نہ آئیں
کرتے ہیں اس جہاں سے سفر کوئی دم میں ہم

جینے نہ دیں گے تیرے چلن طفل دل ہمیں
اک روز جان دیں گے ترے رنج و غم میں ہم

مانا کہ ہم سے ملنے کو تم آؤ گے مگر
اس وقت تک تو پہنچیں گے ملک عدم میں ہم

کس منہ سے شکر خالق منعم ادا کریں
پیدا کیے گئے ہیں جو خیر الامم میں ہم

پاتے نہیں وہ روئے حسینان دہر میں
جو حسن پاتے ہیں ترے نقش قدم میں ہم

ہر چند وہ ہماری محبت کا دم بھریں
رنجور آنے والے نہیں ان کے دم میں ہم

ہمی اب دل میں ٹھانی (اکرام) ہجر میں کوئی صنم میں ہم
اگر رہنے نہ پائیں جا بسیں ملک عدم میں ہم

بہت دم بازیاں کیں اب بھی ملنا ہو تو ملجا تو
کہ دنیا سے سفر کرنے کو ہیں اب کوئی دم میں ہم

یہ کیا سوجھی تجھے ظالم جفا سے ہاتھ کیوں روکا
کرم کا لطف پاتے تھے تری جور و ستم میں ہم

ہماری بخت کی برگشتگی سننے کے قابل ہے
چلے تھے جستجوئے دیر میں پہنچے حرم میں ہم

یہ تیرے حیلے بیجا ہیں ہماری بت پرستی پر
اسی کا جلوہ واعظ پاتے ہیں روئے صنم میں ہم

دکھا تو سبز باغ اوروں کو جا کر او بت پرفن
یہ ناممکن ہے ناممکن کہ آئیں تیرے دم میں ہم

جواب صاف دیدے یا ہماری آرزو بر لا
رہیں گے کب تک اے ظالم تری لا و نعم میں ہم

عدو کی زندگی تو شادمانی میں گزرتی ہے
تری پاپوش کے صدقے سے گزرتے ہیں غم میں ہم

نظر آتی نہیں اب کوئی راہ اپنی رہائی کی
پھنسے بے طرح رنجور اس کی زلف خم بہ خم میں ہم

اس بت سفاک کے کوچے میں اب جاتے ہیں ہم
بخت برگشتہ کو اے دل راہ پر لاتے ہیں ہم

اک جھڑی اشکوں کی چشم تر سے برساتے ہیں ہم
ابر تر سے گوئے سبقت آج لیجاتے ہیں ہم

کس طرح کوئی سنائے داستاں اپنی تمہیں
ہم تو آئے ہیں مگر کہنے کہ اب جاتے ہیں ہم

شوق سیر کوچۂ قاتل سے باز آتا نہیں
اس دل شوریدہ سر کو لاکھ بہلاتے ہیں ہم

کیا ڈرے گا کوئی واعظ دیو یا عفریت سے
تیری صورت دیکھ کر جس طرح ڈر جاتے ہیں ہم

کیا کہیں کس طرح جیتے ہیں تمہارے ہجر میں
خون دل پیتے ہیں ہم لخت جگر کھاتے ہیں ہم

آئے تھے کچھ دیر بہلانے دل ناشاد کو
بار خاطر ہو گئے تم کو تو لو جاتے ہیں ہم

مجھ پہ اے قاتل اٹھاتا ہے یہ خنجر کس لیے
دیکھتے ہی تیغ ابرو تیری مر جاتے ہیں ہم

جس چمن سے لے گئے اغیار گلہائے مراد
خار ہائے یاس و حرماں آہ لیجاتے ہیں ہم

ناصحو ہم مرد میدان طریق عشق ہیں
کب سفر کی دوری و زحمت سے گھبراتے ہیں ہم

ہجر جاناں کی گھڑی تو آئیگی جب آئے گی
وصل میں اس کے تصور سے مرے جاتے ہیں ہم

کیوں پشیماں ہو اگر کوئی عنایت ہم پہ کی
کیا تمہیں اے مہرباں دل دے کے پچھتاتے ہیں ہم

گر نہیں تو تیری تصویر خیالی پاس ہے
ہجر میں اس طفل دل کو اس سے بہلاتے ہیں ہم

تیری صورت رہتی ہے ہر دم نظر کے سامنے ہجر میں بھی تیری صحبت کا مزا پاتے ہیں ہم

خانۂ دل کو سمجھتے تھے کہ ہے عرش خدا
لیکن اے رنجور اسے بیت الصنم پاتے ہیں ہم

آ گئے تھے اس طرف اصرار طفل دل سے ہم کیوں خفا ہوتا ہے جاتے ہیں تری محفل سے ہم
جان کہتی ہے کہ کیوں نکلے تن بسمل سے ہم زیر کیوں ہوں زور دست نازک قاتل سے ہم
منتظر کب تک رہیں آب دم شمشیر کے تشنہ کام اے دل چلے اب کوچۂ قاتل سے ہم
عشق جیسا مسئلہ اور اہل شوری صرف دو دل ہمارا مشورہ کرتا ہے ہم کی دل سے ہم
ضد کیا میں نے سوال وصل ان سے چند بار بولے وہ تنگ آ گئے ہیں سخت اس سائل سے ہم
ڈر سے خشک اس کا لہو ہو جان ہو جس کو عزیز سر بکف ہو کر ڈریں کیوں خنجر قاتل سے ہم
ہجر قاتل میں کہاں تک روز و شب تڑپا کریں اب گلے ملتے ہیں جا کر خنجر قاتل سے ہم
جب ارادہ کر لیا قطع طریق عشق کا مرد ہیں گھبرائیں کیوں دشواری منزل سے ہم
ہائے ہم کیا کیا امیدیں دل میں لائے تھے مگر جاتے ہیں مایوسیاں لیکر تری محفل سے ہم
دیکھیے کٹتی ہیں کیونکر حشر تک کی منزلیں پہنچے ہیں اس قبر تک مر مر کے کس مشکل سے ہم
اس دل وحشی کو دیکھو پھر نہ ہرگز چھیڑنا راہ پہ لائے ہیں اسا فوا سے مشکل سے ہم
جانتے ہیں یار سے ملنے کی کوشش ہے فضول پھر بھی باز آتے نہیں اس سعی لاحاصل سے ہم
بھول کر کرتے نہ تجھ سے سنگدل کی آرزو کیا کریں مجبور ہیں اے یار اپنے دل سے ہم
فلسفے عشق کے ہے شیخ بالکل بے خبر بت پرستی پر کریں کیا بحث اس جاہل سے ہم
ہائے وہ خوش ہو کے آپے سے گزرنا قیس کا جب کہا لیلی نے باہر آتے ہیں محمل سے ہم
ہے ترا روئے مصفّائے صنم داغوں سے پاک کس طرح تشبیہ دیں اس کو مہ کامل سے ہم
لائیں تیری سی کہاں سے طبع خشک و بے مزا ناصح مشفق بنے ہیں اور آب و گل سے ہم
ادّعائے عاشقی پر میرے فرماتے ہیں وہ تیرے دم میں آ چکے اس دعوی باطل سے ہم
پیشتر اس کے کہ قاتل وار خنجر کا کرے ہو گئے مجروح تیغ ابروئے قاتل سے ہم

بعد مردن بھی رہی چشم اپنی اس حسرت میں وا
داغ خوں کیوں کر چھڑائیں دامن قاتل سے ہم

بخت تیری نارسائی کی ہے آخر کوئی حد!
دور ہوتے جلتے ہیں ہر گام پر منزل سے ہم

عشق کا دریا نظر آتا ہے ناپیدا کنار
ہم کنار آب دیکھیں کیونکر ہوتے ہیں ساحل سے ہم (کذا)

طعن احباب و فراق دلبر و رشک رقیب
زندگی اپنی بسر کرتے ہیں کس مشکل سے ہم

جان سے بیزار ہے تن تن سے ہے بیزار جان
ہجر جاناں میں بسر کرتے ہیں کس مشکل سے ہم

یار سے ہم کو شکایت ہے نہ دشمن سے گلہ
حضرت رنجور نالاں ہیں خود اپنے دل سے ہم

جا بر گران کے ہو گئے زخم جگر سے ہم[1]
بھاگیں گے دور یار کے تیر نظر سے ہم

کس کی مجال ہے کہ ہمیں جیتے جی اٹھائے
ہو کر غبار اٹھیں گے تری رہگزر سے ہم

در کوئی دوسرا ہمیں معلوم ہی نہیں
گر جائیں بھی تو جائیں کہاں تیرے در سے ہم

ثابت ہوا وہ یار کے نزدیک جاں نثار
کیا خوش ہوں مرگ عدو کی خبر سے ہم

احسان تیغ یار کا بار اپنے سر تو ہے
پر اس کے دم سے اب ہیں سبکدوش سر سے ہم

تو اور مجھ گدا کو بلائے نہ ہے نصیب
پہنچیں گے آستاں پہ ترے اپنے سر سے ہم

یا وعدے کو وفا کرو یا دو جواب صاف
تنگ آ گئے ہیں سخت اگر اور مگر سے ہم

لگ گئے کسی کے اٹھتی نہیں شرم سے نگاہ
جس دن سے گر گئے ہیں تمھاری نظر سے ہم

وقت رحیل سر پہ ہے لیکن ابھی تک آہ
بے فکر ہیں تہیۂ زاد سفر سے ہم

اب ہم میں اور یار میں ہے بعد مشرقین
وہ دن گئے کہ رہتے تھے شیر و شکر سے ہم

کنج لحد میں جا کے گھر اپنا بنائیں گے
اے یار گر نکالے گئے تیرے گھر سے ہم

اف آج کیا مزا در مے خانہ پر ہوا
نکلا تھا پی کے شیخ کہ پہنچے ادھر سے ہم

وہ مجھ کو دیکھتے ہی نظر پھیر لیتے ہیں
داخل ہوں ان کے خانۂ دل میں کدھر سے ہم

اے قبر میہماں ہیں ترے کر نہ تو عذاب
سونے دے ہم کو آئے ہیں تھک کے سفر سے ہم

---

[1] یہ غزل دوسری بیاض میں بھی موجود ہے، لیکن اس میں شعر ۳، ۵، ۹، ۱۰، ۱۲ شامل نہیں۔

کرنا سوال پھر کبھی اے منکر و نکیر
ہیں سخت ابھی تو چور تکان سفر سے ہم

روزانہ آتے ہیں وہ عیادت کے واسطے
صحت نہ پائیں کاش کہ درد جگر سے ہم

زنجیر عرش حضرت رنجور ہل چکی
واقف ہیں خوب آہ رسا کے اثر سے ہم

○

اے فلک ہشیار ہو آہ رسا کرتے ہیں ہم
اٹھتے ہیں تیری دھوئیں محشر بپا کرتے ہیں ہم

سے جب دعوئ تسلیم و رضا کرتے ہیں ہم
شکوۂ جور صنم کرتے ہیں کیا کرتے ہیں ہم[1]

بیاض ۲

○

اسی انداز سے اے دل اگر دور زماں ہوگا
نرالی اب زمیں ہوگی نرالا آسماں ہوگا

پلاؤ قورمہ بریانی و زردہ کہاں ہوگا
بیئر الشام بیکن ہیم نذر میہماں ہوگا

نہ پوچھے گا کوئی مرزا و خان و شیخ و سید کو
جسے مل جائے گی دولت وہ عالی خانداں ہوگا

نہ خاتونوں کو ہوگا کام پان و سرمہ کچھ بھی
ضرورت سرمہ دانی کی نہ فکر پانداں ہوگا

مہذب بیبیاں خود ٹمٹم ہانکیں گی بے کھٹکے
نہ اب اس کام کی خاطر ضروری کوچباں ہوگا

کریں گے فلسفے سے لوگ رد دینی مسائل کو
ہر اک جاہل سے جاہل شخص بقراط زماں ہوگا

ہوا تہذیب کی لاکھوں نئے گل اب کھلائیگی
ہزار اب اور ہی سر میں چمن میں نغمہ خواں ہوگا

ردیف اور قافیے کی قید سے اب ہوگی آزادی
غرض اردو کا شاعر ایک اسپ بے عناں ہوگا

زبانوں سے جو ایران و عرب کی نابلد ہوگا
وہی پبلک کے آگے ماہر اردو زباں ہوگا

غبارے میں ہم اڑ کر خانۂ جاناں میں پہنچیں گے
نہ بیم سگ ہمیں ہوگا نہ خوف پاسباں ہوگا

اگر ہوگا کسی لڑکی سے کوئی طالب شادی
تو پہلے کورٹ شپ سے اسکے لو کا امتحاں ہوگا

---

۱ یہ غزل نامکمل رہ گئی ہے۔ ان دو اشعار کے بعد بیاض ۱ کا اختتام ہوتا ہے۔

خواتیں سیر کو سینے ابھارے جبکہ نکلیں گی
زباں پر ہر تماشائی کے لفظ الاماں ہوگا

یہ دمن، ہوگی کسی صورت سے دنیا ہاتھ آجائے
نہ ہوگی اسکی کچھ پرواہ کہ عقبیٰ کا زیاں ہوگا

پلٹ ہوجائیگی دنیا کی کایا پھر تجھے کیا غم
کہ اے رنجور تو اسوقت دنیا میں کہاں ہوگا

پہلی بیاض کی اولین غزل یہاں دوسری بیاض میں بھی شامل ہے۔ لیکن یہاں اُس غزل کا صرف مطلع اور شعر ۳، ۱۰، ۱۷، ۱۹، ۲۱ شامل ہیں۔ بقیہ زائد اشعار درج ذیل ہیں:

گئے کل رات صاحب کوہ شملہ کی ہوا کھانے
اکیلی میم ہے چمکا نصیبا خانساماں کا

ہوئی کیا ڈاک گاڑی لیٹ کلکتے پہنچنے میں
کہ گیارہ بج چکے لیکن نہ خط آیا مری جاں کا

یقیں ہے آتش سوز دروں سے تار جل جائے
اگر میں تار دوں اس بت کو حال سوز پنہاں کا

پہنچ جاؤں گا بام یار پر بیلون میں اڑ کر
مجھے ڈر کیا اگر دروازے پر پہرہ ہے درباں کا

سلامت لاچکے لندن سے وہ اپنی مسلمانی
وہاں ہر اک بت کافر ادا ہے دشمن ایماں کا

مجھے اخبار میں جنرل نہ لوکل نیوز سے مطلب
مگر ہو اسمیں کالم واقعات کوئے جاناں کا

کہوں کیا میری کیا حالت تھی مارے بوکھلاہٹ کے
جھڑکے سے مس کافر ادا نے جب مجھے جھانکا

تپش سے سوز فرقت کی جلا جاتا ہوں او لیڈی
برائے لاد ڈ جیسیں دیکے سایہ اپنے داماں کا

اگر جاتا ہے تو اے شیخ مسجد چوک کے رستے
تو رکھ نیچی نظر یہ کیا ادھر تاکا ادھر جھانکا

عمامہ سبز سر پر ہے گیسو شانوں پہ چھوٹے ہیں
ذرا بھی شک نہیں اسمیں کہ واعظ ہے بڑا بانکا

ٹھنی ہے سائیکل کی ریس کی اُس مس سے اور مجھ سے
کیا ہے اسلیے اسوقت میں نے قصد میداں کا

کریں گے ڈاکٹر کیا خاک تشخیص تپ فرقت
پتہ تھرما میٹر سے کیا ملے گا سوز پنہاں کا

ہوئیں مس صاحبہ یہ کہہ کے مجھ سے ملنے کی شایق
بڑا شہرہ سنا ہے ہم نے رنجور غزلخواں کا

ہوا نہ پورا مدعا خدا حافظ　　میں نامراد یہاں سے چلا خدا حافظ
دل آپ کا ہوا ہم سے جدا خدا حافظ　　ملیں گے ہم کو بہت دلربا خدا حافظ
مجھے تو چھوڑ کے اے بت چلا خدا حافظ　　ملائے جلد تجھے پھر خدا خدا حافظ
کہا جو میں نے کہ ملک عدم کو جاتا ہوں　　تو ہنس کے کہنے لگا بے وفا خدا حافظ

تمھارا عاشق صادق جو ایک تھا رنجور
ہوا وہ راہی ملک بقا خدا حافظ

کیوں کہوں کچھ بھی نہ ہوگا روز محشر ہاتھ میں　　ہوگا اے رنجور داماں پیمبر ہاتھ میں
لے ہمارے قتل کو کس طرح خنجر ہاتھ میں　　ہاتھ دشمن کا لیے رہتا ہے دلبر ہاتھ میں
جب ہیں دو دو خنجر اس کے چہرہ پر بالائے چشم　　کس لیے رکھتا ہے قاتل ایک خنجر ہاتھ میں
ملتے ہیں مجھ سے دل حاضر ہے لیجے شوق سے　　پر لیے رہیے اسے اے بندہ پرور ہاتھ میں
یہ تو کہیے کیجیے گا کیا دل شیدا کا خون　　لائے ہیں تشریف کیوں مہندی لگا کر ہاتھ میں
شوق سے کیوں ہتھکڑی پہنوں بلا جرم و خطا　　میں نہ لوں گا زلف پر پیچ و معنبر ہاتھ میں
یوں مرے گلرو یہ کرنا چاہتے ہیں یہ نثار　　کیوں لیے ہیں زر چمن کے یہ گل تر ہاتھ میں
آرہا ہے دیکھیے قاتل مرا کس شان سے　　ہے کماں کاندھے پہ اس کے اور خنجر ہاتھ میں
تیغ ابرو کا اشارہ ہی تھا کافی قتل کو　　قاتل آیا ہے عبث تو لے کے خنجر ہاتھ میں
اب بتا کیا دیں اسے ہم جرم الفت کی سزا　　پوچھتے ہیں مجھ سے میرے دل کو لے کر ہاتھ میں
وعدہ کرتا ہے تو رکھ لے مصحف عارض پہ ہاتھ　　قول کرتا ہے تو کر قرآں کو لے کر ہاتھ میں
کس طرح میرے دل سوزاں کو مٹھی میں لیا　　ہمدمو کیوں کر لیا اس بت نے اخگر ہاتھ میں
ہوگیا ہوں جب سے میں سودائی زلف بتاں　　کوبکو لڑکے لیے پھرتے ہیں پتھر ہاتھ میں
تیرے دیوانے کی آرائش ہے بیڑی ہتھکڑی　　ایک زیور پاؤں میں ہے ایک زیور ہاتھ میں
خاک اڑاتا میں تو ہوں دشت جنوں کی یاد سے　　کیوں بہ جھوٹکہے تو لے فصّاد نشتر ہاتھ میں
قطرے شبنم کے ہیں اوراق گل پہ اے صنم　　نذر کرنے کو لیے ہیں پھول گوہر ہاتھ میں

یا خدا رنجور خالی ہاتھ دنیا سے نہ جائے
کوچ کرتے وقت ہو دین پیمبر ہاتھ میں

تشنہ کامی کا مجھے رنجور کیا محشر میں ڈر
امتی اسکا ہوں میں جسکے ہے کوثر ہاتھ میں۔

خدا ہی جانے کتنے عاشق اب تک مار ڈالے ہیں
ترے یہ گیسوئے مشکیں نہیں زہریلے کالے ہیں

جہاں میں گو بہت ناز و ادا و غمزہ والے ہیں
ترے انداز اے جان جہاں سب سے نرالے ہیں

چھپا کر تجھ سے کوئی چیز ہم کب رکھنے والے ہیں
دل و جاں دین و ایماں سب تری ہی بت حوالے ہیں

ہمارے غیرت مہ کے بنا گوشوں میں بالے ہیں
کہ ماہ چاردہ کے دونوں پہلو میں یہ ہالے ہیں

مجال اتنی عدو کی تھی کہ ہم سے اور یوں اٹھتا
یہ وبال اس نے میری جاں تری شہ پر نکالے ہیں

مریدوں پر بٹھائیں سکہ اپنا شیخ جی لیکن
تقدس کی نہ لیں مجھ سے وہ میرے دیکھے بھالے ہیں

نہ کیوں پہلے سے آ موجود ہوں مجری کو امیدیں
وہ تشریف آج کاشانے میں میرے لانے والے ہیں

ہم اپنی جان تک دیدیں گے دل کی کیا حقیقت ہے
تلے جس بات کے کرنے پہ اس سر کٹنے والے ہیں

بس اب خاموش سننے سے کلیجہ منہ کو آتا ہے
غضب کے تیرے اے رنجور درد انگیز نالے ہیں

اف رے نیرنگ نماں شادی کہیں ہے غم کہیں
عیش کے جلسے کہیں برپا ہے ماتم کہیں

کہنے کو جیتے ہیں لیکن مرنے سے بدتر ہیں ہم
یہ بھی کوئی زندگی ہے تم کہیں اور ہم کہیں

پوچھتے ہو حال کیا ہم سے دل آوارہ کا
ایک مدت ہوگئی ہے دل کہیں اور ہم کہیں

انکی قسمت میں نہیں لکھا ہے گر دیدار یار
پھوٹ بھی جائیں ہمارے دیدۂ پرنم کہیں

ایڑیاں کب تک تپ فرقت میں ہم رگڑا کریں
جسم لاغر سے نکل جائے ہمارا دم کہیں

چھیڑتی ہے تو اسے اٹکھیلیوں کی راہ سے
اے صبا الجھیں نہ تجھ سے گیسوئے برہم کہیں

اے صبا جاتی تو ہے انکی خبر لانے کو تو
تجھکو اسکالے (کذا) نہ انکی کاکل پرخم کہیں

ایک مدت مارے پھرنے پر ملی ہے یاں پناہ
اب مرا دل چھوڑ کر جاتا ہے تیرا غم کہیں

ماتم دشمن میں انکی زلف برہم دیکھ کر / ہو نہ ملک دل ہمارا درہم و برہم کہیں
ہے کسی کے سبزۂ رخ پر جو مائل دل مرا / ہو نہ یہ میلان اس کا اسکے حق میں سم کہیں
یا وہ دن تھے رہتے تھے ہم تم مثال جسم و روح / یا یہ دن ہیں جان جاں اب تم کہیں اور ہم کہیں
کیا کروں گا جی کے میں جب تو نہ ہوگا میرے پاس / سامنے تیرے نکل بھی جائے میرا دم کہیں
کوئی مہجور اور کوئی محو وصل مہوشاں / چھائی ہے ظلمت کہیں اور نور کا عالم کہیں

چارہ سازی ہو چکی رنجور کی جراح سے
زخم دل میں ہی کہیں رکھتا ہے وہ مرہم کہیں

کرتے ہیں صرف استقدر زور آپ ناحق دار میں / جان ہی باقی ہے کیا اب آپ کے بیمار میں
چل بسے جب وامق و فرہاد و مجنوں سے رفیق / جی لگے کیا خاک سیر وادی و کہسار میں
بار خاطر ہی ہمیشہ میں وہاں سب پہ رہا / گر ملی بھی باریابی یار کے دربار میں
سنتے ہی منصور گویا مردے سے زندہ ہوا / کیا مسیحائی بھری تھی ہائے نام دار میں
چارہ ساز و موت سے بدتر شفا ہوگی مری / زندگانی کا مزا ہے عشق کے دربار میں
قدر داں میرے متاع بے بہائے دل کی کیا / کیا کروں لے جا کے اسکو حسن کی بازار میں
شیخ صاحب کوئے رنداں میں جو کل جاتے تو آپ / آپ کی دعوت تھی شاید خانۂ خمار میں
یوں تو صدہا دوستی کے مدعی ہم کو ملے / لیکن اے دل دوستی پائی تو دو ہی چار میں
دل لگا کر ہائے اس شعلہ رخ عیار سے / جیتے جی ہی مبتلا ہیں ہم عذاب النار میں
میں حیات تخفیہ چاہوں وہ چاہیں وہ رہے / وصل کی شب کٹ گئی اس حجت و تکرار میں
شاد کیا ہوں انکی اس ضد سے کہ میرے گھر چلو / کچھ نہ کچھ تو اے دل ناداں ہے اس اصرار میں

دیکھے اے رنجور آ کر تجھ کو حال نزع میں
یہ کہاں تاب اس کی چشم نرگس بیمار میں

غرض سرمہ لگانے سے نہ مطلب پان کھانے سے / ہوئی خاصی فرنگن اختری تعلیم پانے سے

بوا فرصت نہیں ہے مجھکو جنکی مدح گانے سے
انھیں کے واسطے میں ہوں بری سارے زمانے سے

بہن بازار سے کیوں دال اور آٹا منگاتی ہو
تمھیں درکار جو ہو لو ہماری مودی خانے سے

خدا رکھے تمھاری لاڈو تو حوروں سے بہتر ہے
تمھیں کیا اس سی میں بھونڈی بھی سارے زمانے سے

زلیخا کی طرح کیوں مول لوں اک دردِ سر باجی
کوئی یوسف بھی ہو میں باز آئی دل لگانے سے

شریکِ رنج میری کب ہو وہ اللہ کی بندی
اسے فرصت کہاں ہے ہائے بوا گانے بجانے سے

عوض پاجامہ و شلوار کے میں گون کیوں پہنوں
مجھے کیا نفع انگلش لیڈیوں کا منہ چڑانے سے

نہ بابا میں انھیں بیٹی نہ دوں گی کچھ بھی ہو جائے
پناہ اللہ کی اقبال مرزا کے گھرانے سے

کہاں ممکن کہ بی بی کو وہ نظروں سے جدا رکھیں
وہ دیکھو آتے ہیں پیارے مرزا زنچہ خانے سے

نہیں وہ ایسے ویسے روٹھنے والوں میں آ بیگم
غنیمت ہے کہ بارے من گئے میرے منانے سے

دیا جب دیدہ و دانستہ سوکن پر اماں کو
تو اب کیا فائدہ اے اصغری ٹسوے بہانے سے

جو للچائی ہوئی دولہا کی نظریں دیکھیں دلہن پر
خوامیں جتنی تھیں سب مل گئیں حیلے بہانے سے

بجا ہے تم نے اس قحبہ کو دیکھا بھی نہیں اب تک
ہٹو کیا فائدہ بیکار سی باتیں بنانے سے

کسی کی نوج اس کی سی محرم کی ہو پیدائش
اسے ہے کام روز و شب بس اک ٹسوے بہانے سے

میاں رنجور یوں سو بار آئیں اپنی مرضی سے
مگر ممکن نہیں آیا کہ وہ آئیں بلانے سے

یہاں تک یار گھبراتا ہے میرے گھر میں آنے سے
کہ مجرم بھی نہ گھبرائے گا ہرگز جیل خانے سے

وہ گو لندن گئی لیکن نہ توڑا رشتۂ الفت
کھلا یہ پاس سے اس پیاری مس کے تار آنے سے

اتر جاؤں گا صحن خانہ میں بیلون میں اڑ کر
مجھے روکے تو دربان خانۂ جاناں میں جانے سے

بھنویں بھوری کرنجی آنکھیں ہیں آپ اپنی زیبائش
نہ مستغنی ہو کیوں پیاری مس سرمہ لگانے سے

دیئے ہیں جب اسی نیچر نے خود لب ہائے رمانی
کرے وہ کیوں لبوں کا خون ناحق پان کھانے سے

یہ کیا معنی کہ وہ نامہ نہ لکھے بھول کر مجھ کو
اڑا لیتے ہیں اعدا خط ہمارے ڈاکخانے سے

ہمارے درمیاں جاری ہیں وائرلیس ٹیلیگرافی
غرض ہے نامہ بر سے کچھ نہ مطلب ڈاکخانے سے

فقط ہے تیری مسے کا خیال اے مس ہمیں ورنہ
اڑا دیں سارے اعدا کو ابھی ہم توپخانے سے

خدا کی شان مناہی کا جلوہ ہے ہر اک مس میں
نہ کیونکر تازہ ہو ایمان انگلستان جانے سے

گو مس کیلیے ہے ہم سے لمبی چوڑی فرمائش
مگر زائد نہیں پونجی ہماری ڈھائی آنے سے

سنوں میں راگ مالا آپ کی کس وقت اے واعظ
مجھے فرصت نہیں مطلق مسوں کی پیا گانے سے

ترے چرمے کو کھونٹے والی کاٹھی ہم کسا دینگے
تجھے کیا کام او مائی ڈیر ڈولی میلنے سے

مجھے بیشک ہے لازم اک پیانو کی خریداری
کہ از حد شوق اس مدہوش کو ہے گانے بجانے سے

ڈیر مس چوٹی کیوں گندھوا رکھی ہے زلف زریں کی
کرینگی آپ کیا تعذیب دل اس تازیانے سے

مرا زنجیر کفر اس مس نے آخر توڑ کر چھوڑا
مجھے شیری پلا دی اس نے شربت کے بہانے سے

ہرگز نہ ہو کسی کو بھی رغبت شراب سے
حق دے ہر ایک شخص کو نفرت شراب سے

لٹ جاتی آدمی کی ہے دولت شراب سے
فاقوں کی پھر پہنچتی ہے نوبت شراب سے

انسان اور وحوش میں رہتا نہیں ہے فرق
ہوش و حواس ہوتے ہیں رخصت شراب سے

ہر شخص کی وہ خواہ ہو کیسا ہی ذی شعور
دیوانوں کی سی ہوتی ہے حالت شراب سے

ایمان و دین عقل و خرد ہوش اور حواس
بچتا نہیں ہے اک بھی سلامت شراب سے

لاحق ہیں ہوتے اس سے مرض قسم قسم کے
رہتی نہیں درست ہے صحت شراب سے

گرتا ہے چاہ و خندق و دریا میں نشہ خوار
ہوتی ہے آدمی کی ہلاکت شراب سے

مے ہی سبب ہے سرقہ و خون و فساد کا
جرموں کی ہے جہان میں کثرت شراب سے

آباد اس کے دم سے ہیں محبس زمانے میں
آتے نظر ہیں جیل کی صورت شراب سے

اک اک قدم پہ کھاتا ہے مخمور ٹھوکریں
ہوتی ہے آدمی کی بری گت شراب سے

کھو بیٹھتا ہے شرم و حیا کو وہ بادہ نوش
رہتی ہے کچھ بھی شرم نہ غیرت شراب سے

مے نوش کے لیے ہے زنا امر لازمی
بچ سکتی ہے کبھی نہیں خصلت شراب سے

کید و فریب و مکر کی پڑتی ہے اس سے خو
انسان کی بگڑتی ہے خصلت شراب سے

اک گھونٹ بھی پی لی کسی نے گر ایکبار — ہوتی ہے پھر تو اس کو رفاقت شراب سے
میکش ذلیل و خوار ہے رہتا زمانے میں — رہتی نہیں کسی کی بھی عزت شراب سے
مقراض ہے یہ رشتۂ الفت کے واسطے — پڑتی ہے دو دلوں میں کدورت شراب سے
گو بعض نفع بھی مترتب ہوے تو کیا — ہے فائدوں سے بڑھ کے مضرت شراب سے

مانو اگر نصیحت رنجور دوستو
کرنا کبھی نہ بھول کے الفت شراب سے

دغا سے کب جبلت اس بت پر فن کی خالی ہے — نہ جانا اس پہ تو اے کہ صورت بھولی بھالی ہے
جفائیں اس کی گو کوشش کریں اسکی کہ پھر جائے — طبیعت اس پر جب آئی پھر اس سے پھرنے والی ہے
تری شیریں کلامی کے مزے کا پوچھنا ہی کیا — کہ شیریں تر نبات و قند سے بھی تیری گالی ہے
تمھاری مانگ مانگا کرتی ہے عاشق سے جاں اسکی — رہ ملک عدو اس کے لیے گویا نکالی ہے
کہاں یہ ناز یہ عشوے یہ غمزے ماہ رویوں میں — تری جو جو ادا اے رشک مہر کہ وہ نرالی ہے
ستائے خوب مجھ کو اے بت بے پیر دنیا میں — مگر یہ یاد رکھو عقبیٰ میں پرسش ہونیوالی ہے
کہاں اے بت کوئی تجھ سا حسیں ساری خدائی میں — نہ جانیں تیری صورت اس نے کس سانچہ میں ڈھالی ہے
یقیں کیونکر ہو وہ رشک قمر میرے گھر آئے گا — مری قسمت کہاں ای نامہ بر ایسی اجالی ہے
سخن سنجان نام آور سے دہلی آج خالی ہے — نہ ذوق و داغ و مومن ہیں نہ غالب ہے نہ حالی ہے
بجائے وصل کیوں کرتے نہیں تم وعدۂ فرقت — اگر تم نے قسم وعدہ وفا کرنے کی کھائی ہے
ہمارے دل کو مٹھی میں وہ لیکر ہم سے کہتے ہیں — کہ میں نے ایک اچھی سی تمھاری چیز پالی ہے
خبر ہے او دل سرشار جام وصل کچھ اس کی — کہ فرقت کی گھڑی اب کوئی دم میں آنیوالی ہے
قتیل خنجر ابرو تو پہلے ہی کیا تم نے — اب آخر کس لیے شمشیر قاتل نے سنبھالی ہے
گرائے دل "ہر کملے راز والے" کی مثل سچ ہے — تو جائے شکر ہے یہ بھی کہ مجھ میں بے کمالی ہے
سمجھ مجھ کو نہ بیکس اے عدو میں تجھ سے بہتر ہوں — وہ بت ہے گر ترا حامی مرا اللہ والی ہے
مرے دل کو وہ چٹکی سے مسل کر مجھ سے کہتے ہیں — یہ کیوں مائل ہوا مجھ پر یہ اس کی گوشمالی ہے

مجھے جب دیکھتا ہے پوچھتا ہے مجھ پہ عاشق ہو — نئی ترکیب میرے چھیڑنے کی یہ نکالی ہے
سفر کیوں کر کرے گا اے اجل رنجور عقبیٰ کا — کہ وہ تو ذی فراش اب مثل تصویر نہالی ہے

غزل جب ان کی پڑھتا ہوں زباں چٹخارے بھرتی ہے
غضب کی حضرت رنجور میں شیریں مقالی ہے

○

اُدھر نہال مراد دشمن تو خوب ہی پھول پھل رہا ہے — مگر اِدھر نخل دل ہمارا سموم ہجراں سے جل رہا ہے
عدو کی باہوں میں باہیں ڈالے وہ گل چمن میں ٹہل رہا ہے — کسی کی حسرت نکل رہی ہے یہاں مرا دم نکل رہا ہے
بصد ادا و کرشمہ و ناز کوئی اٹھلا کے چل رہا ہے — کہ پاؤں سے اپنے میرے دل کو قدم قدم پر کچل رہا ہے
یہ رازِ الفت چھپائیں کیونکر نہ لب پہ فریاد لائیں کیونکر — ہمارے پہلو میں کوئی بیٹھا ہمارے دل کو مسل رہا ہے
یہ جانتا ہوں کہ سیر کوئے پریوشاں میں ہے خطرۂ جاں — سنبھالوں کس طرح طفل دل کو کہ بے طرح یہ مچل رہا ہے
یہ کہہ رہی ہیں نگاہیں انکی کہ اب کسی کی ہے آئی شامت — گرائیں دیکھوں یہ کس پہ بجلی مرا کلیجہ دہل رہا ہے
اگر بدی کی کسی نے مجھ سے تو میں نے کی نیکی اسکے بدلے — سنبھالا جس دن سے ہوش میں نے اسی پہ میرا عمل رہا ہے
(کذا)
کسی کو گر میرے دل نے چاہا تو اس سے پھر چاہ کو نبا — رہا ہے مخلص یہ گر کسی کا تو مخلص بے بدل رہا ہے
رنگا تھا اب نے ہم کو جس رنگ میں ہے وہ رنگ ہم میں اب تک — خبر نہیں ہم کو اس کی مطلق کہ رنگ دنیا بدل رہا ہے
یہ خانۂ دل جواب ہے ویراں مکیں ہے اب جس میں دیو حرماں — یقین جانو کہ مدتوں تک پریوشوں کا محل رہا ہے
نہ صرف میخوار آج مستی میں آکے ہیں ناچتے تھرکتے — عمامۂ شیخ بھی سنا ہے کہ میکدے میں اچھل رہا ہے
بتا تو ظالم کہ اس تماشہ کے شوق کی بھی کوئی حد ہے آخر — کسی کا لاشہ تڑپ رہا ہے ترا دل اس سے بہل رہا ہے
بہار آئی ہے بلبلو پھر عبث ہو تم تو فسردہ خاطر — دوازدہ ماہ تک چمن میں کہیں خزاں کا عمل رہا ہے
وہ قافلے والے سارے کب کے پہنچ کے منزل پہ آبیٹھے — روانگی کی غرض سے رنجور تو ابھی تک سنبھل رہا ہے

یہ مانوں کیونکر کہ آج رنجور یار کے آگے چپ رہیگا
گیا ہے جب جب یہ اس سے ملنے یہ بے سنائے غزل رہا ہے

○

تم ہم کو شہید ناز لے یار کیا کرتے — ہم شوق شہادت میں مر مر کے جیا کرتے

گر سامنے بے پردہ وہ کافر ادا آتا — کعبہ میں نماز اپنی زاہد بھی قضا کرتے
اس دل کی حقیقت کیا سو جانیں اگر ہوتیں — اے جانِ من اک اک ہم تجھ پہ فدا کرتے
گر تیری توجہ سے بر آئی مراد اپنی — داتا ترے حق میں ہم مولیٰ سے دعا کرتے
اے یار اگر دعوت دشمن کے یہاں ہوتی — کیا اس سے بھی ملنے میں تم عذر حیا کرتے
آتا ہوں میں جب ملنے بن جاتے ہو کیوں بت سے — کچھ اپنی کہا کرتے کچھ میری سنا کرتے

آیا جو نظر دلبر قابو نہ رہا دل پر
دل اس کو نہ دیتے ہم رنجور تو کیا کرتے

آئینہ دیکھ کے اس بت کو یہ حیرانی ہے — کہ خدائی میں ہمارا بھی کوئی ثانی ہے
ناخدا کشتیٔ دل کا ہے خدا ہی حافظ — بحرِ الفت میں بڑے زور کی طغیانی ہے
اپنی زلفوں کو خدا کے لیے سلجھاؤ جلد — ان کی الجھن سے مرے دل کو پریشانی ہے
شیشۂ دل میں وہ اترے تو مگر کہتے ہیں — آپ کے پاس کہاں مہرِ سلیمانی ہے
کیا کہوں تم سے کہ یہ وصل کی شب ہے چھوٹی — داستاں آہ شبِ ہجر کی طولانی ہے
دل میں ہمت ہو تو پتھر بھی ہو پانی لیکن — غم سے رنجور کلیجہ ہی یہاں پانی ہے
اتنی فرصت انہیں کب ہے کہ مرے گھر آئیں — وہ ہیں اور رات دن اغیار کی مہمانی ہے
آؤ جاتے ہو کہاں بیٹھو تماشا دیکھو — قابلِ دید ان آنکھوں کی درافشانی ہے
سنتے ہیں عید منائیں گے وہ اعدا کے ساتھ — آج اس دل کی تمناؤں کی قربانی ہے
غیر سے ملنے گیا ہے اسی رستے سے ضرور — نقش پا یہ نہیں اس گل کی گل افشانی ہے
جب کہا میں نے بتا کیوں تری الفت کو نہیں — ہنس کے بولا کہ یہ دنیائے دنی فانی ہے
کیا یہ مطلب ہے کہ ہو جائیں مرے زخم ہرے — یار کیوں آج یہ پوشاک تری دھانی ہے
کیوں نہ ہم لوگ تہِ دل سے ہوں ممنون بشیر — جن کی جانب سے یہ ہم احباب کی مہمانی ہے

جن کی سرگرمی و کوشش کی بدولت رنجور
منعقد آج یہاں بزم غزل خوانی ہے

ریختی

نہ جب تک میرے گھر سے یہ متائی بیسوا نکلے　　　نہیں ممکن مرے دل سے کوئی بھی مدعا نکلے

وہ حاتم ہیں اگر اوروں کے حق میں اس نے مجھکو کیا　　　مرے حق میں تو اک باجی وہ تاروں کے چھلے نکلے

کسی کی نوج ملانوں کی سی ہو اونگھتی شادی　　　نہ کوئی آرزو نکلے نہ کوئی حوصلا نکلے

انہیں اللہ میاں کی گائے میں ابتک سمجھتی تھی　　　مگر آپا چھپے رستم یہ ننھے میرزا نکلے

نگوڑی مونگ دلنا چاہتی تھی میری چھاتی پر　　　مری منہ سے نہ اس کے حق (میں) کیونکر بلا نکلے

وہ کہتی تھی پرائے مردوؤں سے میں نہیں ملتی　　　مگر کل میں نے دیکھا اسکے گھر سے میرزا نکلے

کہے کوئی خطا الزام سارا میرے سر پہ کیا　　　مجھے تم جوتیاں مارو اگر میری خطا نکلے

سنا ہے اک نگوڑی میم پہ لندن میں ریجھے ہیں　　　انھیں میں ہائے کیا سمجھی ہوئی تھی اور کیا نکلے

اماں مجھ سے اماں جان کو بھڑکاتی رہتی ہے　　　کروں میں شکر کا سجدہ جو گھر سے یہ بلا نکلے

یہ بندی لاکھ سر پٹکے مگر وہ سننے والے ہیں　　　ہوئی شام اور حضرت چوک کی کھانے ہوا نکلے

وہ نخرے سے مزے میں کر رہی تھی چہل کی باتیں　　　مگر اف کیسی کھسیانی یکایک ہم جو جا نکلے

سنا ہے ہو رہے ہیں لوٹ اک باندی کی لڑکی پر　　　بنے مرزا کا کیا کہنا بڑے دھرماتما نکلے

دلہن بیگم کے گھر سے جس طرح مجھ کو نکلوایا　　　جنازہ اس موئی منی کی ماں کا یا خدا نکلے

نگوڑا بے پکارے کیوں زنانے گھر میں گھس آیا　　　ارے سوسن ابھی یہ مونڈی کاٹا مردوا نکلے

میں ابتک حضرت رنجور کو ملا سمجھی تھی

مگر وہ ریختی گوئی میں استاد لے بوا نکلے

ضمیمہ

اگرچہ ہتھار سے ہیں ڈرتے گمار ادی بڑی بڑی ہیں　　　ملے ہمیں تخت ورنہ تختہ یہ ہم اپنی اس بات پر اڑے ہیں

اگرچہ ہتھیار دیکھتے ہی خراب ہوتی ہے اپنی دھوتی
قلم سے میدان کاغذی میں ہمیشہ سرکار سے لڑے ہیں

اگرچہ رہتے ہیں جیسے بزرگوں میں یہ خواب محلوں کے دیکھتے ہیں
سڑی گلی مچھلی کھاتے کھاتے دماغ ہلوگوں کے سڑے ہیں

ہمیشہ سرکار انگلشیہ کو پانی پی پی کے کوستے ہیں
اگرچہ دل ہیں ہمارے بودے مگر زباں کے تو ہم کڑے ہیں

طیور یورپ کی دیکھا دیکھی ہے شوق پروانا بے ہیں بھی
اگرچہ مدت سے پر ہمارے گریز ادبار سے جھڑے ہیں

"سودیشی" کی کرتے ہیں حمایت کہ بند ہو لندنی تجارت
قدم اکھڑ جائیں صاحبوں کے جو عرصہ سے ہند میں گڑے ہیں

کرے کوئی ہم پہ لاکھ احساں ہم اسکو مانیں یہ کیا ہے امکاں
پھسل پڑے جن پہ بوند پڑ کر وہ ایسے چکنے ہم گھڑے ہیں

سدا تھے ہم وحشیانہ غریق دریائے جہل و ذلت
جو پڑھ کے انگریزی پائی عزت تو ظرف تھا تنگ ابل پڑے ہیں

اگر "سڈیشن" کے جرم میں ہم "پرزن" جائیں تو کچھ نہیں غم
ہم اپنی کرتوں کو سرٹیوں کو یہ سمجھیں گے یہ کٹے چھٹے ہیں

کیا نہ ہم نے یہ کام تھوڑا کہ "سرفلر" کو نکال چھوڑا
ہوئے ہیں ہم کامیاب اکثر اگر کسی بات پر اڑے ہیں

کہا ہے اسلامیوں سے ہم نے کہ اپنا بھائی ہمیں سمجھیے
جو کام لینا ہے ہم کو ان سے تو کیسے فقرے انھیں جڑے ہیں

غرض کے وقتوں میں ہم نے اکثر لگائی ہے مسلموں سے یاری
مگر غرض جب رہی نہ باقی تو ان سے ناحق الجھ پڑے ہیں

نواب ڈھاکہ کی ہے بنائی سریندر و ناتھ کی دہائی
ہماری شرکت سے مسلموں کو وہ روکنے کے لیے کھڑے ہیں

سامنے تیرے اگر وہ پیاری صورت آئے گی
پھر نہ مرزا یاد تجھ کو حور جنت آئے گی

کیسا ناہموار بچہ ہے کہ چپ ہوتا نہیں
میرے ہاتھوں سے مگر اب اسکی شامت آئیگی

جب انھیں ایسی پری دلہن بھی خوش آتی نہیں
کیا میاں کے واسطے اب حور جنت آئے گی

جاتی ہے چھپ چھپ کے بتو میر خیراتی کے گھر
سن جو پائیں گے کہیں مرزا قیامت آئے گی

رنڈیوں کے پیچھے دیوانے بنے پھرتے ہیں آج
بعد میرے یاد انکو میری الفت آئے گی

لاکھ کہتی ہو بوا ہے دل پہ مجھ کو اختیار؟
رک سکے گی کب کسی پر جب طبیعت آئے گی

مردوں میں رہ کے جن دیدوں کا پانی ڈھل گیا
ایسی آنکھوں میں کبھی باجی نہ عبرت آئے گی

ساس جائیگی تو نند آجائیگی خم ٹھونک کر
ایک آفت جائیگی تو ایک آفت آئے گی

گر رہی ان ساس بہوؤں سے یونہی گالی گلوچ
پھر کسی دن ہاتھا پائی کی بھی نوبت آئے گی

کیا کہوں ان سے بہو پر آپ کرتی ہیں ستم　　ان کے دل میں میری جانب سے کدورت آئے گی
کب سفر سے لوٹ کر آئیں گے گھر نخی کے باپ　　یا الٰہی راہ پر کب میری قسمت آئے گی
پیٹھ پیچھے چاہیں جتنی دے لیں مجھ کو گالیاں　　چار آنکھیں ہوتے ہی دل میں مروت آئے گی
دے چکا یہ مردوا دس جوروؤں کو جب طلاق　　اک نہ اک دن اے بوا تیری بھی نوبت آئے گی
بیاہ ہوتے ہی یہ سنتی ہوں کہ اب آئے گی موت　　آگے چل کر دیکھیے کیا کیا مصیبت آئے گی
کرتی ہوں نسبت تری بیٹی کی اک نواب سے　　اب خدا چاہے تو تیرے ہاتھ دولت آئے گی

مولوی صاحب کے گھر جا کر نگوڑی مر مٹی
حشر کے دن لوٹ کر اب واں سے رحمت آئے گی

چودھویں صدی کا برہ گیت[1]

جی ہی جی میں ہمیں ترسائیو　　دن رین ہمیں کلپائیو
ہم سے ناحق پریت لگائیو　　ہائے کوئی کو لاج نہ آئیو
تم تو لندن سہروا چھائیو
تم تو میمنی میں جی بہلائیو　　مجھ بیراگن کو جی سے بھلائیو
جیتے جی ہم کو ایسا جلائیو　　گور میں آخر ہم کو سلائیو
تم تو لندن سہروا چھائیو
بیاہ کر کے نہ سکھ میں نے پایا　　تمرے جی میں تو لندن سمایا
ساتھ میمنی کا تم کو تو بھائیو　　میں نے گھل گھل جیسا گنوایا
تم تو لندن سہروا چھائیو
کی تھی میں نے نہ تم سے برائی　　تم نے کیوں میری سدھ بسرائی

---

1 دوسری بیاض میں اس گیت کے شاعر کا نام "رنجور عظیم آبادی" تحریر ہے، اور یہ اس بیاض کے گوشہ "غزلیات رنجور" کے بجائے دیگر شعرا کے کلام کے ساتھ درج ہے۔

نہ تو آون کی چھٹیا پٹھائی — نہ مرے دکھ کی بھیجی دوائی

تم تو لندن سہر وا چھائیو

دیہی دے کے رہے تم ہمیں دم — ہم سے آکر ملے تم نہ بالم

تھی تمنا کہ دیکھیں تمھیں ہم — کھا گیا ہائے لیکن ہمیں غم

تم تو لندن سہر وا چھائیو

ہائے تم کو اگر دیکھ پاتی — اپنی بپتا تمھیں میں سناتی

چاک کرکے دل اپنا دکھاتی — پھر بلا سے مجھے موت آتی

تم تو لندن سہر وا چھائیو

رات دن اپنے تن من کو مارے — خیر دنیا سے ہم تو سدھارے

تم سلامت رہو مرے پیارے — خیر سے آؤ اپنے دوارے

تم تو لندن سہر وا چھائیو

کلام میجر:۔

تمھیں نفع کیا ہوگا انگلش سے لڑکر — تم اپنا بگاڑوگے ان سے بگڑکر

وہ حاکم ہیں اور انکے محکوم ہو تم — چلو تم نہ انگریزوں سے یوں اکڑکر

اگر تم کو کچھ عرض کرنا ہو ان سے — کرو خاک پر ناک اپنی رگڑکر

لٹے گی نہ تقسیم بنگالہ ہرگز — نہ پھل پاؤگے اپنی ضد پر تم اڑکر

نہ چھوڑوگے گر باتیں دیوانہ پن کی — رکھیں گے تمھیں جیل میں یہ جکڑکر

چلوگے اگر چال متوالوں کی سی — تو ٹوٹے گا دیواروں سے سر بجڑکر

نہ سمجھو گے گر بم کے گولے اڑینگے — رہیں گے قدم ان کے یاں سے اکھڑکر

نظر ایسی دے سکتے ہو ہسٹری سے — کہ اکھڑے ہوں جھنڈے کبھی انکے گڑکر

بغاوت کا ایسا لگا روگ تم کو　　ہوئے ابتک اچھے نہ بیمار پڑ کر
نمک کھا کر تم توڑتے ہو نمکداں　　کرو توبہ کانوں کو اپنے پکڑ کر
لڑیں گے اگر یوں ہی ہندو مسلماں　　رہے گا یہ ملک آخر اک دن اجڑ کر
بڑھیں کے گے میٹریکولیشن سے کیونکر　　یہاں تک پہنچتے ہیں یہ مر مر پچھڑ کر

یہ تو شعر اپنے سناتا ہے سحرؔ
کہ گرتے ہیں منہ سے ترے پھول جھڑ کر

○

شیخ صاحب کام میں کس طرح لوں انکار سے　　جب مجھے وسکی پلائے خود وہ مس اصرار سے
ہم کو کیا غم اس کا جلائے قوم چولہے بھاڑ میں　　ہم کو تو اک منصب عالی ملا سرکار سے
جب کہا میں نے بجھا مجھ تشنۂ الفت کی پیاس　　بولے "تھوڑی برف منگوا دوں تمہیں بازار سے"؟
ہے وہ میرا یوسف گم گشتہ لندن میں مقیم　　مل گیا بارے پتہ اس کا مجھے اخبار سے
رشتۂ الفت کو تم نے آج تک توڑا نہیں　　ہو گیا اس کا یقیں مجھ کو تمہارے تار سے
بوسہ دینے پر جو راضی ہو تو دو دو چار سو　　ہو گی کیا تسکیں مری اے مہرباں دو چار سے
میری ہر اک نظم اخباروں میں شائع کرتی ہیں　　اس قدر محظوظ ہوتے ہیں مرے اشعار سے
دیکھ کر مجھ کو وہ مس کیا کیا کلیلیں بھرتی ہے　　کم نہیں رم کرنے میں وہ آہوے کہسار سے
جب کہا میں نے دوائے درد فرقت چاہیے　　بولے ہنس کر جا کے مانگو تم کسی عطار سے

آپ سے جب یاس و غم کی فوج سر ہوتی نہیں
سحرؔ اس میں مشورہ لیجے سپہ سالار سے

○

تہ و بالا جہاں کو کر رکھا ہے اپنی اودھم سے　　سوا اس کے کہیں ہم کیا خدا ہی سمجھے ولیم سے
بہار جرمنی اب کوئی دم میں ہوتی ہے رخصت　　نہیں یہ وار اس کے حق میں کم ونڈ آف آٹم سے
جو مارے جانے سے بچ بھی گئے اس جنگ یورپ میں　　وہ بیشک بہرے ہو جائیں گے توپوں کی دھما دم سے
ہوئیں تعلیم پا کر بی بیاں اب لیڈیاں خاصی　　بدل ڈالیں نہ بیگم سے لقب کو کیوں وہ میڈم سے

ہو میں آزاد قید شرع سے تہذیب کے صدقے
پکڑ کر دستِ نامحرم نہ کیوں اتریں ٹمٹم سے

پڑے یارب کسی دیو جفا جو سے اسے پالا
چرایا جس نے نوٹو اس پری کا میری البم سے

میں جنٹلمین ہوں معشوقہ بھی مس لِل ہو یا مس بِل
غرض ہے زہرہ جاناں سے نہ کام اقبال بیگم سے

اکیلا میں سب اعدا کی خبر لینے کو کافی ہوں
میں کیوں ڈرنے لگا اے یاراں کی الٹیمیٹم سے

بیاض اپنی نہیں پڑھ سکتے گو ضعفِ بصارت سے
سناتے ہیں غزل ہم حافظ کی میمورنڈم سے

جو میسمر جائزہ لینے کو پہنچا اپنے لشکر میں
ہوئے کان اس کے بہرے ہر طرف کے شورِ بم سے

ریختی

اوئی لڑکی یہ تو نے نوج کیا صورت بنائی ہے
نہ کنگھی کی ہے بالوں میں نہ مسّی ہی لگائی ہے

مرے بچے کی اس نے مار سے کیا گت بنائی ہے
میاں جی کاہے کو جلاد ہے وہ یا قصائی ہے

اکیلا رو رہا ہے اوئی بوا دالان میں لڑکا
نہ انّا ہے نہ چھوچھو ہے نہ ماما ہے نہ دائی ہے

پراٹھے ہی پکانے جانتا ہے یہ نہ سنبوسہ
عجب اجڑے ملک کا مردوا یہ نانبائی ہے

گئی تھی نورتن بنّو کے گھر جوشن چرا لائی
اب اس کتیا کا سر ہے اور میری زیرپائی ہے

ہمیشہ چشمکیں چلتی ہیں ان دونوں کی آپس میں
ضرور اس مرزوے سے اور اس سے آشنائی ہے

کروں گی دوسری شادی نہ اپنی بیوہ لڑکی کی
وہ کمسن ہو تو ہو اسمیں تو میری جگ ہنسائی ہے

وہ کہتے ہیں کہ منہ سے مجھے کیا واسطہ لیکن
مجھے باور کہاں باجی یہ سب منہ کی صفائی ہے

بنے نواب نے رکھا ہے گو ہرجان کو نوکر
چلو چھٹی ہوئی اب ساری دولت کی صفائی ہے

کچیں ابھری ہوئیں اور اس پہ جالی لوٹ کی انگیا
بوا آنچل رکھو سینہ پہ یہ کیا بے حیائی ہے

بڑے بے شرم اے آپا ہیں دولا بھائی توبہ جی
وہ مجھ سے کہتے ہیں کیا چیز آنچل سے چھپائی ہے

گزارہ میری بچی کا نہ ہوگا ساس نندوں میں
الگ ہو جاؤ بیٹا ان سے اس میں کیا برائی ہے

خدا کی شان مجھ سے بھی لگی اب شوخیاں کرنے
بہت سر چڑھ گئی زیبن اب اسکی شامت آئی ہے

نہ بیدردی سے یوں پیسے دلہن لِلّٰہ اٹھاؤ تم
مرے بچے کی یہ گاڑھے پسینے کی کمائی ہے

ستاتی بیسوا پڑ رہی ہے بے خطا مجھ کو
مرا اب دم گیا میسمر بہادر کی دہائی ہے

جناب محمد عبدالسلام خاں
سابق پرنسپل مدرسہ عالیہ
رامپور

وجود اور ہستی

وجود اور ہستی کی بداہت اور اہمیت۔ قبل ازیں کہ مسلم فلاسفہ کے نزدیک واقعیت کا مفہوم اور اسکے معیار پیش کروں یہ مناسب ہوگا کہ پہلے وجود اور ہستی کے متعلق مسلم فلاسفہ کا نقطۂ نظر پیش کردوں اس سے ان کے نزدیک واقعیت کے مفہوم اور اس کے معیار کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

یہ معلوم رہے کہ ہستی، وجود اور ہونا مسلمان فلسفیوں کے نزدیک واضح اور بدیہی ہے۔ ہر شخص وجود اور ہستی کو سمجھتا ہے اور جانتا ہے، حدّ اور حقیقی تعریف سے اس کا حصول ممکن نہیں، نہ اس کی کوئی حقیقی تعریف ہے۔ اس کا علم ہر علم سے مقدم اور بلا استثناء ہر ذی عقل کو حاصل ہے۔ اسکی صرف لغوی تشریح کی جاسکتی ہے اور کی جاتی بھی ہے۔ مثلاً وجود کے معنی ہستی ہیں یا ہستی کا مطلب ہونا ہے[1]۔

رہی یہ بات کہ خارجی حقائق اصل ہیں اور علم و تصورات انکی فرع یا علم و تصورات اصل ہیں اور حقائق ان پر متفرع۔ ڈی کارٹ کے اس مشہور مقولے سے کہ "میں فکر کرتا ہوں اس لیے میں ہوں" سے شروع ہوتی ہے پہلے حقائق کو ہی اصل مانا جاتا تھا اور علم و تصورات کو اس پر مبنی اور اس سے کسی کو اختلاف نہ تھا۔ چنانچہ مسلم فلاسفہ بھی اس سے متفق تھے۔

موجود کے متعدد اطلاق۔ موجود کے کئی اطلاق ہیں جو ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز ہیں۔ اس کا کبھی تو اطلاق کائناتی مقولات یا اجناسِ عالیہ یعنی جوہر، کم، کیف، فعل، انفعال، متی، این، وضع، ملک اور اضافت پر ہوتا ہے گویا یہ کائنات کی ہی دوسری تعبیر ہے۔ موجود کے دوسرے معنی صادق ہیں یعنی کسی ذہنی تصور کی خارجی حقیقت سے مطابقت جیسے طبیعت یا کلی طبیعی موجود ہے یعنی کلی طبعی کا جو تصور ہمارے ذہن میں ہے وہ اسکی خارجی حقیقت پر صادق یا اسکے مطابق ہے۔ موجود کا تیسرا اطلاق خارجی حقیقت سے مخصوص ہے، اس معنی میں تمام جوہری اور عرضی حقائق موجود ہیں یعنی خارجی وجود رکھتی ہیں اور بذاتہا ہیں۔ عرضی حقائق کی عرضیت کا تعلق انکی اپنی ماہیت اور ذات سے نہیں، کیونکہ کسی حقیقت اور ماہیت کے بنفسہا اور بذاتہا بالعرض ہونے کے کوئی معنی نہیں۔ ذات اور حقیقت ہو اور بذاتہا نہ ہو ایک طرح سے تناقض ہے۔ انکی عرضیت کا جہاں تک تعلق ہے انکی اپنی ماہیت کے اعتبار سے نہیں بلکہ دوسری موجودات کے ساتھ اعتبار و لحاظ سے ہے[2]۔

وجود کی خارجی اور ذہنی وجود میں تقسیم: موجود کی اپنے پہلے اطلاق کے لحاظ سے دو قسمیں ہیں، خارجی اور ذہنی۔ خارجی موجود سے ایسا موجود مراد ہے جس کا محل ہمارا ذہن اور شعور نہیں، وہ ہمارے ذہن اور اسکی شعوری قوتوں سے الگ اور ان سے باہر اور خارج ہے، ہمارے جاننے اور ماننے سے اسکی ہستی کا تعلق نہیں، ہم اسکو جانیں، مانیں یا نہ جانیں اور نہ مانیں، ہمارا ذہن اور اسکی شعوری قوتیں ہوں یا نہ ہوں بلکہ ہم خود بھی ہوں یا نہ ہوں اس کے وجود پر کوئی اثر نہیں پڑتا، وہ موجود ہے اور اپنی جگہ برقرار ہے، جیسے ہمارے سامنے کے محسوس حقائق، کہ ان کو کوئی جانے یا نہ جانے وہ ہیں، یہ اصل ہیں اور علم و شعور تابع [4]

ذہنی موجود سے ایسا موجود مراد ہے جسکا محل ہمارا ذہن اور شعور ہے، اگر ذہن اور اسکی شعوری قوتیں نہ ہوں تو اسکے ہونے کے کوئی معنی نہیں۔ مثلاً انسان بقیدِ عموم یا حیوان بقیدِ جنسیت کہ یہ صرف ذہنی موجود ہیں، اگر ذہنی شعور نہ ہو تو یہ وجود کی سطح سے غائب ہو جائیں، گویا یہ اپنی ہستی میں ہمارے علم و شعور پر موقوف و منحصر ہیں ان کے وجود کے بارے میں ہمارا علم و شعور اصل ہے اور انکی ہستی اسکی تابع [5]

خارجی اور ذہنی وجودوں میں جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں، خارجی وجود اصل، اولیٰ اور اسبق ہے اور ذہنی وجود اس کا سایہ، کہتر اور پیچھے۔ حقیقی آثار و احکام کا حامل خارجی وجود ہے، ذہنی وجود حقیقی خصوصیات سے معرّیٰ ہے [6]

خارجی موجود کی جوہر و عرض میں تقسیم: خارجی موجود کی دو قسمیں ہیں جوہر اور عرض۔ جوہر ایسا موجود ہے جو اپنی ہستی میں کسی موضوع کا محتاج نہ ہو۔ یعنی اسکی موجودگی کسی ایسے محل کی متقاضی نہ ہو جو اپنی وجود میں حال سے مستغنی ہو اور حال کا محتاج نہ ہو اور موضوع یا محل غیر محتاج میں سریانی یا طریانی طور پر شامل ہوئے بغیر بطور خود موجود ہو مثلاً جسم اور اس کے ترکیبی اجزا: مادّہ و صورت اور عقل و نفس۔ جیسا کہ گذر چکا ہے عرض اگرچہ بذات خود ماہیت اور حقیقت ہے اور حقیقی وجود رکھتا ہے لیکن کسی جوہری موجود میں شامل، سمایا ہوا اور تابع ہو کر ہی پایا جاتا ہے، چنانچہ اس کا ہونا جوہری موجود میں ہی ہونا ہے، جوہری موجود سے الگ ہو کر اس کی خارجی ہستی نہیں۔ مثلاً سیاہی، تمکّن وضع وغیرہ جو بذات خود ہوتے ہوئے ان کا ہونا کسی جسم میں ہونا ہی ہے۔ یہ اگرچہ ہمارے شعور و ادراک کے تابع نہیں، ان کا شعور و ادراک ہو یا نہ ہو وہ جیسے کے تیسے ہیں۔ سیاہی بھی اپنی جگہ ہے اور تمکّن و وضع بھی، انکی بھی امتیازی خصوصیت اور نمائشی وجود ہے۔ جسکی بنا پر جوہری وجود متبوع اور مقدم اور یہ تابع و مؤخر ہے [7]

انضمامی اور انتزاعی عرض: عرض دو طرح کے ہیں، کچھ اس طرح کے ہیں کہ اپنے جوہری محل سے متمیز اور الگ پہچانے جاتے ہیں اور وہم انکی شخصیت کو اپنے محل میں ساری اور طاری ہونے کے باوجود ممتاز کر لیتا ہے۔ جیسے سیاہی سپیدی کہ جسم میں پھیلے ہوئے اپنا متمیز وجود رکھتی ہیں۔ ایسے عرض کو انضمامی عرض کہا جاتا ہے، ان کے برخلاف کچھ اس طرح

کے ہیں کہ اپنے جوہری محل سے متمیز نہیں کہ ان میں ساری یا طاری ہوں اور محل سے الگ پہچانیں جائیں بلکہ خارج میں صرف جوہری وجود ہوتا ہے لیکن ایسی حالت میں کہ عقل اس سے انکا استنباط و انتزاع کر سکتی ہے لیکن جوہری محل کی یہ حالت خارجی ہوتی ہے، ہمارے شعور و ادراک کے تابع نہیں کہ اگر شعور و ادراک نہ ہوں تو اس کا زوال ہو جائے اور جوہری محل کی یہ حالت باقی نہ رہے، چنانچہ ان کا اپنا وجود محض ذہنی ہوتا ہے۔ مثلاً فوقیت و تحتیت و دیگر نسبتی عرض کہ انکا جسم سے متمیز اور الگ پہچانے جانے والا وجود نہیں بلکہ جسم کی اپنی خارجی وضع اور حالت ہے کہ جس سے عقلاً یہ ماخوذ ہیں۔ چاہے کوئی اخذ کرنے والا ہو یا نہ ہو لیکن جسم کی یہ حالت اور وضع جو ان کا ماخذ ہے بحالہ قائم و برقرار رہتی ہے، ہمارے شعور و ادراک کے تابع نہیں بلکہ ہمارا شعور و ادراک اس وضع اور حالت کا تابع ہے کہ اگر خارجاً اور عیناً جسم کی یہ حالت نہ ہوتی تو عقل و ذہن انکا شعور نہ رکھتا۔

واقعیت : "موجود" کے اطلاقات کی تفصیل سے واضح ہو گیا ہو گا کہ واقعیت اور ناواقعیت کا تعلق "موجود" کے دوسرے اطلاق سے ہے۔ "موجود" کا پہلا اطلاق منفرد اور تصوری حقائق کی اسی حیثیت میں تعبیر ہے اور کسی حکم اور دعوے پر مشتمل نہیں جبکہ واقعیت کا مطلب ہے کسی حکم اور دعوے کے نفس الامر کے مطابق ہونے اور نہ ہونے کا، اور حکم و دعوے کے بغیر نفس الامر سے مطابقت اور عدم مطابقت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، محض انسان، محض سیاہی، محض عرض و طول جب تک ان کے ساتھ کوئی حکم اور دعویٰ کم از کم فی انفسہا ہونے اور نہ ہونے کا ہی سہی نہ ہو تب تک انکا واقعی اور غیر واقعی یا صادق و غیر صادق ہونا بالکل بے معنی ہے۔ "موجود" کے تیسرے اطلاق کا بھی یہی حال ہے کہ وہ خارجی منفرد حقیقتوں کی اسی حیثیت میں تعبیر ہے، کوئی حکایت یا نقل "نہیں ہے اور نہیں" کا دعویٰ اور حکم "نہیں اور ہے اور نہیں" کے بغیر واقعیت اور ناواقعیت بے حقیقت ہیں۔ "موجود" کا دوسرا اطلاق جو صادق کا ہم معنی ہے، حکم اور دعویٰ پر مشتمل ہے اور اپنی جگہ حکایت ہے جو واقع اور نفس الامر سے مطابق ہونے اور نہ ہونے کا احتمال رکھتی ہے، اب اگر واقعہ محکی عنہ اور نفس الامر کے مطابق ہے تو صحیح، صادق، واقعی اور حقیقت ورنہ غلط، کاذب، ناواقعی اور فریب ہے۔ یہی واقعیت اور ناواقعیت کا تعلق ہے اسکی واقعیت کو پرکھنے اور جانچنے کے لیے میار اور کسوٹی کی ضرورت ہے۔[۱]

مسلم فلاسفہ کے نزدیک واقعیت کا مدار : یہ گذر چکا ہے کہ واقعیت اور ناواقعیت کا مدار کسی حکایت کے اپنے محکی عنہ سے مطابق ہونے نہ ہونے پر ہے، حکایت خارجی وجود سے بھی ہو سکتی ہے مثلاً سورج کا ہونا، ذہنی وجود سے بھی ہو سکتی ہے، مثلاً انواع و اجناس کا ہونا۔ چنانچہ اگر سورج خارجاً حقیقت ہے تو "سورج ہے" صادق ہے۔ اسی طرح اگر کوئی ذہنی تصور ذہناً نوع یا جنس ہے تو نوع و جنس واقعیت اور واقعی تصورات ہیں چونکہ ان قضایا اور احکام کی واقعیت ان کے متعلق ہمارے علوم و معارف کے صحیح اور واقعی ہونے پر موقوف ہے اور یہیں سے ہمارے علوم و معارف کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔

ہمارے علوم و معارف کا کچھ حصہ بدیہیات پر مشتمل ہے اور کچھ نظریات پر۔ بدیہیات ایسے حقائق یا احکام ہیں، جنکے حصول میں نظر و فکر کی ضرورت نہیں پڑتی کہ اپنے معلومات کو ایک خاص ڈھنگ سے مرتب کریں اور ان سے کوئی حقیقت یا کوئی مثبت و منفی نتیجہ حاصل کریں، برخلاف ازیں نظریات کی تحصیل کے لیے اپنی معلومات کو خاص شرائط کے ساتھ ترتیب دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ نظریات کا منتہیٰ اور مقطع بدیہیات ہی ہوتے ہیں۔ بدیہی احکام ایسے مطابقِ واقعہ یا صادق احکام ہیں جنکی صداقت اور واقعیت ہر قسم کے شک و شبہ سے بالا ہے۔ ان میں اولیات، محسوسات فطریات شامل ہیں۔ اولیات: یعنی جنکی تصدیق کرنے پر عقل انسانی محض انکی اپنی وجہ سے مجبور ہوتی ہے، وہ کسی سے حاصل اور مکتسب نہیں ہوتے بلکہ خود ذریعۂ اکتساب ہوتے ہیں، مثلاً بطور کلیہ کہ دو ایک سے زیادہ ہیں۔ محسوسات خواہ حواس ظاہری جیسے سورج روشن ہے یا باحساس باطنی جیسے بھوک، پیاس وغیرہ ہیں۔ فطریات یعنی ایسے احکام جنکی تصدیق کے لیے اگرچہ واسطہ درکار ہوتا ہے لیکن یہ واسطہ کبھی عقل سے غائب نہیں ہوتا جیسے چار جفت ہیں، کیونکہ یہ بالکل متساویین ہیں۔ خلاصہ یہ کہ وہ احکام واقعی اور یقینی ہوتے ہیں جو خود ان میں سے کسی حکم پر مشتمل ہوں یا ان کا انقطاع اور اختتام ان میں سے کسی ایک پر ہو بلا واسطہ یا بوسائط۔ گویا صدق اور واقعیت کی بنیاد سب سے پہلے خود فطرت یا عقل فعال کے افادے پر ہے پھر عقل اور مشاہدہ با مداد عقل پر۔[۱۰]

واقعیت کا معیار: تفصیل بالا سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ کسی حکم کی واقعیت اور نفس الامر سے مطابق ہونے کو جانچنے کا معیار یہ ہے کہ دیکھا جائے کہ آیا یہ حکم خود اوائل عقلیہ میں سے ہے کہ عقل اسکی تصدیق پر مجبور ہے یا اس کی انتہا ایسے حکم پر ہے۔ اگر حکم اوائلِ عقلیہ سے تعلق نہیں رکھتا تو فطریات میں سے ہے یا ان پر اس کا اختتام ہوا ہے۔ واقعیت کی تیسری صورت یہ ہے کہ وہ حکم ہمارے اپنے محسوسات کی سچی حکایت ہے یا ان تک اس کا سلسلہ پہنچتا ہے۔

اگر غور و تعمق سے دیکھا جائے تو فطریات اور محسوسات دونوں مشاہدات میں شامل ہیں تو گویا واقعیت کا معیار اولیات اور مشاہدات ہیں۔ مشاہدات یوں بھی اصل ہیں کہ وہی ہمارے تمام علوم و معارف کا حقیقی مأخذ ہیں کیونکہ ایسے ذہنی تصورات جو عینی اور خارجی موجودات سے ماخوذ نہیں وہ کاذب اور اختراعات میں شامل ہیں، چنانچہ علم کا حقیقی اور ابتدائی اطلاق اعیان وجودیہ یا موجوداتِ خارجیہ پر ہی ہوتا ہے اور حواس ہی وہ راہیں ہیں جن سے نفس انسانی علوم و معارف حاصل کرتا ہے، کلیات کا ادراک بھی خارجی جزئیات کے مشاہدے سے ہی ہوتا ہے، صورِ ذہنیہ یا صور علمیہ پر علم کا اطلاق ثانوی اور اعیانِ خارجیہ کے سبب سے ہوتا ہے۔[۱۱]

یہ سچ ہے کہ مشاہدات کبھی دھوکا اور فریب بھی ثابت ہوتے ہیں اس لیے صرف مشاہدے پر واقعیت کا حکم لگانا صحیح نہیں، چنانچہ ایسے مشاہدات جن میں دھوکے اور فریب کا امکان ہے وہ ناقص مشاہدات ہیں جنکے اتمام و تکمیل

کے لیے کبھی تو دوبارہ سہ بارہ اور باریک بینی سے حسّی مشاہدہ ہی کافی ہوتا ہے اور کبھی عقل سے مدد لینی پڑتی ہے اور اسطرح کامل مشاہدہ واقعیت کی صورت اختیار کر لیتا ہے[۱۱]۔

جہاں تک اوائل عقل یا اولیات کی واقعیت کا تعلق ہے تو یہ ایسے قضایا ہیں جن پر بلا بحث و فکر یقین ہوتا ہے حتی کہ ان پر یقین کرنے والے کو کسی ایسے وقت کا بھی شعور نہیں ہوتا جسمیں وہ محسوس کرے کہ اس وقت اس کے لیے ان قضایا کے یقین سے خالی ہونا جائز تھا، چنانچہ ایسا بچہ جسمیں ابھی عقل و خرد تک نہیں پیدا ہوئی ہے۔ اس میں بھی اولیات کے حصول کی صلاحیت واستعداد ہوتی ہے اور وہ اسکو مبدأ فیض سے خود بخود حاصل ہو جاتے ہیں اور حواس تک کی مدد کی ضرورت نہیں پڑتی نہ قصد وارادہ درکار ہوتا ہے۔ بلکہ ان کے حصول کا شعور تک نہیں ہوتا۔ یہ عام مشاہدہ ہے کہ دودھ پیتا بچہ بھی کسی ایک چیز کو دوسری رکھی ہوئی چیز کی جگہ سے اٹھانے کی کوشش نہیں کرتا، کیونکہ مبدأ فیاض نے اس کے دل میں ڈال دیا ہے کہ ایک مکان میں دو چیزیں نہیں سما سکتی ہیں' اس کے اس علم کی بنیاد اس کی استعداد اور صلاحیت ہی ہے جسکے سارے صفحے پر نقاش ازل پر الزام ہے، وتعالی اللہ عن ذلک علواً کبیراً۔

واقعیت کی سطحیں، مدارج اور اصناف:۔ گذشتہ بیان سے ہی معلوم ہو گیا ہوگا کہ واقعیت کی دو سطحیں ہیں' خارجی یا عینی اور داخلی یا ذہنی پہلی سطح حقیقی اور حسّی وجود کی ہے اور دوسری دلی اور عقلی وجود کی جسکا ماخذ کسی نہ کسی حیثیت میں عینی وجود ہے اور یہی ان کی درجہ بندی ہے کہ پہلے کو واقعیت مقدم اعلیٰ اور ازید ہے جبکہ دوسرے کی موخر' ادنی اور انقص ہے۔ پھر واقعیتِ خارجی کی دو صنفیں ہیں۔ جوہری واقعیت اور عرضی واقعیت' ان میں جوہری واقعیت مستقل ہے اور عرضی واقعیت محل کی تابع ہے۔ اسی طرح ذہنی واقعیت میں کچھ معقولاتِ اولیٰ ہیں جو خارجی موجودات کی صور کی حد تک ہیں اور معقولات ثانیہ وثالثہ وغیرہ جن میں ذہن کا عمل بھی شامل ہے' ان میں بھی معقولات اولیٰ اصل ہیں اور ثانیہ وثالثہ وغیرہ فرع۔

مختلف حقائق کی واقعیت کی نوعیت:۔ اصل یہ ہے کہ اشیاء یا حقائق جب تک منفرد تصورات اور سادہ حقائق ہیں اور کسی واقعے کی حکایت نہیں کرتے' ان میں واقعیت اور غیر واقعیت کا مسئلہ نہیں پیدا ہوتا لیکن جوں ہی ان پر موجودگی کا حکم کیا جاتا ہے اور اس طرح وہ "ہلیہ بسیطہ"[۱۲] کی صورت میں قضایا ہو جاتے ہیں یا وجود کے بعد کسی صفت سے ان کے اتصاف کی ہلیہ مرکبہ کی حیثیت میں حکایت کی جاتی ہے تو ان میں واقعیت اور ناواقعیت کی بات اٹھتی ہے۔ ریاضیاتی حقائق ہوں' طبیعیاتی ہوں یا مابعد الطبیعاتی' خواہ معاشرتی ہوں خواہ لسانیاتی' یا جمالیاتی' سب پر واقعیت اور ناواقعیت کا ایک ہی قانون حاوی ہے جو حکایت سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر یہ حکایت محکی عنہ اور نفس الامر کے مطابق ہے تو واقعی ورنہ ناواقعی۔ فرق محض اس لحاظ سے کہ مظاہر فطرت یا حسی موجودات میں حکم اور حکایت اسی محسوس و مشہود دنیا سے تعلق رکھتے ہیں۔

اور انھیں سے مطابقت اور نامطابقت کی بنا پر وہ واقعی اور ناواقعی ہوتے ہیں۔ اس کے برخلاف ریاضیاتی حقائق کے محکی عنہ کم متصل و منفصل کے احوال و عوارض ہوتے ہیں۔ مزید یہ کہ یہ دونوں عرض ہیں اور خارجی وجود میں جوہر کے محتاج۔ یہی حال ہے جمالیات کا۔ اگر فن پارہ سرے سے موجود ہی نہیں یا وہ ہمارے ذوق جمال کی تسکین نہیں کرتا تو اس کے متعلق پست یا جمیل کا حکم کرنا غیر واقعی ہے کسی سماج کی موجودگی یا اسکے ترقی پسند ہونے کی واقعیت کسی انسانی کثرت پر سماج کا اطلاق اور سماج کا ترقی پسند ہونا ہے۔ زبان کے ہونے کی حکایت کا محکی عنہ آوازوں پر زبان کا حقیقی صدق ہے۔ چونکہ یہ سب عرض ہیں۔ اس لیے ان کا ہونا کسی جسم میں ہوتا ہے۔ ان کی واقعیت کا جہاں تک تعلق ہے کسی جوہر طبیعی یا جسم کی واقعیت سے مختلف نہیں، وہ جوہر طبیعی یا جسم، چاند، سورج ہوں یا کوئی اور جسم اگرچہ موجودگی کی نوعیت میں ازبس اختلاف ہے، وہی اختلاف جو جوہر و عرض کے دور میں ہوتا ہے یعنی بغیر محل محتاج اور موضوع میں ہوئے موجودگی اور موضوع میں ہو کر موجودگی۔

مکان و زمان اور مکانیات و زمانیات کی واقعیت کے معنیٰ:۔ مسلم فلاسفہ کے نزدیک واقعیت اور ناواقعیت کا ایک ہی مفہوم ہے اور وہ نفس الامر سے مطابقت اور نامطابقت ہے۔ نفس الامر کے خود موضوع کا ایسی حالت میں ہونا ہے کہ اس سے محمول کا وہ کوئی بھی ہو، اس ظرف میں انتزاع ہو رہا ہو جس طرف سے اسکی حکایت کا تعلق ہے یعنی خارج یا ذہن۔[14]

(۱) مکان عام طور سے جمہور فلاسفہ کے نزدیک جسم حاوی کی اندرونی سطح ہے جو جسم محوی کی بالائی سطح کو ہر گوشے اور ہر خم و راست سے گھیرے ہوئے ہوتی ہے۔ ہر جسم اسی میں ہوتا ہے، اسی سے منتقل ہوتا ہے اور اسی میں آتا ہے، صرف فلک الافلاک اس سے مستثنیٰ ہے کہ اس کی وضع ہی مکان کا بدل ہو جاتی ہے۔ مکان اپنے اس مفہوم کے لحاظ سے خارجی وجود اور عرض ہے جو جسم حاوی میں پھیلا ہوا ہے۔ لیکن کچھ اہل تحقیق کی رائے میں مکان ایسا بعد ہے جو طول و عرض و عمق کو چھوڑ کر بقیہ جسمی خصوصیات سے معریٰ ہے۔ ایسا بعد مجرد واقع میں موجود ہے یا ہمارے وہم کا زائیدہ ہے، اس میں راہیں مختلف ہیں۔ تیسرے مسلک کی بنا پر تو مکان حقیقی وجود ہی نہیں رکھتا، پہلے اور دوسرے خیال کی بنا پر خارجی حقیقت ہے اور ویسا ہی موجود ہے جیسے دیگر اجسام یا ان کے اعراض۔ مکانی چیزیں یا اجسام ہیں اور دوسری طبیعی چیزوں کی طرح جوہری وجود رکھتی ہیں۔[15]

(۲) عام مسلم فلسفی زمانے کو کمِ متصل، ناقرار پذیر، مستمر، مستدیرہ حرکت کی مقدار کہتے ہیں اور چونکہ یہ قدیم ہے کہ اسکی نہ ابتدا نہ انتہا اور ایسا جسم جسکی حرکت بغیر انقطاع ازل سے ابد تک مستمر ہو اور مختلف بطیئی، سریع اور اسرع منجب کی تقدیر کر سکے، فلکِ معدل النہار کی ہی ہو سکتی ہے، چنانچہ زمان فلک اطلس کی حرکت کی مقدار ہے اور عرض ہے

جو حرکت میں پھیلی ہوئی اور ساری ہے۔ کچھ اہل تحقیق کے نزدیک یہ وجود کی قدر ہے جو ساکن اور متحرک دونوں کی پیمائش کرتا ہے اور اس طرح نفسِ وجود کی جو دونوں میں مشترک ہے تقدیر کرتا ہے، یہ کوئی ایسا عرض نہیں جو وجوداً موجود سے الگ ہو بلکہ سب سے طویل اور مستمر وجود سے جو قصیر واقصر وجود دن کو نسبت ہے، اس کا ذہنی اعتبار و لحاظ ہے، چنانچہ زمانے کا کوئی اپنا تجریدی وجود نہیں نہ اسکی کوئی قائم ذاتی ہویت ہے، گویا یہ نازوال پذیر، غیر متغیر کی زوال پذیر اور متغیر و متبدل سے نسبت کا نام ہے۔ اس خیال کی ایک تعبیر یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ باری تعالیٰ کی شئون مستمرہ سے ماخوذ قدر ہے اور چونکہ کل یوم ھو فی شان کے اعتبار سے اسکی شئون ازلاً اور ابداً جاری ہیں اس لیے زمانہ بھی ازلی اور ابدی ہے کیونکہ ایجاد وجود اس کی شان کا ہی کرشمہ ہے جو ہمارے کائناتی وجود پر چھائی ہوئی ہے، ہمیشہ سے ہمیشہ تک، اس سے نہ حرکت بچی ہوئی ہے نہ متحرک، نہ سکون بچا ہوا ہے نہ ساکن، وجود کی طرح سب میں ساری بلکہ خود وجود ہے جو تمام وجودوں پر حاوی اور انکا خلاق ہے۔ جہاں تک زمانے کے متعلق عام فلسفیوں کا خیال ہے، زمانہ عرض ہے اور ایسے عرض میں پھیلا ہوا ہے یعنی حرکتِ غیر قارہ میں جو فلک اطلس میں حال ہے اور بنفسہٖ خارجی حقیقت ہے اور اپنے وجود میں جوہری وجود کی تابع۔ زمانی موجودات کچھ عرض ہیں اور کچھ جوہر، کچھ تابع اور کچھ متبوع۔ دوسری رائے کے تحت زمانہ اگرچہ عرض ہے لیکن نسبتی اعراض کی طرح ذہنی انتزاع ہے، خارج میں اس کی اپنی جداگانہ شخصیت نہیں بلکہ وجود کی طرح تمام موجودات پر وہ ذہنی ہوں یا خارجی، جوہری ہوں یا عرضی، دائم ہوں یا کون و فساد کے چکر میں پھنسی ہوئی سب پر حاوی ہے۔[۱۶]

یہ یاد رہے کہ واقعیت کا تعلق موضوع کی اسی حیثیت سے ہے کہ اس سے محمول کا انتزاع صحیح ہو، محمول خود وجود بھی ہو سکتا ہے اور وجود کے بعد کے اوصاف بھی۔ موضوع کا واقعیت میں خصوصی اعتبار نہیں۔[۱۷]

علم

صدق کا معیار:۔ صدق کا تعلق قضیے اور حکم سے ہے، اگر کسی قضیے اور حکم کا موضوع اس ظرف میں جس ظرف سے حکایت کی گئی ہے ایسی حالت میں ہے کہ اس سے ذہن محمول کا انتزاع کرے تو قضیہ صادق ہے ورنہ کاذب۔ مثلاً زید شاعر ہے، ایسا قضیہ اور حکم ہے جسکی خارج سے حکایت کی گئی ہے اور ایک خارجی واقعے کا بیان ہے تو اگر خارج میں زید کی ایسی شخصیت ہے کہ ذہن اس سے اس کے شاعر ہونے کو اخذ کر سکتا ہے تو قضیہ صادق ہے اور اگر زید کی شخصیت ایسی نہیں ہے تو کاذب ہے یا مثلاً حیوان جنس ہے، ایسا قضیہ ہے جو حیوان کے ذہنی وجود سے تعلق رکھتا ہے۔ اب اگر ذہن میں حیوان کا تعلق ایسا ہے کہ اس سے جنسیت کا استنباط ہوتا ہے تو صادق ہے اور اگر یہ حکم کیا جائے کہ "حیوان نوعِ حقیقی ہے" تو کاذب ہے۔ یہی موضوع کی حالت اور حیثیت ہے جسکو محکی عنہ، نفس الامر اور واقعہ

سے بھی تعبیر کرتے ہیں اور اس سے مطابقت کا نام کذب ہے۔

صحیح علم کا معیار :۔ تصوری علم میں تو صحیح اور غلط ہونے کے معنی نہیں، گفتگو تصدیقی علم میں ہے کہ وہ صحیح بھی ہوتا ہے اور غلط بھی۔ جہاں تک تصدیقات اولیہ، فطریہ و مشہودہ و محسوسہ مشترکہ عقل کا تعلق ہے تو ان کا یقینی ہونا گزشتہ بیان سے واضح ہو چکا ہے، مسئلہ تصدیقاتِ نظریہ تک محدود رہتا ہے۔

چنانچہ تصدیقاتِ نظریہ کا حصول اگر تحصیل کے فطری قواعد جنکی تدوین منطق ہے، کے تحت ہوتا ہے تو تصدیقی علم صحیح ہے ورنہ غلط اور صحیح دونوں کا احتمال ہے۔ گویا معیارِ صحت منطق یا وہ فطری اصول ہیں جنکو سامنے رکھکر منطقی قواعد کی تدوین ہوئی ہے۔ ان اصول کی تفصیل اور اغلاطِ تحصیل کی نشاندہی کافی طول بیان چاہتی ہے جس کا یہ مختصر مقالہ متحمل نہیں تفصیل کے لیے کتب منطق کی برہان کی بحث سامنے رکھیے۔

علم کی کلیۃً صحت ؟ اور علم کا تغیر، نشو و نما اور ارتقا :۔ ہمارا علم ابھی تک اپنے کمال کو نہیں پہنچا ہے اور شاید کبھی پہنچے بھی نہیں، علم کا تغیر، نشو و نما اور ارتقا انسان کے اپنے ذہن اور فکری تغیرات، اسکی تسلطی نشو و نما اور مسلسل ارتقاء سے وابستہ ہے اور چونکہ انسان خود اپنے کمال کو نہیں پہنچا ہے اس لیے اسکے علم کے کمال کو پہنچ چکنے کے کوئی معنی نہیں۔

علم کی تحصیل مخزونہ معلومات سے ہوتی ہے جنکا آخری مدار مشاہدات اور اولیات ہیں یا نتائج کی طرف فوری ذہنی انتقال جسکی تعبیر ہمارے فلسفی حدس سے کرتے ہیں، اور عقلِ فعّال کا فیضان یا الہام و القا کہتے ہیں۔ اور قابل کی استعداد کو علتِ مادی قرار دیتے ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ معلومات میں ساعت بہ ساعت بلکہ دقیقہ بہ دقیقہ اضافہ جاری ہے، استعداد بڑھتی جا رہی ہے اور فیضانِ الٰہی کا دروازہ بند نہیں ہوتا ہے۔ مشاہدہ باریک سے باریک تر، عمیق سے عمیق تر، وسیع سے وسیع تر اور حاوی سے حاوی تر ہوتا جا رہا ہے۔ اس لیے قواعدِ تحصیل و کسب کے ساتھ بھی علم برسر تغیر و تبدل اور نشو و نما کے مرحلے میں ہے اور برابر ترقی پذیر ہے۔ ارتقاء کے حلقوں کی کوئی نہایت نہیں۔ موجود کو باقی سے کوئی نسبت نہیں اور شاید انسانی قسمت ہی یہ ہے کہ وہ ہمیشہ قلتِ علم کا شکار رہے اور عروسِ کمال کے چہرہ کی نقاب کشائی نہ کر سکے، بوعلی کے نصیب میں ہی غبار ناقہ کے دھند میں تاریک ٹوئیاں مارنا ہے پردہ محمل کبھی ہاتھ آجاتا ہے اور کبھی نہیں، پھر جس پر ہاتھ پڑا ہے کون کہہ سکتا ہے کہ وہ لیلیٰ کے ہی محمل کا پردہ ہے۔

مختلف علوم کے مختلف مناہج تحقیق : بے شبہ علوم کے اختلاف کے ساتھ انکی تحقیق کے طریقے اور نہج بھی جدا جدا ہوتے ہیں، راہیں الگ الگ ہوتی ہیں اور علائم و امارات بدلی ہوئی لیکن یہ بھی اصول تمثیل، استقرا اور قیاس میں ہی محدود رہتے ہیں بلکہ تمثیل و استقرا سے آگے نہیں بڑھتے۔ یہ الگ بات ہے کہ مناہج تحقیق جدا ہونے کے باوجود ان میں تال میل قائم

رہتا ہے اور ایک دوسرے کے لیے معاون ثابت ہوتے ہیں۔ مثلاً لسانیات کے معاد تحقیق سے استخراجِ نتائج کی ماہیں اثریات، جزئیات حصر، عکیات ہیں نہیں تاہم قواعدِ استخراج یہی تمثیل و استقراء و قیاس ہیں۔

زبان، فکر اور واقعیت

ملفوظی اور مکتوبی زبان کا رشتہ اور ان میں اوّلیت:۔ مسلم فلسفیوں کے نزدیک الفاظ کا اصل موضوع لہٗ صُوَرِ ذہنیہ ہیں، جو محسوسات سے ماخوذ ہیں۔ متاخرین میں کچھ لوگ ذہن و خارج کی تخصیص کے بغیر محض حقائق کو بھی الفاظ کا موضوع قرار دیتے ہیں، چونکہ نقوش یا کتابت کا مدلول الفاظ ہیں[۱۵] تو گویا مکتوبی زبان اور ملفوظی زبان میں دالّ مدلول کا علاقہ ہے مکتوبی زبان دال ہے اور ملفوظی زبان مدلول، اسی بنیاد پر ملفوظی زبان مقدم ہے اور مکتوبی مؤخر کیونکہ جس شے کے لیے کوئی شے مقرر کی گئی ہے اسکو مقرر کی جانے والی شے سے مقدم ہونا چاہئیے ورنہ وضع اور تقرر معدوم کے لیے ہوں گے اور وہ بھی معدوم مطلق کے لیے جسکو عقل قبول نہیں کرتی۔

زبان کی ابتدائی اکائیاں اور تصوّر و تصدیق:۔ تحلیلی طور پر اول لفظ اور پھر جملے زبان کی اکائیاں ہیں لیکن جہاں تک حقیقی اولیت کا تعلق ہے شاید جملے اصل اور اوّل ہیں، انسانی آوازوں نے جو لفظوں اور جملوں کا ترکیبی مواد ہے، غالباً پہلے کامل خیال اور جملوں کی نمائندگی کی ہے۔ گویا ابتدائی انسانی آوازیں خود جملوں کی قائم مقام اور ان پر دال ہیں کیونکہ انسان نے اپنے باطنی احساسات کا جن اصوات سے پہلی پہل اظہار کیا ہوگا وہ اس کے ظن و یقین کی نمائندگی کرتے ہوں گے۔ مفرد لفظوں کا جنم بہت بعد کی بات ہے اور اصوات کی تحلیل کا نتیجہ ہے مسلم حکماء جو الفاظ کا موضوع لہٗ صورِ ذہنیہ کو قرار دیتے ہیں، اصوات دالّہ کے متعلق جنھوں نے الفاظ کا چولا ہنوز نہیں بدلا ہے ان کا یہی دعویٰ قرینِ قیاس ہے اور اس صورت میں ان کے نزدیک بھی جملوں کو اصل اور اقدم ہونا چاہیئے۔ رہے تصور و تصدیق تو انکا اندازہ بھی لفظوں اور جملوں سے مختلف ہونا چاہئیے، ہاں تحلیل کے بعد تصور تصدیق پر مقدم ہے۔ اور ہمارے علوم و معارف کا تعلق صورِ ذہنیہ کی اس تحلیل کے بعد سے ہے۔

زبان اور مفہوم کا تعلق اور الفاظ کے ترادف کی بنیاد:۔ (۱) زبان اور مفہوم میں یہ تعلق تو ہے کہ زبان دالّ ہے اور مفہوم مدلول اور دال سے مدلول یا صورتِ ذہنی کی طرف انتقال بالکل فطری ہے، کبھی بلا قرینہ اور کبھی بقرائن قریبہ و بعیدہ، جو مفہوم کو متعین کر دیتے ہیں۔ بلا اشتباہ بھی اور باشتباہ بھی۔ اصل صورت تو یہی ہے کہ الفاظ اور جملے بالمطابقہ مفہوم پر دلالت کریں لیکن تضمن و التزام کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، حسب موقع و محل وہ بھی لازم کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مجاز، استعارہ اور کنایہ بھی مفہوم مراد پر دلالت کرتے ہیں لیکن بالقرائن لیکن انکی دلالت قطعی نہیں ہوتی اس لیے

علوم وفنون کی زبان میں علی سے احتراز واجب ہے الّا یہ کہ انکی دلالت بدیہی اور قطعی ہوجائے اور وہ عمومی یا خصوصی اصطلاح بن جائیں۔ (۲) جن لوگوں نے لفظوں کے باہمی تال میل، موقع، محل، تاریخ، تہذیب اور جزیاتی فرقوں کا لحاظ کیا ہے انھوں نے تو سرے سے ترادف کا ہی انکار کر دیا ہے۔ برخلاف ازیں جو الفاظ کے ترادف کے قائل ہیں ان کے نزدیک لفظوں کے ہم معنی ہونے کا فیصلہ عوام، اوساط اور خواص کے عرف اور تفاہم پر مبنی ہے۔ اہل زبان کے عرف اور تفاہم کی نمائندگی اسی زبان کی لغت کرتی ہے، چنانچہ ان لوگوں نے الفاظ کی شخصی خصوصیات، تال میل اور موقع ومحل کی نزاکتوں اور باریکیوں سے قطع نظر کرتی ہے اور معنی ومفہوم میں عمومی اشتراک کے اعتبار کو ہی کافی سمجھا ہے۔ مزید براں لفظوں کا سیاق وسباق، محل استعمال، عوامی تفاہم اور موقع کا قرینہ یہ طے کرنے میں ممد ومعاون ہوتے ہیں کہ باوجود الگ الگ لفظوں میں اظہار خیال کے مفہوم ایک ہی ہے، دال بدلے ہوتے ہیں لیکن مدلول واحد ہے۔

منطق، استدلال، انتاج

مقدمۂ دلیل کا اثبات وابطال : دلیل کا جو مقدمہ یعنی وہ قضیہ جو دلیل کا جز ہے اگر بدیہی اولی ہے یا فطری اور مشاہدہ ہے تو اسکو ثابت کرنے کا سوال ہی نہیں اٹھتا، وہ ثابت شدہ ہے، اس کا انکار مجادلہ اور مکابرہ ہے اور اگر بدیہی خفی ہے تو اسکی وضاحت کر دینا کافی ہے لیکن اگر نظری ہے تو اسکو برہانی قیاس، تمثیل یا استقراء سے ثابت کیا جانا چاہیئے اور انھیں شرائط کے ساتھ جو کتب منطق میں جمع کر دی گئی ہیں، نیز اس کے تالیفی تصورات کی بھی حدود ورسوم سے توضیح کی جانی چاہیئے اگر وہ واضح نہیں۔ مقدمۂ دلیل کے ایضاح واثبات کے یہی طریقے ہیں گویا اصل دعویٰ کو ثابت کرنے کے طریقے، دلیل کے کسی مقدمے کو ثابت کرنے میں بھی برتے جائیں گے کیونکہ دلیل کا جو مقدمہ بھی غیر ثابت شدہ ہوگا اسکی حیثیت بھی دعویٰ جیسی ہوگی اور مقدمۂ دلیل بننے کی صلاحیت نہیں رکھے گا۔

کسی مقدمۂ دلیل کے غلط اور باطل ہونے کی بہت سی وجہیں ہوتی ہیں مثلاً لفظی طور پر غلط ہے کہ اسمیں مشترک لفظ استعمال کر دیا گیا ہے اور جس معنی کے لحاظ سے وہ اس مقدمے میں صحیح ہے، دلیل کے دوسرے مقدمہ میں صحیح نہیں اس لیے مطلوبہ نتیجہ حاصل نہیں ہوتا، یا معنوی غلطی ہے کہ جو معنی مراد لیے گئے ہیں وہ معنی حقیقۃً مدلول لفظ نہیں۔ یا صورۃً غلط ہے کہ دلیل کا جز اور مقدمہ ہونے کے لیے جو شرائط ہیں وہ اس پر پورا نہیں اترتا، یا مادے کے اعتبار سے غلط ہے کہ برہانی استدلال میں اس کے ہر مقدمے کو یقینی ہونا چاہیئے، لیکن یہ مقدمہ ظنی ہے اس لیے اس سے یقینی نتیجہ برآمد نہیں ہو سکتا یا تالیفی طور پر غلط ہے مثلاً قیاس کی شکل اوّل میں صغریٰ کو موجبہ ہونا چاہیئے لیکن یہ مقدمہ صغریٰ ہونے کے باوجود سالبہ ہے مزید براں پوری دلیل کے باطل ہونے کی دوسری وجہیں بھی ہوتی ہیں مثلاً نقض ومعارضہ وغیرہ جیسے دلیل دعوے سے اخص ہے

اس لیے خلف کو مستلزم ہے یا اس کے صحیح قرار دینے سے بعض محالات کو ماننا پڑے گا یا بعض دوسرے دلائل ہیں جن سے دعوے کے خلاف ثابت ہوتا ہے۔

قوانینِ استدلال کی یکسانی اور عقلا و مفکرین میں اختلاف: (۱) واقعہ یہ ہے کہ اصولِ استدلال فطری ہیں اور عقلِ سلیم کا تقاضا جب بھی کسی دعوے کو ثابت کرنے کی یا تردید کرنے کی ضرورت ہوئی اہلِ فکر نے اپنی عقلِ سلیم کی ہدایت پر انہیں فطری اصول کے تحت استدلال، تعلیل اور تردید و ابطال کو ترتیب دیا۔ جہاں تک جزئیاتی فرقوں کا تعلق ہے وہ رہے لیکن عمومی طُرقِ اثبات و ابطال پر اثر انداز نہیں ہوئے۔ جزئیات سے جزئیات پر استدلال، جزئیات سے کلیات کا استنباط یا کلیات سے احکامِ کلیہ کا اخذ، بحالہا برقرار رہے اور آج بھی ہیں، ان طریقوں میں سے کبھی ایک طریقے کو اہمیت حاصل ہوئی کبھی دوسرے کو، یہ اپنے اپنے عہد کی فکری ارتقا اور انحطاط کی باتیں ہیں۔ اصولِ تعلیل و تحدید کے مقدمات و مبادی کچھ غیر ضروری سمجھے گئے کچھ ضروری، کسی نے ان خصوصی مبادی اور مقدمات سے سرمو تجاوز کرنا فکری خطا پر محمول کیا، کسی نے اعلانیہ تجاوز کیا لیکن ان کی بنا پر اصول پر حرف نہیں آیا۔ چنانچہ یہ سمجھنا کہ یہ ارسطا طالیس پر پہلی مرتبہ نازل ہوئے تھے سب سے بڑی غلطی ہے، ہمارے اہلِ فکر نے بھی ارسطو کو ان اصول و مقدمات و مبادی کا مدوِن سمجھا تھا نہ کہ مصنف و موجد۔[19]

اگر انسان کی عقلِ عمومی یا عقلِ سلیم میں مکان و زمان سے بنیادی طور پر فرق نہیں آتا یعنی اسکی دریابندگی معقولات کی کم و بیش قوت یکساں ہے تو اصولِ تفاہم کو بھی یکساں ہونا چاہیئے، سوجھ بوجھ کا نقشہ اور خاکہ بھی ایک ہونا چاہیئے، یہی ہمارا مشاہدہ اور مطالعہ ہے۔ دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک کے اہلِ فکر کی تقریریں، تحریریں ہم سمجھتے ہیں ان کے مقاصد اور دعاوی کو ان کے دلائل کی روشنی میں قبول بھی کرتے ہیں اور رد بھی اور اس ردّ و قبول میں فکر کا یہی اصولی خاکہ ممد و معاون ہوتا ہے۔ اگر یہ اصولی خاکہ ایک نہ ہوتا تو زمان و مکان کے فرق سے انکی حیثیت دیوانوں کی بڑھ اور بکواس سے زیادہ نہ ہوتی یا ان کے ردّ و قبول کا شاخصانہ نہ اٹھتا نہ انکی فکری اہمیت اور غیر اہمیت کا سوال پیدا ہوتا۔

(۲) ان اصولِ فکر کی عام اور عالمگیر یکسانی کے باوجود اسمیں بھی شبہ نہیں کہ عوام میں نہیں بلکہ خصوصیت سے اہلِ نظر و فکر میں فکری اختلاف رہا ہے اور غالباً رہے گا بھی لیکن اسکی وجہ یہ نہیں ہے کہ تجریدی اصولِ فکر میں بنیادی اختلاف ہے یا سوچنے سمجھنے کی قوتوں میں نوعی یا صنفی فرق ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ اہلِ فکر اور عقلا کی رایوں اور فکری نتیجوں میں اختلاف کے بہت سے اسباب ہیں جنکا اصولِ فکر سے تعلق نہیں بلکہ وہ خارجی عوارض ہیں جو اصولِ فکر پر حاوی ہو جاتے ہیں یا ان سے غافل بنا دیتے ہیں یا ان کے مواد میں توسیع، ترمیم یا کلیۃً تبدیلی پیدا کر دیتے ہیں اور اس طرح خود بخود نتائج بدل جاتے ہیں اور فکروں میں اختلاف ہو جاتا ہے۔

سایه ای موهوم، نگاهی فانی ام
در طواف باغ چون پروانه ها
در مدارِ بستهٔ حیرانی ام
برکه ای خشکم که در آن سوی آب
تشنهٔ یک لحظه بارانی ام
پیشتر می شد گریزی داشت، آه
پشت پیچکها چرا زندانی ام؟

کسی دوباره صدا زد

(مرضیہ موسوی)

حریم خانهٔ من باسکوت آذین است
به سال قحطی ایمان پناه من این است
کسی درون مرا از خودم تهی می کرد
کسی که حجم نگاهش هنوز سنگین است
به التهابِ دو بالی که خسته برگشتند
تمام دامنِ دریا ببین چه پرچین است
کسی دوباره صدا زد، بیا، ببین در دشت
پس از ترانهٔ باران کمانِ رنگین است

محمود سنجری

هلا! موج آشفته گیسوی دریا
مرا پل بزن تا فراسوی دریا
رها کن مرا ای رها مثل طوفان
صدا کن مرا ای هیاهوی دریا
مرا میل دریاست در صبحگاهان
که دارد نسیم سحر بوی دریا
خوشا بال در بال مرغان عاشق
سحرگاه پرواز بر روی دریا
گذشتیم از بند مرداب رخوت
چو دادیم بازو به بازوی دریا

ان نوجوان شعرا کی جو غزلیں پیش کی گئی ہیں ان سے ایک بات واضح ہوتی ہے کہ دورۂ بازگشت میں ایران میں فارسی غزل نے سبک خراسانی کی جو تقلید شروع کی تھی اس کا زور ٹوٹ گیا ہے، ان نوجوانوں کی غزلوں میں سبک ہندی کے اثرات نمایاں ہیں، خاص طور پر ایمائیت، مضمون بندی، ترکیب سازی، تجسیم سازی اور تمثیل نگاری کے لحاظ سے سبک ہندی کا تتبع موجود ہے لیکن یہ انداز غزل گوئی سبک ہندی سے مختلف بھی کہ اس میں مبتذل یا مشکل پسندی، بے جا خیال بندی، مضمون بندی، بے تکی ایہام گوئی موجود نہیں۔ ان غزلوں میں ایک پروقار طریقے سے، خوبصورت قرینے سے اور پراثر انداز میں عشقیہ مضامین اور حقائق حیات پیش کئے گئے ہیں۔ گویا یہ نیا رنگ سبک خراسانی، سبک عراقی اور سبک ہندی کا امتزاج ہے۔ اس جدید اسلوب کو مستقبل میں کس نام سے یاد کیا جائے گا یہ تو مستقبل ہی بتائے گا البتہ نوجوانوں کی وہ غزلیں جو پیش کی گئی ہیں فکر و فن، ہیئت اور انداز بیان کے حوالے سے خوبصورت ہیں اور اس دور کے نوجوانوں کی نمائندہ غزلیں ہیں، جو غزل کے خوش آیند مستقبل کی نشاندہی کرتی ہیں۔ اگر یہ نوجوان مسلسل مشق سخن کرتے رہیں تو توقع کی جا سکتی ہے کہ مستقبل قریب میں ان میں سے کوئی رومی، سعدی، حافظ جامی کے پایہ کا غزل گو شاعر بن کر ابھر سکے گا۔ اس باب کو عصر حاضر کے ایک نوجوان شاعر چنگیز بہمنی کے امید سے پر اس شعر پر ختم کرتے ہیں۔

شیهه اسب کیست؟ گوش کنید
شاید آن تکسوار موعود است

••

"کاوش" (۲) ۱۹۹۲ء

کتابیات

۱۔ ادبیات انقلاب اسلامی ایران مطبوعہ خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران دہلی

۲۔ شعر جنگ مطبوعہ وزارت ارشاد اسلامی ایران، تہران

۳۔ دفتر شعر جوان مطبوعہ وزارت ارشاد اسلامی ایران، تہران

غلام رازق خلیل الرحمٰن شیخ
گاندھی نگر گجرات

گجرات کی اردو بولی، ایک جائزہ

علاؤالدین خلجی کی فتح گجرات کے ساتھ زبان دہلوی کی شکل میں اردو گجرات میں وارد ہوئی لیکن اردو کی آمد سے قبل ہی گجرات میں بھی ایک ایسی ہی مخلوط بولی کا آغاز ہو چکا تھا۔ جو جدید ہند آریائی زبانوں کی طرح اپ بھرنش سے وجود میں آئی تھی اور چونکہ دونوں کے بنیادی عناصر میں حد درجہ مماثلت تھی۔ لہٰذا دہلوی زبان بہت جلد گجرات کی اُس مخلوط بولی میں گھل مل گئی اور اس طرح شمال سے آئی ہوئی زبان جب گجرات کی زبان میں گھلی ملی تو اس عملِ امتزاج سے زبان کی ایک ایسی شکل ظہور میں آئی جو بعد میں ممتاز ہو کر گجری اردو کہلائی۔[1]

حالانکہ محمد اکبرالدین صدیقی جیسے بعض دکنی محققین کا موقف تو یہ ہے کہ زبان گجری کا گجرات سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ وہ تو اسے دکن کے قصبات کی گذرگاہوں پر لگنے والی "گذری" سے منسوب کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہی "گذری" کثرتِ استعمال سے "گجری" ہو گیا۔[2] اور بعد میں یہی لفظ اُن بازاروں میں بولی جانے والی غیر فصیح اور معیاری زبان کے لیے استعمال ہونے لگا۔ لیکن اس خیال کو ماننے میں تامل ہوتا ہے، کیونکہ اس قسم کے بازار محض دکن میں ہی نہیں بلکہ گجرات میں بھی لگتے تھے۔ اور آج بھی لگتے ہیں۔ درحقیقت گجری نام گجرات کی مناسبت سے دیا گیا ہے، اور یہی زیادہ قرینِ قیاس ہے۔[3]

چونکہ گجرات میں زبان گجری کو صوفیائے کرام نے پہلے پہل ادبی درجہ عطا کیا۔ اس لیے گجری ادب کے نمونے جو دستیاب ہیں، وہ یا تو صوفیائے کرام کے ملفوظات ہیں یا پھر شاعری کے وہ نمونے جو شیخ بہاالدین باجنؒ، قاضی محمود دریائیؒ، شاہ علی جیو گام دھنیؒ اور خوب محمد چشتیؒ کے متصوفانہ کلام کے نمونے ہیں۔ غرض یہ کہ گجری اردو کا جو سرمایہ ہم تک پہنچا ہے، وہ صوفیائے کرام کے ملفوظات کے علاوہ پورا کا پورا شعری ادب پر مشتمل ہے۔ چونکہ اُس دور کے

---

[1] تاریخ ادب اردو، جلد اول۔ مرتبہ ڈاکٹر جمیل جالبی۔ ص ۹۳۔ [2] قدیم اردو، دور سوم، جلد اول ۱۹۷۱ء مرتبہ محمد اکبرالدین صدیقی کا مقدمہ ص ۲
[3] سخنورانِ گجرات، مرتبہ ڈاکٹر سید ظہیرالدین مدنی۔ ص ۲۹۔

صوفیائے کرام نے اس زبان کو رشد و ہدایت کا وسیلہ بنایا تھا۔ اس لئے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ اُس دور کے عوام کی زبان گجری رہی ہوگی۔ اس کے باوجود چونکہ اُس دور کے عوام کی بول چال کے نمونے دستیاب نہیں ہیں، لہٰذا ہمارے لیے یہ کہنا مشکل ہے کہ اس وقت کے خواص و عوام کی زبان میں کیا فرق تھا یا فصیح اور غیر فصیح کا کیا معیار تھا۔

تاہم صوفیائے کرام کے ملفوظات (مثلاً شاہ وجیہ الدین علوی کے ملفوظات جو بحر الحقائق کے ذریعے ہم تک پہنچے ہیں جیسے۔ (۱) اپنوں کو کشف ہوئے یا نہ ہوئے کام اس کا ہے۔ اور (۲) ولیوں کیاں صفتاں ہوتیاں ہیں۔ وغیرہ۔ اور گجری مثنویوں میں موجود معدودے چند مکالمات (مثلاً حامدی کی مثنوی "قصۂ نازنین پٹھان میں خان اور ناگرنی کے سوال وجواب یا پیر بین کی مثنوی "ہیر لال" میں خان اور ہیرا کے مکالمات) کے مطالعہ سے مندرجۂ ذیل نتائج مرتب ہوتے ہیں۔

۱۔ اس دور کی گجری اور دکنی میں انتہائی مماثلت اور یکسانیت پائی جاتی ہے حتیٰ کہ "گجری ادب" کو "دکنی ادب" میں ملا دیا جائے تو ایک کو دوسرے سے شناخت کرنا مشکل ہوگا۔

۲۔ مثنویوں کے گجراتی اور اردو مکالمات سے پتہ چلتا ہے کہ اس عہد کے عوام گجراتی زبان کو بخوبی سمجھتے رہے ہوں گے۔

۳۔ گجری میں جہاں عربی فارسی کے الفاظ کی بگڑی ہوئی شکلیں نظر آتی ہیں، وہیں ہندوستانی الفاظ کے ساتھ گجراتی زبان کے بے شمار الفاظ مختلف صورتوں میں اپنا رنگ دکھاتے ہیں۔

اس طرح گجری کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس دور کے عوام کی زبان پر گجراتی کے گہرے اثرات مرتب ہوئے تھے جن میں بعض اثرات تو آج بھی گجرات کے اردو بولنے والے عوام کی زبان میں پائے جاتے ہیں۔

گجری کے بعد کا جو دور ہے وہ گجرات میں جہاں تک شعر و شاعری اور ادبیات کا تعلق ہے، شمالی ہند کی اردو زبان اور اس کے معیار کے مطابق ہے۔ اور یہ دور جو ہمارے زمانے تک پھیلا ہوا ہے اس میں شعر و ادب اور علم و فن کی زبان معیاری یا ٹکسالی اردو سے مختلف نہیں ہے۔ لیکن گجری سے ضرور مختلف ہے۔ گجری سے اس معنی میں مختلف ہے کہ گجری زبان کے الفاظ قدیم اور متروک ہو جانے کے سبب اب ہمارے لیے بہت زیادہ قابلِ فہم نہیں رہے لیکن یہ علمی زبان تاحال قابلِ فہم ہے۔ ظاہر ہے کہ اس علمی زبان کے ارتقائی

مدارج میں جو زبان عوام بولتے ہوں گے وہ علمی زبان کی طرح معیاری تو نہیں ہوگی اور نہ ہی اتنی صحیح جتنی کہ آج کی معیاری اردو ہے۔ لیکن چونکہ علمی و ادبی اور خصوصاً نثر کی کتابوں کی کوئی ایسی مثالیں موجود نہیں ہیں، جن سے عوام کی بولی کا پتہ چل سکے اس لیے یہ کہنا مشکل ہے کہ اُس دور کے عوام کی زبان کی شکل کیا رہی ہوگی؟ آجکل گجرات کے عوام جو زبان بولتے ہیں کیا اس کی شکل بھی ویسی ہے جیسی آج سے دو سو سال قبل کی عوامی زبان کی تھی؟ تاہم گمان غالب ہے کہ جو زبان اُس دور کے عوام بولتے ہوں گے وہ پرانی گجری سے زیادہ قریب رہی ہوگی۔ کیوں کہ آج سے پچاس یا پچھتر سال پہلے گجرات کے بعض دیہی علاقوں کے مسلمان جو اردو بولتے تھے اس قدر پرانی معلوم ہوتی تھی کہ اس کا سلسلہ گجری سے ملتا نظر آتا تھا۔ یعنی گجری زبان میں الفاظ اور جملوں کی ساخت کو دیکھ کر اُس کے نہایت قدیم اور متروک ہونے کا احساس ہوتا تھا، لیکن دیہاتی عوام کی جب بات چیت سنی جاتی تو لگتا تھا کہ یہ تو وہی زبان ہے جو گجری شعر و ادب میں نظر آتی ہے۔ ممکن ہے کہ گجرات کے بعض دور دراز کے دیہی علاقوں میں انتہائی قسم کی دہقانی یا گجری زبان آج بھی بولی جاتی ہو۔ لیکن پھر بھی گجری زبان اپنی پرانی شکل میں سننے کو نہیں ملتی کیوں کہ آمد و رفت کے ذرائع نے دیہات اور شہروں کے فاصلے کم کر دیئے ہیں، اور ترقی پذیر شہر روز بروز اس قدر پھیلتے جاتے ہیں کہ اُن کی حدود دیہاتوں سے جا ملی ہیں علاوہ ازیں تعلیم عام ہونے کے ساتھ جدید ذرائع ابلاغ نے بھی عوام کی زبان کو متاثر کیا ہے۔ اس لیئے اب دیہات اور شہر کے عوام کی زبان میں بہت زیادہ فرق نہیں رہا۔ پھر بھی گجرات کے مسلمانوں میں خواص و عوام کی زبان میں فرق ملتا ہے۔ چونکہ خواص کا تعلق سورت، بھڑوچ، بڑودہ، احمد آباد، کھمبایت، جوناگڑھ، مانگرول، سچین اور پالن پور وغیرہ کے عمائدین سلطنت اور مشائخین وقت کے ساتھ رہا تھا اور ان میں اردو تعلیم کا رواج بھی تھا۔ لہٰذا اس طبقے کے مختلف خاندانوں میں صحیح اور شائستہ اردو صحیح تلفظ سے بولی جاتی تھی۔ سب سے اچھی اردو کھمبایت کے مشائخین میں بولی جاتی تھی۔ اور کھمبایت کے مشائخین سے تعلقات کے سبب احمد آباد کے شیعہ بخاری خاندانوں میں بھی صاف اور شستہ اور فصیح اردو کا رواج تھا۔ چونکہ بڑودہ کے نواب خاندانوں کا تعلق بدایوں کے قریب سہسوان اور یو پی کے دیگر اضلاع کے نواب خاندانوں سے تھا۔ اور اُن کے مابین شادی بیاہ کے تعلقات بھی تھے۔ اسلیئے ان خاندانوں کی زبان کا اثر ہونا لازمی تھا۔ اس لیے وہاں کے خواص میں بھی زبان اپنی معیاری شکل

میں موجود تھی۔ بڑودہ کے تعلقات بھروچ، انکلیشور، سورت اور راندیر سے ہونے کے سبب وہاں کے مشائخین میں بھی معیاری زبان عام تھی۔ اس کے باوجود بہت سے گھرانے ایسے بھی تھے جن پر مقامی زبان کے اثرات پڑ رہے تھے اور اُن کی زبان میں جسے بگڑی ہوئی اردو کہا جاتا تھا، اس کا رنگ آہستہ آہستہ بڑھتا جاتا تھا۔ حتیٰ کہ زبان کے معیاری اور غیر معیاری ہونے کے معاملے میں یہ کشمکش بعض گھرانوں میں کافی شدید ہو گئی تھی۔ مثلاً ایک اونچے گھرانے کا کوئی فرد اگر "پانی" کو "پانڑی" کہہ دیتا تو دوسرے گھرانے والے اُسے ٹوکتے تھے یا ہنس دیتے تھے، لیکن یہ اثرات پھیلتے پھیلتے مشائخین کے بھی بہت سے خاندانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لیتے گئے۔ پھر پچھلے پچاس سال میں اردو تعلیم سے بے توجہی کے سبب زبان خاندانی افتخار کا مقام کھو بیٹھی اور اب زبان کے بگڑنے کے ان اثرات کو بڑے پیمانے پر چاروں طرف دیکھا جا سکتا ہے۔ اب تو صرف اردو سے قدیم وابستگی رکھنے والے یا پڑھے لکھے گھرانوں میں صحیح اردو کو سنا جا سکتا ہے۔ وہ "پانڑی" نہیں "پانی" کہیں گے۔ "جرا" نہیں "ذرا" کہیں گے۔ "آیا تھا" کہیں گے "آیلا" نہیں۔ لیکن اب ایسے گھرانوں میں بھی یہ الفاظ آہستہ آہستہ داخل ہوتے جاتے ہیں۔ کیونکہ آج کے زمانے میں بچوں کو عام صحبتوں سے دور رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ خواص کی زبان سے الگ عوام کی زبان اس زمانے میں بھی جبکہ خواص میں معیاری زبان کا چلن تھا، مختلف تھی، لیکن اتنی بھی مختلف نہیں تھی جتنی کہ آج نظر آتی ہے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ عوام میں اردو تعلیم آج کی نسبت بہت زیادہ تھی۔ آج تو رجحان گجراتی تعلیم کی طرف زیادہ ہے۔ دوسرے شہر چھوٹا ہونے کے سبب عوام اور خواص میں سماجی میل جول بہت زیادہ تھا۔ محلّے کے غریب عوام مشائخین کے گھروں میں آتے جاتے، ملتے جُلتے اور کام کاج کرتے رہتے تھے۔ اور وہ صورت آج نہیں رہی۔ اس کے علاوہ عوام میں وعظ، مجالسِ عزا، مذہبی تقاریر، مشاعروں، مسالموں اور قوالیوں کا بہت چلن تھا۔ جن سے معیاری اردو مسلسل اُن تک پہنچتی رہتی تھی۔ لیکن یہ سب چیزیں اب کہاں۔ عوام کے جو بچے اردو اسکولوں میں پڑھ کر نکلتے تھے۔ ان کی زبان اِن بچوں کے مقابلے میں جو آج اردو اسکولوں میں پڑھ کر نکلتے ہیں، اُن سے زیادہ صاف ستھری ہوتی تھی۔ کیونکہ زبان کو متاثر کرنے والی وہ ثقافتی سرگرمیاں جو پہلے پورے معاشرے میں عام تھیں اب ناپید ہیں۔ لہٰذا گجرات کے بڑے شہروں میں مسلمان عوام جو زبان آج بولتے ہیں اُن پر مقامی زبان کے کیا اثرات پڑ رہے ہیں۔ اور اردو زبان کے کیا اثرات پڑ رہے تھے اردو زبان پر گجری کے دور سے جو مقامی اثرات پڑ رہے تھے اور اُن کے تحت الفاظ اور

جملوں میں جو تبدیلیاں آئی تھیں، اُن میں سے کیا کیا صورتیں آج تک قائم ہیں۔ اُن کی تحقیق و تفحص ہی اس مقالہ کا منشا ہے۔

صوتی خصوصیات

۱۔ گجرات کے عوام معیاری اردو کے مصمتے /ش/ص/ اور /س/ میں فرق نہیں کرتے اور تینوں حروف کا تلفظ ایک ہی طرح مصمتہ /س/ سے کرتے ہیں۔ مثلاً :۔ ثواب کے بجائے سواب۔ صاحب کے بجائے ساب۔

۲۔ اسی طرح گجرات کی اردو بولی میں معیاری اردو کے مصمتے /ذ/ز/ اور /ژ/ تینوں کا اظہار مصمتہ /ج/ سے ہوتا ہے۔ مثلاً:۔ ذرا کو جرا۔ زیادہ کو جیادہ۔ اور اژدہا کو اجدہا بولا جاتا ہے۔

۳۔ معیاری اردو کے مصمتے /خ/غ/ اور /ق/ گجراتی اردو میں بالترتیب /کھ/گ/ اور /ک/ مصمتوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً :۔ قدم کے بجائے کدم، قوم کے بجائے کوم، غارت کے بجائے گارت، غریب کے بجائے گریب، خالی کے بجائے کھالی، خوشی کے بجائے کھُشی بولا جاتا ہے۔

۴۔ گجرات کے اردو بولنے والے معیاری اردو کے مصمتہ /ف/ کو /پھ/ سے بدل لیتے ہیں۔ مثلاً :۔ فائدہ کو پھائدہ، فاروق کو پھاروک، بولا جاتا ہے۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں کی مقامی زبان گجراتی میں /ف/ کا مصمتہ نہیں پایا جاتا۔

۵۔ گجرات کے اردو بولنے والے حائے حطّی کو ہائے ہوّز سے بدل لیتے ہیں، اور /ع/ کو ماقبل مصوّتے میں یا مصمتے میں ضم کر دیتے ہیں۔

۶۔ گجرات میں یائے لین کو یائے مجہول اور واو لین کو واو مجہول بولنے کا رواج عام ہے۔ مثلاً:۔ اَیسے، ایسے۔ جَیسے، جیسے۔ کَیسے، کیسے۔ مَیں، میں۔ ہَے، ہے۔ کَون، کون۔ یَون۔ یون۔ تَوند، توند۔

ڈاکٹر گیان چند جین کی اطلاع کے مطابق مذکورہ خصوصیات بھوپالی اردو میں بھی پائی جاتی ہے[1]۔

۷۔ گجرات میں ہائے وسطا نہیں بولی جاتی اور ہائے وسطا والے تمام الفاظ /ہ/ مصمتے کے بغیر ہی بولے جاتے ہیں۔ مثلاً:۔ آہستہ، آستے۔ مہرو، میرو۔ نہیں، نئیں۔ یہاں، یاں۔ کہاں، کاں۔ وغیرہ

۸۔ اردو میں نون مخلوط الصّوت (ننّھ) کا استعمال نہایت محدود ہے۔ اسی لیے سنسکرت

---

[1] بھوپالی اردو مشمولہ لسانی مطالعے از: ڈاکٹر گیان چند جین ص ۲۵۶

سے اردو میں آئے ہوئے (نڑ) کی آواز والے بیشتر الفاظ نونِ مفرد کی آواز سے بولے جاتے ہیں۔ مثلاً: برہمنڑ کے بجائے برہمن۔ گنڑ کے بجائے گن۔

لیکن گجرات کی اردو بولی میں نون مخلوط الصوت کا رجحان اس حد تک عام ہے کہ معیاری اردو کے نونِ مفرد والے الفاظ بھی نون مخلوط الصوت سے بولے جاتے ہیں۔ مثلاً پانی کے بجائے پانڑی۔ کانا کے بجائے کانڑا۔ بینگن کے بجائے بینگنڑ۔

۹۔ اسی طرح معیاری اردو کے تمام افعال میں جہاں علامتِ مصدر "نا" واقع ہوتی ہے۔ وہاں بجائے نونِ مفرد کے نون مخلوط الصوت "نڑ" بولا جاتا ہے۔ مثلاً: کھانا، پینا، آنا، جانا وغیرہ کو بالترتیب کھانڑا، پینڑا، آنڑا، جانڑا وغیرہ بولا جاتا ہے۔

۱۰۔ احمدآباد کے چند محلّوں، خصوصاً شاہ پور اور دریاپور کے عوام اردو کے صوتیے /ت/ اور /ر/ کا تلفظ بالترتیب /ٹ/ اور /ڑ/ کرتے ہیں۔ یعنی ان میں دندانی مصمتہ کو کوزی یا معکوسی بنانے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ مثلاً: جناب! میڑے باوا کا پگاڑ ابی نئیں آیا۔

یہی رجحان بھڑوچ اور بلساڑ کے باشندوں اور بالخصوص مسلمان پٹیل اور بوہرہ قوم کے افراد میں پایا جاتا ہے۔ البتّہ اس قوم کے وہ افراد جنہوں نے اردو، ہندی کی اعلیٰ تعلیم پائی ہے۔ وہ /ت/ اور /ر/ کے صحیح تلفظ کی شعوری کوشش ضرور کرتے ہیں۔ لیکن انھیں بھی بہت کم کامیابی ہوتی ہے۔

۱۱۔ عربی، فارسی کے سہ رکنی الفاظ جن میں رکن ثانی ساکن ہوتا ہے۔ گجرات کے اردو بولنے والے اس قسم کے الفاظ میں عموماً رکن ثانی کو متحرک کر دیتے ہیں۔ مثلاً: شَرَم، نَرَم، تخَت اور دَرَخَت بولا جاتا ہے۔

حالانکہ دکنی کی مانند گجراتی اردو میں اردو کے مصمتہ /ق/ کو /خ/ میں بدلنے کا عام رجحان اب گجرات میں نہیں رہا۔ تاہم 'وخت' جیسے بعض لفظوں میں یہ رجحان آج بھی موجود ہے۔ یہاں ایک سوال کیا جا سکتا ہے کہ جب اردو کے بقیہ تمام لفظوں میں یہ رجحان نہیں رہا تو 'وقت' کو 'وخت' کیوں بولا جاتا ہے؟۔ غالباً اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مقامی زبان گجراتی میں 'وخت' ہی فصیح ہے اور اُسی کے اثر سے گجرات کے اردو بولنے والے اس لفظ کو آج بھی 'وخت' بولتے ہیں۔

۱۔ جس طرح دکنی اردو میں الفاظ کے آخر میں "چ" تاکیدی حرف ہوتا ہے۔ ٹھیک اسی

طرح گجرات کی اردو بولی میں بھی الفاظ کے آخر میں " ج " حرف تاکید کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً: آج ج ہونگی۔ میرے ج کھانڑا تھا۔ اس نے ج کہیا تھا۔ وُنے ج بولیلا۔ یہی صورتحال موجودہ گجراتی میں بھی پائی جاتی ہے۔

હુંમે આફિતી આપેલી જ છે.
બહુ થોડા જ જતાં કર્યાં છે.
કોશ વાપરનારા જ બધા જાણી શકે છે.
(બૃહદ ગુજરાતી કોશ ભાગ નં.૩,૪)

۲۔ معیاری اردو میں (بسا اوقات جملہ نفی میں) زمانۂ مستقبل کے جملوں میں اظہارِ استقبال کی خاطر مصدر کے بعد حرف اضافت کا استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً:۔ میں نہیں آنے کا۔ وہ نہیں جانے کا۔
اس طرح معیاری اردو میں اس کا استعمال منفی جملوں تک محدود ہے جبکہ گجراتی اردو میں یہ صورت اثبات و نفی دونوں طرح کے جملوں میں پائی جاتی ہے۔ مثلاً:۔ میرے بھی آنڑے کا ہے۔ ابی تو میرے کھانڑے کا ہے نے۔

۳۔ معیاری اردو میں صرف یہ "گا" مستقبل کی علامت ہے۔ لیکن گجراتی اردو میں صرفیہ حال کے معنی بھی دیتا ہے۔ مثلاً:۔ ہے گا، ہے گی، ہیں گے۔ ہیں گی۔
جملوں میں:۔ باوا گھر میں ہیں گے؟ ہاں ہیں گے۔ میں کاجی ساب کا چھوکرا ہونگا۔

۴۔ گجراتی اردو میں صرفیہ /گا/ تاکیدی حرف کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اور پنجابی اردو کی طرح یہاں بھی تعداد اور جنس کے لیئے گردان بھی کرتا ہے۔ جیسے: وہ نئی جاتی ہے گی /:/ وہ نئی جاتے ہیں گے /:/ وہ نئی جاتا ہے گا / وغیرہ۔

۵۔ گجراتی اردو میں ایسی مثالیں کثرت سے مل جاتی ہیں جہاں جمع /اں/ سے بنائی جاتی ہے۔ جیسے:
عورت سے عورتاں۔ بات سے باتاں۔ چھوکری سے چھوکریاں۔
دکنی کی طرح گجراتی اردو میں بھی فاعل اگر جمع میں ہو تو فعل اور فعل ناقص بھی جمع میں لاتے ہیں۔ مثلاً:
عورتاں باتاں کرتیاں تھیاں۔ چھوکریاں آتیاں تھیاں۔
لیکن دکنی کی طرح کا یہ استعمال اب محض خواتین تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔ مردوں میں عام طور سے اس طرح کے جملے استعمال نہیں ہوتے۔

۶۔ مذکر اسما کو مؤنث بنانے کے لیے اردو میں جہاں لاحقہ /یا/ کا استعمال ہوتا ہے۔ وہاں گجراتی اردو میں /یا/ کے بجائے لاحقہ /۔ی/ استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے: کُتّا مذکر میں کُتیا کے بجائے کُتّی۔ بندر مذکر سے بندریا کے بجائے بندری۔ گدھا مذکر سے گدھیا کے بجائے گدھی۔ چڑا مذکر سے چڑیا کے بجائے چڑی۔

اردو نہ صرف اسمار مذکر بلکہ بیشتر صفات کی تانیث میں بھی /۔ی/ لاحقہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے: گھوڑا مذکر سے گھوڑی۔ دوسرا مذکر سے دوسری۔

تو پھر چند اسمائے مذکر کی تانیث کے لیے لاحقہ /۔یا/ کا جواز کیا ہے؟ گویا گجرات کے عوام نے اس قسم کے اسمار مذکر جن کی تانیث کے لیے اردو میں لاحقہ /۔یا/ کا استعمال ہوتا ہے۔ بجائے /۔یا/ کے /۔ی/ استعمال کرکے اپنی زبان میں نہ صرف یکسانیت بلکہ آسانی بھی پیدا کی ہے۔

۷۔ اردو میں بعض اوقات مذکر اسم خاص کے آخر میں /۔ن/ لاحقہ لگا کر مؤنث بنا لیتے ہیں مثلاً: رحیم مذکر سے رحیمن اور کریم مذکر سے کریمن۔ اسی اصول کے تحت مصوّتہ پر ختم ہونے والے بعض عام اسمائے مذکر کے آخری مصوتے یا درمیانی و آخری دونوں مصوّتوں کو حذف کرکے /۔ن/ لاحقے سے اُن کی تانیث کی جاتی ہے۔ مثلاً: قاضی مذکر سے قضیانی /قضیانڑی۔ حاجی مذکر سے حجیانی /حجیانڑی۔ مُلّا مذکر سے مُلّانی /مُلّانڑی۔ سیّد مذکر سے سیّدانی /سیّدانڑی۔

جیسا کہ اس سے قبل عرض کیا جا چکا ہے کہ اردو بولی گجرات کے خواص کے یہاں اور تعلیم یافتہ گھرانوں میں داخل ہو چکی ہے اور وہاں بھی آہستہ آہستہ اپنے قدم جما رہی ہے۔ اس کے باوجود خواص اور عوام کی بولی میں لہجہ اور شائستگی کا فرق آج بھی پایا جاتا ہے۔ خصوصاً خواص کے یہاں نون مخلوط الصوّت (نڑ ṇ) بولنے سے پرہیز کیا جاتا ہے۔ اور نون مخلوط الصوت سے گجراتی اردو میں رائج تمام الفاظ نون مفرد سے بولے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خواص کے گھرانوں میں قضیانڑی، حجیانڑی، مُلّانڑی اور سیّدانڑی نہیں بولا جاتا ہے بلکہ قضیانی، حجیانی، مُلّانی اور سیّدانی بولا جاتا ہے جب کہ عوام کی زبان میں نون مخلوط الصوت کا استعمال کثرت سے کیا جاتا ہے۔ اسی لیے وہ حجیانی اور قضیانی کے بجائے حجیانڑی اور قضیانڑی بولتے ہیں۔

گجراتی اردو کی ضمیریں

ضمائر متکلم

حالت	واحد: گجراتی اردو	واحد: معیاری اردو	جمع: گجراتی اردو	جمع: معیاری اردو
فاعلی	میں (بروزنِ دے)	مَیں	ام	ہم
مفعولی	مُجے/ میرے کو	مجھے	ام کو/ امارے کو	ہمیں/ ہم کو
اضافی	میرا	میرا	امارا	ہمارا
ظرفی	میرے میں	مجھ میں	امارے میں	ہم میں
طوری	میرے سی	مجھ سے	امارے سی	ہم سے

ضمائر حاضر

حالت	واحد: گجراتی اردو	واحد: معیاری اردو	جمع: گجراتی اردو	جمع: معیاری اردو
فاعلی	تو	تو/ تعظیماً آپ	تم	تم/ تعظیماً آپ
مفعولی	تُجے	تجھے/ تجھ کو	تم کو/ تموں کو	تمہیں/ تم کو/ آپ کو
اضافی	تیرا	تیرا	تمارا	تمہارا/ آپ کا
ظرفی	تیرے میں	تجھ میں	تمارے میں	تم میں
طوری	تیرے سی	تجھ سے	تمارے سی	تم سے

ضمائر غائب

حالت	واحد: گجراتی اردو	واحد: معیاری اردو	جمع: گجراتی اردو	جمع: معیاری اردو
فاعلی	وہ	وہ	وہ	وہ
مفعولی	اُس کو	اُسے/ اُس کو	اُن کو	انہیں/ ان کو
اضافی	اُس کا	اُس کا	اُنوں کا	اُن کا
ظرفی	اُس میں	اُس میں	اُنوں میں	اُن میں
طوری	اُس سی	اُس سے	اُنوں سی	اُن سے

واحد متکلم اور واحد حاضر کی مفعولی حالت کی اردو ضمیریں 'مجھے' اور 'تجھے' گجری ادب میں 'مجے' اور

بجے کی شکل میں جلوہ افروز نظر آتی ہیں۔ لہٰذا گجری مثنویوں سے چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔

۱ : حضرت عیسیٰ نے نزدیک جا کھوپڑی کو حال اُس کا پوچھیا
رب کی سوگند ہے تجے اے کھوپڑی حال اپنا کہہ بجے یاں کوں پڑی

(بحوالہ مثنوی جمجمہ از مسکین تصنیف کردہ ۱۰۹۲ھ)[1]

۲ : میری اہلیہ کوں جو سونپا بجے کہ نبھا بھی تماری اہے وہ سبھی

(بحوالہ مثنوی بی بی ارواح از محمد شفیع تصنیف کردہ ۱۱۲۰ھ)[2]

لیکن اب اردو میں /بجے/ اور /تجے/ کی بہ نسبت /مجھے/ اور /تجھے/ کو زیادہ فصیح تسلیم کیا گیا ہے۔ اسی لیے یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ گجراتی اردو میں بھی /بجے/ اور /تجے/ کا استعمال اب تو محض خواتین خانہ تک محدود ہو چکا ہے۔ مرد عام طور سے /بجے/ اور /تجے/ کے بجائے /میرے کو/ اور /تیرے کو/ بولتے ہیں۔

اردو میں "آپ" تعظیماً واحد حاضر اور جمع حاضر کے لیے استعمال ہوتا ہے اور کبھی کبھار واحد غائب کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے[3]۔ لیکن گجراتی اردو میں نہ صرف یہ کہ واحد غائب کے آپ کا استعمال مفقود ہے بلکہ واحد حاضر کے لیے بھی اس کا استعمال خال خال ہی ہوتا ہے۔ گجرات کے لوگ تعظیمی ضمیر حاضر "آپ" کا استعمال پیر طریقت، خطیب و امام مسجد یا استاذِ مدرسہ کے لیے ہی کرتے ہیں۔ وہ بھی کبھی کبھی۔ حتیٰ کہ گجرات کی عورتیں اپنے شوہروں کے لیے بھی تعظیمی ضمیر حاضر آپ کا استعمال بہت کم کرتی ہیں۔ اگر کچھ عورتیں تعظیماً "آپ" کا استعمال کرتی بھی ہیں تو اُن کا تعلق خواص کے گھرانوں سے ہوتا ہے۔ یا پھر شمالی ہند سے گجرات میں آکر بسے ہوئے خاندانوں سے۔ چونکہ گجرات کے لوگ "آپ" کا استعمال کم کرتے ہیں، اسی لیے بھوپال کی طرح گجرات میں بھی تعظیمی ضمیر حاضر "آپ" کے ساتھ فعل کے وہ صیغے استعمال ہوتے ہیں جو اردو میں تم کے ساتھ بولے جاتے ہیں[4]۔ مثلاً: "آپ یہ کتاب پڑھیے" کے بجائے "آپ یہ کتاب پڑھو" اور "آپ لیجیے" کے بجائے "آپ لو" بولا جاتا ہے۔

اردو کی ضمیر موصولہ /جو/ کی مختلف صورتیں قدرے صوتی یا ملفوظی اختلاف کے ساتھ گجراتی اردو میں بھی رائج ہیں۔

---

۱ گجری مثنویاں (قلمی)، مرتبہ: ڈاکٹر سید ظہیر الدین مدنی۔ ۲ ایضاً۔ ۳ اردو صرف و نحو مرتبہ: مولوی عبدالحق ص ۴۲۔ ۴ بھوپالی اردو مشمولہ لسانی مطالعے از ڈاکٹر گیان چند جین ص ۲۵۸۔

ضمائر موصولہ :

حالت	واحد: گجراتی اردو	واحد: معیاری اردو	جمع: گجراتی اردو	جمع: معیاری اردو
فاعلی	جو / جن نے	جو / جس نے	جو/ جنوں نے	جو / جنھوں
مفعولی	جس کو	جس کو / جسے	جن کو/ جنوں کو	جن کو / جنھیں
اضافی	جس کا / جس کی	جس کا / جس کی	جنوں کا/ جنوں کی	جن کو / جن کی
ظرفی	جس میں	جس میں	جنوں میں	جن میں
طوری	جس سی	جس سے	جنوں سی	جن سے

مختصراً یہ کہ گجرات میں علامت مفعولی /کو/ اور علامت طوری / سے / کا تلفظ بالترتیب / کو / اور /سی/ کیا جاتا ہے اور ضمیر موصولہ جو کی فاعلی اور مفعولی حالتوں میں /جنھوں/ اور /جنھیں/ کے بجائے /جنوں نے/ اور /جنوں کو/ بولا جاتا ہے۔ مفعولی حالت میں 'جنھیں' کا استعمال صرف ان افراد میں پایا جاتا ہے جو معیاری اردو بولتے ہیں۔

زمانے

۱ : اردو میں ماضی مطلق کے بعد ہے ۔ ہو ۔ ہیں جیسے :۔ فعل ناقص کے صرفیوں کا اضافہ کرکے ماضی قریب کے جملے بنائے جاتے ہیں۔ مثلاً :۔ "وہ لایا ہے۔ وہ لائے ہیں۔ تو لایا ہے۔ تم لائے ہو۔ میں لایا ہوں۔ ہم لائے ہیں۔" مگر گجرات کے لوگ 'فعل ناقص' کو 'فعلی مادّے' میں اس خوبی سے ضم کردیتے ہیں کہ مختلف صیغوں میں فعل ناقص کے صرفیے ہے ۔ ہو ۔ ہیں بالترتیب خفیف اے ۔ او ۔ ایں سے بدل جاتے ہیں۔ نتیجتاً ماضی قریب کے جملے کچھ اس طرح بولے جاتے ہیں: "وہ لایاے۔ وہ لاے ایں۔ تو لایاے۔ تم لائے او۔ میں لایاؤں۔ ام لائے ایں" وغیرہ۔ اور یہی بات مؤنث کے صیغوں میں بھی پائی جاتی ہے۔

۲ : اردو میں ماضی بعید کے جملوں میں ماضی مطلق کے بعد فعل ناقص کے ماضی کے صرفیوں /تھا/ تھے/ تھی/ تھیں کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے :"وہ آیا تھا۔ وہ آئے تھے۔ تو آیا تھا۔ تم آئے تھے۔ میں آیا تھا۔ ہم آئے تھے وغیرہ"۔ یعنی معیاری اردو میں فعلی مادّہ مع صرفیہ کے فاعل کی جنس اور تعداد کے اعتبار سے بدلتا رہتا ہے۔ جبکہ گجراتی اردو میں فعلی مادّہ / امر / + / ے / کی شکل میں مستقل طور پر برقرار رہتا ہے اور صرف تھا

مرفیے /تھا/ کے بجائے /لا/ استعمال کیاجاتاہے۔ جو جنس اور تعداد کے اعتبار سے تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ نتیجہ میں ماضی بعید کی گردان یوں کی جاتی ہے۔ "وہ آیلا۔ وہ آئیلے۔ تو آئیلا۔ تم آئیلے۔ میں آیلا۔ ہم آئیلے۔ وغیرہ۔ یہی صورت مؤنث کے صیغوں میں بھی برقرار رہتی ہے۔ مثلاً: "وہ آئے لی۔ تو آئے لی اور میں آئے لی۔" بجائے "وہ آئی تھی۔ تو آئی تھی اور میں آئی تھی۔

۳ : اسی طرح ماضی ناتمام کے صیغوں میں، میں لاتا تھا اور ہم لاتے تھے کے بجائے میں لاتیلا اور ہم لاتیلے وغیرہ بولا جاتا ہے۔

۴ : اردو میں امر کے بعد /رہا ہے/ اور /رہے ہیں/ کے اضافے سے حالِ ناتمام کی گردان کی جاتی ہے۔ لیکن یہی /رہا ہے/ اور /رہے ہیں/ بعض علاقائی بولیوں میں /ریاہے/ اور /رئیں/ بولا جاتا ہے۔ برخلاف اس کے گجرات میں /ریلاے/ : / ریلیں/ اور /ریلاؤں/ وغیرہ بولا جاتا ہے۔ یعنی اس طرح گجراتی اردو میں حالِ ناتمام، ماضی ناتمام اور ماضی بعید کی گردانوں میں اردو کے متناسب صرفیے کے بجائے گجراتی کا متناسب صرفیہ /لا/ استعمال کیا جاتا ہے۔ جو غالباً مراٹھی میں بھی پایا جاتا ہے۔

محاورات :۔

گجراتی اردو میں ایسے بھی محاورے پائے جاتے ہیں جو اردو سے کسی قدر مختلف ہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔ مثلاً: ۱۔ لوٹی دینا = دھوکہ دینا۔

(الف) "کیوں بے تیرے پیسے ملے کی نیں ملے۔" (ب) "اپنے یار کاں سی ملتے۔ وہ تو میرے کو لوٹی دے گیا۔"

۲۔ ماما سمجھنا = بے وقوف سمجھنا۔ "کیا میرے کو ماما سمجھا ہے، جو میرے کو لوٹی دیڑے کے چکر میں ہے۔"

۳۔ لپ لپ کرنا = بے جا دخل دینا۔ "تو کیوں بیچ میں لپ لپ کرتا ہے، چل جا یاں سی۔ جس اُٹھنگر۔"

۴۔ کھانڈ کھانا = بے جا فخر کرنا۔ " سرِعام کے ریا اے وہ چھو بُرا ہے، وہ کھانڈ کھا رہا ہے یہ سمجھا ئیو کدی۔

۵۔ دماغ کادہی کرنا، مغز کادہی کرنا = بے حد پریشان کرنا۔ (الف) کیا ہوا کل کے حساب میں بھول ملی؟ (ب) ارے اُس بھول نے تو میرے دماغ کادہی کر دیا۔

۶۔ اپن مین ساڑھے تین ہونا = کم تعداد میں ہونا۔ (الف) کوں بنا! کل برات میں کتے جنے تھے؟ (ب) ارے یار! اپن مین ساڑھے تین تھے۔ وہ کوئی کے واں جاتا تو ہے پن کوئی آوے کاں سی۔

۷۔ "تو' تو 'کرنا = باتیں بنانا۔" اُس کو کل سی مت بلائیو 'کام کاج کرتی نئیں ہے نے خالی 'تو' کرتی ہے۔"

یوں تو اس موضوع کے تحت گجراتی اردو کی لغات کے نمونے بھی پیش کیے جا سکتے ہیں اور لغات کی مل اور پھر مرورِ ایام کے ساتھ مشترکہ ہندوستانی تہذیب کے زیرِ اثر ان میں ہونے والی صوری اور معنوی تبدیلیوں سے بحث بھی کی جا سکتی ہے۔ لیکن طوالت کے خوف سے اسے نظر انداز کرتے ہوئے میں یہاں گجراتی اردو کے ایک ایسے امتیازی وصف کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو غالباً اردو کے دیگر علاقائی بولیوں میں نہ ہوگا۔ وہ امتیازی وصف یہ ہے کہ گجراتی اردو کو عربی فارسی کے الفاظ صرف اردو کے واسطے سے ہی بلکہ بیشتر الفاظ گجراتی زبان کے واسطے سے ملے ہیں۔

چونکہ ظہورِ اسلام سے قبل بھی عرب تجار سواحل گجرات سے نہ صرف تجارت کیا کرتے تھے بلکہ بعض خاندانوں نے عرب سے آکر سواحل گجرات کی بستیوں میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔ لہٰذا سواحل گجرات کی آبادیوں کے ذریعہ عربی کے الفاظ ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد سے قبل ہی داخل ہو چکے تھے۔ اسی طرح جب ایرانیوں کے قافلے گجرات میں آئے تو وہ بھی گجرات کے عوام میں شیر و شکر ہو گئے تھے اور اس طرح گجراتی نے فارسی کے بھی بیشتر الفاظ فارسی کو عدالتی زبان کا درجہ ملنے سے قبل ہی قبول کر لئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ گجراتی زبان پر عربی فارسی کا اتنا گہرا اثر پایا جاتا ہے جو اردو اور ہندی کے علاوہ شاید ہندستان کی کسی علاقائی زبان میں نہ پایا جاتا ہوگا۔ اسی لیے عربی فارسی کے بشتر الفاظ گجرات کی نہ صرف معیاری گجراتی میں بلکہ دیہقانی قسم کی ٹھیٹھ دیہاتی بولیوں میں بھی داخل ہیں۔ اسی لئے گجرات کی اردو بولیوں میں بھی وہ اسی طرح مستعمل اور رائج ہوئے جس طرح گجراتی اور گجراتی بولیوں میں مستعمل تھے۔ یہی سبب ہے کہ بعض اوقات گجراتی اردو میں عربی فارسی الفاظ کی شناخت مشکل ہو جاتی ہے۔ چند مثالیں دیکھئے:۔

"ہمارے یہاں بازو کے گوشت کو کتیب کہتے ہیں جو عربی کتِف کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ یہاں یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ عام طور سے /ف/ : /ب/ سے بدل جاتا ہے۔ چونکہ گجرات میں عربی ضاد کو ڈواد بولا جاتا ہے۔ اسی لئے عربی عضلہ اور بیضہ بگڑ کر 'ادلا' اور 'بیدا' ہو گئے۔ ادلا ہمارے یہاں ران کے گوشت کو کہتے ہیں جسے شمالی ہند میں غالباً بوم یا بونگ کہا جاتا ہے اور بیدا انڈے کو کہتے ہیں۔ اسی طرح صَباح اور مَسا کے بجائے صَبَاح اور مَسَا لفظ بھی صبح و شام کے معنی میں مستعمل ہیں۔ اسی طرح لفظ قدح پیالے کے

معنی مستعمل تو نہیں لیکن ایک روزمرہ میں اس کا استعمال آج بھی پایا جاتا ہے۔ اُس کو تو کدا بھر کے جیسے وغیرہ

مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ یہ گجرات کی اردو بولی کا مکمل خاکہ نہیں ہے۔ اور اس مختصر سے مقالہ میں گجرات کی اردو بولی کی تمام خصوصیات سے تفصیلی بحث کرنا میرے لیے ممکن بھی نہ تھا۔ تاہم یہاں پر گجراتی اردو کی بعض ایسی خصوصیات کا ذکر کر دیا ہے۔ جو عام طور سے نمایاں ہے۔ مگر ایسی خصوصیات جو گہرے مطالعے اور عمرانی و لسانیاتی تحقیق و تجزیہ کی متقاضی ہیں۔ انہیں اپنی علمی بے بضاعتی کے سبب نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ پھر بھی مجھے یقین ہے کہ عمرانی و لسانیاتی نقطۂ نظر سے گجری اور گجراتی اردو کا تفصیلی مطالعہ اردو زبان کی ابتدائی تشکیل و ترتیب کے کچھ پیچیدہ مسائل کی عقدہ کشائی اور بعض گم شدہ کڑیوں کی تلاش میں ہمارے لئے اُمید سے زیادہ مفید و معاون ثابت ہوگا۔

●●

مرتبہ ارون سنگھ، پٹنہ

آزاد ہند فوج کی کہانی کرنل محبوب احمد کی زبانی

وہ جلد بازی اور الجھن میں کیا جانے والا ایک سفر تھا۔ بظاہر کوئی اس سفر کے لئے تیار نہیں تھا۔ "جیسے ہند پھر ملوں گا" نیتاجی نے وہاں کھڑے لوگوں سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا۔ وہ ہوائی جہاز دو انجن والا بامبر تھا جس میں جاپان کے سینئر آفیسر بھی تھے۔ شام ۵ بج کر ۱۵ منٹ پر جہاز نے پرواز کی اور اسی شام تاؤرین (فرینچ انڈوچائنا) میں اترا۔ اڑان دوسرے دن بھی جاری رکھی گئی۔ ہوائی جہاز ۱۸ اگست کو دو بجے دن میں تائہوکو (فارموسا) پہنچا۔ مسافر دن کا کھانا کھا رہے تھے اور جہاز میں ایندھن بھرا جا رہا تھا۔ ۲ بجکر ۳۰ منٹ پر جیسے ہی وہ دوبارہ اڑا اس کا پروپیلر خراب ہوگیا۔ جہاز میں آگ لگ گئی۔ وہ تیزی سے نیچے جھکا اور زمین سے ٹکرا گیا۔ تباہ شدہ جہاز سے بوس، حبیب الرحمٰن اور جو لوگ بچے تھے جد وجہد کرتے ہوئے باہر نکلے۔ بوس کے کپڑوں میں آگ لگی ہوئی تھی۔ ان کے ساتھی اس آگ کو بجھانے کی کوشش کر رہے تھے۔ ان کا چہرہ اور جسم بری طرح سے جھلس چکا تھا، اور ساتھ ساتھ ان کے سر میں بھی گہری چوٹ لگی تھی۔ اسپتال جانے سے قبل ہی نیتاجی شاید یہ سمجھ چکے تھے کہ اب وہ بچ نہ سکیں گے۔

زندگی آہستہ آہستہ ختم ہو رہی تھی۔ حبیب الرحمٰن دن بھر ان کے بستر سے لگے رہے۔ ڈاکٹروں کی تجویز کردہ دواؤں سے کبھی کبھی حالت سدھرتی تھی اور پھر وہ درد سے بیہوش ہو جاتے تھے۔ ظاہر تھا کہ اب انھیں بچایا نہیں جا سکتا تھا۔ ان کے ہونٹ بری طرح سوج گئے تھے اور انھیں بولنے میں دقت و پریشانی ہو رہی تھی۔ انھوں نے ایک انٹرپریٹر (ترجمان) کو بلوایا اور فیلڈ مارشل تیراؤچی کے نام ایک پیغام لکھوایا۔ آخری وقت کے کچھ منٹوں پہلے انھوں نے اپنے ساتھی سے کہا۔ "حبیب! میں محسوس کرتا ہوں کہ میں جلد ہی مر جاؤں گا۔ میں نے بھارت کی آزادی کیلئے اپنے آخری لمحوں تک لڑائی لڑی ہے۔ میرے ہم وطنوں سے کہنا، بھارت جلد ہی آزاد ہوگا، آزاد بھارت امر رہے"۔ پھر انھوں نے مارفیا کا انجکشن لگانے کو کہا۔ اس کے کچھ دیر بعد رات آٹھ اور نو بجے کے درمیان پٹیوں سے بندھے ان کے جسم میں زبردست تھرتھراہٹ ہوئی اور پھر جسم جامد و ساکت ہوگیا، اور وہ چلے گئے۔ (دی اسپرنگنگ ٹائگر مؤلف ہوٹائی ۱۹۵۹ء، ص ۱۶۷ ـ ۱۶۶)

یہ سچ ہے کہ وہ ۱۸ اگست ۱۹۴۵ء کو تائہوکو کے جاپانی ملٹری اسپتال کے نیم وارڈ میں مر گئے۔

پٹنہ کے باشندہ ۷۰ سالہ کیپٹن محبوب احمد آزاد ہند فوج میں نیتا جی سبھاش چندر بوس کے ملٹری سکریٹری تھے۔ ملٹری سکریٹری کا کام ہوتا تھا آزاد ہند سرکار، آزاد ہند فوج اور نیتا جی کے درمیان ربط و تعلق بنائے رکھنا۔ اس ناتے انھیں نیتا جی کے نزدیک رہنے کا کافی موقع ملا۔

کیپٹن محبوب احمد سے نیتا جی اور آزاد ہند فوج کے بارے میں لمبی بات چیت ہوئی۔ بات چیت کے دوران جب میں نے ان کی انفرادی اور ذاتی زندگی کے بارے میں، ابتدائی دنوں کے بارے میں، نیتا جی سے ربط قائم کرنے سے پہلے کی زندگی اور پھر وہ حالات جن کی وجہ سے انھوں نے آخری وقت تک نیتا جی کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا، کے بارے میں سوال کئے تو وہ تھوڑا سوچنے لگے، جیسے وہ یادداشتوں کو سلسلہ وار ڈھنگ سے جوڑ رہے ہیں۔

پھر انھوں نے کہنا شروع کیا: میں اعلیٰ متوسط طبقہ کے خاندان سے تعلق رکھتا ہوں۔ میری ابتدائی تعلیم آئی۔ آر۔ ایم۔ سی۔ اسکول دہرادون میں ہوئی۔ وہاں کے پورے ماحول میں انگریزیت تھی۔ انگریزوں کی دیکھ ریکھ میں رہنا پڑتا تھا۔ انھوں نے ہمارے کیرکٹر کی تعمیر تو کی لیکن ہندستان کے بارے میں وہ ہمیں کچھ نہیں بتا سکے۔ ہندستان کے کون کون سے مسائل ہیں اس کے بارے میں وہ ہمیں کوئی جانکاری نہیں دے سکے۔ میں نے ۱۹۴۰ء میں انڈین آرمی جوائن کی، برٹش انڈین آرمی۔ ہم لوگوں کو ملایا میں بھیجا گیا۔ وہاں جاپانیوں کے ساتھ لڑائی ہوئی تھی پوری برٹش فوج کو انھوں نے اپنے قبضہ میں لے لیا۔ ہم لوگ قید کر لئے گئے۔ جاپانیوں نے ہم سے کہا کہ ہماری لڑائی ہندستانیوں سے نہیں ہے۔ ہم لوگ ہندستان میں برٹش سرکار سے لڑ رہے ہیں، ہماری تم سے کوئی لڑائی نہیں ہے۔

"اس وقت تک ہمارے جنرل موہن سنگھ ہوتے تھے۔ وہ ایک دم جوان سکھ تھے۔ پہلے وہ برٹش فوج میں کیپٹن تھے۔ جو فوجی گرفتار کئے گئے تھے، ان میں سے قریب ۲۵ ہزار لوگوں نے کیپٹن موہن سنگھ کی قیادت میں انڈین نیشنل آرمی کو قائم کیا۔ اسی آرمی کے جنرل موہن سنگھ بنے۔ اس وقت ان کا مقصد تھا کہ جتنے ہندستانی برما، ملایا اور جنوبی مشرقی ایشیا میں ہیں ان کی دیکھ بھال کیا جائے، کیونکہ جاپانی بڑے بے رحم اور ظالم ہوتے تھے۔ اگر کوئی جاپانی کسی ہندستانی کے ساتھ بدمعاشی یا بے عزتی کرتا تو وہ خبر موہن سنگھ کے پاس پہنچ جاتی اور وہ شکایت یہ جاپانیوں تک لے جاتے تھے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ موہن سنگھ نے کہا کہ ہم لوگ ہندستان کی آزادی کے لیے لڑنا چاہتے ہیں، یہ ۱۹۴۲ء کا زمانہ تھا۔ اس وقت جاپانی ہمارا استعمال کرنا چاہتے تھے۔"

نیتا جی ہی کیوں؟ :۔

"لیکن پھر جاپانی آپ کو مدد دینے کے لیے کیسے تیار ہو گئے"؟

پہلے استعمال کرنا چاہتے تھے ۔ لیکن بعد میں جاپانیوں نے محسوس کیا کہ انہیں ہندستانیوں کی مدد لینی ہوگی، کیونکہ مشرق بعید میں سب سے طاقتور تھے یوروپین اور وہ حکومت کر رہے تھے۔ دوسرے تھے چینی جو بیوپار میں تھے۔ روپیہ، پیسہ سبھی ان کے پاس تھا۔ لیکن جاپانیوں اور چینیوں کے درمیان اچھے تعلقات نہیں تھے۔ تیسرے ہندستانی اور جو تھے ہوئے مقامی لوگ ملایا، برما وغیرہ کے۔ تو جاپانیوں نے ہم سے پوچھا کہ تمہیں کیا چاہیئے؟ پہلے تو انھوں نے آئی۔ این۔ اے کو توڑنے کی کوشش کی، ڈرانے، دھمکانے کی کوشش کی۔ لیکن جب انھوں نے پوچھا کہ تمہیں کیا چاہیئے تو ہم نے کہا کہ دیکھئے، ہمارا ایک نیتا ہے سبھاش چندر بوس، ابھی وہ جرمن میں ہیں، انھیں ہمارا پیغام دیجئے کہ وہ ہماری قیادت کریں۔ ہم ہندستان کی آزادی کے لئے لڑنا چاہتے ہیں۔"

اس وقت ہم لوگوں کے درمیان قومی لیڈر کی حیثیت سے نیتا جی سبھاش چندر بوس ہی جانے جاتے تھے اور اسوقت وہ جرمنی میں تھے۔ ہندستان سے باہر اور انھوں نے وہیں سے انگریزوں کے خلاف لڑائی شروع کی تھی۔ تو یہ فطری بات تھی کہ ہم ان کا ہی انتخاب کرتے۔ ہاں! تو جب نیتا جی کو ہمارا پیغام ملا تو بولے کہ ہم آئیں گے، ضرور آئیں گے پن ڈبی سے۔ ۹۰ دنوں کا خطرناک سفر کر کے وہ ملایا پہونچے۔ راستہ میں میڈاگاسکر کے آس پاس وہ جرمن پن ڈبی سے جاپان کی پنڈبی میں آگئے تھے۔ وہ بڑا جان لیوا سفر تھا، کیونکہ اس وقت لڑائی شدت اختیار کر چکی تھی ایسا صرف نیتا جی ہی کر سکتے تھے۔ نیتا جی اس کے بعد ٹوکیو گئے۔ توجو سے بات چیت کی۔" ایسا کچھ لوگ مانتے ہیں کہ آزاد ہند فوج اور سرکار جاپانیوں کے ہاتھ کی کٹھ پتلی تھی۔ کیا آپ نے ایسا محسوس کیا تھا؟"

"نہیں بالکل نہیں۔" کیپٹن محبوب تھوڑے بے چین نظر آئے۔ "یہ بات نہیں ہے نیتا جی نے توجو سے بات چیت کی تھی۔ انھوں نے جاپانیوں کا احسان ظاہر کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم آپ کے احسان مند ہیں کہ آپ نے ہمیں مدد دینے کی تجویز رکھی ہے لیکن انھوں نے یہ بھی کہا کہ آپ خالی ایک طرف مہربانی نہیں کر رہے ہیں۔ کیونکہ جب تک یوروپین ہندستان میں ہیں۔ تب تک وہ ملایا، برما، انڈونیشیا، تھائی لینڈ پر حملہ کر سکتے ہیں۔ اس لئے ہم لوگ برابر کی حیثیت سے ہیں۔ کوئی چھوٹا بھائی، بڑا بھائی نہیں ہے۔ آزادی کی لڑائی صرف ہندستانیوں کے ذریعہ ہی لڑی جائے گی۔ پہلا خون ہمارا ہی بہے گا۔ ہمارے پاس ہتھیار کی کمی ہے۔ آپ ہمیں ہتھیار دیں گے، ہم آپ کے احسان مند رہیں گے۔ لیکن ہم لوگ ہتھیار کی قیمت چکائیں گے، کیونکہ ہندستانیوں کے پاس ہتھیار خریدنے کے لئے کافی پیسے ہیں۔ جاپانیوں نے کہا کہ ہندستانی سپاہی لڑ نہیں سکتے۔ ان کو تو ناشتہ چاہیئے، کھانا چاہیئے، ہمارے پاس وہ نہیں ہوگا۔ ہم تو اپنے سپاہیوں کو کہتے ہیں کہ یہ رائفل لو اور جاؤ۔ تو نیتا جی ہم لوگوں کے پاس آئے اور بولے کہ دیکھو، یہ لوگ ایسا کہتے ہیں ہمارے

افسروں نے کہا کہ نیتا جی ہم کو ایک موقع تو دیجئے۔ تب نیتا جی نے ایک رجیمنٹ بنایا اور اسے نمبر ون رجیمنٹ کا نام دیا۔ لیکن ہم لوگوں نے اسے نیتا جی سبھاش رجیمنٹ نام دیا۔ اس کے کمانڈر شاہنواز ہوئے۔

ہم لوگ خوش نصیب ہیں :-

"آپ نے نیتا جی کو پہلی دفعہ کب دیکھا تھا؟ کیسے لگے تھے نیتا جی؟"

نیتا جی کا نام سنتے ہی کیپٹن محبوب تھوڑے رومانٹک سے ہو اُٹھتے ہیں۔ ان کے بارے میں بولتے وقت وہ جیسے دوسری دنیا میں پہنچ جاتے ہیں۔ ان کے چہرے پر ایک دلفریب مسکراہٹ آجاتی ہے۔

"نیتا جی! بڑی مؤثر کن شخصیت تھی ان کی۔ اس وقت ہم لوگ ملایا میں تھے۔ مئی ۱۹۴۳ء میں نیتا جی وہیں آئے تھے۔ تب ہم نے انھیں پہلی بار دیکھا تھا۔ ان کے بولنے کا انداز بھی بڑا مؤثر تھا۔ لگتا تھا کہ آواز ان کے دل سے نکل رہی ہے۔ نیتا جی نے کہا کہ ہم لوگ خوش قسمت ہیں کہ ہمیں دیش کی خدمت کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ اگر آپ اس وقت کا فائدہ اٹھاتے ہیں، ہندستان کی خدمت کرتے ہیں۔ ہندستان کو آزاد کراتے ہیں تو آنے والی نسل آپ کا گیت گائے گی۔"

ایک دفعہ ایک مجلس عام میں نیتا جی نے کہا کہ تمہارے کچھ بھائی ہمارے پاس آتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ ہم لوگوں نے آپس میں بات چیت کی ہے اور طے کیا ہے ہمارا پچاس فیصد، ساٹھ فیصد آپ جو بھی چاہتے ہیں ہم آپ کو دینگے۔ آپ کیا چاہتے ہیں؟" نیتا جی نے سبھا میں کہا کہ ہم نے ان کو کہا کہ دیکھئے جو جوان لڑکے میرے پاس آتے ہیں تو وہ یہ پوچھتے ہیں کہ نیتا جی آپ کو میرا کتنا خون چاہئے۔ میں پورا حوالہ کرنا چاہتا ہوں۔ اسی وقت اس مجلسِ عام سے نہ جانے کتنے آدمی آئے۔ قریب سات آٹھ لکھ پتی لوگ بھی آئے اور نیتا جی کے پاس آکر بولے،" نیتا جی! یہ ہماری چابی ہے اسٹور کی، یہ ہمارا پیسوں کا اکاؤنٹ ہے، یہ ہمارا پریوار ہے۔ آپ حکم دیجئے۔

میں خاص کر کہنا چاہتا ہوں کہ آجکل ہندستان کی جو آب و ہوا ہو گئی ہے کہ کچھ لوگ مسلمان کو ہندستانی نہیں سمجھتے۔ کچھ کو شک ہے کہ ان کی ہمدردی پاکستان کے ساتھ ہے۔ یہ سب غلط ہے۔ پاکستان کو مسلمانوں نے نہیں بنایا ہے، اسے سیاسی لوگوں نے بنایا ہے۔ اگر نیتا جی ہوتے تو کبھی بٹوارہ نہیں ہو سکتا تھا۔ یہ ماحول بن گیا ہے، اس کو ہمیں ٹھیک کرنا ہے اور ایک بات میں آپ کو بتا دوں کہ نیتا جی جب جرمنی سے جاپان آئے تو انھیں اپنے ساتھ ایک ہی آدمی کو لانے کو کہا گیا تھا کیونکہ پنڈبّی میں جگہ بہت کم تھی تو انھوں نے اپنے ساتھ ایک مسلمان کو لیا تھا، عابد حسن کو۔ بات مسلم یا ہندو کی نہیں ہے۔ عابد حسن کو اس لیئے لے گئے کہ انھیں وہی کارآمد لگا۔

ہمیں یاد ہے اسی مجلس عام میں بہت سی لڑکیوں نے، عورتوں نے آکر اپنے زیور نیتاجی کے قدموں پر رکھ دیئے تھے۔ اسی وقت ایک بوڑھی عورت آئی، پھٹی پرانی ساڑھی پہنے ہوئے۔ وہ بھی آہستہ آہستہ پلیٹ فارم پر آئی۔ اس نے کمر سے کچھ پیسہ نکالا۔ میں نہیں جانتا کتنا۔ شاید دس یا بیس روپے رہے ہوں گے۔ اس نے وہ پیسے نیتاجی کو دے دیئے۔ ہم لوگ دیکھ سکتے تھے کہ نیتاجی کے چہرہ پر عجیب الجھن کے آثار تھے۔ کیا میں پیسہ لے لوں؟ اگر میں لے لیتا ہوں تو وہ کھائے گی کیا؟ اگر نہیں لیتا ہوں تو سمجھے گی کہ ہم غریب ہیں اس لئے ہمارا پیسہ نہیں لیا۔ پھر نیتاجی نے پیسہ لے لیا۔

قومی محبت کی للک اور امنگ :۔

"اپنے لڑائی کے دلوں کی کوئی بات بتایئے۔" میں نے پوچھا۔

"ہاں! سبھاش ریجمنٹ جب سے برما انڈیا سرحد پر گئی۔ ایک جگہ ہے جنہل، اس میں ایک علاقہ ہے ہاکا۔ اسی میں ہم لوگ تھے۔ ہم لوگ عام طور پر گوریلا لڑائی لڑتے تھے کیونکہ دشمن ہم سے زیادہ طاقتور تھے۔ ان کے پاس بڑی فوج تھی۔ ان کے پاس ہوائی جہاز تھے۔ ہمارے کمانڈر جنرل شاہنواز تھے۔ اسی ہاکا میں ایک دفعہ رات میں ہم لوگ کھانا کھا کر بیٹھے تھے، سات آٹھ بجے ہوں گے کہ جنرل صاحب نے کہا کہ میں باہر جانا چاہتا ہوں۔ رات میں ہم لوگ چینی پہاڑی پار کر نیچے گئے۔ اور پھر جب صبح ہوئی تو ہم لوگ اوپر واپس آ گئے۔ ہم لوگوں کی تعداد دو ڈھائی ہزار کے قریب رہی ہوگی۔ پھر دوسرے دن گئے، پھر تیسرے دن۔ رات میں نیچے اترتے تھے اور صبح سورج طلوع ہونے کے وقت اوپر چڑھ جاتے تھے۔ ہم لوگ سوچتے تھے کہ یہ کیا کر رہے ہیں؟ لیکن ڈسپلن تھا، ہم لوگ پوچھ نہیں سکتے تھے، لیکن دیکھئے کہ جو نیتا ہوتا ہے اس کے دماغ میں ہمیشہ ایک منصوبہ ہوتا ہے۔ وہ یہ بتانا چاہتے تھے کہ ہم لوگ بہت زیادہ تعداد میں ہیں۔ جاسوس سب کے ہوتے ہیں، انگریز کے بھی تھے۔ چنانچہ وہ جاسوس ہماری تعداد کے بارے میں مشکوک ہو گئے۔

"حملہ سے واپس آکر افسر بتاتا ہے کہ آپ نے یہ کام غلط کیا۔ یہ اچھا کیا۔ اس بیٹھک میں سپاہیوں کو بھی اپنی بات کہنے کی آزادی تھی تو ایسی ہی ایک نشست میں ایک سپاہی نے اٹھ کر جب یہ کہا کہ مجھے اپنے افسر کے خلاف شکایت کرنی ہے تو ہم لوگ سکتے میں آ گئے۔ اسے اپنی بات کہنے کو کہا گیا تو اس سپاہی نے اپنے افسر پر یہ الزام لگایا کہ "مجھے میرا افسر مورچہ پر کیوں نہیں لے گیا؟" افسر نے جواب دیا "تم بیمار تھے۔ تمہیں کیسے لے جاتے۔" سپاہی نے کہا کہ "آپ رام سنگھ کو لے گئے، اسے بخار تھا۔"

تو دیکھئے "سپاہیوں کو کتنی امنگ تھی ان میں۔ ہمارے پاس کچھ بھی نہیں تھا، بس ایک نیتاجی تھے ان کے لئے ہم لوگ جان دینے کو تیار تھے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ لڑائی ہونے والی ہے اور لڑائی میں انگریز پر دباؤ پڑے گا۔ اور اسی وقت ہم کو انگریزوں پر دباؤ ڈالنا ہے۔ اس کے لیے جس سے بھی مدد ملتی وہ لینے کو تیار تھے۔ جاپانیوں نے انھیں مدد دی۔ ———————— مدد اس لیے نہیں دی کہ وہ ہندستان کو پیار کرتے تھے۔ اس کے پیچھے ان کا اپنا مطلب بھی پوشیدہ تھا۔ انھیں بھی یہ اچھا لگ رہا تھا اور ہمیں بھی۔ نرمی سے مجھے یہ کہنا ہے کہ ہمیں اہنسا سے کب آزادی ملی ہے؟ آزادی اس وقت ملی ہے جب نیتاجی آرمی میں ایر فورس میں، نیوی میں گھس گئے اور بولے۔ تم گولی چلاتے ہو کس پر؟ اپنے بھائیوں پر، اپنے ہی ہم وطنوں پر؟ اسلیے کہ انگریز تمہیں غلام بنائے رکھیں، اس لیے کہ تم پر حکومت کریں؟ حکومت کریں انگریز اور گولی کھاؤ تم؟"

انھوں نے کہا " نیتاجی ہماری آنکھ کھل گئی ہے۔ اب آپ جیسا چاہیں، جو بھی چاہیں، ہمیں بتائیں۔ تو نیتاجی نے کہا کہ ہم ایک دوسرا مورچہ کھولنا چاہتے ہیں۔ ہندستان کے لوگ تنگ آچکے ہیں اب وہ بغاوت کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارے یہ لوگ وہاں جائیں گے۔ یہ لوگ جب ہندستان میں فوج سے تعلق قائم کریں گے تب وہ انھیں دیکھیں گے۔ وہ جا کر اپنے گاؤں میں کہیں گے کہ ارے! وہاں تو وہ اپنے آدمی ہیں، اپنے لوگ ہیں۔ جب انگریز نے دیکھا کہ ان کا اعتماد ان پر اب نہیں رہا، اب یہ لوگ اپنے لوگوں پر گولی نہیں چلائیں گے۔ تب انگریز سوچے گا کہ اب وقت آگیا جانے کے لیے۔

ہم خود سپردگی نہیں کرینگے :-

"کب آپ کو لگا کہ اب آپ کے ہاتھوں سے بازی چھن گئی؟ اس وقت کا آپ کا ذاتی تجربہ کیا تھا میں نے کیپٹن محبوب صاحب سے جاننا چاہا۔

" حالانکہ ہم لوگ امفال کی لڑائی میں نہیں جاسکے تھے۔ پھر بھی نیتاجی نے ہندستان کو قانونی فتح دلانے میں کامیابی حاصل کی تھی۔ کیونکہ تب برٹش کو لگا کہ اب وہ ہندستان پر اپنی حکومت برقرار نہیں رکھ سکتے۔ دیکھیے نیتاجی کا جو خیال تھا وہ یہ نہیں تھا کہ پچاس ہزار سپاہی ملک کو آزاد کرا دینگے۔

ان کا اعتماد تھا کہ وہ ایک قومی شعور و جذبہ پیدا کرینگے، اسے جگائیں گے، پھر ہماری تحریک منزل پر ضرور پہنچ گا، ہم بیٹا پہنچے گا اس کا بیٹا پہونچے گا۔ دیکھیے جب ہماری شکست ہوئی تو سپاہیوں نے کہا کہ ہم تو اب خود سپرد

نہیں کرینگے۔ کچھ لوگ خودکشی کرنے لگے، تو جیسے ہی یہ خبر نیتاجی کو ملی اس وقت وہ فرنٹ لائن پر تھے، نیتاجی نے ایک میٹنگ بلوائی اور کہا کہ سننے میں آیا ہے کہ سپاہی خودکشی کر رہے ہیں۔ اسے روکنا ہوگا۔ میں خود سپردگی نہیں کروں گا، ہماری فوج کبھی خود سپردگی نہیں کرے گی۔ وہ انگریز کے ذریعہ ناکام کرکے ہی قبضہ میں لی جا سکتی ہے وہ قبضہ میں لے لیں۔ انگریز تمہیں پھانسی پر چڑھا دیں۔ جب وہ تم کو پھانسی دینگے تو تمہارے جو آدمی ہیں، وہاں ہندستان میں وہ انگریز کے خلاف ہو جائینگے۔ پھانسی پر جانا بھی ملک کی ہی خدمت ہوگی۔ اس لئے ہم خود سپردگی نہیں کرینگے۔ دیکھئے، وہ سچ مچ نیتا تھے۔ وہ عظیم تھے۔ ہم جانتے تھے کہ وہ جو بھی سوچتے ہیں ٹھیک ہی سوچتے ہیں۔ وہ جو بھی کرینگے، دیش کے فائدہ کے لیے ہی کریں گے۔

کیپٹن محبوب تب چپ ہو گئے۔ سامنے دیوار پر لگی پینٹنگ میں ان کی نگاہیں بھٹکنے لگیں۔ لگا جیسے پرانے دلوں کی یادیں انھیں بے چین کرنے لگی ہیں۔ کیا آپ ایسا سمجھتے ہیں کہ آزاد ہند فوج" آزاد ہند سرکار اور نیتاجی کا وہ کام بے کار گیا۔" میں نے پوچھا۔

تب ان کے چہرے پر متحملانہ سنجیدگی کے آثار ظاہر ہونے لگے۔

بے کار! ہم تو یہ کہتے ہیں کہ انگریزوں نے محسوس کرلیا کہ اب وہ یہاں نہیں ٹھہر سکتے۔

آپ احسان مند ہو رہے ہیں:۔

ایک ٹرائل ہوا تھا۔ شاہنواز، سہگل، ڈھلون تھے۔ انگریزوں کا خیال تھا کہ وہ ہندستانیوں کو بتائیں گے کہ دیکھو، سبھاش کی وجہ سے کتنے سپاہی مارے گئے۔ لیکن نتیجہ ایک دم الٹا ہوا۔ اس بات پر سارا دیش ایک ہو گیا۔ ہم ایک ہو گئے، انگریزوں کے منصوبوں پر پانی پھر گیا۔

نیتاجی کا سب سے بڑا یوگدان یہ رہا کہ انھوں نے ہمیں ہندستانی ہونا سکھایا حبِّ وطن کی بات سکھائی۔ انھوں نے کہا کہ "جو دیش کے لیے قربانی دے رہے ہیں، آپ جو دیش کو دے رہے ہیں، آپ دیش پر احسان نہیں کر رہے ہیں، آپ احسان مند ہو رہے ہیں۔ آپ اس وقت میں پیدا ہوئے ہیں کہ آپ دیش کے لیے اپنی قربانی دے کر سرخرو ہو سکتے ہیں یہ قربانی بے کار نہیں جائے گی۔ شہید کبھی مرتے نہیں۔ وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں ہمیشہ ہر طرح علم، سائنس، ٹکنالوجی میں آگے رہنا ہے۔ آپ جانتے ہیں، اس وقت نیتاجی نے گیارہ بارہ لڑکوں کو جاپان بھیجا تھا ایر فورس کی ٹریننگ کے لیے۔ انھوں نے ایک پلاننگ کمیشن بنایا تھا کہ جب ہندستان آزاد ہوگا تب اس کے لئے تعلیم، سائنس اور ٹکنالوجی کے ارتقا کے لئے کام ہو۔

ایک بار جب ہم جیل میں تھے۔ لال قلعہ میں گاندھی جی ملنے آئے تھے۔ شام کا وقت تھا۔ ہم لوگ صبح وہاں جھنڈا پھہراتے تھے اور شام کو جھنڈا اتارا جاتا تھا۔ اس دن شام کا وقت تھا۔ گاندھی جی جانے والے تھے تو ہم نے کہا کہ تھوڑا ٹھہر جائیے۔ پھر قومی گیت گایا۔ "شبھ سکھ چین کی ورشا برسے، بھارت بھاگیہ ہے جاگا۔" ہماری آواز میں جوش تھا۔ گیت سے پورا علاقہ گونج اُٹھا۔ گاندھی جی کہنے لگے کہ اب ہندستان کو آزاد ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ دوسرے لوگوں نے بھی جب پوچھا تو انھوں نے کہا کہ "سبھاش نے تو کمال کر دیا ہے۔ اتنا جوش ہے لوگوں میں، اور اس کی فوج میں کوئی ایک ریاست کا نہیں ہے، سب الگ الگ جگہوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کوئی آسام سے' کوئی بنگال سے، کوئی بہار سے، کوئی اڑیسہ، پنجاب، مدراس سے۔ علاقائی فرقہ واریت کو ایک دم ختم کر دیا ہے!

ہمارے سارے کاغذات اٹھا کر، انھیں کاٹ چھانٹ کر ایک فائل بنا کر افسروں کو دی جاتی تھی۔ ہمیں ایک بار ان کے افسر کے پاس لے جایا گیا۔ اس برٹش افسر نے کہا کہ تم تو ابھی بہت کم عمر کے ہو اور ان سب لفڑوں میں پڑ گئے۔ افسر نے آگے کہا کہ مسٹر بوس، اتنے سارے لوگوں کی موت کے ذمہ دار ہیں۔ دھیان دیجیے، اس نے کہا مسٹر بوس، جب کہ عام ہندستانی انھیں بوس کہتے تھے' اس نے مجھے متاثر کیا۔ تب میں نے کہا اسلیے کہ آپ یہاں جائیں، اور حکومت کریں!! جو بھی میں نے کہا اپنے دل سے کہا جوش میں کہا' تب وہ افسر مڑا اور اس نے ایک جملہ کہا مجھے وہ ابتک یاد ہے۔ وہ بولا کہ میں سوچتا ہوں اگر میں تمہاری جگہ ہوتا تو یہی کرتا جو تم نے کیا ہے۔ پھر اس نے کہا میں ایک اچھا انگریز ہو سکتا ہوں، لیکن ساتھ ہی میں نیتا جی سبھاش چندر بوس کا بہت بڑا مداح بھی ہوں۔

"ہم لال قلعہ میں بند تھے۔ ہم کو خبر ملی کہ ایک ایکسی ڈینٹ ہوا ہے جس میں نیتا جی کا انتقال ہو گیا — پہلے تو ہم نے اس بات پر یقین نہیں کیا، صرف اس لئے کہ اس عظیم انسان کے تئیں ہمارا جذبہ، ہمارا پیار ہمیں یقین نہیں دلا پا رہا تھا۔ ایک دو مہینے کے بعد کرنل حبیب الرحمٰن جو حادثہ میں نیتا جی کے ساتھ تھے اسی کیمپ میں لائے گئے۔ وہ فوراً ہمارے پاس نہیں آئے۔ ان کی جانچ وغیرہ ہو رہی تھی، اس کے بعد جب وہ آئے تو ہم نے اس موضوع کے بارے میں جاننا چاہا۔ انھوں نے بتایا کہ جیسے ہی جہاز اڑا، منٹوں کے اندر ہی وہ آگ کے شعلوں میں گھر گیا۔ دھماکا ہوا تھا۔ جہاز نیچے گر گیا (کرنل حبیب کا چہرہ ہاتھ وغیرہ جھلسا ہوا تھا۔ وہاں سفید داغ تھا) نیتا جی کو لوگوں نے اٹھانے کی کوشش کی۔ انھیں اسپتال لے جایا گیا۔ میں نے پوچھا کہ آپ نے انھیں مردہ نہیں دیکھا؟ انھوں نے یہ نہیں کہا کہ میں نے انھیں مردہ دیکھا، انھوں نے کہا کہ لیکن وہ مر گئے۔

"ہم لوگ جیل سے باہر نکلے تو ہم سے لوگوں نے پوچھا کہ کیا نیتا جی مر گئے"؟ تو ہم نے کہا کہ کسی نے انھیں

مردہ نہیں دیکھا ہے۔ یہاں تک کہ کرنل حبیب الرحمٰن نے بھی نہیں دیکھا ہے۔ لیکن وہ زندہ نہیں ہیں۔ کرنل حبیب اس وقت تک جیل ہی میں تھے۔ انھیں یہ خبر ملی تو انھوں نے خبر بھجوائی کہ خدا کے واسطے آپ لوگ چپ رہیں۔ ہم نے سوچا کہ شاید حکم ملا ہوگا۔ ہم لوگ چپ ہو گئے۔

" مئی ۱۹۴۶ء کو کرنل حبیب جیل سے رہا ہوئے۔ جب ہم اس سلسلہ میں بات کرتے تھے تو حبیب بتاتے تھے کہ جیسے ہی اُڑا، دھماکا ہوا اور پھر وہ رونے لگے۔ اب آپ تصور کر سکتے ہیں کہ ایک فوجی اس طرح سے رو رہا تھا۔ وہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتے۔ جب بھی یہ موضوع آتا تو وہ رونے لگتے۔ انھوں نے بعد میں بتایا کہ جہاز بہت بری حالت میں تھا۔ اس کی دیکھ بھال بھی نہیں کی گئی تھی۔ وہ جیسے ہی اڑا منٹوں کے اندر ہی پھٹ گیا۔ اینڈھن وغیرہ ادھر اُدھر بکھر گیا۔ میں زخمی ہوا۔ نیتاجی زخمی ہوئے۔

" شاہ کمیشن بیٹھا تھا۔ وہ سبھی جگہوں پر گئے۔ ڈاکٹروں، نرسوں سے ملے۔ ان سے پوچھ تاچھ کی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نیتاجی زندہ نہیں تھے، لیکن سیاسی لوگوں کا چکّر تھا۔ وہ نیتاجی کو بھنانا چاہتے تھے۔ پھر انھوں نے وہ بات سنائی جب ان کے سامنے ایک جاپانی نے ایک سیاسی لیڈر سے پوچھا تھا کہ بھارت کے لوگ نیتاجی کی استھیاں جاپان سے لے کر کیوں نہیں آتے۔ جواب میں سیاسی لیڈر نے صاف بولا۔ " نہ بابا۔ پھر ہم ان کے زندہ رہنے کا بھرم بنا کر ووٹ کیسے اکٹھا کریں گے۔

ہمارا سارا زخم دور ہو گیا :۔

" آپ نیتاجی کے اتنے قریب رہے۔ کوئی خاص بات یاد ہے جس نے آپ کو بہت متاثر کیا ہو؟ میں نے جاننا چاہا۔

" ایک بار رات کو انھوں نے ہمیں ایک کام دیا۔ ہم دو آدمی تھے۔ وہ ہمارا ہی ہم عمر افسر تھا کیپٹن پتری شرن رتوری۔ انھوں نے ہمیں کہا کہ ابھی ایسا ایسا کرنا ہے، کر کے واپس آؤ۔ اس وقت رات کے دو بج رہے تھے۔ ہم لوگوں کو انھوں نے الگ الگ سمت میں بھیجا۔ جب ہم لوٹے تو صبح ہو چکی تھی۔ جب ہم لوگ واپس لوٹے تو دیکھتے ہیں کہ نیتاجی بنگلہ کے برآمدہ میں اسی طرح ٹہل رہے تھے۔ وہ ہمارا انتظار کر رہے تھے۔ وہ سوئے نہیں تھے۔ ہم لوگ جو کچھ بھی نہیں تھے ان کا بھی ان کو اتنا خیال رہتا تھا۔ ایسے آدمی کے لئے ہم اپنی زندگی نہیں دیتے تو پھر کس کے لیے دیتے ؟ اور میں ایسا کرنے والا اکیلا آدمی نہیں تھا، لاکھوں لوگ تھے۔

ایک دفعہ رنگون میں حالت بہت خراب ہو گئی تھی۔ دو بجے رات کو نیتاجی آئے اور پوچھا کہ کیسی حالت

ہے؟ میں نے کہا حالت تو ٹھیک نہیں ہے، لیکن لڑائی جاری رہے گی۔ ہم لوگ لڑینگے جو یہاں ہیں لڑینگے لیکن آپ چلے جائیے۔ تو انھوں نے کہا کہ میں کیوں جاؤں؟ میرے سپاہی یہاں رہیں گے اور میں چلا جاؤں؟

نیتاجی! یہ آپ کا فرض ہے۔ میرے منہ سے اچانک نکل گیا۔ آپ شہید ہونا چاہتے ہیں، آپ سپاہیوں کے ساتھ لڑ کر مرجانا چاہتے ہیں، امر ہو جانا چاہتے ہیں، لیکن پھر کون لڑے گا؟ ہماری قیادت کون کرے گا؟ نیتاجی چپ ہو گئے۔ ناراض نہیں ہوئے۔ کیونکہ یہ خلوص تھا ہمارا۔ پھر انھوں نے کہا ٹھیک ہے میں جاؤنگا۔

مانڈلے میں ہمارا ملٹری اسپتال تھا۔ لڑائی کے دنوں میں کوئی سڑکوں پر نہیں چلتا تھا، کیونکہ ہوائی حملے ہوتے رہتے تھے۔ ایک دن میں اسپتال جارہا تھا تبھی میں نے دیکھا کہ سامنے سے ایک سپاہی دوڑتا ہوا آرہا ہے۔ وہ بے حد خوش نظر آرہا تھا۔ نزدیک آکر اس نے زور سے کہا "جے ہند"۔ میں نے پوچھا کیا حال ہے؟ بہت خوش ہو؟ سپاہی نے خوشی سے مچلتے ہوئے کہا "صاحب آج نیتاجی نے ہمیں گلے لگایا ہے۔ ہمارا سارا زخم دور ہو گیا ہے۔ صاحب! اب یہ ایک گولی کیا، مجھے سو گولیاں لگیں تب بھی کیا؟

"آخر میں، میں یہی کہوں گا کہ اگر دیش نے بٹوارہ ٹھکرایا ہوتا اور ہم لوگ لڑتے اور اپنا خون دیش کے لئے بہاتے تو برٹشوں کے لیے دوسرا راستہ نہیں تھا۔ مسٹر جناح پورے ہندستان پر حکومت نہیں کر سکتے تھے۔ انگریزوں کو ہماری بات ماننی پڑتی۔ ہمیں آزادی دیر سے ملتی۔ لیکن ہم تقسیم ملک سے بچ جاتے۔ اگر نیتاجی اس دیش میں ہوتے تو وہ یہ سمجھوتہ کبھی قبول نہیں کرتے۔ وہ آزادی اپنی سی شرطوں پر چاہتے تھے، برٹش کی شرطوں پر نہیں۔ اور ان کے پاس وہ طاقت تھی اور مقابلہ کرنے کی صلاحیت تھی۔ جس سے وہ اپنی بات منوا سکتے تھے۔" "جے ہند"

●●

جناب تقی رحیم
پٹنہ

مولانا آزاد کے تیس صفحات

مولانا آزاد کی کتاب انڈیا ونس فریڈم کے بقیہ ۳۰ صفحات کا انتظار اسی وقت سے بڑی بے چینی کے ساتھ کیا جا رہا تھا جب ان کی اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۵۹ء میں شائع ہوا تھا۔ کیونکہ اس کے دیباچہ میں ہمایوں کبیر صاحب نے یہ اعلان کر دیا تھا کہ مولانا کی ہدایت کے بموجب اصل مسودہ سے قریب ۳۰ صفحات حذف کر کے یہ کتاب شائع کی جا رہی ہے۔ جس میں ایسے مسائل اور تاثرات پر بحث کی گئی ہے جو بڑی حد تک ذاتی اور شخصی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے اس کی صراحت بھی کر دی تھی کہ پوری کتاب کے دو نسخے خود مولانا کی ہدایت کے مطابق سربہ مہر لفافوں میں بند کر کے نیشنل لائبریری کلکتہ اور نیشنل آرکائیوز دہلی میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔ جنہیں ۳۰ سال بعد کھولا جائے گا اور پوری کتاب اس وقت شائع کی جائے گی۔ چنانچہ لوگوں کو اسی وقت سے یہ معلوم کرنے کی بے تابی تھی کہ مولانا نے ان ۳۰ صفحات میں کون سے ایسے اہم رازوں کا انکشاف کیا ہے اور اپنے رفقاء پر کون سے ایسے ناخوشگوار ریمارک کئے ہیں جن کی پردہ داری انہوں نے ۳۰ برسوں یعنی خود اپنی اور ان کی زندگی بھر تک ضروری سمجھی۔ اور خاص کر ایسی حالت میں جبکہ ان ۳۰ صفحات کو حذف کر کے اس کتاب کا جو پہلا ایڈیشن شائع ہوا تھا اور جسے مولانا کی زندگی ہی میں ان کی سترویں سالگرہ کے موقع پر شائع کرنے کا منصوبہ بنایا گیا تھا، اسی کے مطالعہ سے یہ حقیقت واضح ہو گئی تھی کہ مولانا نے اس کتاب میں اپنی عام روش سے ہٹ کر اشخاص و واقعات کے بارے میں کھل کر اور صفائی سے باتیں کی ہیں۔ حالانکہ عام طور پر ان کے قول کے مطابق ان کی باتیں کنایوں کا پہلو لیئے ہوئے ہوتی تھیں۔

اس سلسلے میں سب سے پہلے تو یہ عرض کر دوں کہ ہمارا اور ہمارے ہی طرح دوسرے بہت سے لوگوں کا خیال یہ تھا کہ مولانا کے حذف کردہ یہ ۳۰ صفحات الگ سے ایک یا کئی بابوں میں مختلف موضوعات پر مشتمل ہیں لیکن پچھلے سال پوری کتاب کی اشاعت کے بعد جب وہ ہمارے سامنے آئے تو معلوم ہوا کہ یہ صفحات الگ سے

قلم بند کرائی ہوئی عبارت پر مشتمل نہیں ہیں بلکہ پوری کتاب میں پھیلی ہوئی مربوط عبارت میں سے جگہ جگہ پر سے کچھ فقروں، کچھ جملوں اور کہیں کہیں پر سے پورے پیراگراف کو حذف کر دیا گیا تھا جنہیں ۳۰ برس بعد شائع ہونے والے اس حالیہ ایڈیشن میں اپنی اپنی جگہوں پر علامتی نشان لگا کر شائع کر دیا گیا ہے اس کے ساتھ ہی مولانا کی تیس سال پردہ پوشی کی ہدایت کو دیکھتے ہوئے ہماری جو یہ سمجھ بنی ہوئی تھی کہ ان صفحات میں مولانا نے کچھ بڑے اندرونی رازوں کا انکشاف کیا ہوگا، وہ سراسر غلط فہمی پر مبنی ثابت ہوئی۔ کیونکہ ان میں کوئی بات بھی ایسی نہیں ہے جو پہلے ہی پریس اور پلیٹ فارم پر بحث کا موضوع نہ بن چکی ہو۔ یا مولانا نے خود اپنی اس کتاب میں اس کی طرف اشارے نہ کر دیئے ہوں جو ان کی حسب ہدایت انہیں حذف کر کے ۳۰ برس پہلے ہی شائع ہوئی تھی۔

ویسے تو مولانا شخصی اور فروعی بحثوں سے کنارہ کش رہنے والے بڑے ہی اصول اور ضابطے کے آدمی تھے ملک کی آزادی ان کی زندگی کا مقصد تھا اور اس کے حصول کے لئے وہ کانگریس کے اجتماعی فیصلوں کی پابندی اور گاندھی جی کی قیادت کو ضروری سمجھتے تھے۔ وہ کمیٹیوں کی بیٹھکوں میں بھی زیادہ بحث و مباحثہ میں نہیں پڑتے تھے بلکہ اشد ضرورت پڑنے پر ہی اپنی رائے کا اظہار کرتے تھے۔ پھر بھی قوم کے ایک مسلمہ لیڈر ہونے کی حیثیت سے جو رائے بھی ملکی مسائل پر وہ دیتے تھے ان میں واقعات کے ساتھ شخصیتوں کے ذکر کا آجانا بھی بالکل فطری تھا۔ اس طرح سے واقعات و مسائل کے ساتھ شخصیتوں کے متعلق ان کی رائے کا پتہ بھی چل جاتا تھا۔ چنانچہ نہرو رپورٹ پر بحث کے دوران قومی رہنماؤں کی جنگ زرگری سے بیزار ہو کر اپنے ایک بیان میں کہا تھا:

مسلمان احمق تھے جو ہندوؤں کے سامنے اپنے مطالبات پیش کرنے گئے تھے

اور ہندو احمق تر تھے جنہوں نے ان کے مطالبات تسلیم نہیں کر لئے!

ظاہر ہے کہ ہندوؤں سے یہاں پر ان کی مراد کانگریسی ہندوؤں سے تھی۔ کیونکہ نہرو کمیٹی کے چیرمین پنڈت موتی لال نہرو تھے اور انہوں ہی نے نہرو رپورٹ مرتب کی تھی اور گاندھی جی اس کے اتنے بڑے حامی تھے کہ ایک کو ما یا سیمی کولن کی تبدیلی کے بھی روادار نہیں تھے۔ اسی طرح سے اور بھی چند موقعوں پر انہوں نے قومی رہنماؤں کی کمزوریوں اور غلطیوں پر اپنے مخصوص انداز میں حرف گیری کی تھی۔ لیکن انڈیا ونس فریڈم چونکہ انہوں نے قلم بند ہی کرائی تھی واقعات و مسائل پر اپنے ذاتی تاثرات ریکارڈ کرانے کے لئے اس لئے اس میں واقعات اور مسائل کے ساتھ شخصیات کے متعلق بھی ان کے خیالات کا اظہار زیادہ واضح اور براہ راست طور پر ہوا ہے۔

بہر کیف چونکہ مذکورہ ۳۰ صفحات الگ سے قلم بند کرائی ہوئی عبارت پر نہیں بلکہ اصل کتاب کے مربوط متن میں سے حذف کئے گئے فقروں، جملوں اور پیراگراف پر مشتمل ہیں۔ اس لئے ان پر الگ سے کوئی رائے دینے کے بجائے ہم مجموعی طور پر پوری کتاب کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی رائے پیش کر رہے ہیں

مولانا کا اپنا ایک مخصوص زاویۂ نظر تھا اور وہ اس پر اتنی مضبوطی اور مستقل مزاجی سے قائم تھے کہ دوسروں کی رائے کو کوئی وقعت دینے کو تیار نہیں ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ خود اپنے کانگریسی رفقا کی سیاسی فہم و بصیرت کے متعلق بھی وہ اتنی حقیر رائے رکھتے تھے کہ سن کر حیرت ہو جاتی ہے اور ان کی رائے پر اعتماد کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ مثلاً جنگ کے متعلق کانگریس کی پالیسی پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے اپنی اس کتاب میں لکھا ہے کہ "سردار پٹیل"، راجندر پرشاد اور راجا جی کو لڑائی کو ٹھیک معلوم بھی نہ تھا کہ لڑائی کیا ہے اور کس لئے ہے؟ وہ شاذونادر ہی معاملوں کو اپنے طور پر سمجھنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان لوگوں کے ساتھ بحث کرنا فضول تھا۔"

گرچہ حب الوطنی اور قوم پرستی کے اپنے اونچے تصورات کے پیش نظر مولانا اپنے سیاسی رفیقوں کے فہم و تدبر اور خاص کر فرقہ وارانہ معاملات میں ان کے رخ اور رویہ سے مطمئن نہیں تھے۔ لیکن ان کی مجبوری یہ تھی کہ ان کے سامنے صرف کانگریس ہی وہ جماعت تھی جو متحدہ قومیت کی بنیاد پر پورے ملک کی آزادی کے لئے جدوجہد کر رہی تھی اور جسے گاندھی جی کی رہنمائی بھی حاصل تھی جن کی پکار پر لاکھوں کی تعداد میں عوام اٹھ کھڑے ہوتے تھے۔ اس لئے وہ اسے چھوڑ نہیں سکتے تھے۔ ایسی بات نہیں کہ فرقہ وارانہ معاملات میں انہیں کانگریسی رہنماؤں کی تنگ نظری اور تعصب سے کوئی شکایت نہ ہو۔ لیکن اپنی تمام کمزوریوں کے باوجود چونکہ وہ آزادی کے جدوجہد میں سرگرم تھے، اس لئے مولانا کے دل کے اندر حریت پسندی کا جو جذبہ بھڑک رہا تھا، وہ انہیں ان ہی کے ساتھ کام کرنے پر مجبور کئے رہا۔

۳۷ء میں صوبائی خود مختاری کی صورت میں آزادی کی پہلی قسط ملنے پر اپنی اکثریت کے زعم میں کانگریس کے رہنماؤں نے اقلیتی فرقوں کو جس طرح نظر انداز کیا اور ان کے رہنماؤں کی جیسی حق تلفی کی، اس سے مولانا کو بہت صدمہ پہونچا تھا۔ چنانچہ اس سلسلے میں انہوں نے لکھا ہے کہ

> " نریمان کو فرقہ وارانہ تعصب کی وجہ سے نظر انداز کیا گیا ہے۔ ایسا الزام صحیح نہ ہو تب بھی اسے غلط ثابت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ بمبئی کی صوبائی کانگریس کمیٹی کا

مسٹر نریمان کو مقامی قیادت سے محروم کر دینا غلط تھا۔ اور ورکنگ کمیٹی میں یہ ہمت نہیں تھی کہ وہ اس کا تدارک کرے۔"

مسٹر نریمان کے معاملے کے متعلق ان کی یہ تحریر تو پہلے ہی اڈیشن میں آگئی تھی مگر ہمارے بہار کے ڈاکٹر محمود کے متعلق اپنی تحریر کو مولانا نے اس وقت شائع کرنے سے منع کر دیا تھا۔ چنانچہ وہ ۳۰ صفحات کے ساتھ شائع ہونے والے حالیہ اڈیشن میں آئی ہے۔ مولانا آزاد کانگریس کے ہندو قائدین سے کیسی فراخ دلی اور رواداری کے خواہاں تھے اور ان میں کون ان کا آئیڈیل تھا۔ اس کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ ۱۹۳۷ء میں مسٹر نریمان کے ساتھ کی گئی بے انصافی کا ذکر کرتے ہوئے یکایک انہیں سی۔ آر۔ داس اور مسلمانوں کے ساتھ ان کی رواداری کی یاد آگئی جن کا انتقال ۱۹۲۶ء ہی میں ہو گیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے لکھا ہے کہ:۔

جب میں سوچتا ہوں کہ نریمان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا تو میرا ذہن سی۔ آر۔ داس کی طرف جاتا ہے ... ان کی نظر بہت بلند تھی، ان کے تخیل میں بڑی وسعت تھی، اس کے ساتھ ہی وہ معاملہ فہم بھی تھے۔ وہ جو کچھ چاہتے تھے اسے ظاہر کرنے کی ہمت بھی رکھتے تھے ۔۔۔ بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت تھی مگر بعض اسباب کی وجہ سے وہ تعلیمی اور سیاسی اعتبار سے پس ماندہ تھے۔ اگرچہ آبادی میں ان کی تعداد پچاس فیصدی سے زیادہ تھی لیکن سرکاری نوکریوں میں ان کو تیس فیصدی بھی عہدے نہیں ملتے تھے ..... اس لئے انہوں نے اعلان کیا کہ جب بنگال میں حکومت کی باگ ڈور کانگریس کے ہاتھوں میں آجائے گی تو تمام نئے تقررات میں ساٹھ فیصد عہدے مسلمانوں کے لئے مخصوص کر دیئے جائیں گے۔ جب تک آبادی کے تناسب سے انہیں صحیح نمائندگی حاصل نہ ہو جائے۔ کلکتہ کارپوریشن کے معاملے میں وہ اس سے بھی آگے بڑھ گئے تھے۔ اور کہا کہ انہیں شرائط کے ساتھ اسی فیصدی تقررات مسلمانوں کے لئے مخصوص کر دیں گے۔ ان پر موقع پرست مصلحت پرست اور مسلمانوں کا طرف دار ہونے کا الزام لگایا گیا لیکن وہ ایک چٹان کی طرح اپنی جگہ پر قائم رہے ..... مجھے یقین ہے کہ اگر ان کا قبل از وقت انتقال نہ ہو جاتا تو وہ ملک میں ایک نئی فضا پیدا کر دیتے۔

مولانا آزاد کی اس تحریر سے بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے ہندو کانگریسی رفیقوں سے کس طرح

کی سیاسی بلند نظری اور فرقہ وارانہ رواداری کے خواہاں تھے۔ اور یہ کہنے کی حاجت نہیں کہ سی۔ آر۔ داس کے بعد کوئی بھی دوسرا ہندو رہنما اس طرح کی سیاسی اعلیٰ ظرفی اور فرقہ وارانہ کشادہ دلی دکھانے کی ہمت نہیں کر سکا۔ اسی لئے مولانا اپنے ساتھیوں میں سے کسی سے بھی پوری طرح مطمئن نہیں تھے۔ پھر بھی وہ انہیں کے ساتھ کام کرنے پر مجبور تھے۔ کیونکہ آزادی کی لڑائی کی علم برداری وہی کر رہے تھے۔ یہاں پر ہم مولانا کے ایک بڑے مخلص عقیدت مند ڈاکٹر سید محمد عثمان مالک بانکی پور فارمیسی پٹنہ کا بیان کردہ ایک قصہ سنا دینا چاہتے ہیں۔ جس سے مولانا آزاد کی سمجھ اور ان کے سیاسی طریقۂ عمل پر پوری طرح روشنی پڑتی ہے۔

ڈاکٹر صاحب ہمارے گاؤں بہرانوں ہی کے رہنے والے تھے اور پٹنہ میں پریکٹس کرتے تھے۔ وہ مولانا کے بھاری عقیدت مندوں میں سے تھے۔ ان کے ساتھ ان کا ملنا جلنا بھی رہتا تھا اور مراسلت بھی۔ انہوں نے ہم سے یہ واقعہ بیان کیا کہ ۱۹۳۶ء یا ۱۹۳۷ء میں مولانا پٹنہ تشریف لائے تھے اور گرینڈ ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ پروفیسر باری مسلمان کانگریسی کارکنوں اور مولانا کے مخلصین کی ایک ٹولی کو وفد کی صورت میں لے کر وہاں پہونچے اور کانگریس کے صوبائی رہنماؤں کی غلط کاریوں کی ایک لمبی داستان ان کے سامنے بیان کی۔ مولانا پورے سکون سے انکی باتیں سنتے رہے اور جب ان کی بات ختم ہو گئی تو فرمایا کہ پہلے ایک تاریخی لطیفہ سُن لیں۔ ایک زمانے میں ایران کے کسی سرحدی علاقہ کے شیعہ حاکم نے سنیوں پر بڑے مظالم کئے۔ جس کی فریاد انہوں نے پڑوس کے سنی بادشاہ کے دربار میں جاکر کی۔ ان کی فریاد سُن کر بادشاہ بہت غضبناک ہوا اور حملہ کر کے شیعہ حکمراں کے علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ اور شیعہ سرداروں اور علماء کو دربار میں بلوا کر سبھوں کو قتل کر دینے کا حکم دیا۔ مگر ان سبھی سرداروں اور علماء نے شیعہ ہونے سے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ ہم لوگ خاندان در خاندان سے سنی چلے آ رہے ہیں۔ اس پر بادشاہ نے کہا کہ اگر تم سنی ہو تو اپنے میں سے ابوبکر اور عمر کے نام کا کوئی آدمی ہمارے سامنے پیش کرو۔ اس کے لئے انہوں نے بہت گڑگڑا کر دو دنوں کی مہلت طلب کی جسے قبول کیا گیا۔ اور آخر میں دو دن کے بعد ان لوگوں نے دو انتہائی بد ہیئت اور مکروہ صورت آدمیوں کو لاکر بادشاہ کے سامنے حاضر کیا۔ ان میں سے ایک کا نام ابوبکر اور دوسرے کا عمر بتایا۔ اس پر بادشاہ نے غضبناک ہو کر کہا کہ تم دو دنوں کے بعد پورے علاقہ سے ڈھونڈھ کر ابوبکر اور عمر کے نام کا آدمی لائے بھی ہو تو اس شکل کا لائے ہو؟ شیعہ علما نے برجستہ جواب دیا کہ حضور یہ حجاز یا ترکستان کا علاقہ نہیں ہے۔ یہاں کی مٹی سے تو ایسے ہی ابوبکر اور عمر نکل سکتے ہیں۔ اس لطیفہ کو سُنا کر مولانا نے نہایت سنجیدگی کے ساتھ فرمایا۔ میرے بھائی یہ ہندوستان کی سرزمین ہے یہاں تو ایسے ہی

آزادی خواہ ملتے ہیں اور میں مجبور ہوں کہ انہیں کے ساتھ کام کروں اور اگر آزادی کی جنگ کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں تو آپ کو بھی انہیں کے ساتھ مل کر کام کرنا ہے۔

اگر غور کیا جائے تو اس قصہ سے مولانا کی وہ ذہنیت صاف صاف سمجھ میں آجاتی ہے جس کے تحت وہ کانگریس اور اس کے تنگ دل اور تنگ نظر رہنماؤں کے ساتھ آخر تک انتہائی خندہ پیشانی کے ساتھ کام کرتے رہے۔ یہاں پر مسلم لیگ کے متعلق مولانا کے خیالات کو بھی صحیح تناظر میں سمجھ لینے کی ضرورت ہے۔ ویسے تو انڈیا ونس فریڈم میں انہوں نے لیگ کی بالکل ہی ایک طرفہ اور بڑی ہی بھونڈی تصویر پیش کی ہے۔ لیکن اس کا اقرار کیا ہے کہ وہ لیگ کے تاسیسی اجلاس میں شریک تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ لیگ کے قیام کے وقت سے لے کر ۱۹۲۸ء تک مولانا بھی اس میں اسی طرح شریک رہے جس طرح دوسرے کانگریسی مسلمان رہنما مولانا محمد علی، ڈاکٹر انصاری، حکیم اجمل خاں، مولانا مظہر الحق اور شاہ زبیر وغیرہ شریک تھے۔ ۱۹۲۸ء میں نہرو رپورٹ کے سوال کو لے کر لیگ میں اختلاف ہوا اور کانگریسی مسلمانوں نے مولانا آزاد اور ڈاکٹر انصاری کے مشورہ پر مسلم نیشنلسٹ پارٹی کے نام سے ایک الگ جماعت سر علی امام اور راجہ محمود آباد کی مدد سے کھڑی کی لیکن وہ تنظیم چل نہیں سکی۔ ۱۹۳۶ء کے عام انتخابات کے موقع پر لیگ اور کانگریس میں نزدیکی آگئی تھی۔ اس سے مولانا کو بھی لیگ سے کچھ ویسا اختلاف نہیں رہا تھا بلکہ وہ مسلمانوں میں ترقی پسند سیاسی رجحان پیدا کرنے کے لئے لیگ کی افادیت کو محسوس کرنے لگے تھے۔ یہاں تک کہ وزارت سازی کے سوال پر لیگ اور کانگریس کے درمیان سیاسی جھگڑے کے شروع ہو جانے کے بعد بھی وہ لیگ کی ضرورت کے قائل تھے۔ چنانچہ ۱۹۳۸ء میں مدینہ کے ایڈیٹر ابو سعید بزمی نے جو کتاب مولانا آزاد پر لکھی ہے، اس میں مولانا کے ساتھ اپنے ایک انٹرویو کی تفصیل دیتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مولانا نے فرمایا کہ لیگ کی ضرورت سے کون سمجھدار آدمی انکار کر سکتا ہے۔ مسلمان اپنے مخصوص سوالات پر غور و فکر کرنے اور انہیں ملک و قوم اور حکومت کے سامنے پیش کرنے کے لئے اگر اپنی کوئی علٰحدہ تنظیم رکھتے ہیں تو اس میں کسی کو کیا عذر ہو سکتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ مجھے لیگ کی موجودہ پالیسی سے اتفاق نہیں۔ لیکن بعد میں جب مسلم لیگ نے دو قومی نظریہ اپنا لیا تو مولانا اس کے سخت مخالف ہو گئے کیونکہ مولانا مخلوط تہذیب، متحدہ قومیت اور ہندوستان کی وحدت پر جواہر لال اور گاندھی جی سے بھی زیادہ مضبوط عقیدہ رکھتے تھے۔

ہمارا خیال ہے کہ اگر مذکورہ حقائق کی روشنی میں انڈیا ونس فریڈم میں ظاہر کئے گئے مولانا کے خیالات کو

دیکھا جائے تو انہیں سمجھنے میں بڑی آسانی ہوگی اور ظاہری طور پر جو تضاد ان میں نظر آتا ہے وہ بڑی حد تک دور ہو جائے گا۔ ویسے تو اس سلسلے میں پنڈت جواہر لال نہرو نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے اعزاز میں دی گئی الوداعی دعوت کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے انتہائی جامع اور معنی خیز بات اپنے مخصوص انداز میں یہ کہی تھی کہ :-

"پچھلے سال یا اس کے کچھ پہلے جو کچھ ہم نے کیا اسکے بارے میں فیصلہ کرنا ہمارے یا آپ میں سے کسی کے لئے بھی بہت مشکل ہے۔ کیونکہ ہم لوگ واقعات سے بہت نزدیک رہے ہیں اور ان سے گہرائی کے ساتھ وابستہ رہے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ ہم لوگوں نے ہم نے اور آپ نے غلطیاں کی ہوں۔ اس لئے شاید ایک یا دو نسل کے بعد کے مورخ اس کا فیصلہ کرنے کے قابل ہو سکیں گے کہ ہم لوگوں نے کیا درست کیا اور کیا غلط کیا ؟"

حقیقت یہ ہے کہ اس وقت کے طوفان خیز حالات میں کانگریس اور لیگ دونوں پارٹیوں کے رہنما جس طرح کی جذباتی اور نفسیاتی الجھنوں میں مبتلا ہو گئے تھے، اس کی وجہ سے واقعات اور معاملات کو ان کے اصلی روپ میں دیکھنا ان کے بس کی بات نہیں رہی تھی۔ انہوں نے انہیں صرف دیکھنے اور سمجھنے میں ہی غلطیاں نہیں کیں بلکہ بیان کرنے میں بھی غلطیاں کی ہیں اور خود مولانا آزاد کو بھی اس سے بری قرار نہیں دیا جا سکتا لیکن مخلوط تہذیب۔ متحدہ قومیت۔ اور ہندوستان کی وحدت پر ان کا ایسا غیر متزلزل عقیدہ تھا کہ ان کی نظر نے یہ دیکھنے، ان کے دماغ نے یہ سوچنے اور ان کے قلم نے یہ لکھنے میں کوتاہی نہیں کی ملک کی تقسیم کی جوابدہی خود ان کے کانگریسی رفیقوں پر ہے مسلم لیگ اور مسٹر جناح پر نہیں! اور مولانا نے اس سچائی کا اظہار جھوٹ کے بول بالا کے اس دور میں کیا جب ان کے کانگریسی رفقا حکومت کے اقتدار پر قابض ہو کر اپنی پارٹی اور سرکاری مشنری کے پروپگنڈا کے زور پر دنیا کو یہ باور کرانے میں کامیاب ہو چکے تھے کہ ملک کی تقسیم محض مسٹر جناح کی ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے ہوئی ہے۔ اور اس سلسلہ میں توجہ دینے کے لائق ایک بات یہ بھی ہے کہ اس سچائی کی اشاعت انہوں نے انڈیا ونس فریڈم کے پہلے ایڈیشن یعنی پنڈت نہرو کی زندگی ہی میں مناسب سمجھی، اور اسے تیس برسوں تک رُکے رکھنے میں کوئی مصلحت نہیں دیکھی۔

غرضکہ ملک کی تقسیم کے بارے میں بہت بڑے پیمانے پر جو یہ غلط فہمی پھیلا دی گئی تھی کہ اس میں سراسر

تصور مسٹر جناح اور لیگ بہ الفاظ دیگر مسلمانوں کا ہے اس کا پردہ چاک کرنے کی شروعات مولانا آزاد کی اسی کتاب سے ہوئی۔ گرچہ اس کتاب کی اشاعت کے بعد مولانا کے خلاف بہتان بازی اور افترا پردازی کا بھاری طوفان کھڑا کر دیا گیا تھا۔ پھر بھی ان کی تحریر کے اثر سے سنجیدہ حلقوں میں یہ بات سوچی جانے لگی تھی کہ ملک کی تقسیم کی ساری ذمہ داری یک طرفہ طور پر مسٹر جناح اور مسلم لیگ کے اوپر اس طرح سے نہیں ہے جس طرح سے کانگریس کے نیتا بیان کرتے ہیں لیکن ادھر پچھلے دس پندرہ برسوں کے اندر اس مسئلہ سے متعلق جو دستاویزات اور کتابیں شائع ہوئی ہیں، انہیں دیکھ کر تو سبھی سمجھ دار لوگ یہ ماننے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ ملک کی تقسیم کے کانگریس اور لیگ کے قائدین مساوی طور پر جوابدہ ہیں۔ اور ہمیں پورا بھروسہ ہے کہ آنے والی نسل کے مورخین یقینی اس نتیجہ پر پہونچیں گے کہ ملک کا بٹوارہ کانگریسی لیڈروں کی ملک گیری کی ہوس کے باعث ہوا کیونکہ وہ اقتدار پر اپنی کلی اجارہ داری چاہتے تھے اور اس میں کسی کی حصہ داری انہیں برداشت نہیں تھی۔

گرچہ بہت سے لوگوں کو آج بھی اس پر حیرت ہو گی لیکن یہ حقیقت ہے کہ مولانا آزاد ملک کی تقسیم کا اصل ذمہ دار اپنے عزیز ترین دوست پنڈت جواہر لال نہرو کو سمجھتے تھے ۳۷ء کے صوبائی انتخابات کے بعد جب یوپی کی وزارت میں مسلم لیگ کی شمولیت کی بات چلی تو مولانا کی رائے تھی کہ وزارت میں اس کے دو نمائندوں کو شریک کرنے کے لیگ کے مطالبہ کو مان لیا جائے لیکن مولانا کے بہت سمجھانے پر بھی پنڈت نہرو لیگ کا ایک سے زیادہ نمائندہ لینے پر تیار نہیں ہوئے۔ جس کا نتیجہ مولانا کے الفاظ میں بہت افسوسناک نکلا۔ چنانچہ انھوں نے اس سلسلہ میں اپنے خیال کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:۔

> "لیگ کی طرف سے تعاون کی پیش کش کو ٹھکرا کر جواہر لال نے یوپی میں لیگ کو نئی زندگی بخش دی۔ ہندوستانی سیاست کا جس نے بھی مطالعہ کیا ہے وہ جانتا ہے کہ لیگ کی دوبارہ تنظیم یوپی میں کی گئی۔ مسٹر جناح نے صورتحال سے پورا فائدہ اٹھایا جس کا آخری نتیجہ پاکستان کا قیام تھا۔"

اس کے بعد ۱۹۴۰ء میں مسلم لیگ نے آخری بار کانگریس کی طرف تعاون کا ہاتھ پھر اس وقت بڑھایا جب برطانوی حکومت ہندوستان کو آزاد کر دینے کا فیصلہ کر چکی تھی۔ مسلم لیگ نے ملک کی تقسیم کے مطالبہ

کو چھوڑ کر کیبنٹ مشن پلان کے مطابق پورے ہندوستان کے لئے ایک متحدہ فیڈریشن قائم کرنے کی اس کی اسکیم کو منظور کر لیا تھا ۔ اور اس پر عمل درآمد کرانے کے لئے کانگریس کے ساتھ مل کر عارضی حکومت بنانے اور اسے چلانے کے لئے تیار ہو گئی تھی ۔ لیکن مولانا آزاد کے خیال کے مطابق اس بار پھر پنڈت جواہر لال نہرو ہی نے سارے معاملے کو بگاڑ دیا ۔ مولانا کا کہنا ہے کہ کیبنٹ مشن پلان بنیادی طور پر ان ہی کی پیش کردہ ان تجویزوں کے مطابق تیار کیا گیا تھا جن کا اعلان انہوں نے اپنے ۱۵ اپریل کے بیان میں اپنے سیاسی رفیقوں کے ساتھ کافی غور و بحث کے بعد ان کی منظوری حاصل کرنے کے بعد کیا تھا ۔ کیبنٹ مشن پلان کے تحت صوبوں کو تقریباً پوری اٹانومی دی گئی تھی اور بیشتر امور ان ہی کے اختیار میں دیئے گئے تھے ۔ مرکز کے ماتحت لازمی طور پر صرف دفاع ۔ رسل و رسائل اور امور خارجہ کے تین محکمے رکھے گئے تھے ۔ اور اقلیتوں کے دلوں میں زیادہ اطمینان اور اعتماد پیدا کرانے کے لئے صوبوں کو اے ۔ بی ۔ اور سی تین گروپ میں تقسیم کر دیا گیا تھا ۔ گروپ بی پنجاب سندھ، سرحد اور برطانوی بلوچستان پر مشتمل تھا ۔ یہ مسلم اکثریت کا علاقہ تھا ۔ گروپ سی بنگال اور آسام پر مشتمل تھا ۔ یہ ایسا حصہ تھا جس میں مسلمانوں کی دوسروں کے مقابلے میں تھوڑی اکثریت تھی ۔ کیبنٹ مشن پلان کا خیال تھا کہ یہ انتظام مسلم اقلیت کو مکمل طور پر مطمئن کر دے گا ۔ اور لیگ کے تمام جائز خدشوں کو دور کر دے گا ۔ چونکہ یہ اسکیم مولانا کی تجویزوں ہی کی بنیاد پر تیار کی گئی تھی اس لئے انہوں نے اسے کانگریس سے منظور کرانے میں پورا زور لگایا ۔ ورکنگ کمیٹی سے منظور کرانے میں تو انہیں کوئی خاص دشواری نہیں ہوئی لیکن آل انڈیا کانگریس کمیٹی میں اس پر بڑی گرما گرم بحث ہوئی ۔ اس وقت تک خود مولانا ہی کے اصرار پر کانگریس کا صدر پنڈت جواہر لال نہرو کو بنایا جا چکا تھا ۔ پھر بھی مولانا کی تقریر کا فیصلہ کن اثر حاضرین پر پڑا اور ان کی تجویز بھاری اکثریت سے منظور ہو گئی، اس طرح سے کیبنٹ مشن پلان پر کانگریس کی طرف سے منظوری کی مہر لگا دی گئی ۔

ادھر مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں مسٹر جناح کو یہ تسلیم کرنا پڑا کہ اقلیتوں کے مسئلہ کا جو حل کیبنٹ مشن پلان نے کیا ہے ہم کسی حال میں بھی اس سے بہتر شرطیں نہیں منوا سکتے ۔ انہوں نے کہا کہ کیبنٹ مشن نے جو اسکیم پیش کی ہے وہ زیادہ سے زیادہ ہے جسے وہ حاصل کر سکتے ہیں ۔ اس بنا پر انہوں نے مسلم لیگ کو مشورہ دیا کہ اسکیم کو منظور کرے اور کونسل نے بالاتفاق رائے اسے منظور کر لیا ۔ اس کے بعد مولانا آزاد

جو لکھا ہے وہ خود ان ہی کے الفاظ میں سن لیں :۔

"کانگریس اور مسلم لیگ کا کیبنٹ مشن پلان کو منظور کر لینا ہندوستان کی تاریخ کا ایک شاندار واقعہ تھا۔ اس سے یہ ثابت ہوا تھا کہ ہندوستان کی آزادی کا پیچیدہ معاملہ گفتگو اور مفاہمت کے ذریعہ طے پایا نہ کہ تشدد اور جنگ کے ذریعہ۔ اس سے یہ ظاہر ہوا تھا کہ فرقہ وارانہ مشکلات قطعی طور پر ماضی کی داستان بن گئی ہیں۔ سارے ملک میں شادمانی کا احساس تھا اور تمام لوگ آزادی کے مطالبے میں متحد ہو گئے تھے۔۔ ہم خوشیاں منا رہے تھے۔ مگر اس وقت یہ معلوم نہ تھا کہ ہماری شادمانی قبل از وقت ہے اور بعد میں مایوسی کا کڑوا گھونٹ پلانے والی ہے"۔

"اب ان افسوسناک واقعات میں سے ایک پیش آیا جنہوں نے ہماری سیاست اور زندگی کا رخ پلٹ دیا۔ ۱۰ جولائی کو بمبئی میں جواہر لال نے ایک پریس کانفرنس بلائی۔ اس میں انہوں نے ایک ایسا بیان دیا جس سے انتہائی افسوسناک نتائج کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا"۔

اصل میں پنڈت نہرو نے وہ پریس کانفرنس آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کے فوراً ہی بعد صدر کانگریس کی حیثیت سے بلائی تھی اور اس میں پریس کے نمائندوں کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہہ دیا کہ کانگریس دستور ساز اسمبلی میں شرکت کرتے ہوئے اپنے آپ کو معاہدوں کا پابند نہ سمجھے گی اور جس قسم کے حالات پیدا ہوں گے، اس کے مطابق آزادی سے فیصلہ کرے گی۔ اس پر پریس کے نمائندوں نے یہ سوال کیا کہ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ کیبنٹ مشن پلان میں ترمیم کی جا سکتی ہے؟ تو جواہر لال نے پُر زور طریقہ پر جواب دیا کہ کانگریس نے محض دستور ساز اسمبلی میں شرکت کا وعدہ کیا ہے اور وہ اپنے آپ کو کیبنٹ مشن پلان میں تبدیلی اور کمی بیشی کرنے کا مجاز سمجھتی ہے۔ مولانا نے اس پریس کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ :۔

"میں صاف صاف لکھ دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ جواہر لال کا یہ بیان غلط تھا۔ یہ کہنا صحیح نہیں تھا کہ کانگریس اپنی مرضی کے مطابق پلان میں جو ترمیم بھی چاہتی

کرسکتی تھی ۔ دراصل ہم نے تسلیم کرلیا تھا کہ مرکزی حکومت وفاقی ہوگی اور مرکز کے ماتحت تین محکمے لازمی طور پر رہیں گے ۔ بقیہ محکمے صوبوں کے حدود اختیار میں رہیں گے ہم نے یہ بھی مان لیا تھا کہ صوبے تین گروپ اے، بی اور سی میں تقسیم کردیئے جائیں گے ۔ ان شرائط میں کانگریس اپنی طرف سے معاہدہ میں شریک ہونے والی دوسری جماعتوں کی رضامندی کے بغیر کوئی تبدیلی کرنے کی مجاز نہیں تھی ۔"

مسٹر جناح کے لئے جواہر لال کا بیان مولانا کے بقول ایک غیر متوقع حادثہ ثابت ہوا ۔ انہوں نے مسلم لیگ کونسل کا جلسہ طلب کرتے ہوئے فوراً یہ بیان دیا کہ کانگریس کے صدر کے اس اعلان کے بعد پوری صورتحال پر دوبارہ غور کرنے کی ضرورت پیدا ہوگئی ہے ۔ مسلم لیگ نے کیبنٹ مشن پلان کو اس لئے تسلیم کیا تھا کہ اس کو یقین دلایا گیا تھا کہ کانگریس نے بھی اس اسکیم کو منظور کرلیا ہے اور ہندوستان کا جو دستور بنے گا، اس کے لئے یہ بنیاد کا کام دے گا ۔ اب چونکہ کانگریس کے صدر نے یہ اعلان کردیا ہے کہ کانگریس دستور ساز اسمبلی میں اپنی اکثریت کے بل پر اسکیم تبدیل کرسکے گی، اس لئے اقلیتیں اس کے رحم وکرم پر رہیں گی ۔" مسلم لیگ کونسل کا اجلاس بھی ۲۷ جولائی کو بمبئی میں ہی منعقد ہوا ۔ مسٹر جناح نے اس کا افتتاح کرتے ہوئے اپنی تقریر میں پاکستان کے مطالبہ کو دہرایا اور کہا کہ اب اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں رہ گیا ہے ۔ کونسل نے ایک تجویز منظور کرکے کیبنٹ مشن پلان کو مسترد کردیا ۔ اس نے پاکستان حاصل کرنے کے لئے ڈائریکٹ ایکشن پلان پر عمل کرنے کا فیصلہ بھی اسی اجلاس میں کیا ۔ مولانا آزاد نے اس صورت حال پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے ــــــــ

" حالات نے جو پلٹا کھایا تھا اس کی وجہ سے کانگریس اور مسلم لیگ کے درمیان مفاہمت کے ذریعہ مسائل کے پُرامن طریقے پر حل ہونے کی امید جاتی رہی ۔ یہ ہندوستان کی تاریخ کے عظیم ترین حادثات میں سے ہے اور مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ لازمی اور ناگزیر نتیجہ تھا اس کا کہ مسلم لیگ کو سیاسی اور فرقہ وارانہ سمجھوتے کے مسئلے کو دوبارہ بحث میں لانے کا موقع دیا گیا ۔ جواہر لال میرے عزیز ترین دوست ہیں......... پھر بھی مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کبھی کبھی وہ اپنے جذبات کی رو میں بہہ جاتے

ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بسا اوقات وہ معاملوں کے خالص نظری پہلو سے اس درجہ متاثر ہو جاتے ہیں کہ واقعی صورتحال کا صحیح اندازہ نہیں کر پاتے۔ دستور ساز اسمبلی کے بارے میں انہوں نے جو بیان دیا وہ بھی یہی مجرد علمی بحث کے شوق کا نتیجہ تھا۔"

انڈیا ونس فریڈم کے ان طویل اقتباسات سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ مولانا آزاد ملک کی تقسیم کا اصل جوابدہ کس کو سمجھتے تھے۔ اس سلسلے میں انہوں نے سردار پٹیل کے متعلق بھی ایک جگہ یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ "تقسیم کا مطالبہ مسٹر جناح کے لئے تو سودا بازی کا ذریعہ تھا۔ مگر ایگزیکٹیو کونسل کے تلخ تجربوں کے بعد سردار پٹیل تقسیم کے حقیقی علمبردار بن گئے"۔ مگر اس کے پہلے ہی جہاں پر انہوں نے یہ ذکر کیا ہے کہ انہوں نے اپنے بعد کانگریس کا صدر سردار پٹیل کے بجائے پنڈت نہرو کو بنانے پر اصرار کیا تھا وہیں پر اسے اپنی ہمالیائی غلطی تسلیم کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اگر میرے بعد کانگریس کے صدر سردار پٹیل ہوئے ہوتے تو وہ کیبنٹ مشن پلان کو کامیابی کے ساتھ لاگو کرتے اور جواہر لال جیسی غلطی کبھی نہیں کرتے چنانچہ مولانا کی اس رائے کی روشنی میں یہ ماننا مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ سردار پٹیل کو بھی پنڈت نہرو جیسا تقسیم ملک کی تقسیم کے معاملے میں مانتے تھے۔ پھر مولانا کی طرف سے اپنی اس غلطی کے اعتراف کی حقیقت دنیا کو انڈیا ونس فریڈم کے اس حالیہ ایڈیشن کے ذریعہ سے معلوم ہوئی جو ان کی ہدایت کے بموجب حذف کردہ عبارتوں کے ساتھ تیس برسوں بعد پہلی بار شائع ہوا ہے۔ اس لئے ان کی یہ رائے اور بھی اہمیت کی حامل ہو جاتی ہے۔

اس سلسلے میں مسلم لیگ اور مسٹر جناح کے بارے میں ان کا خیال تو برابر یہی رہا کہ تقسیم کا مطالبہ ان کے لئے سودا بازی کا ایک وسیلہ تھا۔ چنانچہ کیبنٹ مشن کے دور کی سیاست پر بحث کرتے ہوئے انہوں نے لاہور تجویز کے بارے میں لکھا ہے کہ لیگ علیحدگی پسندی کی راہ پر کچھ قدم اور آگے بڑھ چکی تھی مگر یہ چیز اس نے پورے طور پر واضح نہ کی تھی کہ دراصل اس کا مطالبہ کیا ہے۔ ریزولیشن کے الفاظ مبہم تھے اور اس کی کئی تاویلیں کی جا سکتی تھیں۔ مگر اس کا منشا صاف تھا۔ مسلم لیگ کا مطالبہ تھا کہ مسلم اکثریت کے صوبوں کو خودمختاری دی جائے۔ مگر اب لیگ کے لیڈروں نے اپنے مطالبے کے معنی میں وسعت پیدا کر دی تھی۔ وہ ملک کی تقسیم اور مسلم اکثریت کے علاقوں میں ایک آزاد ریاست کے قیام

کی مبہم باتیں کرنے لگے تھے۔" مگر جب لیگ نے کیبنٹ مشن پلان کو جو خود مولانا کی رائے کے مطابق مرتب کیا گیا تھا، جب دلی کے ساتھ قبول کر لیا تو مولانا کے لئے شکایت کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہ گئی اور ان کے سامنے اس اسکیم کو سبوتاج کرنے والے اپنے عزیز دوست پنڈت نہرو ہی کو ملک کی تقسیم کا اصل قصوروار قرار دینے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں رہا!

کیبنٹ مشن پلان پر کانگریس کا اصل اعتراض یہ تھا کہ اس میں صوبوں کی لازمی گروپنگ کی شرط ہے۔ چنانچہ سبھی ہندو کانگریسی رہنما لازمی گروپنگ کی مخالفت کر رہے تھے۔ پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کا کیا ذکر خود گاندھی جی بھی اس کے مخالف تھے۔ جبکہ مولانا یہ چاہتے تھے کہ لیگ کے جائز خدشات کو دور کرنے کے لئے گروپنگ کی شرط کے ساتھ کیبنٹ مشن پلان کو پورا کا پورا مان لیا جائے۔ اسی لئے کانگریس ہائی کمان کے اندر اس سوال پر وہ اکیلے پڑ گئے۔ چنانچہ مولانا آزاد کو پنڈت نہرو سے زیادہ شکایت اسلئے ہوئی کہ وہ ہندو مسلم معاملات میں ان سے دوسروں کے مقابلے میں زیادہ بلند نظری اور رواداری کی توقع رکھتے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ سی آر داس کے بعد سے اس طرح کے معاملات میں وہ ان ہی کی ذات پر بھروسہ کرتے تھے۔ لیکن ان کی توقع کے بالکل ہی خلاف پنڈت نہرو نے نہ صرف یہ کہ ان کی حمایت نہیں کی بلکہ اپنی مخالفت کو ریڈیکل نظریاتی جامہ پہنا کر اور بھی وزن دار بنا دیا۔ مولانا آزاد نے لکھا ہے کہ شروع میں پنڈت نہرو اور گاندھی جی دونوں ہی اس سوال پر ان کے ہم رائے تھے لیکن بعد میں دونوں نے اپنی رائے بدل دی گرچہ ان کے رائے بدلنے کی کوئی وجہ مولانا نے نہیں بتائی ہے۔ خیر اس بحث کو چھوڑیئے۔ مگر یہاں پر خواہ مخواہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس سلسلے میں پنڈت نہرو کی غلطیوں پر مولانا نے بار بار انگلی اٹھائی ہے لیکن گاندھی جی کا نام لینا مناسب نہیں سمجھا۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ ملک کی تقسیم کے نتیجے میں ہندو فرقہ پرستی کا جو طوفان منقسم ہندوستان میں اٹھا، اس کا مقابلہ کرنے میں گاندھی جی نے جس عزم و ثبات قوتِ ایمانی کا ثبوت پیش کیا اور بالآخر اپنی شہادت کے خون سے اسے ٹھنڈا کیا، اسے دیکھتے ہوئے مولانا نے مروتاً اور احتراماً ان کا نام اس سلسلے میں لینا مناسب نہیں سمجھا! اور حقیقت بھی یہی ہے کہ گاندھی جی نے اپنے اصولوں کی پختگی کا ثبوت اپنی شہادت سے پیش کر کے اپنے مخالفوں کا منہ بالکل بند کر دیا تھا۔

مولانا کے عالمانہ جلال سے مرعوب ہمارے جیسے لوگوں کا خیال تھا کہ ان کی اولوالعزمی انہیں نوکری

چاکری، روزی روزگار اور عوامی زندگی کے دوسرے معاملوں میں مسلمانوں کے ساتھ کی جانے والی بے انصافیوں کی طرف دھیان دینے کی اجازت نہ دیتی ہوگی لیکن سی آر داس کے تذکرہ کے سلسلہ میں انہوں نے بنگال کے اندر سرکاری ملازمتوں میں مسلمانوں کی حق تلفی کے تدارک کے لئے ان کے اعلان کی جس طرح ستائش کی ہے، اس سے اندازہ ہوا کہ مولانا کی نظر سماجی زندگی کے ان چھوٹے چھوٹے پہلوؤں پر بھی رہتی تھی اور وہ اس طرح کے معاملات میں بھی مسلمانوں اور دوسری اقلیتوں کی حق تلفی کے تدارک کو سیاسی رہنماؤں کا ایک اہم فریضہ مانتے تھے۔ پر اسی سلسلے میں انہوں نے کانگریسی حکومتوں کی زیادتیوں کے متعلق مسلم لیگ کی شکایات کی تردید جیسے زوردار الفاظ میں کی ہے اسے دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔ اور زیادہ حیرت اس پر ہوتی ہے کہ لیگ کی شکایات کو بے بنیاد ثابت کرنے کے لئے انہوں نے گورنروں اور وائسرائے کے بیان کا سہارا لیا ہے اور خود کانگریس ہی کے ایک معزز رہنما اور سی پی کے پہلے کانگریسی وزیر اعظم ڈاکٹر کھرے کے اس بیان پر مطلق کوئی توجہ نہیں دی جس میں انہوں نے لیگ کی شکایات کو حق بجانب قرار دیا تھا۔ جہاں تک گورنروں اور وائسرائے کا تعلق ہے وہ تو اپنی حکومتوں کے خلاف کی گئی شکایتوں کی تردید کرنے پر آئینی طور پر مجبور تھے۔ کیوں کہ مولانا نے اسی باب میں خود ہی ایک جگہ لکھا ہے کہ "ایک طویل گفتگو کے ذریعہ دباؤ دیکر گورنروں اور وائسرائے سے وزارتوں کے کاموں میں دخل نہ دینے کی یقین دہانی حاصل کرائی گئی تھی"۔

بہرکیف! حیرت اس پر ہوتی ہے کہ مولانا کا دھیان آخر اس طرف کیوں نہیں گیا کہ جب تنظیم کی سب سے اونچی سطح پر وزیراعظموں کے انتخاب اور وزارتوں کی تشکیل کے معاملے میں فرقہ وارانہ اور ذات پات پر مبنی رخ اپنایا جا سکتا ہے تو پھر اس کی نچلی سطح پر افسروں کی تعیناتی، ملازمین کی بحالی اور ان کے ٹرانسفر اور پوسٹنگ، ٹھیکہ پرمٹ اور لائسنس کی منظوری اور فلاحی اداروں کے قیام و گرانٹ میں کیا کچھ دھاندلی نہ کی جاتی ہوگی۔ اس کے ماسوا مولانا جیسے زیرک اور دانا و بینا آدمی کا دھیان پارلیمانی نظام حکومت کی اس خرابی کی طرف کیوں نہیں گیا کہ اس میں حق و ناحق سے بے نیاز ہو کر ساری سیاست محض ووٹوں کی گنتی پر مرکوز ہو جاتی ہے۔ اور جداگانہ انتخاب کے سسٹم کی وجہ سے وہ کانگریسی حکومتیں کلی طور پر ہندو ووٹوں کے بل پر قائم ہوئی تھیں اور اپنے وجود و بقا کے لئے انہیں کسی مسلمان کے ووٹ کی قطعی کوئی محتاجی کسی سطح پر بھی نہ تھی۔ ایسے حالات میں فرقہ پرستی اور ذات پات کی لعنتوں میں مبتلا اس وقت کی کانگریسی حکومتوں کی دفاع اس بلند آہنگی کے ساتھ مولانا جیسے بالغ نظر رہنما کی طرف سے کیا جانا کچھ عجیب سا لگتا ہے۔

۱۹۳۷ء میں صوبائی وزارتوں کی تشکیل کے موقع پر کانگریس نے اقلیتوں کے ساتھ جو ناانصافی کی تھی اور اس سلسلہ میں ان کے پارسی ہونے کے باعث صوبہ بمبئی میں مسٹر نریمان کے ساتھ جو دھاندلی کی گئی تھی، اس پر مولانا کو بڑا صدمہ ہوا تھا۔ چنانچہ اس سلسلہ میں انہوں نے جس صاف گوئی کے ساتھ کانگریس اور کانگریسی رہنماؤں پر تنقید اپنی اس کتاب میں کی ہے، اس کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ مولانا کا خیال تھا کہ جس طرح کی بے انصافی اور دھاندلی بمبئی میں نریمان کے ساتھ سردار پٹیل نے کی اسی طرح کی حق تلفی ڈاکٹر محمود کی بہار میں راجندر بابو نے کی تھی۔ چنانچہ اس کے متعلق بھی پوری مضبوطی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی اس کتاب میں کیا ہے۔ مگر نریمان کے متعلق اپنی تحریر کو اس کتاب کے پہلے ہی اڈیشن میں شائع کرا دینے میں انہوں نے کوئی قباحت نہیں دیکھی۔ جبکہ ڈاکٹر محمود کے معاملہ کے متعلق اپنی رائے کو فوری طور پر شائع کرنا مناسب نہیں سمجھا اور اسے حذف کردہ تیس صفحات میں شامل کر کے تیس برس کے بعد شائع کرنے کی ہدایت دی۔ اس میں ان کی کون سی مصلحت پوشیدہ تھی، یہ ہمارے لئے ایک معمہ ہے! بہرکیف مولانا نے مسٹر نریمان کے ساتھ کی گئی دھاندلی کا ذکر تفصیل سے کرتے ہوئے ڈاکٹر محمود کے معاملے کے متعلق لکھا ہے کہ ــــــ

> اسی طرح کا واقعہ بہار میں بھی ہوا، انتخابات کے وقت ڈاکٹر محمود صوبہ کی چوٹی کے رہنما تھے۔ وہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری بھی تھے۔ اس طرح سے صوبہ کے اندر اور باہر ان کی ایک پوزیشن تھی۔ جب کانگریس کو واضح اکثریت حاصل ہو گئی تو گویا یہ طے مان لیا گیا کہ وہی لیڈر چنے جائیں گے اور صوبائی خود مختاری کے تحت بہار کے پہلے چیف منسٹر ہوں گے۔ لیکن ہوا اس کے بجائے یہ کہ سری کرشن سنہا اور انوگرہ نرائن سنہا کو جو مرکزی اسمبلی کے ممبر تھے، وزیر اعلیٰ بنانے کے لئے وہاں سے بہار واپس بلا لیا گیا۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد نے بہار میں وہی کام کیا جو سردار پٹیل نے بمبئی میں کیا تھا۔ بہار اور بمبئی میں فرق صرف اتنا رہا کہ جب سری کرشن سنہا نے حکومت بنائی تو اپنی کابینہ میں ڈاکٹر محمود کو بھی ایک جگہ دی۔"

اس میں کوئی کلام نہیں کہ ڈاکٹر محمود کانگریس کے جنرل سکریٹری تھے بلکہ اس کے پہلے وہ تو کئی برس تک آل انڈیا خلافت کمیٹی کے جنرل سکریٹری بھی رہ چکے تھے۔ اس لئے ملک کی قومی سیاست میں انہیں جو پوزیشن حاصل

تھی وہ سری بابو اور انوگرہ بابو کو حاصل نہیں تھی۔ مگر اپنی اسی پوزیشن کی وجہ سے وہ بہار کی سیاسی سرگرمیوں، یہاں کی کانگریس تنظیم اور اس کے کارکنوں سے ویسا براہ راست تعلق قائم نہیں کر سکے جیسا سری بابو اور انوگرہ بابو کا تھا۔ اس سے انکار نہیں کہ بہار کے اندر انہیں بھی چوٹی کا کانگریسی لیڈر مانا جاتا تھا مگر سب سے بڑا لیڈر نہیں! بہار کے سب سے بڑے لیڈر تو اس وقت راجندر بابو تھے مگر ان کے بعد سری بابو، انوگرہ بابو، ڈاکٹر محمود اور رام دیال سنگھ چاروں کا شمار چوٹی کے کانگریسی لیڈروں میں ہوتا تھا۔ اس لیے مولانا کی اس خیال سے اتفاق کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ بہار میں ڈاکٹر راجندر پرشاد نے وہی کام کیا جو بمبئی میں سردار پٹیل نے کیا تھا" کیونکہ مسٹر نریمان اس وقت سردار پٹیل کے بعد اپنے صوبہ بمبئی کے سب سے بڑے لیڈر تھے اور بی۔ جی۔ کھیر ——— جنہیں سردار پٹیل نے وہاں کا وزیر اعلیٰ بنوایا ——— کی شخصیت بالکل غیر معروف تھی۔ اس سے انکار نہیں کہ اس وقت سری بابو اور انوگرہ بابو مرکزی اسمبلی کے ممبر تھے لیکن دونوں کی سیاسی سرگرمیوں کا میدان برابر بہار ہی رہا۔ سری بابو بہار کونسل کے اندر کانگریس پارٹی کے لیڈر کی حیثیت سے اس کے پہلے بھی برسوں کام کر چکے تھے۔ اسی طرح انوگرہ بابو پٹنہ میونسپلٹی اور گیا ڈسٹرکٹ بورڈ کے چیئرمین رہ چکے تھے جبکہ ڈاکٹر محمود کو اس طرح کے کاموں کا کوئی تجربہ حاصل نہیں تھا۔

ویسے راجندر بابو نے بھی اپنی خود نوشت سوانح عمری میں اس سوال پر روشنی ڈالی ہے۔ انہوں نے لیڈر کے چناؤ کے سلسلے میں سری بابو اور انوگرہ بابو کا تذکرہ کرنے کے بعد ڈاکٹر محمود کی خدمات اور ان کی پوزیشن کا حوالہ دیتے اور ان کی تعریف و توصیف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "پھر بھی وہ بہار صوبہ میں اور خاص کر کانگریسی کارکنوں میں مندرجہ بالا دونوں صاحبان سے کم مقبول رہے ہیں۔ صوبہ کے باہر زیادہ کام کرنے کی وجہ سے، ان سے ان سب کا اتنا تعارف نہیں تھا جتنا ان دونوں صاحبان سے۔ ان دونوں میں بھی بابو سری کرشن سنگھ اپنی قوتِ تقریر کے ذریعہ خود کو زیادہ مقبول بنا سکے ہیں۔"

مگر راجندر بابو نے بھی پوری سچائی نہیں پیش کی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سری بابو اور انوگرہ بابو کے درمیان لیڈرشپ کے لیے بڑی کشمکش تھی اور اس کشمکش نے کھلے روپ میں بھومیہار اور راجپوت کشمکش کی صورت اختیار کر لی تھی۔ خود راجندر بابو تو انوگرہ بابو کے حق میں تھے۔ مگر اسمبلی میں بھومیہار ممبروں کی تعداد زیادہ تھی اور سبھی بھومیہار اس پر تن گئے کہ لیڈر سری بابو ہی کو بنایا جائے۔ چنانچہ راجندر بابو کو بادل نخواستہ ان کی بات تسلیم کرنی پڑی تھی۔ ویسے سری بابو ان تینوں بلکہ رام دیال بابو کو ملا کر چاروں میں سب سے زیادہ اہلیت اور صلاحیت کے مالک بھی تھے۔ اور مسلمان خاص طور پر ان کی کشادہ قلبی اور اعلیٰ ظرفی کے معترف تھے

کیوں کہ انہوں نے مونگیر ڈسٹرکٹ بورڈ کے وائس چیئرمین کی حیثیت سے ایک مسلمان چیئرمین شاہ زبیر کو اپنا لیڈر مان کران کے ساتھ جس وفاداری اور خلوص کے ساتھ کام کیا تھا، اس کی مثال کوئی بھی دوسرا کانگریسی ہندو رہنا نہیں پیش کرسکا تھا۔

اصل میں تخیل پرستی اور اصول پسندی کے جوش میں مولانا کا دھیان اس طرف نہیں گیا کہ اختیارات و اقتدار کی ہوس میں کانگریس کی تنظیم کو فرقہ پرستی اور ذات بندی کے روگ نے کس طرح جکڑ رکھا تھا۔ اسلیے وہ کانگریس ہائی کمانڈ کے اپنے رفیقوں سے یہ امید لگا بیٹھے تھے کہ اب جب انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کرکے کانگریس کو چھ صوبوں میں حکومت بنانے کا موقع ملا ہے تو وہ اپنے قومی اور سیکولر کردار کو دھیان میں رکھتے ہوئے سبھی صوبوں میں ہندوؤں کو وزیر اعظم بنانے کے بجائے وسیع القلبی اور رواداری کا ثبوت پیش کرتے ہوئے بمبئی میں ایک پارسی مسٹر نریمان کو اور بہار میں ایک مسلمان ڈاکٹر محمود کو وزیر اعظم بنائے گی۔ لیکن سردار پٹیل اور راجندر پرشاد کی حقیقت پسندی انہیں یہ بتا رہی تھی کہ کانگریس کو یہ اکثریت محض ہندو ووٹوں کی بدولت اور اس میں بھی امیدوار کی ذات پات کے نام پر حاصل ہوئی ہے۔ اس لئے عملی پارلیمانی سیاست داں کی حیثیت سے انہوں نے کانگریس کی پوزیشن اور اپنی لیڈرشپ کو اور بھی مستحکم کرنے کے لیے اپنے ووٹروں کے جذبات پر دھیان دینے کو تمام اصولوں پر مقدم رکھا اور اپنی اکثریت کے سبھی صوبوں میں ہندوؤں ہی کو وزیر اعظم بنایا اور ان میں سے بھی اسی کو ترجیح دی جس کی ذات کے لوگ زیادہ تعداد میں ممبر چن کر اسمبلی میں آئے تھے۔

تعجب کی بات یہ ہے کہ خود مولانا ہی کی روایت کے مطابق عدم تعاون کی تحریک زمانہ میں بھی جب اختیارات و اقتدار کے حصول کا کوئی سوال بھی سامنے نہیں تھا، بہار کے کانگریسی ہندوؤں کو اپنے صوبہ کی سیاست پر مسلمانوں کا غلبہ ناگوار تھا۔ پھر بھی مولانا نے کیسے یہ امید کرلی تھی کہ اب جبکہ کانگریس کے ہاتھوں میں اقتدار منتقل ہونے جا رہا تھا، یہاں کے کانگریسی ہندو کسی مسلمان کو اپنا لیڈر تسلیم کرلیں گے۔ اس نکتہ پر پوری روشنی ڈالنے کی غرض سے ہم یہاں پر مولانا کی وہ پوری عبارت درج کئے دیتے رہے ہیں جو حذف کردہ تیس صفحات کے ساتھ انڈیا ونس فریڈم کی حالیہ مکمل اڈیشن میں شائع ہوئی ہے۔

"ڈاکٹر راجندر پرشاد کا تعلیمی ریکارڈ بڑا شاندار تھا۔ اور بہت سے لوگ انہیں بہار کی سیاست میں چمکنے والا ایک نیا ستارہ سمجھ رہے تھے۔ تاہم ان کی زیادہ

توجہ اپنی پریکٹیس کی طرف رہی۔ اور غالباً انہوں نے یہ بھی محسوس کیا کہ امام برادران یا مظہرالحق جیسے لیڈروں کے رہتے ہوئے، میرے لیے بڑھنے کے مواقع بہت کم ہیں جب گاندھی جی بہار آئے تو انہوں نے دیکھا کہ یہاں کی سیاسی رہنمائی مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہے۔ اور کسی اہمیت کا حامل کوئی بھی ہندو ان کے ساتھ شریک ہونے کو تیار نہیں ہوا۔ میں نے باوثوق ذرائع سے سنا ہے کہ ڈاکٹر سچتانند سنہا نے گاندھی جی سے ملانے کی غرض سے معزز ہندوؤں کو اپنے یہاں کھانے کی دعوت دی۔ وہاں انہوں نے گاندھی جی سے کہا کہ بہار کے ہندو عدم تعاون کی تحریک میں شامل ہونے کو تیار ہیں بشرطیکہ گاندھی جی اس کا لیڈر کسی ہندو کو بنائیں۔ گاندھی جی نے کہا کہ میں محض اپنی خواہش سے کسی کو لیڈر نہیں بنا سکتا۔ لیکن انہوں نے وعدہ کیا کہ اگر کوئی صاحب کردار اور ذی صلاحیت ہندو آگے آئے تو وہ اسے ضروری امداد اور سہارا فراہم کریں گے۔ تب گاندھی جی کے سامنے بابو راجندر پرشاد کا نام پیش کیا گیا اور چند ہی برسوں کی مدت میں وہ گاندھی جی کی مدد اور سہارا سے آل انڈیا حیثیت کے رہنما بن گئے۔"

مولانا نے جو کچھ فرمایا ہے، اس میں کوئی کلام نہیں، بلکہ مولانا نے اس مختصر سی عبارت میں جن نکتوں کی طرف اشارے کیے ہیں اگر ان کی پوری تشریح اور توضیح کی جائے تو ایک مستقل کتاب تیار ہو جائے۔ لیکن اتنا ہم ضرور کہنا چاہیں گے کہ مولانا نے یہ بالکل ہی صحیح لکھا ہے کہ عدم تعاون کی تحریک کے وقت تک بہار کے اندر کانگریس کی لیڈرشپ پر مسلمان حاوی تھے جو ہندوؤں کے دولت مند اور تعلیم یافتہ طبقوں کو عام طور پر ناپسند تھا۔ اس لیے ان میں سے کٹر متعصب گروہ نے یقیناً گاندھی جی سے اس طرح کی باتیں کی ہوں گی۔ اور جہاں تک گاندھی جی کی مدد اور سہارے کا سوال ہے، اس کے بارے میں تو خود راجندر بابو کھلم کھلا اور مسلسل زندگی بھر یہ اعلان کرتے رہے کہ "میں جو کچھ بنا ہوں، گاندھی جی کے چرنوں کی دھول کو اپنے ماتھے پر لگانے سے بنا ہوں، پھر بھی سچائی اور تاریخ دونوں سے ناانصافی ہوگی اگر ہم یہاں پر اس حقیقت کو بیان نہ کر دیں کہ راجندر بابو ۱۹۱۱ء ہی سے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے ممبر چلے آرہے تھے اور قومی خدمات کا جذبہ ان کے دل میں گوکھلے کے اثر سے پیدا ہوا تھا اور کانگریسی ہونے کی حیثیت سے وہ گاندھی جی

اور مولانا آزاد دونوں سے زیادہ پرانے کانگریسی تھے! اور جہاں تک وکالت کرنے اور اس سے دلچسپی لینے کا سوال ہے، اس وقت کے تقریباً سبھی کانگریسی لیڈر وکالت کر رہے تھے اور سبھی اپنی پریکٹس سے پوری دلچسپی لیتے تھے، اور سیاست کو اپنی زندگی کا ضمنی پہلو سمجھتے تھے۔

سب سے زیادہ مزے کی بات تو یہ ہے کہ راجندر بابو نے عدم تعاون میں شرکت اور وکالت چھوڑنے کا اعلان گاندھی جی کی باتوں یا دعلدوں سے متاثر ہو کر نہیں کیا بلکہ بانکی پور کے ایک عام جلسہ میں مولانا شوکت علی کی تقریر سے متاثر ہو کر کیا تھا۔ اس سلسلے میں یہ بات دھیان میں رہنی چاہئے کہ اس وقت تک کانگریس نے عدم تعاون کی تجویز منظور بھی نہیں کی تھی۔ صرف مجلس خلافت نے عدم تعاون کا اعلان کیا تھا اور علی برادران ملک بھر میں گھوم گھوم کر لوگوں کو عدم تعاون کی دعوت دے رہے تھے۔ اس لیے یہ مغالطہ نہیں ہونا چاہئے کہ سچتا نند کی ڈنر پارٹی میں گاندھی جی کی مدد اور سہارے کی یقین دہانی کے بعد راجندر بابو نے پریکٹس چھوڑی اور عدم تعاون میں حصہ لیا تھا۔

ویسے راجندر بابو کو آگے بڑھانے اور اوپر اٹھانے میں بہار کے مسلمان رہنماؤں کا بھی کوئی کم حصہ نہیں رہا تھا۔ بالکل ہی ابتدا میں جب ایک اسٹوڈنٹ لیڈر کی حیثیت سے انہوں نے کام شروع کیا تھا اسی وقت سے جسٹس شرف الدین، علی امام، حسن امام اور مظہر الحق ان کی ہمت افزائی اور سرپرستی کرتے چلے آرہے تھے۔ جب انہوں نے پٹنہ میں پریکٹس شروع کی تو کانگریس کے سینئر لیڈر ہونے کی حیثیت سے ڈاکٹر سچتا نند سنہا کے ساتھ مسٹر حسن امام اور مسٹر مظہر الحق نے بھی انہیں کانگریس کی تنظیم اور اس کی سیاست میں آگے بڑھانے میں پورا سہارا دیا۔ سر علی امام اور مسٹر حسن امام نے گرچہ عدم تعاون کی تحریک میں کوئی حصہ نہیں لیا پھر بھی راجندر بابو کی مدد دونوں بھائی برابر کرتے رہے۔ اور مولانا مظہر الحق نے، جو عدم تعاون کی تحریک میں بہار کے سب سے بڑے سیاسی اور عوامی لیڈر کی حیثیت سے ابھرے تھے، راجندر بابو کو اپنا جانشین اور بہار کا مسلمہ لیڈر بنانے میں اپنا پورا زور لگا دیا۔ اس دور کے چوٹی کے خلافتی رہنما مولوی شفیع داؤدی، مولوی خورشید حسن اور شاہ زبیر وغیرہ نے بھی انہیں آگے بڑھانے میں ہر طرح سے تعاون کیا تھا۔ غرضکہ تحریک عدم تعاون کے دور میں راجندر بابو کو بہار کا جانا مانا اور سب سے بڑا کانگریسی لیڈر بنانے میں اصل ہاتھ یہاں کے مسلمان رہنماؤں کا تھا۔ البتہ اس میں کوئی شک نہیں کہ انہیں آل انڈیا لیڈر گاندھی جی نے بنایا!

بہار کے کانگریسیوں کے اندر فرقہ پرستی اور اس سے بھی زیادہ ذات بندی کی جو بیماری پھیلی ہوئی تھی اس کے متعلق مولانا آزاد سے کہیں زیادہ صفائی کے ساتھ خود راجندر بابو نے اپنی آتم کتھا میں لکھا ہے ۔ مولانا کو اس کا احساس ١٩٣٧ء میں صوبائی وزارتوں کی تشکیل کے موقعہ پر جاکر ہوا مگر راجندر بابو نے تو ١٩٢٣ء میں لوکل باڈیز کے چناؤ کا تذکرہ کرتے ہوئے بڑی صفائی کے ساتھ اس کا اقرار کیا ہے کہ مظفر پور ڈسٹرکٹ بورڈ کے الیکشن میں مولوی شفیع داؤدی کو خود کانگریسیوں ہی نے ہرا دیا ۔ اور چھپرہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے چناؤ میں مولانا مظہر الحق جیسے ممتاز رہنما اور پٹنہ میونسپلٹی کے چناؤ میں خورشید حسن جیسے دیش بھگت کو کس طرح ناکوں چنے چبانے پڑے تھے ۔ اصل میں لوکل باڈیز کے انتخابات میں کانگریس نے پہلی بار جماعتی طور پر حصہ لینے کا فیصلہ کیا تھا اور یہ طے کیا تھا کہ چھپرہ ڈسٹرکٹ بورڈ کا چیرمین مولانا مظہر الحق کو، مظفر پور ڈسٹرکٹ بورڈ کا چیرمین مولوی شفیع داؤدی کو، مونگیر ڈسٹرکٹ بورڈ کا چیرمین شاہ زبیر کو اور پٹنہ میونسپلٹی کا چیرمین مولوی خورشید حسن کو بنایا جائے گا ۔ اور بقیہ تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپلٹیوں کے چیرمین ہندو ہوں گے ۔ لیکن فرقہ پرستی اور ذات بندی کی بیماریوں میں مبتلا کانگریسیوں کو یہ بھی گوارا نہیں ہوا ۔ چنانچہ ایک مونگیر کو چھوڑ کر دوسرے ضلعوں کے کانگریسی کارکنوں کی متعصب ٹولی نے مذکورہ رہنماؤں کو بورڈ ہی کے چناؤ میں ہرا دینے کی کوشش کی تاکہ وہ چیرمین نہ بن سکیں ۔ چنانچہ مولوی شفیع داؤدی کو مظفر پور میں ہرا بھی دیا ۔ مگر راجندر بابو اور ان کے بھائی مہندر بابو کی سر توڑ محنت سے پٹنہ میں مولوی خورشید حسن اور چھپرہ میں مولانا مظہر الحق بہ ہزار دقت جیت پائے ! پر مولوی خورشید حسن کے دل کو ایسی چوٹ پہونچی کہ راجندر بابو کے ہزار اصرار کرنے پر بھی انہوں نے پٹنہ میونسپلٹی کا چیرمین ہونا قبول نہیں کیا ۔ چھپرہ میں مولانا مظہر الحق چیرمین چنا بھی گئے مگر انہیں اتنا تنگ کیا گیا کہ وہ جلد ہی استعفا دے کر الگ ہو گئے ۔ راجندر بابو کے بقول اس موقع پر صرف مونگیر کے کانگریسیوں نے مل جل کر کام کیا اور وہاں سری بابو کی مدد سے شاہ زبیر نے بڑی کامیابی کے ساتھ ڈسٹرکٹ بورڈ کو چلایا ۔

ان حالات اور واقعات کو دیکھنے اور جاننے کے باوجود مولانا کیسے یہ توقع کیے ہوئے ہے کہ بہار کے کانگریسی ہندو کسی مسلمان کو اپنے صوبہ کا وزیر اعظم بنانا گوارا کرلیں گے ۔ اس پر ہمیں واقعی بڑی حیرت ہوتی ہے !

اصل میں مولانا اپنی تخیلاتی اور تصوراتی دنیا میں اتنا محو اور مگن رہتے تھے کہ گردوپیش کے

حقیقی حالات کا کوئی لحاظ کئے بغیر ایسے منصوبے بنا لیتے تھے جنہیں عملی شکل میں پورا کرنا یا کرانا ان کے لیے ممکن نہیں ہوتا تھا۔ ۱۹۴۶ء کے صوبائی انتخابات کے بعد بہار کابینہ میں دو مسلمان وزیروں کا رکھنا طے ہوا اور اس سلسلے میں ڈاکٹر محمود کے نام پر تو سب کا اتفاق تھا۔ دوسری جگہ پر راجندر بابو عبدالقیوم انصاری کو لینا چاہتے تھے مگر مولانا کا اصرار شاہ عمیر کے لیے تھا۔ راجندر بابو کے لیے ان کی بات سیدھے طور پر رد کر دینا ممکن نہ تھا۔ چنانچہ انہوں نے کہا کہ دوسرے نام کے لیے مولانا حسین احمد مدنی سے بھی رائے لے لی جائے تو بہتر ہے۔ اور آخر میں مولانا مدنی نے انصاری صاحب ہی کے حق میں رائے دی۔ اور انہیں کو وزیر بنایا گیا۔ اب بہار کی عوامی اور سیاسی زندگی سے واقف ہر آدمی یہ سمجھ سکتا ہے کہ شاہ عمیر کے لیے مولانا کا اصرار کرنا کتنا نامناسب تھا!

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

دیوان ابوالکلام آزاد
مرتبہ ڈاکٹر عبدالغفار شکیل پر ایک استدراک

ڈاکٹر عبدالغفار شکیل کو جن علمی موضوعات اور شخصیات سے دلچسپی ہے، ان میں مولانا ابوالکلام آزاد بھی شامل ہیں۔ مولانا آزاد کے بارے میں انہوں نے کئی مفید کام کیے ہیں۔ میری نظر سے ان کا سب سے پہلا مضمون "مولانا ابوالکلام آزاد اور شاعری" کے عنوان سے اردو ادب۔ آزاد نمبر (۱۹۵۹ء علی گڑھ) میں گزرا تھا۔ اس کے بعد "ابوالکلام کے افسانے" (۱۹۶۱ء، علی گڑھ) کے نام سے ان کی ایک تالیف شائع ہوئی۔ ۱۹۶۲ء میں "نوادر ابوالکلام آزاد" کے نام سے مولانا آزاد کی تخلیقات، تحریرات، مکتوبات اور تقاریر کا ایک مجموعہ انہوں نے مرتب کر کے علی گڑھ سے شائع کروایا۔ اسی سال ان کا ایک مضمون مولانا آزاد اور ان کے بھائی ابوالنصر غلام یاسین آہ کے بارے میں آج کل دہلی کے شمارہ اپریل ۱۹۶۲ء میں شائع ہوا۔ اس طرح ابوالکلامیات کے دائرے میں انہوں نے اپنا مقام پیدا کر لیا ہے۔

اب انہوں نے "دیوان ابوالکلام آزاد" مرتب کیا ہے۔ دیوان میں جو کلام سامنے آیا ہے، وہی ہے جو خاکسار کی تالیف "ارمغان آزاد" کراچی ۱۹۷۸ء اشاعت ثانی میں شامل ہے اور چونتیس ۳۴ اشعار کی ایک غزل وہ ہے جو شائستہ خان نے مولوی محمد یوسف جعفری رنجور عظیم آبادی کی بیاض مخزونہ خدا بخش پبلک لائبریری پٹنہ میں دریافت کی تھی اور ہماری زبان، دہلی (۸ جنوری ۱۹۸۹ء) میں شائع کرادی تھی۔ اس کلام کے ساتھ انہوں نے اپنا پہلا مضمون جو ۱۹۵۸ء میں لکھا تھا اور اردو ادب آزاد نمبر (۱۹۵۹ء) میں شائع ہوا تھا، بطور مقدمہ شامل کر دیا ہے۔ "دیوان ابوالکلام آزاد" ان کی اسی کاوش کا نام ہے۔

مجھے یقین ہے کہ گزشتہ تیس ۳۰ سال کے عرصے میں بلا مبالغہ ہزاروں صفحات صرف مولانا آزاد کے تعلق سے ان کی نظروں سے گزرے ہوں گے، معلومات میں بیش بہا اضافہ ہوا ہوگا، کئی پچھلے خیالات بدل گئے ہوں گے اور ان کی جگہ نئے افکار و معلومات نے لے لی ہوگی اور یہ بات تو ان کے بعض قریب العہد مضامین کے مطالعے سے محسوس کر لی جا سکتی ہے کہ تیس سال کی اس درمیانی مدت میں ان کے اسلوب تحریر و طرز نگارش میں نمایاں فرق پیدا ہو گیا ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنی نئی تحقیقات، تازہ افکار و معلومات اور اپنے اکتیس ۳۱ سالہ وسیع تجربے اور اس کے نتائج سے استفادے اور تازہ اسلوب تحریر کی

دل ربائیوں سے لطف اندوز ہونے کا کوئی موقع نہیں دیا۔ حالاں کہ خاکسار جیسے طالب علم اور بعید الوطن شائقین ڈاکٹر عبدالغفار شکیل اور ان جیسے دوسرے اہل علم ونظر اور اصحاب تحقیق کے مطالعے سے استفادے اور ان کے نتائج فکر وتحقیق سے اخذ مطالب وتزئین افکار کے متمنی رہتے ہیں۔ اگر "دیوانِ ابوالکلام آزاد" کے مطالعے سے ہماری یہ خواہش پوری ہوتی تو ہمیں بہت خوشی ہوتی لیکن انھوں نے ابوالکلام کے علاوہ اقبال، سرسید، لسانیات وغیرہ میں اپنی تحقیقات سے استفادے کے جو مواقع بہم پہنچائے ہیں۔ وہ ہماری خوشی کے لیے کیا کچھ کم ہیں! حقیقت یہ ہے کہ اس میں ہماری مسرت اور ذوق کی تسکین کا کافی سامان ہے اور اس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کے ایک ادنیٰ معتقد کی حیثیت سے ہمارے دل میں مولانا علیہ الرحمہ پر ان کے کاموں نے جو ارادت پیدا کر دی ہے، ان کے اظہار سے قلم پہلے ہی عاجز تھا اب "دیوان ابوالکلام آزاد" کی ترتیب سے ان کے لیے قلب کی ارادت میں اور اضافہ ہوا ہے اور اس نسبت سے اظہار تشکر میں زبان وقلم دونوں کو اور زیادہ عاجز و درماندہ پاتے ہیں لیکن دیوان کے مقدمہ کی تحریر وکتابت میں بعض خامیاں رہ گئی ہیں یا کچھ معمولی غلطیاں راہ پا گئی ہیں۔ مناسب ہوگا کہ ان کی نشاندہی کر دی جائے۔ اس سلسلے میں میرے پیش نظر خامیوں کا رفع، غلطیوں کی اصلاح، بعض ضروری وضاحتیں، قابل تحذیف کلام کی نشاندہی اور نئے دریافت شدہ کلام کا اضافہ ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ڈاکٹر عبدالغفار شکیل صاحب کی یہ کاوش "دیوان ابوالکلام آزاد" دنیا کے سامنے آئے تو خامیوں سے پاک، اصلاح شدہ اور قدیم اور جدید دریافت شدہ کلام کا جامع ہو اور کوئی ایسی چیز اس سے باہر نہ رہ جائے جو "ارمغانِ آزاد" کی اشاعت ثانی کے بعد کسی صاحب علم و نظر کی کاوش سے اب تک سامنے آ چکی ہو۔

مطالعے کی سہولت کے لیے "استدراک" کے مباحث کو مقدمہ، کلام اور اضافہ کے عنوان سے تین حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ مقدمہ سے مراد ڈاکٹر عبدالغفار شکیل صاحب کی وہ تحریر ہے جو کلام کے ساتھ شامل ہے، کلام سے مراد مولانا ابوالکلام آزاد کی وہ تخلیقات ہیں جو خاکسار (ابوسلمان شاہجہاں پوری) اور شائستہ خاں سلمہا کے شکریے کے ساتھ مرتب کر دی گئی ہیں اور اضافہ سے مراد مولانا آزاد کا نیا دریافت شدہ کلام ہے۔

الف: مقدمہ

۱۔ صفحہ ۱ سطر ۷ (معیار و تحقیق صفحہ ۲۶۷)

"مولانا آزاد کے بھائی کی شاعری نے مولانا کی طبیعت میں شعر گوئی کے جذبے کو ابھارا۔" دراصل معاملہ اس کے برعکس ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مولانا آزاد کی شاعری کے شوق نے ان کے بھائی ابوالنصر آہ میں شاعرانہ ذوق بیدار

کیا اور شاعری کا شوق پیدا کیا تھا۔

۲ ۔ صفحہ ۱ (حاشیہ) (م ت، ص ۲۶۷)

مولانا آزاد کے بھائی آہ کا جو قطعہ حاشیے میں نقل ہوا ہے۔ اس کا پہلا شعر اس طرح ہے ،

عدو کے ساتھ وہ تصویر اپنی کھنچوائیں — نئے طریق سے اظہارِ رسم و راہ کریں

۳ ۔ صفحہ ۲ سطر ۵ (م ت، ص ۲۶۸)

" شاعری کے بے پناہ شوق میں " نیرنگ خیال " جاری کیا "۔ یہ ماہنامہ قومی زبان کراچی کا ایک اقتباس ہے۔ اس میں " نیرنگ خیال " ہی چھپا ہے، لیکن یہ غلط ہے۔ شاعری کے شوق میں مولانا نے جو پہلا گلدستہ جاری کیا تھا اس کا نام نیرنگ عالم تھا۔

۴ ۔ صفحہ ۱۰ سطر ۹ (م ت، ص ۲۷۶)

" مولانا آزاد جب جامعہ ازہر سے فارغ التحصیل ہو کر واپس آئے تو ۔ " مولانا سے خاص تعلق رکھنے والے تو پہلے بھی اس حقیقت سے واقف تھے کہ مولانا نے جامعہ ازہر میں تعلیم حاصل نہیں کی۔ اور ۱۹۵۹ء میں انڈیا ونس فریڈم کی اشاعت کے بعد تو اب کسی کے لیے بھی یہ بات مکشوف نہیں رہی۔ ۱۹۵۸ء میں جب ڈاکٹر شکیل کے قلم سے یہ بات نکلی تھی تو تعجب نہ ہونا چاہیے تھا لیکن ۱۹۸۹ء میں مقالے کی اشاعت کے وقت اس جملے کو بدل دینا ضروری تھا۔

۵ ۔ اسی صفحے پر ڈاکٹر شکیل صاحب نے مولانا آزاد کے عشق مجازی کے واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے لیکن بطور واقعہ اس میں کچھ معلومات نہیں ۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ قصہ قیامِ امرتسر کے زمانے (۱۹۰۶ء) کا ہے۔ شورش کاشمیری مرحوم نے ان خاتون کو دیکھا تھا اور ان سے ملاقات کی تھی۔ بہت حسین و جمیل اور وجیہہ خاتون تھیں، بڑھاپے نے ان کے چہرے کو پر رعب اور پر کشش بنا دیا تھا۔ ادب کا نہایت پاکیزہ ذوق رکھتی تھیں مولانا کے کیرکٹر کی بہت معترف تھیں۔ مولانا کے پنجاب کے سفر اور امرتسر کے قیام کے بہت سے واقعات کا وہ ذکر کرتی تھیں جن سے اندازہ ہوتا تھا کہ ۱۹۰۶ء-۰۷ء میں مولانا آزاد امرتسر کی ادبی، علمی، تہذیبی اور مجلسی زندگی کی ایک نمایاں شخصیت تھے۔ وہ مولانا آزاد کی بہنوں سے بھی ملی تھیں، شاید ان کے بھوپال میں مستقل قیام سے پہلے بھوپال یا اور لاہور و امرتسر کے سفر کے موقع پر ۔

تقسیم ملک کے وقت ان کا خاندان لاہور منتقل ہو گیا تھا۔ ۱۹۶۹ء میں ان کے دو بیٹے حکومت پاکستان میں کسی اعلیٰ منصب پر فائز تھے۔ شورش مرحوم نے بتایا تھا کہ وہ خاتون ۱۹۴۵ء کے بعد کے عرصے میں مولانا آزاد سے ملی بھی تھیں۔ ان کے پاس مولانا کے خطوط کا ایک ذخیرہ تھا۔ شورش نے بعض خطوط دیکھے تھے اور وہ مولانا کے ذوق کی پاکیزگی، طبع کی نفاست اور خیالات کی

عظمت، ان خطوط کے آئینے میں دیکھ کر بہت متاثر ہوئے تھے۔

شورش مرحوم کا بیان تھا کہ ان خطوط کی اردو ادب میں کوئی مثال نہ تھی۔ ایسی پاکیزہ تحریریں، ان کے بہ قول نظر سے نہ گزری تھیں۔ بیشتر خطوط ادبی، سماجی، معاشرتی اور تہذیبی زندگی کے مسائل میں مولانا کے افکار سے مملو تھے۔ جو خطوط ان خاتون نے شورش کو دکھائے تھے، ان میں بہ ظاہر "پرائیویٹ" اور راز والی کوئی بات، ان کے بہ قول نہ تھی۔ شورش نے ان خاتون سے ان خطوط کی اشاعت کے لیے کہا تو وہ آب دیدہ ہو گئیں اور بتایا کہ انھوں نے مولانا سے ان خطوط کو شائع کر دینے کا ذکر کیا تھا تو مولانا نے فرمایا تھا کہ ان خطوط میں کوئی ایسی چیز نہیں جو شائع نہ ہو سکے۔ لیکن یہ تحریریں زندگی کے ایک خاص دور کی یادگار ہیں۔ ہمارے معاشرے میں ابھی ایسا کیرکٹر پیدا نہیں ہوا کہ ان تحریروں کے وہی معنی لیے جو واقعی ان کے ہیں اور انھیں جذبات کے آئینے میں دیکھے، جن کے مطابق یہ پیش کی جائیں گی۔ معاشرے کا، افراد کے ذوق سے جدا اپنا ذوق، اپنا رجحان اور اس کا اپنا مجموعی کیرکٹر ہوتا ہے۔ معاشرہ ہر لفظ، ہر جملے اور ہر بیان پر اپنے ذوق اور کیرکٹر کے مطابق حکم صادر کرے گا۔ اس کے بعد ان خاتون نے خطوط کی اشاعت کا ارادہ ترک کر دیا تھا۔ اب معلوم نہیں وہ خطوط کسی صاحب ذوق یا ان کے خاندان کے کسی فرد کے پاس محفوظ ہیں یا ضائع ہو گئے؟

شورش مرحوم نے وعدہ کیا تھا کہ وہ مجھے ان خاتون سے ملائیں گے لیکن میں لاہور گیا تو معلوم ہوا کہ وہ حیدر آباد (سندھ) میں ہیں۔ پھر شورش مرحوم کا انتقال ہو گیا اور ان خاتون کے بارے میں کچھ پتا نہ چل سکا۔

اب اتنی باتیں لکھنے کے بعد سوچتا ہوں کہ یہ مجھے لکھنا بھی چاہیے تھا یا نہیں۔ بہ ظاہر تو اس میں کوئی غیر سنجیدہ بات نظر نہیں آتی۔

۶ ۔ صفحہ ۱۲ سطر ۳ (م ت، ص ۲۷۸)

یہ جملہ اس طرح ہونا چاہیے : ..... وہ مرد کے ساتھ رفاقت بدنی و ذہنی کا اقرار کرتی ہے ۔

۷ ۔ صفحہ ۱۳ (رباعی) (م ت، ص ۲۷۹)

اس صفحے پر یہ رباعی نقل ہوئی ہے ۔

تھا جوشِ و خروشِ اتفاقی ساقی　　　اب زندہ دلی کہاں ہے باقی ساقی
مے خانے نے رنگ روپ بدلا ایسا　　　میکش میکش رہا نہ ساقی ساقی

اس کے دوسرے اور تیسرے مصرعے میں کتابت کی جو دو غلطیاں تھیں، یہاں پر نقل میں ان کی تصحیح تو ہو گئی لیکن اب یہ حقیقت سامنے آئی ہے کہ یہ رباعی مولانا نے صرف استعمال کی ہے، ان کی تخلیق نہیں۔ یہ رباعی دراصل مولانا

کے بڑے بھائی ابو النصر غلام یاسین آہ کی ہے اور خدنگ نظر لکھنو کی اشاعت بابت ماہ جون ۱۹۰۳ء میں انہی کے ان کی دیگر رباعیات میں شامل ہے۔

۸ ۔ صفحہ ۱۴ سطر ۱۲۹۵ (م ت، ص ۲۸۰)

اس صفحے پر مولانا آزاد کے نام سے مندرجہ ذیل شعر نقل ہوا ہے:

دل یہ کہتا ہے کہ تو جا میں نہیں جانے کا   قصد کرتا ہوں جو اس جا سے کہیں جانے کا

یہ شعر مولانا کا نہیں۔ مولانا نے اسے بہ تصرف استعمال کیا ہے۔ اس پر نوٹ (نمبر ۱۴) "کلام" کے ضمن میں ملاحظہ ہو

۹ ۔ اسی صفحے پر مولانا آزاد کی زبان سے جو یہ مصرع ادا ہوا ہے: ؎ لے کے خود پیر مغاں ہاتھ میں مینا آیا!

اور اس کے جواب میں مولانا ظفر علی خاں نے ارتجالاً فرمایا: ؎ ع سے کشو شرم کہ اس پر بھی نہ پینا آیا!

درحقیقت یہ بات اس طرح نہیں کہ مولانا نے فی البدیہہ ایک مصرع کہا ہو اور مولانا ظفر علی خاں نے ارتجالاً گرہ لگائی ہو اور اس طرح شعر کی تخلیق عمل میں آ گئی ہو۔ دراصل یہ پورا شعر کسی اور شاعر کا ہے۔ موقع و محل کے اعتبار سے دونوں بزرگوں نے اس طرح کے مصرعے استعمال کیے تھے۔

ب: کلام

۱ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۲۸۷)

غزل ـــ "ارمغان آزاد" کی تالیف کے وقت اس غزل کے صرف چار شعر دستیاب ہوتے تھے۔ جیسا کہ "دیوانِ آزاد" میں اس صفحے کے عکس سے ظاہر ہوتا ہے بعد میں اس غزل کے مقطع کے علاوہ تین شعر ارمغان فرخ (بمبئی) میں چھپے مل گئے۔ اس طرح اب یہ غزل سات شعر کی ہو گئی۔ مکمل غزل "استدراک" کے حصہ "اضافہ" میں ملاحظہ ہو۔

۲ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۲۹۱)

نعت (بہ قافیہ حرفِ روی) کے پہلے شعر کے دوسرے مصرعے میں لفظ "مضامیں" ہے، "فضامیں" نہیں:

وصفِ نبی سے نظم کی یہ برتری ہوئی   طوبیٰ کی طرح شاخِ مضامیں ہری ہوئی

۳ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۲۹۳)

غزل کے مطلع اوّل کے مصرعِ اولیٰ میں لفظ "میرے" نہیں، "مرے" (حرف یا کے بغیر) ہے:

چھوڑا نہ غم نے کچھ بھی مرے جسم زار میں   اک جان ہے سو وہ بھی ترے انتظار میں

۴ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۲۹۵)

پہلے شعر کے مصرعِ اولیٰ میں لفظ "سزا ہے" "مزہ" املا درست نہیں۔

۵ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۲۹۶)

اس صفحہ کے آخری شعر کے مصرعِ ثانی میں لفظ "اک" ہے "ایک" نہیں۔

میرا دلِ شگفتہ بھی اُس نے پرو دیا   اِک پھول اور بڑھ گیا پھولوں کے ہار میں

۶ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۲۹۸)

غزل کے پانچویں شعر کے مصرعِ اولیٰ میں لفظ "ترا" ہے "تیرا" نہیں۔

کسی میں تو نظر آئے گا ترا جلوہ   اِسی خیال سے ہم ہر بشر کو دیکھتے ہیں

۷ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۳۰۰)

قطعہ فی البدیہہ کے پہلے شعر کے مصرعِ ثانی میں لفظ "مرا" ہے "میرا" نہیں۔

گرچہ ہے وعدہ خلافی مری ثابت تم پر   اور وعدہ مرا پورا کبھی ہوتا ہی نہیں

۸ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۳۰۳)

قطعہ

چھیڑو نہ مجھے کہ ہم صفیرو   "کچھ مست کو سے کی بو بہت ہے"

مجھ سے نہ کہو فسانۂ قیس   "دیوانے کو ایک ہُو بہت ہے"

اِس قطعے میں مولانا آزاد نے اپنے استاد حضرت امیر مینائی کے دو مصرعوں کو تضمین کیا ہے۔ مصرع ہائے غیر پر علامت تضمین ضروری ہوتی ہے۔

۹ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۳۰۶)

"تذکرۂ صادقہ" کی "تاریخ طبع مذکور" میں تاریخ کی تخریج کے لیے یہ اشارہ ضروری ہے۔ اب تاریخ گوئی کا کمال شاذ کے درجے میں رہ گیا ہے اور تاریخ فہمی کا ذوق تو نہایت ہی پست ہو گیا ہے۔ اس لیے اشارے کی ضرورت پیش آئی:

چاپ کردند ایں کتابِ نفیس   فکر شاں راصد آفریں بادا

ازلبِ ہاتف ایں ندا آمد   سرمۂ چشم ناظریں بادا

+۵   ۱۳۱۵ = ۱۳۲۰ھ

۱۰ ۔ صفحہ ۔۔ (م ت، ص ۳۰۸)

تقریظ بر تذکرۂ صادقہ

ڈاکٹر حسین الحق
نیو کریم گنج، گیا

صادق علی شاہ

ایک گمنام لیکن اہم صوفی شاعر

"دیوانِ صادق" کا قلمی نسخہ خدابخش لائبریری کے دستہ سکشن میں موجود ہے۔ اس کا نمبر ۲۱۴۲ ہے ۱۱۰۷۔ میں نے جب دیوان صادق کا مطالعہ کیا تو مجھے اندازہ ہوا کہ تصوف کی وحدت الوجودی فکر کے پس منظر میں حضرت صادق کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ لیکن المیہ یہ ہے کہ حضرت صادق بحیثیت شاعر تو دور کی چیز ہیں، بحیثیت صوفی بھی صحیح طور پر متعارف نہیں ہیں۔ حالانکہ بنگال اور بہار دونوں جگہ چشتی صوفیا کی تاریخ عزیمت بہت طویل ہے۔ مگر افسوس کہ دونوں جگہ ان کا سلسلہ جاری و ساری ہے۔ اور اس کے باوجود انکو پورے طور پر جاننے والا یا جاننے کی کوشش کرنے والا اس عہد میں کوئی نہیں ہے۔

میری مراد بنگال کے داتا مسکین علی شاہ اور بہار کے حضرت خواجہ قیام اصدق سے ہے۔ حضرت داتا مسکین علی شاہ کی تفصیلات کا تو مجھے علم نہیں۔ مگر خانوادۂ اصدقیہ سے منسلک ہونے کا تو خود مجھے بھی شرف حاصل ہے اور میں جانتا ہوں کہ ہنوز پیر بگیھہ (نالندہ) ٹکاری (گیا) خواجہ اعتبار سرائے (نالندہ) بڑوسر (ضلع نوادہ) کے علاوہ خاص میرے وطن سہسرام میں اس سلسلے کی چھ خانقاہیں ہیں مگر سرگروہ سلسلہ سے کسی کو بھی آج دلچسپی نہیں ہے۔ سوال یہ اٹھ سکتا ہے کہ آخر وجہ کیا ہے؟ میرا جواب یہ ہے کہ : ؎

افسوس بے شمار سخن ہائے گفتنی   خوف فسادِ خلق سے ناگفتہ رہ گئے

بہر حال اظہارِ واقعہ کے طور پر عرض یہ ہے کہ حضرت صادق علی شاہ کے مرید و خلیفہ حضرت خواجہ قیام اصدق، قصبہ میاں پور یا مایا پور ضلع بردوان بنگال سے بہار تشریف لائے اور پورے بہار پر اپنی بزرگ اور حاملِ علم و عمل شخصیت کا سکہ جما دیا نتیجتہً اس عہد کے مشاہیر مثلاً فخرالدین حسین سخن اور باقر پیر بگیھوی تلامذۂ غالب اور پھر مولانا محمد سعید مہکاروی، مولانا فریدالدین فرید سہسرامی، مولانا شاہ احمد حسین، حضرت قاضی وحیدالحق وحید آمڈاروی بلیاوی، مولانا صمصام الحق فرنگی، سکندر خان سفیر

ہے پور اور پروفیسر امیر حسن بلیاروی جیسے علما، صلحا، شعرا، رؤسا اور دانش وروں نے بھی ان سے بیعت ہونے اور اکتساب فیض کرنے میں شرف محسوس کیا۔

میرا خیال ہے کہ پیر حضرت صادق علی کے مقابلے میں مرید حضرت خواجہ قیام اصدق اگر زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں تھے۔ لہٰذا قرینہ اغلب یہ ہے کہ حضرت خواجہ قیام اصدق کے ورثا، مریدان اور منسلکین و متعلقین اسی آفتاب کی روشنی سے چکا چوند ہو گئے ہوں۔ اور حضرت صادق علی شاہ کے بارے میں سوچنے اور اس آفتاب سے آنکھیں ملانے یا اس کی خبر لانے کی فرصت ہی نہیں ملی ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

بہر حال جیسا کہ میں نے عرض کیا "دیوان صادق"، کا ایک قلمی نسخہ خدا بخش لائبریری کے دستہ سکشن میں موجود ہے۔ اسی دیوان کا دوسرا قلمی نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ میں بھی موجود ہے۔ راقم الحروف کی نظروں سے یہ دونوں نسخے گذر چکے ہیں۔ خدا بخش لائبریری کا نسخہ بہتر حالت میں ہے۔ جب کہ ایشیاٹک سوسائٹی والا نسخہ مزید توجہ چاہتا ہے۔ حضرت صادق علی شاہ کا کلام زیور طبع سے بھی آراستہ ہو کر مطبع مجیدی کانپور میں چھپا۔ سن اشاعت دسمبر ۱۹۲۳ء ہے۔ اس مطبوعہ دیوان کا ایک نسخہ ذخیرۂ کتب حضرت مولانا انوار الحق شہودی ناز سہسرامی (آزادی ہاؤس، محلہ شاہ ہارون سہسرام) میں موجود ہے۔ اور دوسرا نسخہ ایم۔ اے۔ نصر (وارثی پبلیکیشن ۴۲ برابودن روڈ کلکتہ) کے پاس ہے۔ اس مطبوعہ دیوان کے مزید نسخوں کی موجودگی کے سلسلے میں راقم الحروف لاعلم ہے

حضرت مولانا فرید الدین سہسرامی اپنی تصنیف "کرامات اصدقیہ" کے صفحہ ۲۲ پر یہ اطلاع بھی دیتے ہیں کہ (حضرت سرکار جناب شاہ قیام اصدق کے ذخیرۂ کتب میں) "دیوان صادق بھی تھا۔ سرکار سے عرض کی، حکم ہوا اچھا تم اپنے واسطے نقل کرلو۔ میں نے چند ہفتوں میں نقل کرلی۔ مگر اس میں اشعار زیادہ ہیں بہ نسبت اس نسخے کے جو بمبئی میں اعلیٰ حضرت (صادق علی شاہ) کے بعضے مریدان ناخداؤں نے چھپوایا ہے۔ اور جو کلکتہ والوں نے یعنی اعلیٰ حضرت کے دوسرے خلیفہ حضرت داتا مسکین شاہ قدس سرہ کے مریدان اور ان کے ملنے والوں نے طبع کرایا ہے۔

اس بیان سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت صادق علی شاہ کے قلمی دیوان کے چار نسخے (۱) خدا بخش لائبریری (۲) ایشیاٹک سوسائٹی (۳) خانقاہ اصدقیہ پیر جگیہہ (۴) اور خانقاہ فریدیہ سہسرام میں اور دو مطبوعہ نسخے (۱) کلکتہ والوں کا شائع کرایا (۲) اور بمبئی والوں کا شائع کرایا موجود ہونا چاہیئے۔ مگر تلاشِ بسیار کے باوجود خانقاہ اصدقیہ اور خانقاہ فریدیہ کے قلمی نسخوں اور دیوان مطبوعہ بمبئی کی زیارت ناچیز کو نصیب نہ ہو سکی۔

حضرت صادق علی شاہ کا پہلا ماخذ میں "مجموعہ نغز"، مؤلفہ قدرت اللہ قاسم کو مانتا ہوں۔ کیوں کہ

حضرت صادق علی شاہ اور قدرت اللہ قاسم دونوں ایک ہی بزرگ حضرت مولانا فخرالدین دہلوی سے بیعت تھے۔ مجموعہ نغز کے علاوہ "عیار الشعرا" مؤلفہ خوب چند ذکا، "تاریخ ادب ہندوستانی" مؤلفہ گارساں دتاسی "طبقات الشعرا" مؤلفہ کریم الدین اور "یادگار شعرا" مؤلفہ ڈاکٹر اسپرنگر میں بھی حضرت صادق علی شاہ کی بحیثیت شاعر نشاندہی کی گئی ہے۔ مگر ان کا ذکر اتنا مختصر ہے کہ ان حوالوں کے ذریعہ ہم ان کی شخصیت سے متعارف نہیں ہو پاتے۔ صرف قدرت اللہ قاسم نے اتنا لکھا ہے کہ "صادق علی شاہ عرف حیدری تخلص پنجابی الاصل است بالفعل در فرخ آباد فقیرانہ ایام بسری برد مرد خوش اعتقاد، درویش نہاد (واقع شدہ) گاہ گاہ بطور خود فکر ریختہ (میکند و شعر قلندر) رانہ می گوید"

قدرت اللہ قاسم ہمیں چند اہم باتوں کی خبر دیتے ہیں :- (۱) نام صادق علی (۲) وطن پنجاب (۳) ترتیب تذکرہ کے وقت وہ فرخ آباد میں موجود تھے (۴) بنیادی طور پر درویش صفت تھے (۵) شاعری میں کسی کے شاگرد نہیں تھے۔ بطور خود فکر ریختہ کرتے تھے (۶) شعری لہجہ قلندرانہ تھا۔

مندرجہ بالا چھ بنیادی نکات کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں حضرت صادق علی شاہ کے دو تفصیلی ماخذات (۱) کرامات اصدقیہ۔ مصنفہ مولانا فریدالدین سہرامی اور (۲) لعقد و بیکر مصنفہ ام۔ اے نصر کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔

مولانا فریدالدین سہرامی حضرت صادق علی شاہ کے مرید و خلیفہ حضرت خواجہ قیام اصدق کے اہم ترین خلفا میں سے تھے۔ مدرسہ خانقاہ کبیریہ سہرام میں قرآن و حدیث کا درس دیتے تھے۔ اور اپنے وقت کے مشہور علما اور شعرا میں شمار کئے گئے۔ وہ کرامات اصدقیہ کے صفحہ ۲۵ پر لکھتے ہیں کہ "حضرت خواجہ ابوالعباس سید سعیدالدین الملقب بہ سید صادق علی شاہ اولاد امجاد سے سیدالسادات حضرت قمیص قادر کے ہیں۔ اور حضرت قادر قمیص حضرت غوث اعظم کے اولاد و صاحبزادگانِ آستانہ پیران سادھورے ہیں ... آستانہ پیران سادھورے شہر دہلی میں وارد ہوئے۔ اس وقت سنِ مبارک آپ کا کم و بیش چودہ پندرہ برس کا تھا۔ حضرت مولانا فخرالدین دہلوی کے آستانہ و مدرسہ میں حاضر ہوئے۔ اور شرف بیعت و کسب علوم شریعت و اخذ فیوض معرفت و طریقت سے مشرف ہوئے"

اس بیان سے چند باتوں کی وضاحت ہوتی ہے (۱) نام سعیدالدین (۲) لقب صادق علی (۳) نسب قمیص قادری (۴) وطن سادھورہ ضلع پنجاب (۵) بیعت و خلافت مولانا فخرالدین دہلوی سے (۶) عہد قدرت اللہ قاسم اور مولانا قمر صاحب کا۔ آپ ابھی یہ بھی ملاحظہ فرما چکے کہ ان کے پیر بھائی اور ہمعصر قدرت اللہ قاسم نے ان کی عرفیت حیدری لکھا ہے جو ان کے نسب کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ اور پنجابی الاصل کے تطابق مصنف کرامات اصدقیہ کے اس بیان سے ہو جاتا ہے کہ "صاحبزادگانِ آستانہ پیران سادھورے ہیں۔ ان دو بیانات

کی موجودگی میں ام۔ اے نصر کا یہ بیان کہ "صادق شاہ کہاں سے آئے۔ یہ تحقیق طلب ہے۔" کوئی معنی نہیں رکھتا۔ البتہ ایک مسئلہ ضرور غور طلب ہے کہ ان کا اصل نام کیا تھا؟ قدرت اللہ قاسم لکھتے ہیں "صادق علی شاہ عرف حیدری" مولانا فریدالدین لکھتے ہیں "سید سعیدالدین الملقب بہ سید صادق علی شاہ" مولانا حبیم القادری مانی مروی لکھتے ہیں سعیدالدین قیص القادری الملقب بہ سید صادق علی شاہ" ام۔ اے نصر لکھتے ہیں نام سید خیرالدین اور تخلص صادق تھا" مطبوعہ دیوان صادق میں لکھا ہوا ہے "سید خیرالدین صاحب معروف بہ صادق علی شاہ" سوال یہ ہے کہ اصل نام کون سا ہے۔ سعیدالدین یا خیرالدین؟

"دیوانِ صادق" کی طباعت ۱۳۱۴ ہجری میں ہوئی اور کراماتِ اصدقیہ ۱۳۳۲ ہجری میں مکمل ہوئی۔ ہولیا طور پر ۱۳۳۲ ہجری کے بیان کو ۱۳۱۴ ہجری کے بیان پر ترجیح دیا جانا چاہیئے۔ اس لحاظ سے اصل نام سعیدالدین کہا جاسکتا ہے۔ مگر مشکل یہ ہے کہ دیوان صادق کے قلمی نسخے اور مطبوعہ نسخے دونوں میں حضرت صادق نے خود ہی بار بار اپنے تخلص میں خیر کا استعمال کر کے خیرالدین کی صحت کا جواز پیدا کر دیا ہے۔ کچھ مقطعے ملاحظہ ہوں۔ ؎

جب سنا کہ خیر ہے صادق کھڑا ہوں ہوں کھڑا — جو کہ نقش نقش بندانِ عشق نے کروا کیا
حسن پر اپنے فریفتہ ہے شہ صادق خیر — مئے کی مستی میں گذر عقل سے سناں ہوا
نور سے انوار مست صادق شہ خیر مست — مست ہوں سرشار ہوں مست کو کچھ پوچھ مت

اور اب چند اشعار ایسے بھی سن لیجئے جن میں شاعر اپنا پورا نام خیرالدین استعمال کرتا ہے:۔ ؎

جب چھوڑ کے حب دنیا کو میں صادق خیرالدین ہوا — ہے خانہ بھلا ویرانہ بھلا شہر بھلا کہسار بھلا
جب شر کو اٹھا کر خیر میں آیا صادق خیرالدین ہوا — ہے شکر خدا اس یار نے مجھ کو خلق میں دور آشنام کیا
ہے نور محمدؐ فخر بیچے لبس میں ہوں صادق خیرالدین — میں لے کے بغل میں شیشہ باہم ساقی کے میخوار آیا

اور سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ خود مولانا فریدالدین جو حضرت صادق علی شاہ کا نام سعیدالدین بتاتے ہیں وہ دیوان صادق مطبوعہ کلکتہ کو ۱۳۱۵ھ؛ ۵ نہیں کرتے ہیں۔ صرف اتنا لکھتے ہیں کہ دیوان صادقؒ (از نقل کردہ حضرت مولانا فریدالدین) میں "اشعار زیادہ ہیں بہ نسبت اس نسخے کے، جو کلکتہ والوں نے طبع کرایا" ظاہر ہے کہ اگر وہ ضرورت محسوس کرتے تو یہ بھی لکھ سکتے تھے کہ" اور کلکتہ والوں نے حضرت کا نام بھی غلط لکھ دیا ہے"۔ لہذا خیرالدین کو یک لخت رد کر دینے کا بھی کوئی جواز راقم الحروف کے پاس نہیں ہے۔ البتہ ایک مشکل کی طرف پھر اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ انہیں حضرت قیص قادری کی اولاد تقریباً سبھی نے تسلیم کیا ہے۔ ناچیز نے اس سلسلے میں

مولانا شاہ محمد رضوان اللہ قادری صاحب سجادہ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کو خط کے ذریعہ متوجہ کرایا تو انہوں نے مولوی شاہ نصر احمد پھلواروی مرحوم کو تفتیش کی ہدایت کی اور بعدہٗ دونوں حضرات نے جواب سے نوازا اور مجھے مطلع کیا کہ "سید شاہ سعید الدین حضرت قمیص قادری کے بڑے صاحبزادے حضرت محمد قمیص کی اولاد میں تیرہویں پشت میں ہیں"۔ لہٰذا اس پہلو سے حضرت مولانا شاہ فرید الدین کا بیان اپنی صحت ثابت کرتا نظر آتا

میرے خیال میں حضرت صادق علی شاہ کا نام تو سعید الدین ہی تھا۔ مگر غالباً اپنے پیر و مرشد فخر الدین کی مناسبت سے بعد میں خیر الدین ہی استعمال کیا گیا۔ ممکن ہے بارگاہ مولانا فخر ہی سے انہیں خیر الدین کہا گیا ہو۔ کیونکہ جگہ جگہ حضرت صادق علی شاہ یہ فرماتے ہیں کہ: ؎ جب چھوڑ کے جب دنیا کو میں صادق خیر الدین ہوا۔ جب شر کو اٹھا کر خیر میں آیا صادق خیر الدین ہوا۔ ہے نور محمد فخر مجھے بس میں ہوں صادق خیر الدین۔ میں صادق خیر الدین ہوں یارو راہ میں اپنے پیارے کی۔ صادق خیر الدین ہوں پیارے راہ میں اپنے جاناں کی۔ میں جو تھا عاشق صادق سو ہوا خیر الدین۔

میرا خیال ہے کہ حضرت صادق علی خیر الدین تھے نہیں۔ خیر الدین ہو گئے تھے۔ اور جیسا کہ میرا قیاس ہے یہ لقب حضرت صادق علی کو بارگاہ فخر سے ملا اور اس لقب پر وہ اتنا خوش تھے کہ اس خوش بختی کا بار بار ذکر کیا۔ ایک جگہ فرماتے ہیں:

شہرِ خیر صادق ہوں پیارے کو اپنے　　　بھلا یہ ہوا میں جو سمجھا شتابی

اس لئے میرے خیال میں ان کی کنیت ابو العباس نام سعید الدین تخلص صادق نسبی عرفیت حیدری اور لقب خیر الدین تھا۔ حضرت صادق علی شاہ کے اس تعارف کے بعد اصل قابل غور سوال دو ہے۔ اول تو یہ کہ حضرت مولانا فخر الدین دہلوی کے خلفا میں ان کا تذکرہ کیوں نہیں ملتا۔ اور دوئم یہ کہ بحیثیت شاعر وہ پوری اردو دنیا سے متعارف کیوں نہ ہو سکے۔

میرے خیال میں ان دونوں سوالات کا ایک ہی جواب ہے کہ وہ بنیادی طور پر جہانیاں جہاں گشت بزرگ تھے۔ اس لئے تعارف کے لئے جس ٹھہراؤ یکسوئی اور مقامیت کی ضرورت ہوتی ہے وہ انہیں نصیب نہ ہو سکی۔ اس اجمال کی تفصیل جاننے کے لئے بہتر ہوگا کہ ہم کچھ اقتباسات کے حوالے سے معاملات کو سمجھنے کی ابتدا کریں۔

(۱) وہ سادھورا میں پیدا ہوئے (۲) بقول قدرت اللہ قاسم در فرخ آباد فقیرانہ ایام بسری بردہ (۳) بقول مولانا فرید الدین سہسرامی مصنف کرامات اصدقیہ سادھورا سے شہر دہلی میں وارد ہوئے میں ۲۵ھ (۴) دہلی سے رخصت ہوئے اور مدراس پہنچے سن ۲۶ھ (۵) دکن کی طرف حوالی حیدر آباد کے ایک مقام میں جلوہ افروز ہوئے میں ۲۷ھ (۶) مدراس سے روانہ ہوئے گھومتے پھرتے دریا کے راستے دیار عرب میں پہنچے۔ گیارہ برس تشریف رکھ کر مسلسل گیارہ

حج فرمایا قصد تھا کہ بارہواں حج ادا کریں کہ حضرت مولانا فخرالدین کے وصال کا حال معلوم ہوا۔ اور بخارا کی راہ اختیار کی۔ ص ۲۷-۲۶ (۷) دہلی سے بنگال کی طرف متوجہ ہوئے۔ بردوان میں حضرت خواجہ قیام اصدق کے یہاں ٹھہرے۔ بنگال کے شہروں میں اعلی حضرت صادق علی شاہ کی سیاحت سے کم ہی کوئی شہر بچا ہوگا، ہزاری باغ، اور پلاموں وغیرہ کے علاقوں میں کثرت سے آپ کے مریدان تھے۔ ص ۳۱-۳۲ (۸) ڈھاکہ کے دیار میں تشریف رکھنے کا زیادہ اتفاق ہوا ص ۴۰ (۹) متصل سرانمپ کے ایک جزیرہ پوسو پلانگ کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں اکثر اقامت ہوتی (کرامات اصدقیہ) (۱۰) صادق شاہ کلکتہ بھی آئے (لفظ دیگر، مصنفہ ایم۔ اے نصرا (۱۱) حضرت صادق علی شاہ کا مزار شریف گوال پاڑہ گھاٹ جوگی گوپا آسام میں ہے۔ (لفظ دیگر، مصنفہ ایم۔ اے نصر)

مندرجہ بالا اقتباسات سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ سادھورا پنجاب میں پیدا ہوئے مگر ساری زندگی دہلی مدراس، دیارِ عرب، حجاز و شام، بخارا، ڈھاکہ، کلکتہ، بردوان، ہزاری باغ ـــــ، حیدرآباد، پوسوپلانگ اور آسام وغیرہ کے علاقوں میں گھومتے رہے۔ مدراس میں شادی بھی کی اور مدتوں قیام کیا۔ اور گیارہ برس تک دیارِ عرب میں سیاحی فرمائی۔ پھر ایسے جہانیاں جہاں گشت بزرگ کو اگر تذکرہ نگار یاد نہ رکھ سکے تو اس میں شایدان کا قصور بھی نہیں۔ مگر اس کے باوجود ان کی شاعری اردو کی صوفیانہ شاعری کا ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

حضرت صادق علی شاہ حضرت مولانا فخرالدین دہلوی کے مرید تھے۔ اس کا تذکرہ زیادہ جگہوں پر تو نہیں لیکن کچھ جگہوں پر ضرور ملتا ہے۔ مثلاً مولانا فریدالدین سہرامی لکھتے ہیں کہ "حضرت صادق علی شاہ حضرت مولانا فخرالدین دہلوی کے آستانہ و مدرسہ میں حاضر ہوئے اور شرف بیعت و کسب علومِ شریعت و اخذ فیوضِ معرفت و طریقت سے مشرف ہوئے۔ اور ایک زمانہ تک فیضانِ صحبت و برکت عرفان سے مستفیض رہے (کرامات اصدقیہ ص ۱۰) ایم۔ اے نصر لکھتے ہیں کہ "وہ مرید حضرت فخرالدین کے تھے۔" (لفظ دیگر) مولانا حبیم القادری مانی ندوی لکھتے ہیں کہ "حضرت مولانا فخرالدین محب النبی چراغ چشت سے مرید ہوئے۔ اور علوم ظاہری و باطنی حاصل کئے۔ (باقر آروی قسط دوم المجیب۔ جنوری ۷۵ء ص ۲۷) اور خود دیوان صادق میں حضرت چراغ چشت کی جو منقبت ہے اس میں واضح طور پر حضرت صادق فرماتے ہیں کہ : ؎

صادقِ استادِ برہاں فخر مولانا مرا　　　مولوی صاحب چراغ چشت فخرالدین نام

مگر اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ خانوادۂ اصدقیہ کے شجرۂ بیعت میں حضرت مولانا فخرالدین دہلوی اور حضرت صادق علی شاہ کے درمیان ایک نام حضرت محب اللہ بخاری کا بھی ہے۔ اور خود دیوان صادق میں

حضرت محب اللہ بخاری کی شان میں دستیاب منقبت میں یہ شعر بھی موجود ہے کہ :۔

اپنی پہچانت سے تھا محتاج سو اس پیر نے — ہاتھ پکڑا کر کرم محمد صادق گمراہ کا

لہٰذا اس بیّن ثبوت کی روشنی میں، میں بھی ایم اے نقر کے اس بیان سے اپنے آپ کو متفق پاتا ہوں کہ حضرت صادق علی شاہ سلسلہ چشتیہ کے معتبر بزرگ حضرت محب اللہ کے خلیفہ تھے۔ لیکن وہ مرید حضرت فخر الدین چشتی کے تھے "(لفظ و پیکر)

انتقال کے بارے میں اختلاف ہے۔ ایم اے نقر "لفظ و پیکر" میں لکھتے ہیں کہ ان کا مزار گوال پاڑہ آسام میں ہے اور حضرت مولانا فرید الدین کے خیال میں ان کا مزار پوسو بلانگ میں ہے۔ بعد کے بزرگوں میں حضرت مولانا انوار الحق شہودی نازش سہسرامی نے بھی ایک شعر میں پوسو بلانگ ہی کی طرف اشارہ کیا ہے، فرماتے ہیں :۔

غلغلہ پیدا شدہ در محل پوسو بلانگ — نعرۂ مستانہ زد آشفتہ جاں انوار من

ناچیز اس سلسلے میں ہنوز کسی حتمی فیصلے تک نہیں پہنچ سکا۔

حضرت صادق علی شاہ کی شاعری بہت تفصیلی گفتگو کی طالب ہے جس کا اس وقت موقع نہیں ہے میں فی الوقت ان کی شاعری سے آپ حضرات کا صرف تعارف کراؤں گا تاکہ ان کے خطوط پر آگے تفصیلی گفتگو کی جا سکے۔

تو عرض یہ ہے کہ حضرت صادق علی شاہ اپنے رویے میں خالص وحدت الوجودی تھے۔ اور ان کا پورا کا پورا دیوان وحدت الوجودی رنگ میں رنگا ہوا ہے۔ کچھ اشعار آپ بھی ملاحظہ کریں :۔

مصوّر نے چاہا کہ اپنی ہی آپ ہی یہ تصویر کھینچے سو تصویر کھینچا — لے قدرت کے جدول کو تختی پہ ہستی کے تحریر کھینچے سو تحریر کھینچا
تو حاکم ہے آپ ہی تو محکوم آپ ہی ہو محبوس الفت میں پاؤں میں اپنے — بہ زندانِ کثرت میں اربع عناصر کی تحریر کھینچے سو تحریر کھینچا

یار نے چاہا یوں تو آپ ہی اپنے میں اظہار ہوا — آپ کہوں انہار کہوں اشجار کہوں اثمار ہوا
لیلیٰ ہو خود محمل باندھا ناقے کے لیے پشتہ اوپر — مجنوں خود وہ آپ ہی ہو کر شائق وصل یار رہا
آپ ہی شیریں ہو کر وہ فرہاد کے دل کو ساتھ کیا — تیشۂ کوہ کن آپ ہوا جاں باز ہوا کہسار ہوا
صوفی ہو خود اور رقص کیا گہ خنداں گاہے اشک رواں — خود چنگ ہوا خود ساز ہوا خود نغمہ اور مزمار ہوا
یار کو خلوتِ خاص میں جس دم جلوہ اک درکار ہوا — جامہ پہنا امکان کا اور آپ ہی وہ اظہار ہوا
آپ ہی عقل کامل عرش اور کرسی آپ ہی لوح و قلم — آپ ملک اور آپ فلک خود ثابت اور سیار ہوا
عاشق اپنا آپ ہوا اپنے حسن اوپر مشتاق بنا — آرسی عکس وہ آپ ہوا خود دید ہوا دیدار ہوا
ادھر بھی موجود وہی اور ادھر بھی موجود وہی — آپس میں کر تیغ زنی یوں مجھ کو اسیرِ دام کیا

وحدت الوجود کے علاوہ دوسرا اہم پہلو ان کی شاعری کا قلندرانہ آہنگ ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ اردو کی صوفیانہ شاعری کے اس اہم آہنگ کی طرف ابھی تک توجہ ہی نہیں کی گئی۔ حالانکہ حضرت نیاز بریلوی، حضرت آسی سکندرپوری اور چند اور صوفی شعراء کے یہاں ملتی جلتی 'جو ہو سو ہو' 'ہُو ہُو' وغیرہ الفاظ کے ذریعہ ایک مخصوص قلندرانہ مزاج اور آہنگ کی نمود نمایاں ہے۔ اور یہی قلندرانہ آہنگ حضرت صادق علی شاہ کے یہاں بھی موجود ہے ملاحظہ ہو:

؎
سو ناز بھری مُرلی میں پھونکا رے میاں پھونکا — یہ عشق گری مُرلی پھونکا رے میاں پھونکا
ہے جوشِ جنوں دل پر صحرا کو نکل جانا — من مست کرے مُرلی پھونکا رے میاں پھونکا
تقوی کا مرے جامہ لیتا جا ارے زاہد — اب پردہ دری کر لی پھونکا رے میاں پھونکا
پھونکے ہے اُدھر مُغنی اِدھر سے پکارے ہے — جادو کی بھری مُرلی پھونکا رے میاں پھونکا

کچھ کام نہیں اس عالم سے اب میں اور میرا یار بھلا — لے جام و صراحی ہاتھوں میں مجھ پاس کھڑا دلدار بھلا
آ ساقی مجھ کو دُرد پلا اسلام مجھے درکار نہیں — اب جی میں یوں ہی آتا ہے کہ تو اور میں سرشار بھلا
گر تیغِ نگاہِ دو دم سے محبوب مجھے آ قتل کرے — یہ جان گئی تو صدقہ ہے معشوق مرا خونخوار بھلا

مجھے کام کسی سے نہ کچھ بھی رہا اب تو منوا بھلا مرا منوا بھلا — نا میں بیگانہ ہوں نا یگانہ ہوا اب تو منوا بھلا مرا منوا بھلا
کبھو کہتا تھا شخص سے عکس جدا کبھو کہتا تھا عکس سے شخص جدا — مارے شکر ہے دوئی کا پردہ اٹھا اب تو منوا بھلا مرا منوا بھلا

ساقی کے بلہار جو سامانِ رسوائی دیا — ہاتھ میں شیشہ ہوا اور مئے سے پُر پیالا ہوا
نورِ انوار ست صادق شیرِ خیر مست — مست ہوں سرشار ہوں مست کو کچھ پوچھ مت
شیشے میں مئے، مئے میں شیشہ جو پلایا ہو پیا — کیا نشہ ہے کیا نشہ ہے کیا خمار
بسملہ ٹوپی رکھتا تھا میں جبہ اور دستاریاں — رہن رکھا کر ساقی کے گھر اب تو ہو لے خوار فقط
خوب کہتے ہو میاں جلوہ نمائی اے واہ — ہے قیامت یہ تمہاری تو دکھائی اے واہ
سانجا صاحب اک رنگ سو رنگ رنگاون ہارے — آپ ہی بولے طرح طرح سے آپ بلاون ہارے

مندرجہ بالا صفحات میں حضرت صادق علی شاہ کی شاعری کے سلسلے میں جو گفتگو بھی کی گئی وہ دیوانِ صادق کے مطبوعہ اور قلمی نسخوں کے حوالے سے ہے جن میں صرف غزلیں ہیں یا ایک دو مستزاد، مگر حضرت صادق کی کچھ نوحے بھی ہیں جن کی جانب اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔

سفارش حسین رضوی نے اردو مرثیہ نگاروں کا تذکرہ کرتے ہوئے حضرت صادق کا بھی ذکر کیا ہے اور لکھا ہے

کہ "قاسم کا کہنا ہے کہ اصل میں وہ پنجابی تھا اور ترتیب تذکرہ کے وقت فرخ آباد میں موجود تھا" ظاہر ہے کہ یہ ذکر حضرت صادق علی شاہ کا ہی ہے۔ پھر ایسا ہی ایک بیان مرزا امیر علی جون پوری کا ان کی کتاب "مرثیہ نگاران اردو" میں ملتا ہے۔ مرزا امیر علی لکھتے ہیں "صادق دکنی۔ متخلص صادق، کتب خانہ سالار جنگ حیدر آباد کی ایک بیاض میں مرثیے محفوظ۔ کلام دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر کے کلام میں زور ہے۔ پرواز تخیل کی بھی کمی نہیں۔ مرثیہ نگاری کے فن میں ماہر، ستارہ شناس بھی.... ادارۂ ادبیات حیدر آباد میں کلام کا نمونہ موجود ہے" میں امیر علی جون پوری کے اس بیان کا تطابق مولانا فریدالدین سہسرامی کے ایک اقتباس سے کرنا چاہوں گا جو ان کی کتاب "کرامات اصدقیہ" سے ماخوذ ہے، فرماتے ہیں "دکن کی طرف حوالی حیدر آباد کے ایک مقام میں جلوہ افروز ہوئے ۳۵ "

کرامات اصدقیہ تذکرہ ہے۔ اور اس میں تذکرہ کی تمام خصوصیتیں موجود ہیں۔ لہٰذا حضرت صادق کے قیام حیدر آباد سے متعلق مزید تفصیلات کی تلاش کار عبث ہے۔ قابل غور نکتہ یہ ہے کہ ان کے حیدر آباد میں قیام کا تذکرہ موجود ہے۔ اور سفارش حسین رضوی انہیں وہی صادق علی قرار دیتے ہیں جن کا تذکرہ قدرت اللہ قاسم نے کیا ہے۔ لہٰذا میرے خیال میں امیر علی جون پوری نے جن صادق دکنی کا تذکرہ کیا ہے وہ بھی وہی صادق علی ہیں۔ اس سلسلے میں تطابق کی ایک اور گنجائش موجود ہے امیر علی جون پوری کہتے ہیں کہ "صادق دکنی ستارہ شناس بھی تھے۔ اور اس بیان کو سامنے رکھتے ہوئے اب دیوان صادق سے چند اشعار سنیئے: ؎

چلا پے بہ پے جلد منزل بہ منزل — مقام چہارم کو پہنچا رسیلا
بتاریخ پنجم گھڑی سات دن کو — ہوا پیدا برج نہم میں جمیلا
نہ میں آتشی ہوں نہ بادی ہوں یارو — نہ خاکی نہ آبی ہوں مثل حبابی
مشتری ہے اس دل انمول کا تو یار ہے — دہر کے ایماں طبق پر نذر لے جا کیجئے

آخری شعر کی معنوی صحت پر اگر آپ شکن بر جبیں ہیں تو میں آپ کو مطمئن کرنے کی کوشش بھی نہیں کروں گا کیونکہ میری غرض تو صرف یہ ہے کہ میں دیوان صادق میں مستعمل مقام چہارم گھڑی، سات برج نہم اور مشتری کے حوالے سے ان کی ستارہ شناسی کا ثبوت مہیا کروں۔

غزل اور مرثیہ کے علاوہ حضرت صادق کی کچھ اور جہتوں کا تذکرہ ام۔ اے نصر نے اپنی کتاب "لفظ و پیکر" میں کیا ہے۔ میں بہتر سمجھتا ہوں کہ انہیں کے اقتباسات پیش کروں، ملاحظہ ہو:

"نصیرالدین ہاشمی نے اردو مخطوطات (جلد دوم) کے حصہ تصوف و اخلاق میں چند ایسی کتابوں کا بھی ذکر کیا ہے جن کے مصنفین سے وہ ناواقف ہیں مثلاً "رسالہ سلوک" "سہ رسائل تصوف" "رسالہ تصوف"

یہ تینوں کتابیں ١٢٠٠ ہجری میں تصنیف ہوئیں اور ان میں متصوفانہ خیالات قلم بند ہوئے ہیں اور شاعرانہ لہجہ میں بھی یکسانیت ہے۔ ان کتابوں کے اشعار کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے مصنف صادق علی شاہ ہی تھا کیونکہ یہ اشعار ان ہی غزلوں اور نظموں سے تعلق رکھتے ہیں جو یہاں (بنگال میں) سینہ بہ سینہ صوفیائے کرام کے یہاں منتقل ہوتی رہی ہیں۔ اور صادق علی شاہ سے موسوم ہیں (حضرت صادق کے مرید و خلیفہ داتا مسکین علی شاہ مولانا دولونا پوکھر، ٹرام ڈپو، متصل گلی استارہ ہند پریس کلکتہ) کے موجودہ خلیفہ خانقاہ میں ان اشعار کو مریدوں اور معتقدین کے درمیان دہراتے ہوئے سنے جاتے ہیں۔ خاص طور پر "رسالہ تصوف" یہاں "بولتا نامہ" کے نام سے مشہور ہے۔ "بولتا نامہ" ایک طویل نظم ہے۔ جس کے بعض اشعار نصیر الدین ہاشمی کے مندرجہ اشعار سے قدرے مختلف ہیں مثلاً:

؎ بولنے کی راہ پر ہو استوار بول بسم اللہ دل سے بار بار

جب کہ یہ شعر یہاں (حضرت داتا مسکین علی شاہ کی خانقاہ میں) اس طرح مشہور ہے:-

بولنے کی راہ پر ہو مستقیم بولتا ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم (ماخوذ از نقاد، بیکل

ام اے نصرتے اس اقتباس میں صرف "رسالہ تصوف" کا ایک شعر درج کیا ہے۔ میں نے جب اردو مخطوطات (جلد دوم) مرتبہ نصیر الدین ہاشمی کی ورق گردانی کی تو مجھے "رسالہ سلوک" اور "سہ رسائل تصوف" کے بھی کچھ نمونے مل گئے جو پیش خدمت ہیں:

اشعار رسالہ سلوک:-

کلمۂ طیب سے یہی مقصود ہے یعنی میں نہیں ہوں خدا موجود ہے
نا مجھے ہے ذات نا مجکو صفات نا مجھے ہے علم نا مجکو حیات
نا ارادت ہے نہ قدرت ہے مجھے ناسماعت نا بصارت ہے مجھے

اشعار سہ رسائل تصوف:-

کہیں صاحب ہوا کہیں غلام کہیں بڑا ہوا کہیں چھوٹا
کہیں پیر ہوا کہیں مرید ہوا کہیں باپ ہوا کہیں بیٹا
آپی گائے آپی تھاے آپی گائی آپی کھائی

دونوں کتابوں کے اشعار ایک طرف رکھیے اور خدا بخش لائبریری میں موجود دیوان صادق دوسری طرف، مجھے یقین ہے کہ مواد اور اسلوب دونوں میں ذرہ برابر فرق نہ کیا جاسکے گا۔ اس سلسلے میں ایک اور

بات قابلِ ذکر ہے کہ "سہ رسائلِ تصوف" کا آغاز درود شریف سے کیا گیا ہے۔ درود شریف کی عبارت یہ ہے اللّٰھم صلِ علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آلِ سیدنا محمد و بارک وسلم۔ بالکل لفظاً بہ لفظاً یہی درود آج تک خانوادۂ اصدقیہ شہودیہ کی تمام خانقاہوں میں پڑھا جاتا ہے۔ مواد و اسلوب کے لحاظ سے ایک اور قابلِ غور نکتہ یہ ہے کہ ہم اسے نثری "رسالہ تصوف" کے صرف ایک شعر

بول بسم اللہ دل سے بار بار — بولنے کی راہ پر ہو استوار

کی مطابقت خانقاہ داتا سکین شاہ میں پڑھے جانے والی نظم بولتا نامہ کے شعر؎

بولتا ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم — بولنے کی راہ پر ہو مستقیم

سے کی ہے۔ مگر اس رسالہ کے اختتام پر جو دو اشعار نصیر الدین ہاشمی نے درج کیے ہیں وہ حسبِ ذیل ہیں:؎

اسی کی آنکھ میں سارا جہاں سمایا ہے — گزر کر آپ سے پھر آپ کو جو پایا ہے

ڈرانے کے لیے سب کو حدیث و آیہ ہے — نہ کوئی جاتا ہے یہاں سے نہ کوئی آیا ہے

ان دونوں اشعار کی بھی فکری اور اسلوبیاتی کیفیت دیوانِ صادق، رسالہ تصوف اور سہ رسائلِ تصوف کے اشعار کی فکری اور اسلوبیاتی کیفیت سے خطرناک حد تک مماثلت رکھتی ہے۔ لہٰذا میرے خیال میں بھی یہ رسالے حضرت صادق علی شاہ کے ہی ہیں۔ ان شعری کاوشوں کے علاوہ نثر میں بھی ایک کتاب "رسالہ برزخ" موجود ہے۔ داتا سکین علی شاہ کے مزار کے مجاور فضل الرحمن صاحب کی مہربانی سے ناچیز کو اس کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ یہ کتاب ستارۂ ہند پریس میں چھپی، اس کے سرورق پر یہ تحریر مندرج ہے "بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الا ان اولیاء اللہ لا خوفٌ علیھم ولا ھم یحزنون۔ الحمد اللہ کہ کتاب رسالہ برزخ حسنات فیض از تصنیفِ لطیف عالم باکمال معدنِ لدنی محرمِ اسرارِ خفی و جلی حضرت خواجہ سید فخر الدین متخلص بہ صادق علیہ الرحمۃ خلیفہ شیخ المشائخ عارفِ کامل حضرت خواجہ محب اللہ چشتی" یہ رسالہ دراصل برزخِ شیخ کے مراحل اور فوائد بیان کرتا ہے اور اس بات کا ثبوت مہیا کرتا ہے کہ حضرت صادق نثر اور شعر دونوں میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔

مندرجہ بالا باتوں کی روشنی میں حضرت صادق علی شاہ کے متعلق چند باتیں بہت تیقن کے ساتھ کہی جا سکتی ہیں (۱) ان کی غزلوں کا قلمی نسخہ خدا بخش لائبریری، ایشیاٹک سوسائٹی میں ہے اور خانقاہ اصدقیہ بیربگیہ ضلع نالندہ اور خانقاہ فریدیہ سہسرام میں ہونا چاہیے۔ (۲) ان غزلوں کا ایک انتخاب کلکتہ سے اور ایک بمبئی سے شائع ہوا۔ (۳) ان کی نثری کاوش رسالہ برزخ کی صورت میں موجود ہے۔ (۴) ہمعصر تذکرہ نگاروں نے ان کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ (۵) ان کے مرثیے اور دیگر کلام کے نمونے ادارۂ ادبیات حیدر آباد میں موجود ہیں۔

اور چند باتوں کے بارے میں بڑے یقین کے ساتھ دعویٰ کیا جا سکتا ہے۔ (۱) داتا سکین علی شاہ کی خانقاہ اور

اس خانقاہ سے منسلک حضرات میں مشہور حمدیہ نظم "بولتا نامہ" اور نصیر الدین ہاشمی کے ذکر کردہ رسالہ تصوف کی حمدیہ نظم بہ اختلاف الفاظ ایک ہی مصنف حضرت صادق علی شاہ کی تصنیف ہے (۲)، نصیر الدین ہاشمی نے کتاب "ثمرۃ الفوائد" کے سید مرتضیٰ ابن صادق علی ساکن مدراس کا جو تذکرہ کیا ہے یہ دراصل حضرت صادق علی شاہ کے ہی صاحبزادے کا تذکرہ ہے کیونکہ مولانا فرید سبزواری "کرامات اصدقیہ" میں رقمطراز ہیں کہ :

"حضرت (صادق علی) آستانہ دہلی سے رخصت ہوئے اور سیر کرتے ہوئے مدراس پہنچے۔ اتفاقِ وقت سے مدراس میں کچھ روز قیام ہوگیا۔۔۔ حسبِ تقدیر و مشیت خداوندی ایک خاندانِ متمول نوب ذی اقتدار کی صاحبزادی سے اعلیٰ حضرت صادق علی شاہ نے شادی کی اور اس تعلق و تاہل کی وجہ سے ایک زمانہ تک بود و باش کا اتفاق ہوگیا۔ اس اثنا میں اولادِ پاک بنیاد بھی متولد ہوئے۔ ایک صاحبزادے کا اسم گرامی مردان علی شاہ رکھا گیا۔ دوسرے صاحبزادے کا اسم شریف نہیں معلوم ہوا بلکہ بقول بعضے صاحبزادے کی شادی بھی اعلیٰ حضرت نے انجام دی ص ۲۶ ـ ۲۷"۔

ظاہر ہے کہ شادی، بچوں کی پیدائش اور پھر ان کی شادی کا صاف مطلب یہی ہے کہ برسہا برس وہاں قیام پذیر ہوئے۔ پھر ایسی صورت میں اگر سید مرتضیٰ ابن سید صادق علی ساکن مدراس کو حضرت صادق علی شاہ کا صاحبزادہ مانا جائے تو غالباً یہ صحیح ہی ہوگا۔ اور ایک بات! آخری بات، یہ قیاس کرتا ہوں۔ صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے۔

ڈاکٹر امرت لال عشرت نے لکھا ہے کہ "مثنوی قصہ مہتاب شاہ و شاہزادہ صف شکن کے مصنف صادق ہیں۔ متداول تذکروں میں صادق سے متعلق کوئی اطلاع نہیں ملی۔ لیکن سعادت یار خاں رنگین نے اپنے ایک منظوم خط میں صادق کا پورا نام میر صادق علی بتایا ہے۔ ڈاکٹر محمد باقر نے مثنوی کا وقت تالیف ۱۱۹۹ سے ۱۲۰۲ ہجری مقرر کیا ہے بیسوں الفاظ ایسے ہیں جو مصنف کے پنجابی ہونے کا ثبوت ہیں از ندر مقبول۔ امرت لال عشرت ص ۴۶، ۱۴۱، ۱۴۳، ۱۴۴)

اب ناچیز کا قیاس یہ ہے کہ قدرت اللہ قاسم کے صادق علی شاہ بھی پنجابی الاصل اور اس مثنوی کے مصنف میر صادق علی بھی پنجابی، قدرت اللہ قاسم سے صادق علی حیدری اس مثنوی کے مصنف میر یعنی کے اولادِ حیدر کرار، حضرت صادق علی، حضرت مولانا فخر الدین دہلوی کے مرید اور حضرت مولانا فخر کی تاریخ وفات ۱۱۹۹ ہجری یعنی حضرت صادق علی کی ولادت۔۔ بہرحال ۱۱۹۹ ہجری سے قبل ہوئی اب قابل غور بات یہ ہے کہ حضرت صادق علی کم از کم ۱۱۸۰ سے ۱۲۰۳ ہجری کے درمیان تو ضرور ہی موجود اور باہوش کہے جا سکتے ہیں۔ اور یہی زمانہ قصہ مہتاب و شاہزادہ صف شکن کا زمانہ تصنیف ہے۔ اور قصہ مہتاب شاہ ہی کیا سہ رسائلِ تصوف "رسالہ السلوک" اور "رسالہ تصوف" بھی

...۱۱ ہجری کی تصنیف ہے ۔ تو کیا یہ ممکن نہیں ہے کہ سرگروہِ خانوادہ اصدقیہ کے حضرت ابوالعباس سعید الدین عرف صادق علی حیدری الملقب بہ خیر الدین صادق رحمۃ اللہ علیہ مثنوی قصہ مہتاب شاہ و شاہزادہ صف شکن کے میر صادق علی اور نصیر الدین ہاشمی کے دہی صادق علی جن کا تذکرہ قدرت اللہ قاسم نے کیا اور سید مرتضیٰ ساکن مدراس کے والد میر سید صادق علی متوطن علاقہ دکن اور امیر علی جونپوری کے صادق دکھنی یہ سب کے سب ایک ہی ہوں۔ ضرورت ہے کہ اس شخصیت پر کام کیا جائے!۔

کتابیات :

(۱) دیوان صادق (۲) مجموعہ نغز۔ قدرت اللہ قاسم (۳) عیار الشعراء ۔ خوب چند ذکا (۴) تاریخ ادب ہندوستانی ۔ گارساں دی تاسی (۵) طبقات الشعراء ۔ مولوی کریم الدین (۶) یادگار شعراء ۔ ڈاکٹر اسپرنگر (۷) اردو مرثیہ ۔ سفارش حسین رضوی (۸) مرثیہ نگارانِ اردو ۔ امیر علی جون پوری (۹) کراماتِ اصدقیہ ۔ مولانا فرید الدین سہسرامی (۱۰) لفظ و پیکر ۔ ایم اے نصر (۱۱) رسالہ برزخ ۔ حضرت صادق علی شاہ (۱۲) سہ رسائلِ تصوف ۔ صادق علی شاہ (۱۳) رسالہ سلوک ۔ صادق علی شاہ (۱۴) رسالہ تصوف ۔ صادق علی شاہ (۱۵) باقر آروی ۔ مولانا جسیم القادری مانی ندوی (۱۶) تذیر مقبول ۔ امرت لال عشرت (۱۷) بیاض حضرت مولانا انوار الحق شہودی نازش سہسرامی ۔

●●

حیدرآباد، دکن کے ممتاز علی صاحب مرحوم

کا

روزنامچہ سفر پٹنہ

(۱۹۳۰ء)

:- عطیہ :-

جناب عبدالصمد خاں

ڈائرکٹر اردو ریسرچ سینٹر حیدرآباد

تعارف

اس کے مصنف ”پنکی کر دنیا میں ڈال“ والے گروپ سے متعلق معلوم ہوتے ہیں البتہ ناظم صاحب کا اور بعض دوسرے صاحبوں کا ذکر ہے اور کئی بار ذکر آیا ہے۔ ناظم صاحب کا نام بھی ایک جگہ مل جاتا ہے یعنی ”سیّد خورشید علی“۔ سیّد خورشید علی کا احوال ایک معاصر سوانح نگار کے قلم سے نقوش کے شخصیات نمبر میں مل گیا جہاں تمکین کاظمی نے حیدر آباد کی اہم شخصیتوں کے بارے میں لکھا ہے۔ خورشید علی صاحب کے بارے میں ان کا بیان درج ذیل ہے:

”دفتر دیوانی بالکل اسنادی اور تاریخی دفتر تھا، مولانا نے اسے بڑی عمدگی سے منظم کیا تھا۔ منتخب لوگوں کو جگہ دی تھی اور سب کو بڑی ہی عمدگی سے تیار کیا تھا۔ اس دفتری تنظیم کے علاوہ ایک اخلاقی ترتیب بھی ایسی قائم کی تھی کہ دفتر کے لوگ اس طرح رہتے تھے گویا ایک ہی خاندان کے افراد ہیں۔ معلوم یہ ہوتا تھا کہ دفتر دیوانی میں ایک ہی خاندان ہے جس کے سرپرست مولانا خورشید علی ہیں۔

”مولانا کی شخصیت بڑی ارفع و اعلیٰ ہے۔ آپ حیدر آباد کے قدیم اور شریف گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ابتدائی تعلیم حیدر آباد ہی میں ہوئی پھر نظام کالج میں بھی آپ نے تعلیم پائی اور نوجوانی ہی میں علم و ادب، ملک اور سماج کی خدمت میں منہمک ہو گئے۔ ابتداً فینانس میں مترجم کی حیثیت سے مامور ہوئے اور پھر جلد ہی ترقی کر کے مددگار معتمد اور پھر ناظم دفتر دیوانی و مال ہو گئے۔ اتفاقاً آپ کو سر گلانسی اور سر اکبر حیدری جیسے

عہدہ داروں کے ساتھ کام کرنے کا اتفاق ہوا اور ان عہدہ داروں نے آپ کی حقیقی قدر افزائی کی، نوجوانی ہی سے آپ تحریر و تقریر میں خاصے مشہور ہو گئے تھے، ادیب، افادہ، ذخیرہ، خاتون وغیرہ رسائل اور متعدد جرائد میں آپ کے مضامین بہت چھپا کرتے تھے۔ انگریزی سے ترجمہ کرنے میں آپ کو کمال تھا، گو کہ سب سے پہلے اردو میں آپ نے ہی ایک مختصر سی کتاب شائع کی تھی اور اردو داں طبقے کو سروجنی نائیڈو کی شاعری سے آپ ہی نے روشناس کرایا تھا۔

بیت المعذورین، نظام کلب، والنٹیر کور، حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے مدتوں سکریٹری رہے۔ آپ نے عہد عثمانی کی تعلیمی، علمی ادبی ترقیوں پر ڈاکٹر زور، عبدالقادر سروری، رائے جانکی پرشاد سے مختلف کتابیں لکھوا کر چھپوائیں اور ایک شاہ پرست کی طرح ہمیشہ فدائی رہے۔

"پندرہ سال سے زیادہ ہوا کہ آپ نے ریٹائر ہو کر اپنی زندگی علم و ادب کے لیے وقف کر دی ہے، دکن کی کئی تاریخیں آپ نے ایڈٹ کیں چنانچہ "تاریخ راحت افزا" چھپوا بھی دی ہے اور مآثر نظامی وغیرہ مرتب شدہ رکھی ہیں۔ اب بھی آپ علم و ادب کی خدمت میں مصروف ہیں اور کچھ نہ کچھ کیے ہی جاتے ہیں۔ تاریخ خصوصاً تاریخِ دکن پر آپ کی نظر بڑی وسیع ہے اور ادب پر بھی انشا پردازانہ عبور ہے۔ اردو بڑی لطیف اور پیاری لکھتے ہیں۔"

○

مصنف نے روزنامچے کے خاتمہ پر لکھا ہے،

"اس چودہ دن کے سفر میں ہم نے ہندوستان کے تین صوبوں کے دارالحکومت دیکھے یعنی پٹنہ، الٰہ آباد اور ناگپور، ان کے علاوہ بنارس اور مرزا پور کے شہر اور ہوشنگ آباد کا مقام بھی دیکھا۔"

مصنف نے اس روزنامچہ میں مندرجہ بالا سب جگہوں کے بارے میں بھی تفصیل سے لکھا ہے۔ لیکن ہم نے پٹنہ اور خدا بخش والے حصے کی اشاعت کو ترجیح دیدی ہے اور اس میں ترتیب میں معمولی سی تبدیلی کر دی ہے یعنی خدا بخش والا حصہ درمیان

سے ہٹ کے شروع میں لے آئے ہیں، اور پھر پٹنہ جوں کا توں ہے۔

○

پہلے یہی خیال تھا کہ صرف پٹنہ والا حصّہ پیش کیا جائے، پھر سوچا ایک بار اتنا حصّہ چھپنے کے بعد بقیہ حصّہ پڑا ہی رہے گا۔ پٹنہ کا نہ سہی ہندستان کے اہم شہروں کا تذکرہ تو ہے، ان جگہوں سے دلچسپی رکھنے والے، ان پر کام کرنے والے بھی رہیں گے، انھیں کیوں محروم رکھا جائے؟ اس لیے صرف اتنا کیا ہے کہ اُسے الگ دیدیا ہے کہ دونوں حصّے ممتاز ہو جائیں۔

شرکا ر سفر سعید الدین خاں، محمود علی طاہر، عبد اللطیف، رگھو بیر ہلی اور اس روزنامچہ سفر پٹنہ کے مرتب ممتاز علی صاحبان، اسٹیٹ آرکائیوز = دفتر مال ملکی، حیدر آباد سے متعلق تھے۔

— عبد الصمد خاں

گورنمنٹ ہسٹاریکل ریکارڈس کمیشن (Governments Historical Records Com-mission) کا تیرہواں اجلاس اس سال پٹنہ میں ۲۲ و ۲۳ دسمبر ۱۹۳۰ء کو ہونے والا تھا حسب معمول عالیجناب ناظم صاحب (مولوی سید خورشید علی صاحب) اس میں شرکت کے لیے روانہ ہو رہے تھے اور اس مرتبہ اپنے ساتھ سرکاری طور پر دفتر سے بھی چار لوگوں کو لے جانے والے تھے چنانچہ ۱۹ دسمبر یوم شنبہ کو چار اصحاب یعنی سعید الدین خاں صاحب، محمود علی طاہر صاحب، عبداللطیف صاحب اور رگھو بیر پلی صاحب کا انتخاب ہو گیا۔ منظوری چونکہ صرف چار ہی کی لی گئی تھی اس لیے انتخاب کے دوسرے دن ناظم صاحب (مولوی سید خورشید علی صاحب) نے مجھے اپنے ذاتی خرچ سے ساتھ لے چلنے کے لیے فرمایا جس کے بعد میں نے بھی سفر کی تیاری شروع کر دی۔

(دسمبر ۱۹۳۰ء کی پٹنہ کی اس نمائش میں) مشرق کے مشہور ترین کتب خانے یعنی کتب خانہ خدا بخش کا ذخیرہ (بھی) رکھا ہوا تھا جو تاریخی اعتبار اور قدامت کے لحاظ سے بہت ہی نادر الوجود تھا مثلاً دیوان حافظ جسکے آخری صفحہ پر سلطان حسین شاہ ہرات اور تیموری امرا کی مہریں پڑی ہوئی ہیں علاوہ بریں اس کے حاشیہ پر ہمایوں اور جہانگیر وغیرہ کے قلمی متعدد نوٹ لکھے ہوئے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ یہ دیوان خاندان تیموریہ سے ہندستان آیا اور اخیر زمانہ تک شاہی کتبخانہ کی زینت بنا رہا۔ صحیح تاریخ کتابت معلوم نہیں ہوئی لیکن بہت خوشخط ہے اور ابتدائی دو صفحوں پر بہت عمدہ طلائی کام کیا گیا ہے۔ ایک دوسری چیز دیوان کامران تھی۔ یہ دیوان خود کامران کی زندگی میں لکھا گیا تھا جو بعد کو بطور ورثہ مغل بادشاہوں میں منتقل ہوتا آیا۔ اس کے اوپر بھی جہانگیر، شاہجہاں اور دیگر امرا کی تحریریں اور مہریں ہیں۔ سرجری اور ادویات پر بھی دو عربی کتابیں تھیں یعنی کتاب التصریف" جلد دوم اور "کتاب الحشایش"۔ یہ دونوں کتابیں مشہور ہیں۔ پہلی حکیم خلیفہ بن عباس الزہراوی کی تصنیف کردہ ہے: مصنف کا انتقال ۴۰۴ھ میں ہوا تھا۔ کتاب الحشایش میں ان تمام پودوں کی رنگین تصاویر بھی ہیں جن سے دوائیں تیار ہوتی تھیں۔ کتاب التصریف میں بہت صاف آلاتِ جراحی کی

تصاویر بنی ہوئی ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمانہ موجودہ کی سرجری صرف دانایان فرنگ کی دماغ سوزیوں کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس کا وجود کم ازکم ۴۰۰ برس سے ضرور ہی پایا جاتا ہے۔

ایک چوتھی چیز "مطلع الانوار" تھی جسکو شہر بخارا کے مشہور خوش نویس میر علی نے سلطان عبدالعزیز شاہ بخارا کے لیے ۹۴۷ء میں نقل کیا تھا۔ ایک اور نایاب چیز کتاب الفرقان تھی جسکو خلافت عباسیہ کے زمانہ میں مشہور خوشنویس جمال الدین یاقوت المستعصمی نے ۶۶۸ھ میں تین خطوں میں لکھا تھا یعنی خط نسخ، خط ریحان، اور خط ثلث۔ فردوسی کا مشہور شاہنامہ بھی تھا جسکو کابل و کشمیر کے گورنر علی مردان خان نے نقل کرکے شاہجہاں کو تحفۃً پیش کیا تھا مذکورہ بالا کتابوں کی طرح اگرچہ نسبتاً قدیم نہیں لیکن زمانہ حال کے لحاظ سے قدیم اور نایاب چیز ایک کلام مجید تھا جو آصف الدولہ شاہ اودھ کی ماں بادشاہ بیگم کے پڑھنے کے لیے لکھا گیا تھا۔ ان کے علاوہ اور بھی دو تین طرح کے کلام مجید ہیں یعنی ایک صرف تین ورقوں پر لکھا گیا تھا اور دوسرے تین انچ چوڑے اور ایک گز لانبے کاغذ پر بہت ہی باریک خط میں لکھے گئے تھے لیکن بہت صاف طور پر پڑھے جاتے تھے۔

ساڑھے پانچ بجے عالی جناب ناظم صاحب سے اجازت لیکر ہم سب موٹر میں خدا بخش خاں کا کتب خانہ دیکھنے کے لیے روانہ ہوئے۔ یہ کتب خانہ شہر کے راستہ میں یہاں سے دو ڈھائی میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کے ذخیرہ کی شہرت ہندوستان بلکہ سارے مشرق میں ہے۔ خدا بخش خاں کے انتقال کے بعد سے یہ سرکاری ملکیت میں چلا گیا ہے اور بطور معاوضہ ان کے ورثار کو ماہانہ پانچ سو روپے ملتے ہیں۔

جس وقت ہم پہنچے ہیں اس وقت اس کے بند ہونے میں مشکل سے پون گھنٹہ باقی تھا کیونکہ سات بجے یہ بند ہوجایا کرتی تھی۔ ریڈنگ روم میں چند حضرات بیٹھے مطالعہ کر رہے تھے جیسے ہی ہماری جماعت کمرہ میں پہنچی کتابوں اور اخبارات کے صفحات کو چھوڑ کر سب کی نظریں جو استعجابی بھی تھیں اور استفہامی بھی ایکدم ہمارے اوپر پڑنے لگیں۔ ہم بھی اسوقت اس سوچ میں تھے کہ آخر کسکو اپنا مخاطب بنائیں اور آنے کا مقصد ظاہر کریں۔ اتفاقاً یا قصداً ایک صاحب دو تین کتابیں ہاتھ میں لیے ہوئے ہماری طرف بڑھے ہم نے بھی فوراً اندازہ لگا لیا کہ یہ صاحب کتب خانہ سے متعلق ہیں لہٰذا ان پر اپنی خواہش ظاہر کی انھوں نے فوراً ایک شخص کو ہمارے ساتھ کر دیا جسکے ساتھ ہم کتب خانہ کی اوپر والی منزل پر گئے۔ مطبوعہ کتابیں یہاں نیچے کی منزل میں ہیں اور قلمی و نایاب سب اوپر ہیں۔ ایسی چیزیں جب تک کوئی واقف کار نہ بتائے کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ جو صاحب ہمارے ساتھ ہوئے تھے وہ صرف کرے کی حد تک ہماری رہبری کر سکے اس سے زیادہ وہ خود بھی ناواقف معلوم ہوتے تھے۔ اور کسی کی صورت نظر نہیں آتی

تھی جس سے ہم کچھ دریافت کر سکتے۔ بیچ کمرے میں ایک صاحب بیٹھے مطالعہ کر رہے تھے لیکن وہ بھی ہماری طرح آئے ہوئے تھے بالآخر ہم نے خود ہی کتابوں کے نام پڑھنا شروع کیے۔ اتفاق سے اس وقت سر جادو ناتھ سرکار، پروفیسر رالنسن پرنسپل دکن کالج پونہ اور ایک اور انگریز کو لیے ہوئے وہیں پہنچے۔ سر جادو ناتھ اس کتب خانہ سے خوب واقف ہیں اور یہاں تحقیقاتی کام (Research work) بھی کیا ہے اس وقت وہ ان دونوں کو کتب خانہ دکھانے لائے تھے۔ اس اتفاقی موقع کو غنیمت سمجھ کر ہم نے بھی پورا فائدہ اٹھایا اور پندرہ بیس منٹ تک ان کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ اس قلیل وقت میں بعض بہت ہی عمدہ عمدہ چیزیں دیکھنے میں آئیں جن میں سے چند قابل ذکر ہیں۔

(۱) "نہج البلاغت" یہ کتاب عربی میں لکھی ہوئی ہے اور اس پر محمود شاہ بہمنی کی تحریر و دستخط ہیں۔ (۲) "عجائب المقدور" یہ بھی عربی میں لکھی ہوئی ہے اور اخبارات تیمور کا مجموعہ ہے۔ (۳) "مجموعہ" جو سلطان عبداللہ قطب شاہ گولکنڈہ کے کتب خانے کے لیے لکھا گیا تھا۔ (۴) "قصیدہ بردہ" یہ قاضی ظہیر کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اور شہنشاہ بایزید ثانی سلطان روم پسر محمود ثانی ۱۴۴۷ء کو تحفۃً پیش کیا گیا تھا۔ (۵) "تفسیر کبیر" اس تفسیر کے کاتب کا نام معلوم نہ ہو سکا یہ تین ضخیم جلدوں میں لکھی ہوئی ہے اور اس میں خصوصیت یہ ہے کہ ابتدا سے لیکر آخر تک تحریر بالکل یکساں ہے۔ خط باریک اور واضح ہے رالنسن صاحب کو مشکل سے یقین آیا کہ وہ قلمی ہے بلکہ وہ سمجھ رہے تھے کہ ٹائپ کیا ہوا ہے۔ (۶) "سکندر نامہ" جو سترہویں صدی عیسوی کا لکھا ہوا ہے۔ (۷) "بوستان" یہ کتاب مشہور خوشنویس میر عماد کی قلمی ہے۔ تاریخ تحریر معلوم نہیں ہوئی البتہ میر عماد کا انتقال ۱۰۲۴ ہجری میں ہوا تھا اور یہ کتاب یقیناً اس سے پہلے کی ہے۔ (۸) "گلستان و بوستان" یہ دونوں ایک ہی جلد میں ہیں اور ان پر بہت خوشنما طلائی کام بنا ہوا ہے۔ (۹) "مجالس العشاق" اس کتاب کے مصنف سلطان حسین ہیں جنھوں نے دوسری صدی ہجری میں اسکو لکھا تھا۔ (۱۰) "خسرو شیریں" جسکی تاریخ تحریر ذی الحجہ ۱۲۳۷ ہجری ہے۔ (۱۱) "رسالہ کیمیا" یہ بھی قدیم صنعت کا ایک نمونہ ہے یعنی بجائے سیاہی کے کالے کاغذ پر سفید حروف ہیں۔ (۱۲) "یوسف زلیخا" جو شاہ عباس کے زمانہ حکومت ۱۰۱۸ ہجری میں لکھی گئی تھی۔ (۱۳) خط کوفی میں حضرت علیؓ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریر ان کے علاوہ بہت سے کلام مجید اور مرقعہ وغیرہ بھی ہے مگر ان کا سنہ تحریر معلوم نہیں ہوا۔

بیشتر کتابوں پر بہت عمدہ طلائی کام بنا ہوا تھا جو باوجود صدیوں قدیم ہونے کے بالکل تازہ معلوم ہوتا تھا۔ کتب خانے کی عمارت اچھی ہے اور اس کے اندر کا خزانہ بھی نایاب ہے لیکن اس کی حفاظت کا انتظام کچھ ٹھیک نہیں معلوم ہوتا۔ الماریاں ایک قطار سے جمی ہوئی تھیں لیکن یہ مطلق نہیں معلوم ہوتا تھا کہ کس الماری

میں کس فن کی کتاب ہے۔ ان کے کھولنے کی نوبت تو نہیں آئی لیکن باہر ہی سے کتابوں کی زبوں حالی آشکارا تھی۔ یہ حالت یا تو ان کے زیادہ استعمال ہونے کی وجہ سے ہوگئی تھی جسکی بہت کم توقع ہے یا غیر اصولی طریقہ حفاظت کی وجہ سے جو زیادہ قرین قیاس ہے۔

کتب خانے کی حفاظت وانتظام ان پیر مردوں کے ہاتھوں میں نظر آیا جو کتابوں کی حفاظت ان کی صفائی ونگرانی میں نہیں بلکہ ان کو لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھنے میں سمجھتے ہیں۔ عام لوگوں کی نظروں سے بچانے کی حد تک اگرچہ ان کا یہ عمل بجا ہے لیکن زائد از ضرورت ضرور ہے۔

کتب خانے سے سات بجے کے قریب واپس ہوئے۔ ہوٹل پہنچکر تھوڑی دیر بعد کھانا کھایا اور اس کے بعد اسٹیشن روانہ ہوگئے کیونکہ آج ساڑھے نو بجے کی گاڑی سے عالیجناب ناظم صاحب مولوی محی الدین محمود صاحب اور مولوی قاسم الدین صاحب کلکتہ روانہ ہونے والے تھے۔ چنانچہ ساڑھے نو بجے گاڑی روانہ ہوئی اور ہم لوگ ہوٹل واپس ہوئے۔

۱۸ر دسمبر یوم پنجشنبہ

۱۸ر دسمبر یوم پنجشنبہ ہماری روانگی ہوئی۔

پٹنہ ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۰ء

صبح کو چھ بجے گاڑی پٹنہ جنکشن پہنچی مسٹر وینکٹ رام کی صلاح کے بموجب میں یہاں یہ خیال کرکے اتر پڑا کہ بالفرض اگر میرا انتظار پٹنہ سٹی پر کیا گیا اور یہاں کوئی نہ آیا تو میں سیدھا عبدالعلی صاحب سکریٹری کانفرنس کے پاس جاؤں گا اور ان سے ناظم صاحب کا پتہ بآسانی معلوم ہوجائیگا۔ سامان اٹھوا ہی رہا تھا کہ دو چپراسی محمد برہان اور محمد اسمٰعیل مجھے تلاش کرتے ہوئے پہنچے جو اس خیال سے کہ میں کہیں پٹنہ سٹی نہ چلا جاؤں ریل کے ڈبوں میں تلاش کر رہے تھے۔ غرض اترنے کے بعد موٹر میں سوار ہوکر پانچ منٹ میں ہوٹل پہنچ گیا یہاں سب سو رہے تھے۔ میرے پہنچنے کے بعد اٹھے۔

ہم ریجس ہوٹل Regis Hotel میں ٹھیرائے گئے تھے جس کے مالک ومنیجر ایک سابق ڈپٹی

کلکٹر تھے۔ یہ ہوٹل حسن امام کے ایک مکان میں قائم تھا مکان بہت وسیع اور خوشنما تھا اور فریزر روڈ Frazer Road پر واقع تھا۔ عالیجناب ناظم صاحب، مولوی محی الدین محمود صاحب اور مولوی قاسم الدین صاحب ایک بڑے کمرے میں ٹھیرے تھے اور مکان کے دوسرے حصے کے دو کمروں میں ہم لوگ رہے۔ ہوٹل پہنچنے کے تھوڑی دیر بعد میں نے حمام کیا اور اس کے بعد ناشتہ کرکے ہم سب تیار ہوگئے۔ آج ہی کمیشن کا اجلاس تھا اور نمائش کا بھی افتتاح ہونے والا تھا اس لیے نمائش کا سامان لے کر دس بجے ہم میوزیم روانہ ہوئے یہاں محمود علی طاہر صاحب نے ناگپور کی ملاقات کی بنا پر ہم لوگوں کا مسٹر امرت لال کمار سے تعارف کرایا جو بڑے اخلاق سے ملے۔ تھوڑی دیر بعد ناظم صاحب وغیرہ بھی تشریف لائے اور جلد جلد سب چیزیں الماری میں جما دیں۔ باوجود عجلت کے ہمارے پاس کی سب چیزیں بہت عمدگی سے جمی تھیں۔ ڈاکٹر نظام الدین پروفیسر عثمانیہ کالج نے بہت مدد دی۔ گیارہ بجے کے قریب ناظم صاحب وغیرہ کمیشن کے اجلاس میں شریک ہونے کے لیے وھیلر سنیٹ ہاؤس Wheeler Senate House روانہ ہوگئے اور ہم سب نمائش گھر میں ٹھیرے رہے۔ ایک بجے دو جماعتوں میں تقسیم ہوکر باری باری سے ہوٹل جاکر کھانا کھایا۔ چار بجے گورنر صاحب آئے پہلے ممبران کمیشن کے ساتھ ان کا فوٹو لیا گیا اس کے بعد اوپر آکر انھوں نے نمائش کا افتتاح کیا۔

پٹنہ میوزیم

نمائش پٹنہ میوزیم میں قائم کی گئی تھی میوزیم کی عمارت بہت عمدہ اور شاندار ہے۔ پوری عمارت سرخ پتھر کی بنی ہوئی ہے۔ اس میں کا نصف بالائی حصہ نمائش کے لیے خالی کر دیا گیا تھا۔ نمائش کی منتظم ایک روسی لیڈی تھی جو دو تین سال قبل حیدرآباد بھی آئی تھی اور یونیورسٹی کالج میں مشرقی فن لطیف پر لکچر دیئے تھے۔

سیڑھیوں پر چڑھنے کے بعد ہی پہلے ایک چھوٹا سا ہال ملتا ہے جس کی دیواروں پر داستان امیر حمزہ کی تصاویر لگی ہوئی تھیں۔ یہ تصویریں اس زمانہ کی تھیں جب کہ شاہان مغلیہ کا فن لطیف ابھی ابتدائی دور سے گذر رہا تھا۔ نیچے میزوں پر زمانہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے بعض اصلی خطوط وغیرہ رکھے ہوئے تھے۔

اس ہال کے دائیں جانب ایک طویل ورانڈہ ہے جس میں مختلف زمانوں کی مختلف تصاویر جمائی گئی تھیں۔ ان میں اکبر کے دربار نورتن اور جہانگیر کی راجہ مان سنگھ کی بیٹی سے شادی کی تصاویر بہت ہی عمدہ اور دلچسپ تھیں۔

اس ورانڈہ سے نمائش ہال میں داخل ہونے کے لیے تین دروازے ہیں۔ درمیانی دروازہ سے داخل ہونے

پر دائیں جانب ہمارا شوکیس تھا جس میں عالمگیر ثانی و شاہ عالم ثانی کی اسناد، وارن ہسٹنگ اور لارڈ کارنوالس کے خطوط، بعض قدیم تصاویر، قدیم زرخ ناموں، اخبارات اور قدیم نقشہ جات کی نمائش کی گئی تھی۔ بیچ الماری سے میں حیدرآباد کے کل کرنسی نوٹ ان کے سامنے قدیم و جدید ٹکٹ ٹپہ اور دونوں طرف زرد مخملی صندوقچیوں میں سونے چاندی اور تانبے کے قدیم و جدید سکے جائے گئے تھے۔ ہماری الماری کی بعد والی الماری میں قدیم تصاویر تھیں جو زیادہ تر میرزا عبدالرزاق دہلی کی داخل کی ہوئی تھیں۔

ہال کے شمال جانب دو الماریاں تھیں اور ان دونوں میں گوالیار سے آئی ہوئی تصاویر رکھی گئی تھیں، مغرب جانب طول میں پہلی الماری گوالیار سے آئے ہوئے قدیم ہتھیارات سے بھری ہوئی تھی۔ دوسری الماری میں مشرق کے مشہور ترین کتب خانے یعنی کتب خانہ خدابخش کا ذخیرہ رکھا ہوا تھا جو تاریخی اعتبار اور قدامت کے لحاظ سے بہت ہی نادر الوجود تھا۔

الماری کے باقی حصہ میں قدیم تصاویر سجائی گئی تھیں اس الماری کے بعد پھر گوالیار کی ایک الماری تھی اور اس میں بھی تصاویر ہی تھیں۔ گوالیار اسٹیٹ سے صرف تصاویر اور ہتھیاروں کی نمائش کی گئی تھی البتہ دو قدیم کتابیں تھیں ایک "مینا بازار" اور دوسرا "دیوان حافظ" جو ہشت پہلوی کتابت میں لکھا ہوا تھا لیکن یہ دونوں کتابیں بھی فروخت ہونے والی تھیں۔

مغرب جانب ہال کے طول میں چوتھی الماری میں علاقہ مدراس و راجمندری کے قدیم کاغذات کی نمائش کی گئی تھی یہ کاغذات خطوط اور پروانے (کولی) تھے جو بزمانہ ایسٹ انڈیا کمپنی گورنر مدراس کی جانب سے "نومدار" راجمندری کو دیئے گئے تھے۔

جنوب جانب کی الماریوں میں بہت ہی عمدہ ذخیرہ تھا۔ یہ سب پٹنہ یونیورسٹی کے تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر ایس سی سرکار اور جونیر پروفیسران عظیم الدین احمد، کے کے دت اور حسن عسکری کی کوششوں سے جمع ہوا تھا اور پٹنہ کالج کی جانب سے پیش کیا گیا تھا جس میں قدیم کتابیں، تصاویر اور اسناد شامل تھیں۔ کتابوں میں سے چند قابل ذکر ہیں مثلاً بھیم سین کایستھ کا "نسخہ دلکشا" بہت نایاب ہے۔ یہ کتاب ۱۱۲۰ ہجری میں لکھی گئی ہے اگرچہ اس کا کچھ حصہ ضائع ہو گیا ہے لیکن ہندوستان میں صرف یہی ایک نسخہ ہے اور دوسرا نسخہ انڈیا آفس کے میوزیم میں ہے۔

عہد عالمگیری میں دہلی سے دکن کے جو تعلقات رہے ہیں ان پر یہ کتاب بہت مفصل اور اہم ہے۔ اس کے سوا "تذکرہ بادشاہان ہند" مصنفہ شاہ عبدالحق دہلوی ۱۰۰۵ ہجری مطابق ۱۵۹۶ء "احوال عالمگیر" مصنفہ

خان جسمیں عالمگیر کی حکومت کے تفصیلی واقعات ہیں "عالمگیر نامہ" جسمیں عالمگیر کے جلوس کے پانچویں سال سے دسویں سال تک مفصل حالات بتائے گئے ہیں "تاریخ وفات اورنگ زیب" جسمیں عالمگیر کی وفات کے بعد سے محمد شاہ کے دور حکومت کے چھٹے سال تک کے حالات ہیں یہ سب کتابیں تاریخ دکن کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ عام تاریخی حیثیت سے حسب ذیل کتابیں بھی قابل ذکر ہیں۔

(١) "خلاصہ مخزن افغانی" مصنفہ نعمت اللہ منتسبہ خان جہاں لودی جس میں افغانوں کی تاریخ ابتدا سے ١٠٢١ ہجری تک بتائی گئی ہے۔ (٢) "جہاں کشا" یا "تاریخ نادری" ١٢٧٧ ہجری اس پر حاجی نذر الرحمٰن عظیم آبادی کی مہر ہے (٣) "تاریخ نادری" مولفہ محمد مہدی خان استرآبادی ١١٧٥ء محمد مہدی خان نادر شاہ کے پرائیویٹ سکریٹری تھے (۴) "انشاء ابوالفضل" یعنی ــــــ سیاسی خطوط کا مجموعہ مؤلفہ عبد الصمد ۶ جلوس شاہ عالم بادشاہ مطابق ١٧٦٨ عیسوی (۵) "کتاب ابوالفضل" یہ بھی ــــــ خطوط کا مجموعہ ہے جسکو ١٢٤٤ھ میں سیتارام چڈت پسر منی رام پنڈت نے نقل کیا تھا (٦) "تاریخ صبح صادق" جسکی ابتدا فارس کے شاہان صفوی سے ہوتی ہے اور شاہ جہاں کے جنرل مہابت خان تک کے واقعات درج ہیں اس کے علاوہ ہندستان سے متعلق مسلمانوں سے قبل کے بھی بعض تاریخی واقعات ہیں۔ (٧) شاہ نامہ بہادر شاہ" اگرچہ سرورق اور جلد پر یہ نام لکھا گیا ہے لیکن دراصل فرخ سیر کے دور حکومت کے چند واقعات بتائے گئے ہیں۔ (٨) "جام جہاں نما" مصنفہ وزیر علی برقی عظیم آبادی جس میں برطانیہ کے تسلط کے واقعات۔ شیر سنگھ کی شکست اور فتح ملتان تک بتائے گئے ہیں۔ (٩) واقعات ہمایوں" ہمایوں کے ایک افسر جانباز خان نے یہ کتاب لکھی ہے اور ١٢٦٤ ہجری میں اسکی نقل کی گئی ہے۔ (١٠) "تزک جہانگیری" اسکی ١٢٠٦ ہجری میں نقل کی گئی ہے۔ اور اسمیں جہانگیر کی تاریخ جلوس کے اڑتیسویں سال (پنجشنبہ ٨ جمادی الثانی ١٠١٤ ہجری) سے شاہ جہاں کے جلوس (جمادی الثانی ١٠٢٧ ہجری) تک کے واقعات ہیں اور اس میں شہزادہ خرم پر سخت نکتہ چینی کی گئی ہے۔ (١١) "منتخب الوزرا" اسمیں مشہور وزرا کے سوانح حیات ہیں اور شعبان ١٠٢٩ ہجری میں اسکی نقل کی گئی ہے۔ (١٢) "شگرف نامہ ولایت" مصنفہ اعتشام الدین پسر تاج الدین جس میں کلکتہ سے ولایت تک کے حالات سفر بیان کئے گئے ہیں جبکہ وہ میجر سوئیٹن" کے ہمراہ شاہ عالم ثانی کا خط دیوانی کے متعلق ١١٨٠ ہجری میں لے گئے تھے۔ اس کے علاوہ شاہ عالم ثانی کے زمانہ کی تاریخی ہستیوں کا بھی ذکر ہے۔

(١٣) "بیان وقائع" یعنی خواجہ عبد الکریم کے خود نوشتہ سوانح۔ جو نادر شاہ کے ساتھ ہندستان آئے تھے اور جنہوں نے ہندستان، سیلون، فارس، اور عربستان کا ١١٥١ ہجری و ١١٥٦ ہجری کے درمیان سفر بھی کیا تھا۔ "دستور العمل" مشتمل

پر دستور بادشاہان"۔ اس کتاب میں بلحاظ اعداد ہندستانی صوبوں اور ایران وغیرہ کے حالات درج ہیں۔ جہاں تک ہندستان کا تعلق ہے اس میں شہاب الدین غوری سے لیکر ۱۲۲۱ ہجری یعنی اکبر ثانی کی تخت نشینی تک کے واقعات درج ہیں۔ یہ کتاب "دستور العمل سلاطین ہند" سے بالکل مختلف ہے۔ (۱۵) "نگارنامہ" نصیر الدین حیدر شاہ اودھ کے تاریخی خطوط و اسناد کا مجموعہ ہے جسکی نقل ۱۸۲۷ عیسوی میں منشی لال چند نے کی ہے۔ (۱۶) "گلشن ابراہیم" یہ تاریخ فرشتہ کی دوسری جلد ہے۔ (۱۷) ابوالفضل کے باپ شیخ مبارک کے خطوط کا مجموعہ۔ (۱۸) ایک بلندہ جس کے اندر تاریخ خاندان منیر الدولہ، لارڈ کلائیو وغیرہ کے نام منیر الدولہ کے خطوط اور واجد علی شاہ کے خطوط تھے جو انھوں نے کلکتہ کے مٹیا برج سے لکھے تھے۔ (۱۹) "سیر المتاخرین" اسکو سہان لال مختار نے ۱۰ جولائی ۱۸۱۸ء کو نقل کیا تھا۔ (۲۰) "خلاصۃ التواریخ" جسکو الفت حسین ہوشنگ آبادی نے نقل کیا ہے (۲۱) "بہار گلشن" مصنفہ رائے چتر من ۱۱۰۳ ہجری۔ اسکو خلیفہ محمد امین نے نقل کیا تھا۔ (۲۲) تیمور نامہ۔ یہ ایک قدیم نسخہ ہے جسکی ابتدا بالکل ظفر نامہ کی طرح ہوئی ہے اور شاہ تیمور کی پوری تاریخ ہے۔ اس کے علاوہ مرزا شاہ رخ کے دربار کی نوعیت کا بھی بتلائی ہے اس پر دیوان ناصر علی کی ۱۲۱۳ ہجری کی مہر ہے۔ (۲۳) منتخب التواریخ یا تاریخ عبدالقادر بدایونی۔ یہ ہندستان کی عام تاریخ ہے جو مسلمانوں کی آمد سے شروع ہوکر اکبر کے چالیسویں سنہ جلوس پر ختم ہوئی ہے۔ اس پر دیوان ناصر علی کی مہر ہے۔ (۲۴) کتاب تواریخ اکبری جسکی ابتدا اکبر کے کے سنہ جلوس سے ہوئی ہے۔ (۲۵) مآثر الاقبال یعنی تاریخ خلفاء راشدین جو ۱۰۹۲ ہجری میں لکھی گئی تھی اسپر بھی دیوان ناصر علی کی مہر ہے۔ (۲۶) "نگارستان" عام تاریخ پر تنقید از محمد احمد ۹۵۹ ہجری۔ (۲۷) کتاب مجموعہ خطوط جسمیں نواب مہدی علی خان کے مختلف گورنر جنرلوں کے نام کے خطوط جمع کیے گئے ہیں جو انھوں نے ۱۸۲۱ء و ۱۸۶۲ء کے درمیان لکھے تھے۔ (۲۸) آئین اکبری جلد دوم جس پر بہت عمدہ سنہرا کام تھا۔ (۲۹) واجد علی شاہ کے خطوط جو انھوں نے مٹیا برج کلکتہ سے اپنی بیگم (نور زماں بیگم) کے نام لکھنؤ روانہ کیے تھے۔ ان پر بہت عمدہ سنہرا کام کیا ہوا ہے۔

ان تاریخی کتب کے علاوہ بعض قدیم دواوین بھی تھے مثلاً دیوان ہمایوں، دیوان سید رضا ۱۰۹۸ ہجری جسکی خصوصیت یہ تھی کہ ہر فارسی شعر کے بعد ہندی میں اس کا ترجمہ تھا۔ دیوان اختر (واجد علی شاہ) وغیرہ۔

جنوب کی قطار ختم ہونے کے بعد مشرق جانب کی پہلی الماری میں پٹنہ کے مقامی لوگوں سے جمع کی ہوئی مختلف اسناد اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے بعض کاغذات تھے ان میں (۱) سند آصفجاہ نظام الملک (سنہ عالمگیر ثانی ۵۰، ۱۱

بنام دردانہ بیگم (۲) سند عالمگیر بنام بی بی زینب بابتہ ۳۱ جلوس (۳) سند نجیب الدولہ منجانب شاہ عالم بنام رائے خوشحال سنگھ بابتہ ۱۱۸۲ ہجری اور (۴) سند شاہ عالم بنام محمد تقی خان بابتہ سرفرازی خطاب عمدۃ الملک نجم الدولہ شوکت جنگ قابل ذکر ہیں۔ انہی کے ساتھ ایک اور قدیم سند بھی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ رائے سینا کا پورا رقبہ جہاں اب نئی دہلی آباد ہوئی ہے سابق میں مہاراجہ جودھپور کے قبضہ میں تھا۔ اس سند کی تاریخ ۱۷۷۵ء ہے۔ اسی کے متصل دوسری الماری میں صرف قدیم اسناد کی نمائش کی گئی تھی جنمیں سے زیادہ تر اجیت سنگھ گھوش اور باقی کلکتہ اسکول کے شعبۂ آثار قدیمہ سے داخل کی گئی تھیں۔ ان اسناد کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ علاوہ بادشاہ اور وزرائے وقت کے بعض چھوٹے عہدہ دار بھی اپنی مہر سے سندیں جاری کیا کرتے تھے مثلاً سند مہری عنایت اللہ خاں نائب وزیر بنام مظہر علی۔ سند مہری سید عبداللہ خاں قطب الملک بنام منظاہر علی۔ سند مہری سید عبداللہ خاں سپہ سالار شہنشاہ محمد فرخ سیر و دیگر بزمانہ سپہ سالاری شہنشاہ رفیع الدرجات اسکی کافی دلیلیں ہیں۔ ان میں ایک خاص بات یہ ہے کہ باوجود مہر کے ہر سند کے نیچے کے گوشہ میں قلم چوبی سے "حسب المسطور مقرر شناسند" لکھا ہوا ہے۔ غالبًا اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ چھوٹے عہدہ دار اپنی مہر سے اسناد جاری کرتے تھے لیکن بطور تصدیق ان کے افسر اعلیٰ بھی مذکورہ بالا عبارت لکھ دیا کرتے تھے۔ ان اسناد کی عبارت سے بھی معطی کی حیثیت کا پتہ چلتا ہے یعنی اس قسم کی سب اسناد "چودھریان و قانون گویان و متصدیان و رعایا و مزارعات پرگنہ سے شروع ہوئی ہیں۔ برخلاف اس کے شاہی اسناد کی عبارتیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) دریں وقت فرمان والاشان صادر شد کہ ... (۲) دریں وقت میمنت فرمان والاشان یا عالیشان صادر شد کہ ... (۳) فرمان عالی شان سعادت نشان شرف اصدار و عز ایزاد یافت وغیرہ۔ اسناد آصفی میں رسوم بہت تھوڑے ہوتے ہیں یعنی رسوم دیسکھی دیسپانڈیہ گری۔ کلکرنیگری۔ قانون گوئی، مقدمی۔ وہ نیمی و مہرانہ وغیرہ اور اسناد مغل شاہی میں کئی طرح کے رسوم ہیں مثلاً علت مال و جہات و اخراجات مثل تتلنہ، پیشکش، حربانہ، ضابطانہ، محصلانہ، مہرانہ، نکاحانہ، داروغگانہ، پیکار، تشکار، مقدمی، وہ نیمی، صدد ولی، قانون گوئی اور ضبط ہر سالہ وغیرہ۔ اس الماری کی دو سندیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں یعنی سند شہنشاہ اکبر بابتہ ۹۷۸ ہجری اور پروانہ مہری شاہ قائم حسین جو عبدالقدوس خان کو بشرط خدمت مسجد ۲۶۰ بیگہ زمین واقع نہر گرمہ (قنوج) کے لیے دیا گیا تھا۔ اسکی خصوصیت یہ تھی کہ وہ تین زبانوں یعنی فارسی بنگالی اور ہندی میں لکھا ہوا تھا۔

اس الماری کے بعد حیدر آباد کی الماری تھی جس کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ ہال کے درمیان میں میزوں پر اور آئینہ دار ڈسکوں میں امپیریل ریکارڈ مدرسہ کلکتہ سے بعض کتابوں کی نمائش ہوئی تھی یعنی کلام مجید جس کو ابراہیم نے ۱۰۶۸ھ میں لکھا تھا۔ بوستاں (سعدی) جو شاہ محمود نیشاپوری کی ۹۵۴ھ میں لکھی ہوئی تھی۔ مثنوی مولانا جلال الدین رومی نقل کردہ منشی ٹیک چند پانی پتی ۱۱۹۴ھ۔ گلستان جس کے حاشیہ پر بوستان بھی ہے ۱۲۱۳ھ میں لکھی گئی ہے اور کتب خانہ ایسٹ انڈیا کمپنی سے دستیاب ہوئی ہے۔ دیوان اسیر اور دیوان جامیؒ وغیرہ۔ ایک میز پر ایک تاریخی تلوار بھی رکھی گئی تھی جو بابو بدھ سنگھ جوہری پٹنہ کے خاندان میں سو سال سے زائد سے چلی آرہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ تلوار مغل بادشاہوں کی ہے جو زمانہ زوال میں سکھوں کے ہاتھ لگ گئی تھی جنھوں نے اپنے گرودوں کو ہدیتہً دے دی۔ اوائل برٹش راج میں مختلف ملکیت میں رہی اور پھر اتفاق سے اس خاندان میں خریدی گئی۔ اس کا لوہا دمشقی ہے اور قبضہ اور میان پر کثرت سے ہیرے جواہرات جڑے ہوئے ہیں مگر اس کے حسب بالا تاریخی ہونے میں شبہ ہے۔

مغرب جانب کے در انڈے میں بھی زیادہ تر تصاویر جمائی گئی تھیں جنھیں ہمایوں بادشاہ کا سقہ کی مشک پر فرار اور پھر چھ گھنٹوں کا سقہ کا دربار۔ لیلی اور مجنوں کی ملاقات اور ٹیپو سلطان کی تصاویر قابل ذکر ہیں۔

درمیان میں آندھرا ہسٹاریکل ریسرچ سوسائٹی کی جانب سے علاوہ تانبے کی تحریری تختیوں کے بعض اسنادی کاغذات بھی رکھے گئے تھے مثلاً (۱) عمدۃ الملک غضنفر جنگ مانز ربسی کی نقل سند بنام برماکشٹو متعلقہ سرکار راجمندری صوبہ فرخندہ بنیاد حیدر آباد ۱۱۷۲ھ۔ (۲) سند بنام قاضی سید اسمٰعیل متعلقہ پرگنہ جنجولی سرکار ماہور صوبہ برار بالا گھاٹ بابت ۱۲۲۹ ہجری۔ (۳) خطوط آصف جاہ نظام الملک بابت مچھلی بندر اور وارنھا وغیرہ۔ (۴) افراد داہلا متعلقہ پرگنہ واردھا سرکار ماہور صوبہ برار بالا گھاٹ بلا سنہ۔

نمائش گاہ کے اس مختصر خاکے کے بعد پھر سلسلہ واقعات شروع کیا جاتا ہے یعنی فوٹو لینے کے بعد گورنر صاحب اوپر بغرض افتتاح نمائش تشریف لائے۔ اس سے قبل پورا ہال خالی کر دیا گیا تھا اور ہم لوگ خالی ورانڈے میں چلے گئے تھے۔ جب نمائش کا افتتاح ہو گیا اور لوگ اوپر آگئے تو ہم نے بھی ہال میں جانا چاہا لیکن مجمع کی کثرت کی وجہ سے بعض نے تھوڑی دیر ٹھیر جانا مناسب سمجھا لیکن میں اندر پہنچنے میں کامیاب ہو گیا۔ ہال میں خوب مجمع تھا میں اپنی الماری کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا۔ ایک دو منٹ کے بعد سر جادو ناتھ سرکار آئے اور مجھ سے دریافت کیا کہ کیا آپ حیدر آباد سے آئے ہیں؟ میں نے کہا جی ہاں! اس پر وہ کہنے لگے کہ آپ یہیں ٹھیریے لیڈیز اور دوسرے لوگ جب آپکی الماری کے پاس آئیں

تو آپ اپنے پاس کی چیزیں انھیں بتایئے چنانچہ میں لوگوں کو بتاتا رہا۔ پانچ منٹ کے بعد مولوی عبدالعلی صاحب سکریٹری ریکارڈز کمیشن آئے اور کہنے لگے کہ "میں گورنر صاحب کو آپ کے شوکیس کے پاس لاتا ہوں آپ انھیں سب چیزیں بتا"۔ اس کے بعد وہ گورنر صاحب کو (Sirhigh Stephenson) جو قریب کی گوالیار والی الماری دیکھ رہے تھے لائے اور All These collections are from Hyderabad کہہ کر میری طرف اشارہ کیا میں نے ایک سلسلہ سے انھیں سب بتانا شروع کیا۔ تمام چیزیں بہت دلچسپی سے دیکھیں اور عالمگیر ثانی کا فرمان بابت رجب ۱۱۷۲ھ نسبت عطائے جاگیر بنام بالاجی باجی راؤ جس پر کثرت سے سنہرا کام تھا بہت پسند کیا۔ یہاں کے کرنسی نوٹ سکے اور ٹکٹ بتاتے وقت میں نے کہا کہ اگرچہ ان میں کوئی قدامت نہیں ہے اور بیشتر جاری سکے اور نوٹ ہیں لیکن حیدرآباد کے باہر یہ ایک خاص چیز ہے اور قدیم چیزوں سے کم دلچسپ نہیں اس لیے ان کو بھی نمائش میں شامل کیا گیا ہے چنانچہ نوٹ وغیرہ بہت غور سے دیکھے اور بہت تعریف کی۔

بہار کے وزیر تعلیمات کی جانب سے عام طور پر لوگ چاء کے لیے مدعو تھے اور اس کا انتظام میوزیم کے مغربی جانب کی چھت پر کیا گیا تھا لہذا قریب سوا پانچ بجے چائے پی۔ کیک وپسٹری وغیرہ افراط سے تھی لہذا ہم نے بھی اسی مناسبت سے کھایا۔ سات بجے تک نمائش کھلی رہی اس کے بعد بند کرا کے ساڑھے سات بجے ہوٹل واپس ہوئے اور کھانے وغیرہ سے فارغ ہو کر ساڑھے نو بجے سو رہے۔

سہ شنبہ ۲۳ر دسمبر ۱۹۳۰ء

دوسرے دن نمائش کا وقت نو بجے سے رکھا گیا تھا اس لیے صبح اٹھ کر جلد جلد ضروری کاموں سے فارغ ہو کر تیار ہو گئے اور نمائش گاہ اجائب گھر پہنچے۔ اس وقت مجمع بہت کم تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ دفاتر و مدارس کھلے ہوئے تھے جس کی وجہ سے نمائش کے شوقینوں کا ایک بڑا حصہ آنے سے مجبور تھا البتہ شام کو پانچ بجے مجمع بڑھ گیا۔ باوجود مجمع کم ہونے کے بھی ہم سب لوگ دن بھر وہاں ٹھیرے رہے اور لوگوں کی رہبری کرتے رہے۔ دوپہر کا کھانا دو پارٹیوں میں تقسیم ہو کر باری باری سے کھایا۔ لوگوں کی کمی کی وجہ سے ہم کو بھی نمائش تفصیلی طور پر دیکھنے اور نوٹ کرنے کا موقع ملا گیا۔

سابقہ اعلان کے بموجب نمائش صرف ۲۲ر و ۲۳ر دسمبر کو مقرر تھی لیکن آج اس میں تین دن کا اور اضافہ کر دیا گیا۔ مدت کی یہ توسیع مجمع کی کثرت کی وجہ سے نہیں ہوئی بلکہ غالباً اس وجہ سے کہ کالج دفاتر اور مدارس کا کثیر طبقہ محروم نہ رہ جائے۔

لوگوں کی آمد بارہ بجے سے چار بجے تک بالکل کم رہتی تھی لہٰذا اس درمیان میں میوزیم کی دوسری چیزیں بھی دیکھیں۔ نیچے کی منزل میں پتھر کے تینوں کتبوں اور مٹی کے قدیم برتنوں وغیرہ کا ذخیرہ ہے۔ ایک بڑے ہال میں مختلف جمادات بھی رکھے گئے ہیں اور اوپر کی منزل میں ایک جانب تو موجودہ نمائش گاہ تھی اور دوسری طرف لمباڑوں کے زیورات، ہتھیارات، برتن، باجے اور بعض مردہ پرندے وغیرہ دکھائے گئے تھے۔

آج یہاں پٹنہ کے دو تین حضرات سے ملاقات ہوئی یعنی منظر حسن صاحب متعلم ایم۔ اے۔ عبدالشکور صاحب متعلم ایم اے اور گوپال کشن صاحب۔ دوران گفتگو منظر حسن صاحب نے جالان لائبریری اور پاٹلی پترا دیکھنے کے لیے خاص طور پر کہا۔

گوپال کشن صاحب راجہ خیالی رام کے خاندان سے ہیں۔ پیش قدمی کر کے ملے اور بہت دیر تک حیدرآباد کے متعلق گفتگو کرتے رہے۔ ان کے بھائی برج کشن لال صاحب نے نمائش میں بہت سامان داخل کیا تھا جس میں آئین اکبری اور سیواجی کے پڑھنے کے اشلوک تھے۔ یہ سب مرہٹی زبان میں تھے اور ان کا ہر حرف طلائی لکیروں سے گھرا ہوا تھا۔ چلتے وقت مجھے اپنے مکان واقع دیوان محلہ کا پتہ لکھواتے گئے اور باصرار آنے اور باقی قدیم چیزیں جو ان کے گھر پر موجود تھیں دیکھنے کے لیے کہا۔ میں نے بشرط فرصت آنے کا وعدہ کیا لیکن جانے کا اتفاق نہیں ہوا۔

چہارشنبہ ۲۴ر دسمبر ۱۹۳۰ء

روانگی سے قبل جناب ناظم صاحب سے رگھوبیر پلی صاحب نے گیا جانے کی اجازت لے لی تھی۔ گاڑی ساڑھے پانچ بجے گیا جاتی تھی اس لیے میں نے ان کو پانچ بجے اٹھا دیا اور وہ سردی کا لطف اٹھاتے ہوئے اسٹیشن روانہ ہوگئے۔ صبح کو ہم سب ضروریات سے فارغ ہو کر نمائش گاہ مقررہ وقت پر پہنچ گئے۔ آج یہاں سر علی امام کے برادر نسبتی انوار کریم صاحب سے ملاقات ہوئی یہ صاحب سر علی امام موئید الملک بہادر کے ساتھ حیدرآباد میں دو تین سال رہ چکے ہیں۔

دوپہر کا کھانا حسب معمول طریقے پر کھایا اور پھر شام کو سات بجے ہوٹل واپس لائے۔ رات کا کھانا کھاتے وقت رگھوبیر جلی صاحب بھی گیا سے واپس آگئے۔

پنجشنبہ ۲۵ دسمبر ۱۹۲۰ء

دوسرے دن حسب معمول ہم نمائش گاہ پہنچے۔ تھوڑی دیر بعد کمار صاحب نے پوچھا کہ یہاں کا شہر بھی دیکھا ہے؟ ہم نے کہا کہ نہیں اس پر وہ کہنے لگے کہ اگر کوئی ایک صاحب یہاں ٹھہر جائیں تو باقی سب جا کر دیکھ سکتے ہیں ساتھ ہی خود بھی چلنے پر آمادگی ظاہر کی ہم نے بھی یہی مناسب سمجھا چنانچہ رگھوبیر جلی صاحب نمائش گاہ میں ٹھہرنے پر راضی ہوگئے۔

امرت لال کمار صاحب دراصل امپیریل ریکارڈ آفس کلکتہ میں محاسب ہیں لیکن ان میں انتظامی قابلیت بہت ہے اس لیے کمیشن کے اجلاس خاص کر نمائش وغیرہ کا انتظام مولوی عبدالعلی صاحب سکریٹری ریکارڈس کمیشن نے انھیں پر چھوڑ رکھا ہے۔ یہ بھی ہماری طرح صبح سے شام تک برابر نمائش گاہ میں موجود رہتے تھے اور جب کبھی کہیں جاتے تو نمائش گاہ کا پورا حال ہمارے سپرد کر جاتے تھے کیوں کہ ان کی مدد اور نمائشی اشیا کی حفاظت کے لیے جو والنٹیرز آئے تھے (طلبائے پٹنہ کالج) ان پر انھیں مطلق اعتماد نہ تھا۔

کمار صاحب بہت اچھے اور خلیق آدمی ہیں اور ہر وقت ممکنہ امداد بہم پہنچانے کے لیے تیار رہتے ہیں۔

غرض رگھوبیر جلی صاحب نمائش گاہ میں ٹھہر گئے۔ چونکہ عبداللطیف صاحب ابھی ہوٹل سے نہیں آئے تھے اس لیے میں سعیدالدین خاں صاحب، محمود علی طاہر صاحب اور کمار بابو موٹر میں شہر کی طرف روانہ ہوئے۔

پٹنہ ایک قدیم تاریخی شہر ہے اور اس وقت صوبہ بہار و اڑیسہ کا دارالخلافہ ہے سابق میں اس کی حیثیت صرف ایک ضلع کی تھی۔ مرکزی اہمیت اس شہر کو ۱۵۴۱ء سے حاصل ہوئی ہے جبکہ شیر شاہ نے بجائے بہار کے اس کو دارالخلافہ بنایا تھا۔ اس کی آبادی بالکل انوکھی ہے یعنی بجائے کسی رقبہ میں پھیلی رہنے کے گنگا کے کنارے کنارے چھ سات میل تک طول میں آباد ہوئی ہے۔

اس شہر کے دو حصے ہو سکتے ہیں یعنی قدیم اور جدید۔ قدیم حصہ پٹنہ شہر سے موسوم ہے اور جدید حصہ جہاں گورنمنٹ ہاؤس جملہ سرکاری دفاتر و مکان اور کالج و یونیورسٹی وغیرہ بنے ہوئے ہیں بانکی پور کہلاتا ہے۔ بانکی پور ہی میں کمیشن کے اجلاس ہوئے تھے اور نمائش قائم کی گئی تھی۔ اس حصہ میں بڑے بڑے ہوٹل اور مکانات بنے ہوئے ہیں خاص کر سر علی امام مؤید الملک بہادر اور بیرسٹر حسن امام کے متعدد بڑے بڑے مکانات بنے ہوئے ہیں چنانچہ جس

ہوٹل میں ہم ٹھیرے ہوئے تھے (Regis Hotel) وہ بھی بیرسٹر حسن امام کا مکان تھا۔ بانکی پور کی تقریباً سب سڑکیں ڈامبر کی بنی ہوئی ہیں اور بہت کشادہ ہیں۔ اکثر مقامی اخبارات مثلاً Search Light اور Patna Times وغیرہ کے پریس بھی یہیں ہیں۔ سواریوں میں ٹانگے تو نظر ہی نہیں آئے البتہ یکے، وکٹوریہ قدیم وضع کی لینڈو اور موٹریں بہت ہیں۔ کرایہ بھی بہت سستا ہے۔ گھوڑے بہت عمدہ اور جاندار ہیں۔ مکانات سڑکوں اور دکانوں کے اعتبار سے یہ مقام بہت اچھا ہے لیکن میونسپلٹی کا انتظام کچھ قابل تعریف نہیں معلوم ہوا۔ بہ نسبت الٰہ آباد کے یہاں چمن بندی کا مذاق بہت اچھا معلوم ہوتا ہے۔

یہاں کا گرجا، زنانہ اور مردانہ ہاسپٹل کی عمارتیں اچھی بنی ہیں خاص کر یونیورسٹی کی عمارات بہت ہی عمدہ ہیں۔ ایک وسیع رقبہ میں ہر شعبہ کی عمارت علیحدہ علیحدہ بنی ہوئی ہے ان عمارات کا کمپاؤنڈ سڑک سے ملا ہوا ہے جو آج کل زیر تعمیر ہے۔ سڑک کی دوسری جانب یعنی ان عمارات کے مقابل میں بالکل برعکس معاملہ نظر آتا ہے یعنی چھوٹے چھوٹے مکانات اور معمولی دکانیں واقع ہیں جن پر نظر پڑتے ہی اس مسرت و خوشی کو ایک ٹھیس لگتی ہے جو کالج وغیرہ کی عمارات دیکھنے سے پیدا ہوتی ہے۔

عمدہ اور جدید وضع کی عمارات کا سلسلہ کتب خانہ خدا بخش پر ختم ہوجاتا ہے اس کے بعد سڑک کے دونوں جانب یکساں قدیم وضع کے اونچے اونچے مکانات اور دکانیں ہیں سڑک اگرچہ بہت وسیع نہیں ہے لیکن یہاں کی آمد و رفت وغیرہ کے لحاظ سے کافی وسیع سمجھی جاسکتی ہے۔ سڑک کا بیشتر حصہ نیم خام ہے اور غلیظ حالت میں رکھی جاتی ہے۔

منظر حسن صاحب نے جالان صاحب کے پاس کی چیزوں کی تعریف کر کے ان کے دیکھنے کا شوق پیدا کر دیا تھا۔ کار صاحب نمائش کے انتظام کے لیے کمیشن کے اجلاس سے دس بارہ روز قبل آئے تھے اور انتظامات کے سلسلہ میں خوب پھر کر شہر سے بہت کچھ واقف ہوگئے تھے۔ چنانچہ میں نے ان سے جالان صاحب کے مکان کا پتہ پوچھا اور وہیں چلنے کے لیے کہا تھوڑی دیر میں ان کے مکان پر پہنچ گئے لیکن مکان کے قریب ایک حادثہ ہوتے ہوتے رہ گیا یعنی ایک موڑ پر ہماری موٹر ایک دوسری موٹر لاری سے ٹکرا گئی چونکہ دونوں موٹروں کو ایکدم بریک کیا گیا تھا اس لیے زیادہ صدمہ نہیں ہوا۔

مکان رادھا کرشنا صاحب جالان

اس حادثہ سے نجات پانے کے بعد ہم جالان صاحب کے مکان پر پہنچے اور اطلاع کرائی چنانچہ ان کے بیٹے آئے اور ہم سب کو ڈرائنگ روم میں لے گئے تھوڑی دیر بعد جالان صاحب بھی آئے اور بڑے تپاک سے ملے خاص کر کار صاحب سے جب انھیں معلوم ہوا کہ ہم حیدرآبادی ہیں اور ان کے پاس کی چیزیں دیکھنے آئے ہیں تو بہت خوش ہوئے اور خود

بھی ساتھ چل کر سارا سامان بتایا۔

ان کا پورا نام رادھا کرشنا جالان ہے اور گورنمنٹ کی جانب سے انھیں رائے بہادر کا خطاب بھی ملا ہے عمر ان کی پینتیس چالیس کے درمیان معلوم ہوتی ہے صورت سے خلیق معلوم ہوتے ہیں اور عملاً بھی ایسے ہی ثابت ہوئے۔ قوم کے بنیے ہیں۔

ان کا مکان ایک وسیع کمپاؤنڈ میں بہت ہی اونچے مقام پر دریائے گنگا کے کنارے واقع ہے۔ دراصل پہلے شیر شاہ نے اسی مقام پر اپنا قلعہ بناکر دارالحکومت کو بہار سے یہاں (پٹنہ) منتقل کیا تھا۔ حوادثات زمانہ نے اس قلعہ کو ویران وکھنڈر بنا دیا۔ اسی قلعہ کے کھنڈرات کا کچھ حصہ رائے موصوف نے خرید کر اپنا مکان بنالیا اور پھر تھوڑا تھوڑا حصہ خرید کر اس میں اضافہ کرتے گئے حتیٰ کہ اب تقریباً پورا علاقہ خرید لیا ہے۔ دریا کے کنارے ایک طرف منہدم شدہ برج تھا جسکو حال ہی میں خریدا ہے اور وہاں گیسٹ ہاؤس (مہمان خانہ) بنانے کا ارادہ ہے۔

ظاہر ہے کہ شیر شاہ نے اپنے قلعہ کے لیے کیسی جگہ پسند کی ہوگی۔ علاوہ اونچے مقام پر ہونے کے اس کے اطراف اور خاص کر سامنے کا منظر قابل رشک ہے یعنی گنگا کا پانی اس کے نیچے کھیلتا رہتا ہے۔ سامنے اس کا بہت وسیع پاٹ ہے اور دائیں و بائیں میلوں پانی نظر آتا ہے۔ مکان کے اطراف کی چمن بندی اس نظارے میں اور دلکشی پیدا کر رہی تھی۔

ان کا ڈرائنگ روم ایک عجائب خانہ بنا ہوا تھا۔ عجیب عجیب اور نادر چیزیں جمع کی تھیں۔ انھوں نے بیان کیا کہ مجھے بارہ پندرہ برس کی عمر سے قدیم چیزیں جمع کرنے کا شوق ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے پاس نایاب ذخیرہ نظر آرہا تھا۔ کتابیں تو کچھ زیادہ نہیں بلکہ صرف پندرہ بیس تھیں لیکن وہ بھی بہت عمدہ اور قدیم تھیں۔ ان میں سے دو کلام مجید۔ ایک دیوان حافظ بابت ۱۰۸۶ ہجری اور عالمگیر نامہ قابل ذکر ہیں۔ اکثر کتابوں کا نہ نام معلوم ہو سکا اور نہ سنہ کتابت۔

ہاتھی دانت کی چیزیں بہت تھیں جن میں سے زیادہ تر ملک چین کی بنی ہوئی تھیں ان میں سے دو چیزوں میں عجیب صناعی دکھلائی گئی تھی۔ یعنی ایک پنکھا تھا جس کی پتیوں پر روشنی کی طرف کرکے دیکھنے سے مختلف تصاویر اور گل بوٹے نظر آتے تھے اور کمال یہ تھا کہ جب اسی کو پلٹا کر دیکھیے تو بالکل جداگانہ تصاویر نظر آتیں۔

دوسری عجیب چیز ہاتھی دانت کا ایک جالدار گولہ تھا اس کے اندر ویسا ہی دوسرا گولہ تراشا تھا اس دوسرے میں تیسرا اور تیسرے میں چوتھا غرض اسی طرح کل پندرہ جالدار گولے ایک دوسرے کے اندر تراشے تھے اور دیکھنے والے کو یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ سب گولے ایک دوسرے کے اندر بالکل الگ الگ رکھے ہوئے ہیں۔

چونکہ جالان صاحب کو کسی خاص چیز کا نہیں بلکہ ہر قدیم چیز کے جمع کرنے کا شوق تھا اس لیے ان کے پاس ہر طرح کی چیزیں نظر آتی تھیں۔ سنگ موسیٰ۔ سنگ مرمر، یشب، بلور اور ہاتھی دانت کا بہت اچھا ذخیرہ تھا اس کے علاوہ قدیم سکّے اور ٹکٹ بھی بہ کثرت تھے۔

مکان بالکل انگریزی وضع کا بنا ہوا تھا اور آراستہ بھی اسی طرح کیا گیا تھا۔ ایک ایسے شخص کی ذات میں جو قوم کا بنیا ہو لیکن بہ لحاظ مکان، آرائش اور سلیقے کے بہترین مذاق رکھتا ہو اجتماع ضدین معلوم ہوتا تھا۔ تقریباً ایک گھنٹے کے بعد وہاں سے واپس ہوئے چلتے وقت ہمارے پتے مع نام و دستخط "وزیٹرس بک" میں لکھوائے۔ واپسی میں نمائش گاہ سے رائے رگھوبیر پلی صاحب کو ہوٹل لیتے ہوئے آئے۔ چونکہ عبداللطیف صاحب اور رگھوبیر پلی صاحب ہمارے ساتھ نہ جاسکے تھے اس لیے کار صاحب نے جالان صاحب سے دوسرے دن صبح کا وقت ان کے لیے مقرر کرا لیا تھا۔ لیکن اتفاقاً یہ لوگ نہ جاسکے۔

دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد سب پھر شہر روانہ ہوگئے اور میں نمائش گاہ چلا گیا اور شام کو ساڑھے سات بجے واپس آیا۔ میرے پہنچنے کے تھوڑی دیر بعد یہ سب لوگ بھی آگئے اور ساڑھے آٹھ بجے کھانے سے فارغ ہوئے۔

جمعہ ۲۶، دسمبر ۱۹۳۰ء

دوسرے دن صبح کو جب آنکھ کھلی تو معلوم ہوا کہ جناب ناظم صاحب وغیرہ صبح پانچ بجے کلکتے سے واپس آگئے ہیں۔ ناشتہ وغیرہ سے فارغ ہو کر ہم سب ناظم صاحب کے پاس گئے۔ حالات وغیرہ دریافت کرنے کے بعد ناظم صاحب نے فرمایا کہ آج شام کو نمائش گاہ سے سامان نکال لیا جائے کیونکہ کل صبح کو ہم روانہ ہوں گے۔

۲۶، دسمبر ۱۹۳۰ عیسوی نمائش کا آخری دن تھا اور اس میں دوپہر سے زنانہ کے لیے انتظام کیا گیا تھا۔ گیارہ بجے کے قریب جناب ناظم صاحب میوزیم تشریف لائے اور ہم سب کو کتب خانہ خدا بخش خاں کی سب کتابیں الماری سے باہر نکلوا کر تفصیل سے دکھائیں۔ ساڑھے بارہ بجے نماز جمعہ کے لیے تشریف لے گئے اور جاتے وقت شیر محمد خاں صاحب فوٹو گرافر کو شوکیس کے ساتھ ہمارا فوٹو لینے کے لیے فرماتے گئے چنانچہ ایک بجے انھوں نے ہم لوگوں کا فوٹو لیا اس کے بعد تین بجے ہوٹل آکر جناب ناظم صاحب مولوی محی الدین محمود صاحب اور نواب قاسم الدین صاحب کا فوٹو لیا۔ اس گروپ میں بھی ہم لوگ شامل تھے۔

ناظم صاحب کے فرمانے کے بہ موجب مغرب کے قریب پھر شہر گئے اور زاد راہ کے لیے کچھ مٹھائی اور خشک میوہ وغیرہ خرید لیا۔ سات بجے نمائش گاہ گئے اور اپنا سب سامان نکال لائے۔ اس وقت عبدالعلی صاحب بھی موجود تھے وہ ہم

سب سے ملے ان کے بعد کمار صاحب اور ان کے دوسرے ساتھیوں نے ہم کو رخصت کیا۔ مولوی عبدالعلی صاحب بہت ہی اچھے اور خلیق آدمی ہیں دوران نمائش جب کبھی ہم سے ملے بہت اچھی طرح ملے اپنی وضع کے بڑے پابند معلوم ہوتے ہیں۔

ابتدائے نمائش سے آخر تک ایک خاص بات یہ دیکھنے میں آئی کہ بہ نسبت اور الماریوں کے ہمارے شوکیس کے پاس زیادہ مجمع رہا اور اس کی وجہ یہ بھی کہ ہر چیز بہت ہی جاذب نظر طریقہ پر جمائی گئی تھی اس کے سوا ہمارے نوٹ، سکے اور ٹکٹ ہر شخص کے لیے تماشہ بنے ہوئے تھے۔ قدیم چیزوں سے دلچسپی رکھنے والے لوگ نوٹ وغیرہ کے ساتھ اور چیزوں کو بھی دلچسپی سے دیکھتے تھے اور تعریف کرتے تھے لیکن باقی لوگ دوسری چیزیں سرسری طور پر دیکھ کر نوٹ اور سکے وغیرہ بہت دیر تک دیکھتے رہتے تھے۔

ہمارے پاس سے شاہی اسناد کی زیادہ نمائش نہیں کی گئی تھی البتہ ہمارے پاس والے شوکیس میں صرف مغل شاہی اسناد ہی جمائی گئی تھیں۔ ہمارے شوکیس پر "حیدرآباد دکن" کی تختی لگی ہوئی تھی لیکن اس شوکیس پر کوئی تختی نہیں تھی اس لیے اکثر لوگوں کا خیال تھا کہ وہ بھی حیدرآباد ہی کی الماری ہے۔ اگر کوئی شخص مجھ سے پوچھتا تو میں اس کی تردید کر دیتا تھا لیکن اگر وہ آپس میں ہی ذکر کر لیتے تو اس موقع پر میں بھی خاموش ہو جاتا تھا غرض ہمارے پاس کی چیزیں عام طور پر بہت پسند کی گئیں۔ آئندہ ایسے موقع پر اگر بجائے ایک کے ہر ایک قیمت کے دو دو نوٹ رکھے جائیں اور دونوں رخ کی نمائش کی جائے تو زیادہ بہتر ہوگا کیونکہ اس مرتبہ اکثر لوگ دوسرا رخ بھی دیکھنے کے بہت مشتاق رہے۔ ہمارے پاس کی موجودہ اقسام نمائش میں چند قدیم اور نایاب کتابوں کا اضافہ بھی بہتر ہوگا کیونکہ اس مرتبہ اکثر لوگ دو سوالات بہت کرتے تھے ایک تو یہ کہ دکن میں قدیم کتابوں کا بہترین خزانہ ہے لیکن وہاں کسی کتاب کی نمائش نہیں کی گئی اور دوسرے یہ کہ لوگ عالمگیر کی ایسی سند دیکھنے کے خواہاں نظر آتے تھے جس کے ذریعہ ہندوؤں کو کوئی جاگیر دی گئی ہو۔ اگرچہ ہمارے پاس سے عالمگیر ثانی اور شاہ عالم ثانی کی اس قسم کی اسناد دکھائی گئی تھیں لیکن عام سوال عالمگیر اورنگزیب کی سند کے متعلق تھا۔

یہ سوال صرف مسلمانوں ہی کا نہیں بلکہ اکثر ہندوؤں کا بھی تھا چنانچہ ایک صاحب جو وضع قطع سے بالکل مرہٹے تھے اور پونہ کے ایجوکیشنل ڈپارٹمنٹ سے تعلق رکھتے تھے یہاں مختلف الماریوں سے نوٹ کر رہے تھے۔ ہمارے شوکیس کے پاس جب آئے تو بالاجی باجی راؤ اور پنڈت پردھان کے نام کی اسناد نوٹ کرلیں اور اس کے بعد ہی دریافت کیا کہ عالمگیر کی کوئی ایسی سند نہیں ہے؟ میں نے کہا یہاں تو نہیں ہے صرف کوآپریشن کی خاطر چند اسناد لے آئے ہیں۔

جو لوگ قدیم کتابوں کا سوال کر رہے تھے ان سے طویل مسافت کا عذر کیا جو بہتوں کی سمجھ میں آگیا۔

قدیم تاریخی کتابوں کا خود ہمارے دفتر میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے اس کے علاوہ کتب خانہ آصفیہ یا خانگی کتب خانوں سے بھی مدد لی جاسکتی ہے اور اس سلسلہ میں حیدرآباد کے شایان شان نمائش کی جاسکتی ہے۔

نمائش گاہ سے سامان واپس لانے کے بعد کھانے سے فارغ ہوئے اور پھر اسی وقت سب اسباب باندھ کر رکھدیا اگر رات درمیان میں نہ ہوتی تو سب بستر بھی بندھ جاتے۔

شنبہ ۲۷ر دسمبر ۱۹۲۳ء

دوسرے دن : مقررہ وقت سے ذرا جلد اٹھے اور آٹھ بجے تک بالکل تیار ہوگئے۔ سب سامان چپراسیوں کے ساتھ پہلے روانہ کردیا اس کے بعد ساڑھے نو بجے ہم لوگ بھی روانہ ہوئے۔ ناظم صاحب وغیرہ بعد کو آئے اس طرح ۲۷ر دسمبر کو دن کے دس بجے کی گاڑی سے ہم سب بہ قصد حیدرآباد پٹنہ سے روانہ ہوئے۔ پٹنہ میں جتنا دن رہے یہ معلوم ہی نہ ہوسکا کہ ہم لوگ مسافرت میں ہیں۔

دلگداز

اُردو کا مشہور ادبی و تاریخی رسالہ

مرتبہ

عبدالحلیم شرر

نمبر ۱ و ۲ جلد ۲۴ — رجسٹرڈ نمبر اے ۱۳۰۱ — بابتہ ماہ جنوری و فروری ۱۹۲۲ء

دلگداز

اردو کا مشہور ادبی و تاریخی رسالہ

مرتبہ

مولنا مولوی محمد عبدالحلیم صاحب شرر

و بہ ہدایت

مولوی محمد صدیق حسن صاحب ایڈیٹر

خاکسار

محمد سراج الحق (حکیم) منیجر و پرنٹر و پبلشر

نے

دلگداز پریس میں چھاپ کر لکھنؤ محلہ کٹرہ بزن بیگ خان سے شائع کیا

اپنی سرگذشت

سات آٹھ مہینے دلگداز نہ نکلا تھا۔ اور ہم اُسکی طرف سے غافل تھے۔ اگرچہ عذر کرتے کرتے ہماری یہ حالت ہوگئی ہے کہ اب ہمارا عذر "عذر بدتر از گناہ ہوجایا کرتا ہے"! مگر کیا کہیں کبھی بیماریوں۔ کبھی دوستوں کی تحریری فرائشوں۔ کبھی تصنیف و تالیف۔ اور کبھی کتب بینی میں ایسے معروف ہو جایا کرتے ہیں کہ معمولی ذمہ داریوں کا خیال نہیں باقی رہتا۔

اب کی بھی ایسی ہی غفلتوں کا پردہ آنکھوں پر پڑا ہوا تھا کہ نومبر و دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء کے رسالۂ الناظر کے ذریعہ سے ہمارے پُرانے دوست مولوی محمد ظفر صاحب ایم اے ایل ایل بی نے جھنجھوڑ کے چونکا دیا۔ اور ایسا چونکایا کہ ہم گھبرا کے اُٹھ بیٹھے۔

الناظر میں ہمارے مہربان نے "طاہرہ" پر ریویو فرمایا ہے۔ مگر ریویو سے پہلے ہمیں اپنی غفلتوں اور بے ضابطگیوں پر ملامت کی ہے اور ایسی خوبی و ہنرمندی سے کہ تبرا کو تولا کا اور شکایت کو داد کا لباس پہنانا کوئی اُن سے سیکھ لے۔ ہماری مسترہ بے قاعدگیوں کو وضعداری بتانا اور ہماری نالائقیوں کو جوہر ثابت کرنا ایسا کام ہے جس نے الزام کے بار کو اتنا بھاری کر دیا کہ خدا ہی ہے جو ہم اٹھا سکیں واقعی یہ اردو کے قدردانان سخن کا بڑا احسان ہے کہ باوجود ہماری مرض عادی بنجانے والی غفلتوں اور روز بروز زیادہ فاش ہونیوالی نالائقیوں کے وہ دلگداز کی قدر کیے جاتے ہیں۔

یہ الزام قائم کرنے کے بعد ہمارے دوست نے ہماری تعریف شروع کی ہے۔ اور ایسی تعریف کہ جیسا تحت الثری میں پھینکا تھا۔ اُس سے زیادہ اُچھال کے آسمان پر پہونچا دیا۔ مولوی محمد ظفر صاحب کے یہ کلمات ستائش پڑھ کے پہلے پہل ہماری

خدا بخش لائبریری میں محفوظ دکنی زبان کے آڈیو کیسٹ

خدا بخش لائبریری نے دکنی زبان اور تہذیب کو محفوظ کرنے کی ایک اسکیم کے تحت اس کے آڈیو کیسٹ تیار کرائے ہیں۔ اس کام کے لیے محترمہ جیلانی بانو کو زحمت دی گئی تھی۔ موصوفہ نے ان کیسٹوں میں اس بات کی پوری کوشش کی ہے کہ دکنی زبان بولنے کے کسی انداز کو بھی نظر انداز نہ کیا جائے۔ اس کام کے لیے جیلانی بانو کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

A - 1 دکنی زبان کا تعارف۔ دکنی زبان کی تاریخ۔ قلی قطب شاہ کا تعارف۔ قلی قطب شاہ کی مناجات۔ قلی قطب شاہؒ کی غزل۔ دکنی نثر کی پہلی کتاب ملّا وجہی کی کتاب "سب رس" کا اقتباس۔

B - 1 خواجہ حمید الدین شاہد، ڈاکٹر رشید موسوی سے دکنی زبان کی ابتدا کے بارے میں انٹرویو۔ دکنی زبان کے ممتاز شاعر اعجاز حسین کھٹّا سے دکنی زبان کی شاعری کے بارے میں انٹرویو۔

A - 2 اعجاز حسین کھٹّا کا انٹرویو۔ یوپی اور اڑیسہ کے سابق گورنر بیرسٹر اکبر علی خاں سے حیدرآباد کی سیاسی اور تہذیبی زندگی کے بارے میں انٹرویو۔

B - 2 اکبر علی خاں سے انٹرویو۔

A - 3 عثمان علی خاں نظام حیدرآباد کے پیٹے یونس ہاشم جاہ سے عثمان علی خاں کی زندگی اور شاہی خاندان کے طور طریقوں کے بارے میں انٹرویو۔

B - 3 ہاشم جاہ سے انٹرویو۔

A - 4 سابق منسٹر اور سوشل ورکر معصومہ بیگم سے حیدرآبادی جاگیردار طبقے کے بارے میں انٹرویو۔

B - 4 معصومہ بیگم سے انٹرویو۔

A - 5 معصومہ بیگم سے انٹرویو، حیدرآباد کے قدیم کتب فروش اور شاعر تصدق حسین تاج سے حیدرآباد میں

کتابوں کے کاروبار پر بات چیت۔ حیدرآباد کے ایک تباہ حال جاگیردار میر حسین علی خاں سے ان کے عروج و زوال کی داستان۔

B - 5 میر حسین علی خاں سے بات چیت۔ آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد کا ایک بے حد مقبول پروگرام "چھوٹی چھوٹی باتیں" کی ایک جھلک۔ کالج کے لڑکے کی رکشا والے سے بات چیت۔

A - 6 رکشا والے کی باتیں۔ دکنی زبان کی معنویت پر باتیں۔ سڑکوں پر جھاڑو دینے والی عورت کی تلگو آمیز دکھنی زبان میں باتیں۔

B - 6 مہترانی سے باتیں۔ حیدرآباد کے ایک معزز خاندان کی ستر سالہ خاتون حسینہ بیگم سے موسیٰ ندی کے سیلاب، پلیگ کی وبا اور پولیس ایکشن کے بارے میں بات چیت۔

A - 7 حسینہ بیگم سے باتیں۔ حیدرآباد کے مشہور اردو اخبار "سیاست" کے ایڈیٹر عابد علی خاں سے حیدرآباد کی اردو صحافت کی ابتدا اور موجودہ تہذیبی اور صحافتی حالات پر انٹرویو۔

B - 7 عابد علی خاں سے انٹرویو۔ کریم نگر کے ایک تاجر پیشہ خاندان کی خاتون سے باتیں۔ حیدرآباد کی ایک جاگیردار طبقے سے تعلق رکھنے والی شاعرہ خاتون عظمت عبدالقیوم سے بات چیت۔

A - 8 عظمت عبدالقیوم سے باتیں۔ حیدرآباد کے بنش پےمنٹ آفس میں عورتوں کے سیکشن میں مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین سے گفتگو۔ دکنی زبان کی کہاوتیں، کوسنے، دعائیں۔

B - 8 پولیس ایکشن کے بارے میں ایک دیہاتی عورت سے باتیں۔ دکنی زبان میں بہنوں کے نام۔ بچوں اور لڑکیوں سے کہانیاں، مرثیے، چکی کے گیت۔

A - 9 گاؤں کی بزرگ عورت سے گاؤں کے رسم و رواج پر باتیں، پہیلیاں، لطیفے۔

B - 9 لوریاں۔ خواجہ بندہ نواز کی شان میں گاتے ہوئے چکی کے گیت، شادیوں کے گیت، سمدھنوں کے گیت، مزاحیہ گیت، شہر کی لڑکیوں کے گائے ہوئے گیت، عورتوں اور بچوں سے کہانیاں۔

A - 10 صفائی والی سے باتیں، حیدرآباد کا مشہور کامیڈی پروگرام "ہنگامہ" حیدرآباد کا مقبول عام کامیڈی پروگرام "ڈیڑھ متوالے"۔

B - 10 زندہ دلانِ حیدرآباد کا ایک مشاعرہ، دکنی شاعروں کا کلام، اشرف خوندمیری، پاگل عادل آبادی، طالب خوندمیری، آن پڑھ، مصطفیٰ علی بیگ، حمایت اللہ۔

A - 11 دکنی زبان کے مشہور بزرگ شاعر علی صاحب میاں سے ان کی زندگی اور شاعری کے بارے میں انٹرویو۔

B - 11 آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد سے اردو میں علاقائی خبریں۔ کالج میں لڑکوں کی بات چیت کا انداز، کالج کی لڑکی سے کہانی۔ اختتام۔

●●

جناب نقی احمد ارشاد
M.I.G. 348
کنکر باغ
پٹنہ

ذاکر صاحب کے خط

مطبوعہ خدا بخش لائبریری

ایک تبصرہ

مرحوم ذاکر صاحب کے خطوط کا عکسی ایڈیشن دیکھنے کو ملا۔ سات آٹھ سالوں کی انتھک کوششوں کے بعد یہ تیار کیا گیا ہے جو تاریخ ادب اردو میں ہمیشہ کے لیے باقی اور زندہ رہے گا۔ اس سے بہتر کبھی کسی کے خطوط کا مجموعہ اردو زبان میں نہیں شایع ہوا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مجموعہ ولایت سے شایع ہوا ہے۔

اس کے ذریعہ ہندستان کے بہت سے خاندان صفحۂ قرطاس پر محفوظ ہوگئے، نواب احمد سعید خاں مرحوم سے لیکر اس خاکسار تک اور بڑی بات یہ ہے کہ "پس گفتار" میں ذاکر صاحب مرحوم کی سوانح عمری محفوظ کر دی گئی ہے۔ ذاکر صاحب کے اجداد میں نواب محمد خاں بنگش اور قائم خاں بنگش کا حال سرجادو ناتھ سرکار کی تاریخ "لیٹر مغلز" میں زمانۂ ۱۹۴۳ء میں پڑھ چکا تھا جو ام اے تاریخ کے نصاب میں تھی۔ یہ اب معلوم ہوا کہ ذاکر صاحب کے وہ اجداد میں تھے۔

یہ مجموعہ کیا ہے، ذاکر صاحب کی Documentry سوانح عمری ہے۔ نواب محمد احمد سعید خاں آف چھتاری ص ۵۶۴ میں ایک غلطی ہے۔ وہ پہلے ہندستانی گورنر نہ تھے، پہلے ہندستانی گورنر لارڈ سنہا ایک بنگالی ہندو تھے جو ۱۹۱۲ء میں بہار و اڑیسہ کے پہلے گورنر مقرر ہوئے تھے۔ لارڈ سنہا کا حال تفصیل سے انگریزی کی اس کتاب میں ہے جس میں دیگر مشاہیر اور سیاست دانوں کا ذکر ہے، جیسے سر علی امام، عطاءاللہ شاہ بخاری وغیرہ۔ کسی ادارے نے شایع کیا تھا اور ہر شخص پر لکھنے والے الگ الگ مصنفین ہیں۔ کتب خانہ خدا بخش میں کئی جلدیں ۱۹۸۲ء میں آئی تھیں۔

میرے نام جو ذاکر صاحب کا خط ۱۸ نومبر ۱۹۶۲ کا شایع ہوا ہے اس نے ثابت کر دیا کہ سابق شاد منزل کے بچانے کی میں نے پوری پوری کوشش کی، مگر دو نااہل وارثوں کے سبب آخر وہ مکان جاتا رہا۔ بہرکیف، شاد کی تصانیف کو جہاں تک ممکن ہو سکا، میں نے بچا لیا۔ اس

وقت اس اراضیٔ زمین کی قیمت ۳۰ لاکھ سے کم نہیں ہے، جو مفت میں ۱۹۷۴ میں چلی گئی۔

نواب محمد احمد سعید خاں مرحوم کو اس وجہ سے جانتا ہوں کہ ان سے اور میرے چچا نصیر حسین خیالؔ سے دوستی تھی۔ وہ پٹنہ سے علی گڑھ گئے تھے اور ان کا قیام نواب سر احمد سعید خاں کی کوٹھی چھتاری میں تھا کہ ۱۱ دسمبر ۱۹۳۴ء کو حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کیا۔ لاش ۱۲ دسمبر ۱۹۳۴ء کو پٹنہ لائی گئی اور والد مرحوم کے پہلو میں دفن کی گئی۔ لاش کے ساتھ نواب چھتاری کے پرائیوٹ سکریٹری اور ایک دو ملازم تھے۔ "مکتوبات و مقالات خیال" ص ۴۴ میں تفصیل ملاحظہ ہو۔ تین قبروں پر شناخت کیلئے میں نے کتبہ لگوا دیا ہے۔

بہاءالدین احمد مرحوم :۔

ص ۱۳۴، میں تاریخ ارتحال درج ہے، مگر یہ نہیں لکھا ہے کہ کہاں انتقال ہوا۔ مجھ کو معلوم ہوا کہ ان کے صاحبزادے انگلینڈ میں ڈاکٹر تھے۔ وہ اپنے صاحبزادے سے ملنے انگلینڈ گئے اور وہیں ان کا انتقال ہو گیا۔ اس طرح ڈاکٹر محمود شاہ (سبزی باغ) ان کے چچازاد بھائی کا بھی انتقال انگلینڈ میں ہوا۔ راقم عاصی سے دونوں سے ارتباط تھے۔

اس طرح حالات میں دو دو چار چار سطروں کا اضافہ ہوتا تو بہتر تھا۔ تاکہ ذاکر صاحب مرحوم کے ذکر خیر کے ساتھ یہ کتاب ایک طرح کی انسائیکلوپیڈیا کا کام کرتی۔

جگر آروی :۔ میرا قیام آرہ کا ستمبر ۱۹۴۶ء سے مئی ۱۹۵۰ء تک رہا۔ پھر بہ حیثیت ڈپٹی ڈائرکٹر چکبندی فروری ۱۹۷۱ء سے مئی ۱۹۷۶ء تک، مگر میں ان بزرگ سے واقف نہ ہو سکا۔ ص ۱۴۶ کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے کوئی پرچہ "شاخ گل" کے نام سے چھاپا تھا۔ اور ذاکر صاحب سے مالی مدد کے خواستگار تھے۔ ذاکر صاحب ہمدرد قوم ہونے کے باوجود مردم شناسی کا جوہر رکھتے تھے، اس لیے انہوں نے ٹال دیا۔ اگر جگر آروی صاحب کے متعلق کچھ حال درج کر دیا جاتا تو آگاہی ہوتی۔

قاضی عبدالودود:۔ ص ۴۱۶، پر بہت صحیح لکھا گیا ہے " ذاکر صاحب ان چند خوش نصیبوں میں ہیں، جو قاضی صاحب کے ناوک کا صید کبھی نہیں بنے اور وہ بنتے بھی کیسے، وہ عبدالماجد دریابادی تک کو رام کر لینے کا گر جانتے تھے"۔

ابتدا یعنی ۱۹۲۳ء میں ان سے شادؔ سے جھگڑا ہوا۔ "انتخاب کلام" ان کا پہلا ادبی کارنامہ تھا گویا قاضی صاحب کی ادبی زندگی جھگڑے سے شروع ہوتی ہے اور غالب و عبدالحق، سلیمان ندوی وغیرہ کے بعد اخیر عمر میں گیان چند جین سے جھگڑا شروع ہوا۔ اس جھگڑے پر تفصیلی

مقالہ ڈاکٹر ظفر کمالی کا رسالہ "زبان وادب" پٹنہ جولائی تا اکتوبر ۱۹۹۵ء ص ۴ تا ۱۲ شایع ہوا ہے۔

ص ۵۱ سے پتہ چلتا ہے کہ جناب مالک رام سے قاضی عبدالودود "دیوان غالب فارسی" مانگ کے لائے تھے اور دبا بیٹھے۔شدید تقاضوں کے باوجود دس سالوں کے بعد جب "دیوان غالب فارسی" جناب مالک رام کو ملا تو اس کے چالیس صفحات غائب تھے۔جناب گیان چند کی تحریر ہے:۔

"نومبر ۱۹۸۶ میں ایک ملاقات میں میں نے مالک رام صاحب سے دریافت کیا کہ آپ اپنی مرتبہ "کلیات غالب فارسی" کیوں نہیں شایع کرتے۔انھوں نے انکشاف کیا کہ ایک زمانہ ہوا قاضی عبدالودود ان کا مرتب کردہ مسودہ یہ کہہ کر لے گئے کہ وہ اسے شایع کردیں گے۔ اس کی چند غزلیں شایع کیں...... دس سال بعد مسودہ اس شکل سے واپس کیا کہ اس کے بیچ میں سے چالیس اوراق غائب تھے...... اب مالک رام کی یہ ہمت نہیں کہ جملہ ماٰخذ فراہم کرکے ازسرنو ان اوراق کو مکمل کریں"۔

یہ تحریر شاؔد کے الزام "مکتوبات شاؔد" اور "ڈاکو نامہ" کی تصدیق کرتی ہے کہ خدا مغفرت کرے قاضی صاحب کیسے بزرگ تھے۔یہی نہیں "مقالات قاضی عبدالودود" ص ۳۵ میں کلیم صاحب لکھتے ہیں۔

"میں ڈی۔آئی۔پی تھا تو قاضی صاحب نے مجھ سے کہا کہ وہ غالب کی تصانیف ایڈٹ کرنا چاہتے ہیں۔اس کے لیے اسکیم بناکے گورنمنٹ سے منظوری لینے کی ضرورت تھی، لیکن کام شروع کرنے کے لیے پانچ ہزار روپے دیے گئے"۔

اس روپے کا جو انجام ہوا وہ مرحوم کلیم الدین کی تحریر میں ملاحظہ ہو۔ذاکر صاحب کے خطوط ۴۱۸ کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ مرحوم ذاکر حسین صاحب نے پانچ سو روپے کا چک ان کے سفر وغیرہ کے لیے ۱۰/اکتوبر ۱۹۶۰ کو بھیجا تھا۔گویا غالب کے نام سے وہ سہ طرفی روپے وصول کرتے تھے۔

تب بغیر دریافت کیے ہوئے شاؔد پر یہ جھوٹا الزام کیوں ہے کہ ہمایوں مرزا آخری عمر میں ان کی مالی امداد کرتے تھے۔ہمایوں مرزا نے بہ سلسلہ "حیات فریاد" جتنے روپے شاؔد

کو بھیجے تھے وہ سب بعد انتقال شادؔ ۱۹۲۷ء میں طباعت "حیات فریاد" میں خرچ کئے گئے۔

والد مرحوم کے بعد وفات شادؔ، شاگرد شاد میر عنایت حسین امدادؔ ولی اور گارجین تھے۔ خود کاشت کی قیمت بعد فروخت امدادؔ کے پاس جمع تھی اور وقتاً فوقتاً جو روپے معارف اعظم گڑھ کو بھیجے گئے ان کی رسید امداد کے پوتے ارتضیٰ حیدر کے پاس موجود ہے جس کا علم مجھے حال ہی میں ہوا۔ والد مرحوم نے "حیات فریاد" ص ۲ میں لکھدیا تھا" مطبع معارف میں چھپنے کا انتظام کیا" معترضین کی صرف مکتوبات شاد پر نظر رہی اور "حیات فریاد" ص ۲ کی عبارت کو بھول گئے۔

خدابخش لائبریری نے نہایت اچھا کام کیا کہ ذاکر صاحب کے خطوط شایع کر دیے۔ ایک نئی بات کا انکشاف ہوا کہ ذاکر صاحب نے بھی قاضی صاحب کی مالی مدد کی تھی۔

یہ میں جانتا تھا کہ ان کے دادا کی معاش بہت تھوڑی تھی سودی، کاروبار کی وجہ سے ان کے پاس نقد روپے بہت تھے جس کا ذکر بدرالحسن صاحب نے " یادگار روزگار " میں کیا ہے، اور قاضی صاحب بطور خانہ دامادی ۱۹۲۳ میں شاہ رشید اللہ مرحوم کے مکان بھنور پوکھر میں بس گئے۔

"کلام شادؔ" کی اشاعت میں جو کچھ انہوں نے خرچ کیا وہ ان کی تحریر بہ جواب " ڈاکو نامہ " سے ظاہر ہے "کلام شادؔ" مطبوعہ کتب خانہ خدابخش ص ۸ ، کے مطابق طباعت میں ڈھائی سو روپے خرچ ہوئے تھے اور قاضی صاحب کے مطابق مطبوعہ "کلام شاد" سے قریب دو سو روپے بعد فروخت وصول ہوئے اور سرکار محکمۂ تعلیم نے جو ۱۰۰ جلدیں مول لی تھیں ان کی قیمت ڈیڑھ سو روپے ملی۔ گویا ۲۰۰ + ۱۵۰ = ۳۵۰ روپے یعنی سو روپے کا نفع بقول قاضی عبدالودود۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ انجمن ترقی اردو قائم کردہ قاضی عبدالودود کی لائبریری منگل تالاب میں جو ہتیشی لائبریری کے دو کمرہ میں تھی جہاں مولوی سبحان لائبریری کے محافظ تھے۔ قاضی سعید مرحوم وہاں روزانہ شام کو تشریف لاتے تھے۔ اس انجمن ترقی اردو کی لائبریری میں مطبوعہ "کلام شادؔ" رکھا گیا تھا اور مختلف قیمتوں پر فروخت ہوتا تھا۔

زمانہ ۱۹۳۰ء میں خیالؔ صاحب مرحوم کا قیام پٹنہ میں تھا۔ ان سے حیدرآباد کے سر مہاراجہ کشن پرشاد شاد سے دوستی تھی۔ جب غیر مطبوعہ "کلام شادؔ" والد مرحوم نے خیالؔ صاحب

کو نہیں دیا تو مطبوعہ "کلام شاد" وہ حاصل کرنا چاہتے تھے تاکہ مہاراجہ کو بھیج دیں شاد منزل میں صرف ایک نسخہ تھا جس پر شاد کی اصلاحیں تھیں۔ (عکس تحریر کلیات شاد جلد اول مرتبہ کلیم الدین) وہ نہیں دیا جا سکتا تھا۔ میں اسکول میں چھٹے درجہ میں پڑھتا تھا۔ چنانچہ مجھکو گھر کے ملازم کے ساتھ بھیجا گیا اور چار روپے میں مطبوعہ "کلام شاد" مولوی سبحان صاحب سے ملا۔ خیال صاحب نے وہی نسخہ مہاراجہ کی خدمت میں بھیج دیا۔ "ذاکو نامہ" کو کبھی شایع کرانے کا ارادہ نہ تھا، جب بعد اشاعت "شاد کی کہانی، اشتروسوزن" شایع ہوئی وہ بھی محض اس رشک و حسد کے سبب کہ مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے کیوں اسے شایع کرایا، تو مجبوراً "ذاکو نامہ" میں نے کلیم صاحب کے حوالہ کیا کہ قاضی صاحب کیا جواب دیتے ہیں۔ اگر کلیم صاحب طباعت کے پہلے قاضی صاحب کا تبصرہ مجھکو دکھا دیتے تو میں ضرور "کلام شاد" کی زیادہ قیمت پر فروخت سے آگاہ کر دیتا۔

●●

ضیاء الدین دیسائی
۶۰ خورشید پارک، جوہاپورہ
احمد آباد

بابر کا وصیت نامہ اور پٹنہ کے قدیم مسلم کتبات

مطبوعہ خدا بخش لائبریری جرنل ۱۰۱ پر ایک نظر

معلوم ہوتا ہے بابر کا وصیت نامہ تاحال قارئین کی دلچسپی کا باعث بنا ہوا ہے۔ اس وصیت نامہ کے وجود کا کم از کم ۱۹۲۳ء میں پتہ چل گیا تھا لیکن اس میں زمانۂ حال کے تاریخ دانوں کی دلچسپی بابری مسجد کے مسئلے کے سلسلے میں پیدا ہوئی، معلوم ہوتا ہے کہ میرے فاضل دوست ڈاکٹر رحمت علی خاں صاحب، جناب مصطفےٰ کمال صاحب شروانی ــــ ان کے والد محترم مرحوم بدم شری ہارون خاں صاحب شروانی میرے کرم فرما تھے اور اپنی تقریباً بتیس سالہ محکمہ آثار قدیمہ کی عربی فارسی کتبوں کی شاخ اور بعد میں کتبات کے ڈائرکٹر کی ملازمت کے زمانے میں کم و بیش ہر سال یا ہر تیسرے چوتھے سال حیدر آباد کے سفر کے دوران بلاناغہ ان سے نیاز اور استفادہ حاصل کرنے کی سعادت حاصل کرتا رہا ہوں۔ اور ڈاکٹر رام (آر) ناتھ جن کی فرقہ وارانہ ذہنیت کا ان ہی دنوں پردہ فاش ہو چکا ہے۔ اس وصیت نامہ کے جعلی ہونے کی حقیقت سے غیر واقف ہیں۔ اس وصیت نامہ کا فوٹو میں نے بھوپال محکمۂ آثار قدیمۂ ہند کے علاقائی دفتر سے سن ۱۹۵۴ء یا ۱۹۵۵ء میں حاصل کیا تھا، غالباً اس کی اصل ریاست بھوپال کے دفتر اسناد کے دستاویزوں کے ساتھ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا میں منتقل ہوئی اور غالباً اسے اس محکمہ کے علاقائی دفتر بھوپال میں ہونا چاہیے۔ کم از کم نیشنل آرکائیوز کے سابق ڈائرکٹر ایس۔ اے۔ آئی۔ ترمذی اس کے نیشنل آرکائیوز میں ہونے کا پتہ دے چکے ہیں جیسا کہ سطور آئندہ میں بتایا جائے گا۔

اس وصیت نامہ کے جعلی ہونے کی حقیقت کی طرف آج سے تقریباً بہتر سال پہلے بابر کی ترکی خود نوشت جسے عموماً بابر نامہ کہا جاتا ہے کی مترجم مسز اینٹ سوزانہ بیوریج نے (جن کے شوہر مسٹر ہنری بیوریج ایک بڑے سول افسر ہونے کے علاوہ کئی فارسی تاریخی کتابوں کے مترجم اور کتابوں اور مقالوں کے مصنف ہیں) اپنے ایک

ذیلی مضمون کے ذریعہ تاریخ دانوں کی توجہ دلائی تھی۔ یہ مضمون لندن کی رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف گریٹ برٹن اینڈ آیرلینڈ کے جرنل کے شمارہ سال ۱۹۲۳ء میں صفحات ۸۰ مابعد میں شائع ہوا تھا۔ اس مضمون کا عنوان ہے PATERNAL COUNSELS ATTRIBUTED TO BABUR IN A BHOPAL MS. (Dec. 1922). نیز ہمارے محققین بشمول ترمذی صاحب کو یہ معلوم نہیں کہ بیوریج کے مضمون پر مفصل بحث آج سے تقریباً بائیس سال قبل الٰہ آباد یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ کے صدر (جو ہسٹری آف شاہجہاں۔ تاریخ شاہجہاں کے مصنف اور مشہور تاریخ داں آنجہانی ڈاکٹر بنارسی پرشاد سکسینہ کے صاحبزادے ہیں) ڈاکٹر رادھے شیام نے اپنی ہندی کتاب مغل سمراٹ بابر۔ مغل شہنشاہ بابر۔ میں کی ہے (مطبوعہ بہار گرنتھ اکادمی پٹنہ۔ ۳، سنہ ۱۹۷۴ء، ضمیمہ ۱۔ "بابر کا وصیت نامہ" صفحات ۴۶۷ تا ۴۷۵)۔ ڈاکٹر رادھے شیام نے مسٹر بیوریج کے دلائل اور وجوہات کو ایک ایک کر کے درج کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ وصیت نامہ جعلی نہیں بلکہ اصلی ہے۔ مسٹر بیوریج کا مضمون ایک عرصہ ہوا دیکھا تھا اور سردست پیش نظر نہیں ہے اس لیے ڈاکٹر رادھے شیام نے ان کے مضمون کا جو مفصل خلاصہ پیش کیا ہے اس کی سو فیصد تصدیق کرنا ممکن نہیں۔ جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے مسٹر بیوریج نے اس وصیت نامہ کی مہر کی عبارت اور اس کے خط، وصیت نامہ کی زبان اور خط وغیرہ کی بنا پر اس کو جعلی قرار دیا تھا، ڈاکٹر رادھے شیام نے ان دلائل اور نکات کو ایک ایک کر کے درج کر کے اس کا جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ اس خلاصہ میں انہوں نے مسٹر بیوریج کی جانب یہ بیان منسوب کیا ہے کہ وصیت نامہ "گھٹیا قسم کی نستعلیق" میں لکھا گیا ہے۔ لیکن مجھے یاد تھا کہ مذکورہ دستاویز کا خط اعلیٰ قسم کا نستعلیق ہے اور مسٹر بیوریج اس کو گھٹیا قسم نہیں بتا سکتیں۔ میرا اپنا وصیت نامہ کا فوٹو میرے سینکڑوں کاغذات اور فوٹو میں کہیں پڑا ہوا ہے اس لیے میں نے جناب مصطفیٰ خاں صاحب شروانی کو خط لکھا اور موصوف نے فوراً بواپسی ڈاک از راہ کرم ڈاکٹر ناتھ کے مضمون کی زیروکس کاپی مرحمت فرمائی جس میں وصیت نامہ کا عکس شائع ہوا تھا۔ اس کو دیکھ کر میرے خیال کی تائید ہوئی کہ مذکورہ دستاویز کا خط اعلیٰ قسم کا نستعلیق ہے اور ڈاکٹر رادھے شیام کا اس کو بقول مسٹر بیوریج گھٹیا قسم کا نستعلیق بتانا صحیح معلوم نہیں ہوتا۔ بہر حال ڈاکٹر صاحب موصوف نے مسٹر بیوریج کے دلائل کا جواب دے کر وصیت نامہ کو اصل ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

میری نظر سے سینکڑوں مغل فرمان، ان کی عبارتیں اور مضامین گذرے ہیں۔ علم فرمان نویسی کے ایک ادنیٰ طالب علم ہونے کے ناتے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ وصیت نامہ اصلی نہیں ہے، بابر کی مہر کی شکل اس کی عبارت میں لفظ بہادر کا استعمال اور لفظ غازی کے غلط املا کے علاوہ خود وصیت نامہ کے متن کی عبارت اور اس میں املا کی اغلاط (مثلاً

معمورہ کی جگہ "ماعورہ" وغیرہ اس کا بین ثبوت ہیں کہ یہ جعلی ہے۔ میرے خیال میں بلکہ گمان غالب ہے کہ نوابان بھوپال کے زمانہ میں انیسویں صدی عیسوی کے نصف دوم میں کسی وقت شاہی دفتر استاد کے کسی ملازم یا کسی اور شخص نے یہ وصیت نامہ ترتیب دیا اور تحریر کیا یا کرایا اور مغل فرامین کے DIPLOMATICS سے عدم واقفیت کی بنا پر مروجہ فرمان نویسی کو سامنے رکھ کر اس جعلی دستاویز کا ارتکاب عمل میں آیا۔

جناب ترمذی صاحب کو بھی غالباً ڈاکٹر رادھے شیام صاحب کی وصیت نامے پر مفصل بحث کا علم نہیں تھا۔ لیکن انہوں نے بھی انڈین ہسٹری کانگریس۔ انجمن تاریخ ہند کے کوروکشیتر KURUKSHESTR (ہریانہ) میں ۱۹۸۲ء میں منعقدہ اجلاس کے عہد وسطیٰ کے سیشن کے اپنے صدارتی خطبے میں۔ جس کا موضوع علم فرمان نویسی ہے، اس وصیت نامہ کو جعلی دستاویزات میں سر فہرست جگہ دی ہے اور مسز بیوریج کے مضمون کا حوالہ اور لفظ غازی کے املا کا بھی ذکر کیا ہے۔ (دیکھیے پروسیڈنگز آف انڈین ہسٹری کانگریس تینتالیسواں سیشن، صفحہ ۲۲۲)۔

اور بھی کئی چیزیں ہیں جو دوران مطالعہ ذہن میں آئیں، لیکن ان کا تفصیلی ذکر موجب طوالت ہوگا، دو ایک چیزوں کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔

ڈاکٹر اختر راہی صاحب جن کا شمار پاکستان کے چوٹی کے فارسی محققوں میں ہوتا ہے، اپنے نہایت معلوماتی مضمون میں صفحہ ۲۹۴ پر تعلیقہ کے تحت "شہر سبزی کذا" تحریر کیا ہے۔ گویا موصوف کو نسبت "شہر سبزی" کے بارے میں شبہ یا تذبذب ہے، اس سلسلے میں عرض ہے کہ شہر سبز عرف کیش شہر کا جو سمرقند سے تقریباً پچھتر کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، اسے امیر تیمور کی جائے پیدائش ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس شہر کا مختصر حال بابر نے اپنی سوانح میں لکھا ہے۔ (دیکھیے تزک بابری کا انگریزی ترجمہ از مسز بیوریج، اشاعت نودہلی ۱۹۸۹ء، صفحہ ۸۳)۔

دوسری چیز ہے عبدالرؤف خاں صاحب کا مضمون جو سید محمد مرحوم کے شہر پٹنہ کے کتبات والی کتاب پر تبصرے پر مشتمل ہے۔ سید محمد مرحوم صاحب کا یہ مضمون جرنل آف دی ریسرچ سوسائٹی آف بہار اینڈ اڑیسہ۔ انجمن تحقیق بہار و اڑیسہ۔ کی جلد چہارم کے شماروں میں شایع ہوا ہے، علیحدہ کتابی صورت میں غالباً پہلے شایع نہیں ہوا۔ خاں صاحب موصوف کے مضمون کی افادیت مسلم اور ان کی محنت نکتہ رسی اور عرق ریزی قابل داد و تعریف لیکن موصوف اور غالباً جرنل کے اکثر و بیشتر قارئین کو شاید پتہ نہیں کہ سید محمد صاحب کی کچھ غلطیوں کی نشاندہی پہلے کی جا چکی ہے۔ محکمۂ آثار قدیمۂ ہند کی اینوئل رپورٹ آن انڈین اپیگرافی ـــ ہندوستان کے کتبوں کی سالانہ رپورٹ کے عربی فارسی کتبات والے حصے میں ان میں سے اکثر کتبات کا صحیح اندراج ہو چکا ہے۔ اس کے بعد ان میں سے ۱۲۰۰ھ تک کے

کتبوں کو ان کی صحیح قرأت، ترجمے اور مربوط امور پر مشتمل تفصیلات مع کتبات کے عکس میرے فاضل دوست پروفیسر سید حسن عسکری صاحب مرحوم کے شاگرد رشید، پٹنہ یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ کے سابق صدر، پٹنہ کے مشہور عربی داں پروفیسر ڈاکٹر عظیم الدین احمد صاحب کے پوتے اور اردو کے مشہور ناقد پروفیسر ڈاکٹر کلیم الدین احمد صاحب کے بھتیجے ڈاکٹر قیام الدین احمد صاحب نے (جو ماشاء اللہ بقید حیات ہیں) اپنی کتاب کارپس آف دی عربک اینڈ پرشین انسکرپشنز آف بہار ۱۲۰۰ ـ ۶۴۰ھ ـ کے مجموعۂ کتبات عربی و فارسی بہار ـ میں دی ہیں ـ یہ کتاب پٹنہ کے کے ـ پی ـ جائسوال ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے ۱۹۷۳ء میں شایع ہو چکی ہے ـ اس سے خاں صاحب موصوف کے مضمون کا کچھ حصہ (صفحات ۲۷۱ تا ۳۰۷) سعی لاحاصل بن کر رہ جاتا ہے ـ گو اس حصے کی افادیت بدستور قائم رہتی ہے ـ قیام صاحب اور خاں صاحب موصوف کے ہاں دو ایک باتیں محل نظر رہ جاتی ہیں لیکن اس خطبے کی طوالت کے پیش نظر انہیں یہیں نظر انداز کیا جاتا ہے ـ ڈاکٹر قیام الدین احمد صاحب نے اپنی کتاب کے ضمیمۂ اوّل میں علم تاریخ کی اقسام پر نہایت مفید روشنی ڈالی ہے اور ان کا اسی موضوع پر غالباً مفصل مضمون انہیں دنوں میں اسلامک کلچر حیدر آباد کے کسی شمارے میں بھی شائع ہوا تھا ـ اگر خدا بخش لائبریری اس مضمون کا اردو ترجمہ شایع کرا دے اور اردو ادب کی بازیافت کے سلسلے میں اس مضمون میں جن کتابوں سے مدد لی ہے ان کو از سر نو شایع کرا دے تو یہ ایک بڑی خدمت ہو گی اور سینکڑوں قارئین اس سے مستفید ہوں گے ـ

آخر میں، ہمارے محققین سے مؤدبانہ گذارش کرتا ہوں کہ قلم اٹھانے سے پہلے وہ جہاں تک ہو سکے کسی موضوع پر کچھ لکھا گیا ہے یا نہیں اس کا پتہ لگانے کی کوشش کریں، اس کا ایک طریقہ ہے INDEX ISLAMICUS BY J. D. PEARSON سے رجوع کرنا جو کئی جلدوں میں شائع ہوئی ہے اور ہو رہی ہے ـ اس میں اسلامیات کے "آسمان کے نیچے" کسی موضوع پر بھی اردو یا کئی زبانوں میں جو مقالے (اور ۱۹۸۰ء کے حصے کے ساتھ کتابیں بھی) شایع ہوئے (اور ہوئیں) ہیں ان کی نہایت منظم طور پر موضوع وار فہرست اور مقالہ نگار اور مصنفوں کے نام کا نہایت کارآمد اشاریہ ہے ـ یہ کتاب لندن سے شایع ہوئی اور ہو رہی ہے ـ اس قسم کی اور کتابیں بھی ہیں ـ

••

پروفیسر نورالحسن نقوی
شعبۂ اردو، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی
علیگڑھ

دیوانِ مصحفی، ہشتم

مطبوعہ خدابخش لائبریری پر ایک استدراک

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، بانکی پور، پٹنہ ہندستان کا ایک عظیم الشان کتب خانہ ہی نہیں بلکہ ایک اہم علمی اور تحقیقی ادارہ بھی ہے جس نے بیک وقت عربی، فارسی اور اردو ادب کی ناقابلِ فراموش خدمت انجام دی ہے اور آج بھی اس اہم کام میں معروف ہے۔ اس ادارے کی بدولت بہت سے نادر مخطوطات اور کمیاب مطبوعات سلیقے کے ساتھ ترتیب پاکر اپنے قدر دانوں تک پہنچیں۔ کتب خانے کے اس شاندار کارنامے کے لیے اہلِ علم کو جناب قاضی عبدالودود بیرسٹر بار ایٹ لا اور ڈاکٹر عابد رضا بیدار کا شکر گزار ہونا چاہیے کیونکہ ان دونوں اصحاب کے حسنِ تدبیر اور سعیِ مسلسل سے ایک خواب نے حقیقت کی شکل اختیار کی۔

غلام ہمدانی مصحفی کا ایک قرض اس ادارے کے ذمّے عرصۂ دراز سے واجب الادا تھا۔ یہ واحد کتب خانہ ہے جہاں اردو کے اس نامور شاعر کا مکمل اردو کلام۔ آٹھ دواوینِ غزلیات اور ایک دیوانِ قصائد۔۔۔ نو جلدوں میں محفوظ ہے۔ قاضی صاحب مرحوم کی بڑی خواہش تھی کہ کسی طرح ان دواوین کی اشاعت کا سلسلہ شروع ہو۔ دیوانِ غزلیات (ہشتم) مصحفی کا آخری دیوان ہے جو شاعر کی وفات کے سبب ناتمام رہا اس لیے یہ نسبتاً مختصر ہے۔ قاضی صاحب کی رائے تھی کہ اس کی ترتیب و اشاعت نسبتاً آسان ہے اس لیے کوئی مضائقہ نہیں اگر کام کا آغاز یہیں سے ہو۔ انھوں نے کئی ریسرچ اسکالرز کو اس کے لیے آمادہ کرنے کی کوشش کی اور آخرکار خود اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ کام ہنوز نامکمل تھا کہ علم و ادب ان کی سرپرستی سے محروم ہوگئے۔ ڈاکٹر بیدار نے اپنے مضامین سے اس کام کو پورا کیا اور اسے دو جلدوں میں شائع کر دیا۔ اصل دیوان کے عکس کو پہلی جلد میں اور اسی کو آج کی کتابت کے ساتھ دوسری جلد میں پیش کیا گیا۔

کسی مخطوطے کو آج کی کتابت میں پیش کرنے کا کام سہل نہیں۔ مرتب کتنا ہی بڑا عالم کتنا ہی ذہین اور کیسا ہی جفاکش کیوں نہ ہو، ڈیڑھ سو پونے دو سو سال پرانے خطّی نسخے کو پڑھنا خاصا دشوار کام ہے اور

طرح طرح کی غلطیوں کا راہ پا جانا بالکل قرینِ قیاس ہے، لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ اس چھوٹی سی کتاب میں کچھ زیادہ ہی غلطیاں نظر آتی ہیں۔ کاش یہ نہ ہوتیں یا کم ہوتیں! سرسری مطالعے میں جو غلطیاں دکھائی دیں کچھ یہاں اس امید کے ساتھ پیش کی جارہی ہیں کہ اگلی اشاعت کے وقت انھیں اور باقی تمام اغلاط کو بھی دور کر دیا جائے گا۔

حوالے کے لیے شعر کے سامنے دیوان ہشتم مطبوعہ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کا صفحہ نمبر درج کر دیا گیا ہے۔

۱۔ اک خط نہ پڑھا نازکی دست سے اس نے   خنجر کو گلے پر سے سو بار تو رکھا (۱۷)

حاشیے میں لکھا گیا ہے کہ اصل میں "پڑا" ہے۔ گویا یہ لفظ بے معنی تھا، اس لیے قیاسی تصحیح کی گئی۔ لیکن یہاں "پڑا" ہی درست ہے۔ مفہوم یہ کہ محبوب اتنا نازک دست ہے کہ یوں گلے پر اس نے سو بار خنجر رکھا، لیکن نزاکت کے سبب خط تک نہ پڑ سکا یعنی لکیر تک نہ کھنچ سکی۔ یہ مصحفی کا پسندیدہ مضمون ہے۔ اسی مضمون کے دو شعر مصحفی کے ساتویں دیوان میں بھی موجود ہیں۔ ملاحظہ ہوں:

خط بھی جس کے ہاتھ سے پڑتا نہیں شمشیر کا   قتلِ عاشق پر کمر باندھے گا کیا وہ نازنیں

معلوم ہوئی بازوے قاتل کی حقیقت   خط بھی نہ پڑا تن پہ مرے تیغ کا اس کی

دراصل خط کی مناسبت سے مرتب کا ذہن "پڑھنے" کی طرف منتقل ہوا اور ایک مہلک غلطی قیاسی تصحیح کے ذریعے راہ پا گئی۔

۲۔ کب ایک سے ہو دے گی نگہبانی جاناں   دھوڑی پہ نہ تا صورت درباں ہو کرر (۳۱)

اصل میں بھی "دھوڑی" ہی ہے جو بے معنی ہے۔ یہاں "ڈیوڑھی" ہونا چاہیے۔ یہ ہے قیاسی تصحیح کا صحیح مقام۔

۳۔ ایسے کامل سے اماں کیونکہ نہ مانگے عاشق   سر بسر یدہ کو تکیہ جو کرے بازو کا (۱۱)

یہاں بھی وہی صورت ہے۔ اصل مخطوطے میں "کامل" ہی ہے جو ظاہر ہے کتابت کی غلطی ہے۔ قیاس چاہتا ہے کہ "کامل" کی جگہ "قاتل" ہو۔

۴۔ کیا جام تہی ہے تو ڈھلکائے ہے اے ساقی   گو مست ہوں میں لیکن ہے مجھ کو شعور اتنا (۱۰)

"ڈھلکائے" کی جگہ "ڈہکائے" ہونا چاہیے۔ ڈہکانا یعنی للچانا، دکھانا اور نہ دینا۔ عہدِ میر و مصحفی کا

یہ ایک عام محاورہ ہے۔ دیوانِ دوم مصحفی کا ایک شعر ہے:

مجھ کو ساقی کی یہ مجلس میں بہت بھائی ادا — مصحفی کو جام خالی سے جو ڈہکلانے لگا

۵— بھلا نادم ہو جی میں کہتا ہے — میں نے اس مومیا ن کو کیوں چھیڑا (۲۰)

"بھلا" کی جگہ "بہلہ" ہونا چاہیے۔ "بہلہ" کے معنی ہیں دستانہ یا پنجہ (نوراللغات جلد ۱، صفحہ ۲۷)

مصحفی کے دیوانِ دوم کا ایک شعر ہے:

گہ دست شانہ میں تو کبھی دستِ بہلہ میں — کرنی پڑے ہے خدمتِ زلف و کمر ہمیں

۶— سب طرح کے پھول گڑدوں میں کیے ہیں مجتمع — اک چمن منت رکھے مردم کے تا سر بسنت (۲۶)

"گڑدوں" غلط ہے۔ اس سے مصرع ساقط الوزن بھی ہو جاتا ہے۔ یہاں "گڑدووں" ہونا چاہیے۔ صاحب نوراللغات نے "گڑدا" کے معنی لکھے ہیں مٹی کا لوٹا جس میں لوگ بسنت رُت کے دوران سرسوں کے پھول رکھ کر اپنے آقاؤں یا امیروں کے گھر لے جاتے ہیں اور انعام پاتے ہیں (جلد ۴، صفحہ ۵۱)۔ دیوانِ مصحفی دوم کا ایک شعر ہے:

سر پہ گل طرے کا گڑدا رکھ کے لائی ہے بہار — ہم سے پھگوا مانگنے اس سال آئی ہے بہار

۷— اولچی بن کے وہ شب بام پر آیا اپنے — غالباً ترک فلک کو اسے ڈہکانا تھا (۲۲)

دوسرے مصرعے میں "ڈہکانا" غلط ہے۔ اس لفظ کے معنی ہیں للچانا جو یہاں بے معنی ہے۔ اس کی جگہ "دھمکانا" ہونا چاہیے۔ پہلے مصرعے میں "اولچی" کے بجائے "اوپچی" ہونا چاہیے۔ "اوپچی" کے معنی ہیں بانکا سپاہی، ہتھیار بند (نوراللغات، جلد ۱، صفحہ ۴۲۵) مصحفی کا ایک مصرع ہے:

ع اوپچی بن کے ستانے تو مجھے آیا ہے

۸— مصحفی ہے یہ زمیں ریختہ کلک نصیر — کوئی بیگانہ ہی بولا، نہ بگاڑا اپنا (۲۴)

لفظ "بگاڑا" یہاں کوئی معنی نہیں دے رہا ہے۔ اس کی جگہ "پکارا" ہونا چاہیے۔ مراد یہ کہ نصیر کی یہ زمین مشکل ہے۔ اس زمین میں نہ کوئی اپنا شعر کہہ سکا اور نہ بیگانہ۔

۹— دل ہے یوں زخمدار داس فلک — جیسے ہوتا ہے مچھلی کا کھنڈا (۲۴)

"داس" کی جگہ "ڈاس" بمعنی ڈنک ہونا چاہیے۔

۱۰— ڈھ جائیگا کچھ گھر کے مجھے غم نہیں اتنا — اس خانہ خرابی نے ہوا دار تو رکھا (۱۷)

پہلے مصرعے کا نصف اوّل غلط ہے۔ پہلا مصرع یوں ہے:

ڈسے جانے کا کچھ گھر کے مجھے غم نہیں آتا

۱۱۔۔ اپنی قابل جو ترے رخ کے بنائیں آنکھیں ۔۔۔ جوڑیوں نے ترے تلووں سے لگائیں آنکھیں (۴۳)

درست یوں ہے:

اپنی قابل جو ترے رخ کے نہ پائیں آنکھیں ۔۔۔ حوریوں نے ترے تلووں سے لگائیں آنکھیں

۱۲۔۔ بہانے سے تبسم آشنا لب ہیں ہر ساعت ۔۔۔ دیا ہے کچھ تو جو طفلی میں ہم کو شاد کرتے ہیں (۴۲)

پہلا مصرع اس طرح ہونا چاہیے:

بہانے سے تبسم آشنا لب ہیں ہر ساعت

۱۳۔۔ عشق کا آکر چڑھا جو مجھ کو بھوت ۔۔۔ ہو گئے تارِ غریباں کچے سوت (۲۷)

"تار غریباں" بے معنی ہے۔ یہ "تارِ گریباں" ہے۔ اصل میں بھی اسی طرح ہے۔

